حسب ضابطہ رجسٹری شدہ ہے

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام

مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَہٗ شِفَاءً

الحمد للہ والمنۃ کہ دریں ایام سعادت التزام کتاب مستطاب المسمّی بہ

مخزن مفردات

معروف بہ

مکمل بیان المفردات جدید

مؤلفہ

محمد عنایت اللہ صاحب پروفیسر گورڈن کالج راولپنڈی

تصحیح شدہ حکیم مولا بخش امرتسری

حسب فرمائش

ملک غلام محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

ملک دل محمد صاحب پرنٹر پبلشر نے آفتاب عالم پریس ہسپتال روڈ
لاہور میں چھپوا کر کشمیری بازار لاہور سے شائع کیا

تعداد جلد ۱۰۰۰ ایک ہزار

قیمت فی جلد ۸ آٹھ روپیہ

یہ کتاب ملک غلام محمد تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

اَلْعِلْمُ عِلْمَانِ عِلْمُ الْاَدْیَانِ وَعِلْمُ الْاَبْدَانِ ۵

علم طب کے فوائد اور انسانی زندگی کے لئے اس کی ضرورت سے اہلِ علم اصحاب خصوصاً اور عوام عموماً آگاہ ہیں۔ دین و دنیا کا ہر کام تندرستی اور صحتِ بدنی پر منحصر ہے۔ عبادت و ریاضت عیش و عشرت کھانا پینا غرضیکہ زندگی مستعار کا مزہ صرف صحت و تندرستی ہی کے ہونے سے حاصل ہے۔ اگر اس لباس مستعار یعنی جسم کو کوئی عارضہ لاحق ہو جائے تو یہ حیاتِ فانیہ بھی دوبھر ہو جاتی ہے۔ دنیوی جاہ و حشمت مال و دولت بلا اس نعمتِ عظمیٰ کے وبالِ جان معلوم دیتے ہیں۔ غرضیکہ دوسرے الفاظ میں زندگی مراد ہے تندرستی سے۔ بارہا دیکھا گیا ہے کہ جب کسی بدنصیب مریض کی بیماری مرض پکڑ لیتی ہے۔ اور شب و روز بیماری کی وجہ سے جو ہر لمحہ کی موت درد و تکلیف کی شکل میں رونما ہوتی ہے۔ وہ ایسی حالت میں اپنے منہ سے خود مرنے کی دعائیں کرتا ہے۔ تاکہ وہ اس بلائے بیماری سے نجات پاکر گوشۂ قبر میں آرام کی نیند لے لہٰذا کمال حق تعالےٰ جو شافی برحق ہے اور حکیم مطلق ہے۔ جہاں اس نے اس دنیا میں اُن بہت بیماریوں کو پیدا کیا ہے۔ ساتھ ہی لاکھوں دوائیں اور تریاق ان کے دفعیہ کے لئے پیدا فرمائے ہیں۔ اور اسی اشرف المخلوقات انسان کو ان تمام نعمتوں سے بہرہ ور ہونے کیلئے عقل و سمجھ جیسی نعمتِ غیر مترقبہ عطا کی ہے۔ تاکہ وہ اپنی عقل و حکمت سے کام لیکر ان تمام عوارضاتِ جسمانی سے بچ سکے +

حق تعالےٰ نے اس جہان بسیط میں کوئی شے ایسی پیدا نہیں کی جو بیفائدہ اور عبث ہو۔ دنیا کی ہر ایک شے کیا ادنےٰ کیا اعلےٰ کیا لطیف کیا کثیف۔ اپنے اندر قدرت کے ہزاروں خزائن کی امانت دار ہے۔ یہ الگ بات ہے اگر انسان اپنی کوتاہی عقل کے سبب سے خواص الاشیاء سے آگاہ نہ ہو۔ اور جہل و جہالت کے تعرعمیق میں گرا رہے +

یہ مختصری کتاب جو حسب الارشاد اخویم ملک غلام محمد صاحب تاجر کتب لاہور اس وقت ہدیہ ناظرین کی جا رہی ہے اسی علم خواص الاشیاء کی ایک جز یعنی علم الابدان

کے متعلق ہے۔ میں یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ یہ تمام قسم کی جڑی بوٹیوں اور پھل پھول کے خواص کی حامل ہے۔ نہیں ہرگز نہیں۔ بلکہ یہ ایک مختصر سا رسالہ ہے جس میں چند ایک ادویات کے خواص طب کی مستند کتابوں سے اخذ کر کے جمع کر دئے گئے ہیں۔ بہرحال یہ اگرچہ ایک مختصر سا رسالہ ہے۔ مگر سود مند ہے +

(۱) آغاز کتاب میں جو بعض ایک بیماریوں کے نسخہ جات درج کئے گئے ہیں میں یہ دعوے سے کہہ سکتا ہوں۔ کہ یہ نسخہ جات معمولی حکماء کے دماغ کا نتیجہ نہیں۔ بلکہ اکثر کتاب قدیمہ میں حکمائے حاذقین نے پے در پے تجربہ کے بعد جن نسخہ جات کے صحیح اور تیر بہدف ہونے پر مہر صدق ثبت کی ہے۔ ان کا خلاصہ ہیں +

(۲) اس کے بعد عام ادویات کی طبیعت کے لحاظ سے درجہ وار فہرست دی گئی ہے۔ اور اس کے فوائد طبقۂ حکماء پر ظاہر و باہر ہیں +

(۳) اس کے بعد کچھ ادویات کی ان تاثیری صفات کے عربی ناموں کا ذکر ہے جو روزمرہ اطباء کے محاورہ و اصطلاحات میں مستعمل ہیں +

(۴) اس کے بعد کچھ ان اصطلاحات کا ذکر ہے جن کے نام پر اطباء کا نام لکھتے ہیں۔ اور اس کے بعد ایک مختصر سی فہرست ہے جس میں چند ادویات کے نام مع اُن کے مصلحات کے درج ہیں +

(۵) اور آخر میں بہ ترتیب حروف تہجی ادویات کے خواص وغیرہ مع افعال و اعمال کے بیان کئے گئے ہیں۔ غرضیکہ یہ مختصر سی کتاب ہر پہلو و ہر لحاظ سے ایک قابل قدر مجموعہ ہے جو اطباء کے لئے اور دوسرے تمام شائقین سب کے لئے نہایت ہی مفید و دلچسپ ہے +

عام حضرات جو طب سے خاص شغف رکھتے ہیں۔ لیکن طب کی باقاعدہ تعلیم سے محروم ہیں اُن سے میری نیازمندانہ گذارش ہے کہ وہ بلا کسی مستند طبیب کے مشورہ کے کسی دوا کے استعمال کی جرأت نہ کریں۔ کیونکہ عام طور پر جو حضرات ایسا کرتے ہیں۔ وہ خواہ مخواہ اپنی جان کو مصیبت میں مبتلا کرتے ہیں۔ اور بعض اوقات نیم حکیم خطرہ جاں کے مقولہ کے مطابق دوسروں کی زندگی کو معرض خطرہ میں ڈال دیتے ہیں۔ ایسا کرنا سخت گناہ ہے۔ اور ناحق عذاب خداوندی کا مستوجب بنتا ہے +

خیر خواہ

جامع

محمد عنایت اللہ (منشی فاضل) ایچ پی۔ ایم۔ ایف

نسخہ جات جو اطبائے قدیم کے پے در پے تجربات سے نہایت زود اثر اور مفید ثابت ہوئے ہیں۔

(۱) (امراضِ سر)

دردِ سر

دردِ سر میں کامل سکون اور خورد و نوش کی کمی نہایت سود مند ہے۔ خصوصاً دیر ہضم اور تبخیر پیدا کرنیوالی ادویات نہایت مضر ہیں۔ ایسی حالت میں غور و فکر اور جماع وغیرہ محرکات بھی نہایت مضر ہیں +

(۱) اگر دردِ معدہ کی شرکت سے ہو۔ تو سرد پانی پینا۔ ناشتہ کرنا نہایت مفید ہے +

(۲) جب صدائے مزمن میں ملاد و ضماد کی ضرورت ہو۔ تو پہلے سر کو منڈا لیں۔ پھر صوف یا عجین سے تکلیل یا فوخ کر کے دواء ڈالیں +

(۳) حتی الامکان مخدرات استعمال نہ کریں۔ اگر مجبوری ہو تو مصلح ادویہ کے ہمراہ استعمال کریں +

(۴) اگر صداع کے ساتھ نزلہ بھی ہو۔ تو منہ اور سر کی تبرید و تدہین نہ کریں +

(۵) دردِ سر میں قے نہایت مضر ہے۔ اگر معدہ کی شرکت سے درد ہو۔ تو قے کرانا مفید ہے +

(۶) ترشی غذائیں دردِ سر میں مضر ہیں۔ مگر دردِ سر معدہ میں مفید ہے +

دردِ سر سادہ دموی یا صفراوی

لعاب بہدانہ ۳ ماشہ۔ شیرۂ عناب ولائتی ۵ دانے۔ تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ۔ شربت بنفشہ ۲ تولے ملا کر پئیں۔ اگر حرارت زیادہ ہو۔ تو شیرۂ عناب ۵ دانہ کی جگہ شیرۂ تخم کدو ۳ ماشہ شامل کریں +

دردِ سر باردہ

گاؤزبان ۵ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ جوشاندہ دیکر چھان لیں اور نبات سفید ۲ تولہ ملا کر پئیں +

ضمادات صداع

(۱) پوست الائچی کلاں ۶ ماشہ ۔ کسی قدر آب کوکنار میں پیسکر ضماد کریں +
(۲) صداع بارد میں گل مچکن ۱ تولہ ۔ فلفل سیاہ ۵ دانہ پیسکر ضماد کریں +
(۳) صداع حار میں برگ حنا ۳ ماشہ ۔ برادہ صندل ۳ ماشہ ۔ گلاب ۴ تولہ میں پیسکر نیم گرم ضماد کریں +

ضُعفِ دماغ

(۱) حریرہ تقویت دماغ ۔ مغز بادام شیریں ۵ دانہ ۔ مغز تخم کدو شیریں ۳ دانہ ۔ مغز تخم تربوز ۳ ماشہ ۔ صمغ عربی ۳ ماشہ ۔ نشاستہ ۳ ماشہ ۔ نبات سفید ۲ تولہ پانی میں پیسکر دھیمی آنچ پر رکھیں ۔ جب غلیظ ہو جائے تو اُتار کر کھالیں +
(۲) ضعفِ دماغ نزلہ حار در دسر ۔ شیرہ مغز بادام ۵ دانہ ۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں ۳ ماشہ شیرہ مغز تخم تربز ۳ ماشہ ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ پانی میں نکالیں ۔ اور شربت بنفشہ ملا کر پئیں +

صرع و اُمّ الصّبیان

صرع

(۱) دوائے صرع ۔ عود صلیب ۱ ماشہ ۔ جدفار ۱ ماشہ پیسکر خمیرہ گاؤزبان عنبری ۵ ماشہ میں ملائیں ۔ اور گاؤزبان ۳ ماشہ ۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ ۔ عناب ۵ دانہ ۔ شہد خالص ۲ تولہ جوش دیکر صاف کریں ۔ اور خمیرہ کے ساتھ استعمال کریں +
اضافہ ۔ کبھی خمیرہ میں جند بیدستر ۱ ماشہ بھی ڈالا جاتا ہے +
منضج ۔ گل بنفشہ ۷ ماشہ ۔ مویز منقی ۹ دانہ ۔ بیخ کاسنی ۷ ماشہ ۔ بادیان ۷ ماشہ ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ ۔ عود صلیب ۵ ماشہ ۔ پانی میں جوش دیکر چھان لیں ۔ اور خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پئیں +
منضج کے بعد مغز فلوس والا مسہل دینا چاہئے ۔ اور تیسرے مسہل میں حب ایارج کا استعمال کرنا چاہئے +
اگر مسہل کے بعد مریض اختلاج اور تحیر میں مُبتلا ہو جائے ۔ تو ذیل کا نسخہ پلائیں :۔
مفرح شیخ الرئیس ۵ ماشہ ۔ ہمراہ شیرہ بادیان ۵ ماشہ ۔ لعاب گاؤزبان ۳ ماشہ ۔ عرق عنبر ۴ تولہ

عرق گاؤزبان ٦ تولہ میں نکالیں۔ اور خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پئیں +

اُمّ الصّبیان

(۱) جداور خطائی ۲ سُرخ۔ عود صلب ۲ سُرخ۔ کسی قدر بادیان میں پیس کر حلق میں ٹپکائیں +

(۲) تھوڑا سا علیتت جند بیدستر۔ اور عقر قرحا سونگھیں +

(۳) استخوان انسان جلا کر سعوط کریں +

مالیخولیا

(۱) ابتدائے مالیخولیا

آملہ مربی ۱ عدد دھو کر ورق نقرہ ایک عدد سے ملفوف کریں۔ اور شیرہ کشنیز خشک ۳ ماشہ۔ شیرہ صندل سفید ۳ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ٦ تولہ۔ عرق کیوڑہ ۳ تولہ۔ عرق بید مشک ۳ تولہ میں نکال کر شربت سیب ۳ تولہ ملا کر اُس کے ساتھ آملہ مربی کھلائیں +

(۲) اگر قبض و تخیر ہو۔ تو آملہ مربی کی جگہ ہلیلہ مربی ایک عدد کھلاتے رہیں +

امراضِ چشم

(۱) چونکہ آنکھ کا معاملہ نہایت نازک ہے۔ اس لئے تشخیص کے بغیر معالجہ کی طرف متوجہ نہ ہوں علی الخصوص یہ معلوم کر لینا چاہئے۔ کہ یہ مرض اصلی ہے۔ یا سر کے طبقات میں ہے یا رطوبات میں۔ یا عصبہ مجوفہ میں +

رمد در امراضِ جارہ چشم

(۱) لعاب بہدانہ ۳ ماشہ۔ شیرہ عناب ۵ دانہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ۔ پانی یا عرق گاؤزبان میں حل کریں۔ اور شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پئیں +

(۲) شام کو خمیر گاؤزبان ۱ تولہ۔ ورق نقرہ ۱ عدد میں لپیٹ کر اور عرق گاؤزبان میں شیر کشنیز ۳ ماشہ۔ اور لعاب گاؤزبان ۳ ماشہ نکال کر گلقند ۴ تولہ ملائیں۔ اور اُسی کے ساتھ خمیرہ کھائیں +

(۳) رات کو سوتے وقت اطریفل کشنیزی ایک تولہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھائیں +

سُرخی چشم

لودھ پٹھانی - آملہ خشک ہرایک ۳ ماشہ دونوں کو روغن گاؤ میں بریاں کرکے سرد پانی میں پیسکر آنکھ کے گرد لیپ لگائیں +

تنبیہ :- اس کی احتیاط کریں - کہ دوا آنکھ میں نہ جائے +

ورم گرم چشم

پھٹکڑی - پان گجراتی - ہرایک ۶ ماشہ - افیون ۱ ماشہ - زعفران ۴ سُرخ میں پیس کر آنکھ پر ضماد کریں +

نزول الماء

ہلیلہ - بلیلہ - آملہ خشک ہرایک ۳ ماشہ - رات کو گرم پانی میں تر کریں - صبح اس کا زلال لیکر پئیں +

پھولہ

امرب تولہ - سنکھ - کانچ کی سیاہ چوڑیاں - سچی چینی - ہرایک ۲ تولہ - نوشادر - فلفل گرد سفید ہرایک ۶ ماشہ سب کو پیسکر سرمہ کریں - اور کسی قدر آنکھ میں لگائیں +

اضافہ - اگر مریض اس کی تیزی کو برداشت نہیں کرسکتا - اس صورت میں سرمہ سیاہ ہموزن ملا لینا چاہیئے +

جالا

پھٹکڑی - سہاگہ - ہموزن کوٹ چھان کر بکری کا صفرا سے بھرا ہوا مرارہ لے کر اس میں اسے بھردیں - اور باہر سے مرارہ کو اچھی طرح صاف کریں - اور اس کا منہ بند کرکے معلق کردیں - ایک ساعت کے بعد جو جوہر ترشح ہوکر خشک ہوگیا - اُسے لے لیں - اور مرارہ معہ دوا کے پھینک دے - اس جوہر میں سے ۱ رتی کی مقدار ایک قطرہ آب میں حل کرکے سلائی سے آنکھ میں لگائیں +

انتباہ :- زیادہ مقدار میں دوائی لگانے سے آنکھ سُرخ ہوجاتی ہے +

امراضِ بینی

نکسیر پھوٹنا

(۱) نقوع ۔ گل ایک تولہ رات کو گرم پانی میں تر کریں ۔ صبح اس کا زلال پئیں +

(۲) تبرید ۔ بہدانہ ۳ ماشہ ۔ شیرہ عناب ۵ دانہ ۔ شیرہ مغز تخم کدو ۳ ماشہ ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ ۲ تولے ملا کر پئیں +

(۳) مکڑی کا جالا لکھنے کی معمولی سیاہی میں تر کریں ۔ اور اُس پر چکی کا آٹا چھڑک کر ناک میں رکھیں

کرمِ بینی

(بخور) اسپند ۱۰ تولہ ۔ اجوائن خراسانی ۲ ماشہ ۔ شنگرف ۲ ماشہ کوٹ پیسکر سفوف بنائیں ۔ عند الضرورت کرسی پر بیٹھ کر چادر اوڑھ لیں ۔ اور ۲ تولہ سات ماشہ دواکو نلوں پر چھڑک کر بخور لیں +

امراضِ دہن

بُوئے دہن

املی ۷ ماشے پانی میں بھگو کر مَل چھان لیں ۔ اور زرشک ۳ ماشہ کو پیس چھان کر ملا دیں ۔ شربت انار ۲ تولہ یا سکنجبین ۲ تولہ ڈال کر پلائیں +

دردِ دندان

(ضماد) عقرقرحا ۳ ماشہ ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ ۔ پیسکر شہد ۶ ماشہ میں ملائیں ۔ اور دانتوں پر ضماد کریں +

سنونِ دیگر

تمباکو خشک ۔ عقرقرحا ۔ فلفل سیاہ ۔ نمک لاہوری ۔ ہر ایک ۶ ماشہ کوٹ چھان کر سنون بنائیں ۔ اور دانتوں پر ملیں +

تحریک دندان

پوست بیخ ببول ۴ تولہ۔ سنگجراحت گتھ۔ پاپڑیا پاپاری۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ سنون بنائیں۔ عند الضرورت دانتوں پر ملیں اور چار ساعت تک پانی منہ کو نہ لگائیں +

امراض حلق و سینہ

دردِ گلو

(۱) لعاب بہدانہ ۳ ماشہ۔ شیرہ عناب ۵ دانہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ پانی میں نکال لیں اور شربت توت سیاہ ۲ تولہ ملا کر پئیں +

(غرغرہ) کوکنار چار عدد۔ کزبارج ۶ ماشہ۔ کشنیز ۶ ماشہ۔ گلنار ۶ ماشہ۔ عنب الثعلب خشک ۶ ماشہ۔ عدس مسلم ۱ ماشہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ باقی رہ جائے صاف کر کے غرغرہ کریں +

سُعال و ضیق النفس

(۱) نقوع سرفہ۔ گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ مویز منقی ۹ دانہ۔ تخم خطمی ۷ دانہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ۔ اصل السوس مقشر ۵ ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر مل چھان لیں اور خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پئیں +

(۲) سُعال نزلاوی حار۔ بہدانہ ۳ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ سپستان ۹ دانہ پانی میں خفیف جوش دیکر صاف کریں۔ اور شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پئیں +

(۳) سرفہ یابس۔ رات کو سوتے وقت مسکہ ایک ماشہ میں قند سفید ۵ ماشہ ملا کر پئیں +

(۴) سُرفہ حار۔ شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ تخم خربزہ۔ فرنگدو شیریں۔ ہر ایک ۳ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں نکالیں۔ اور شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پئیں +

ضیق النفس

(صبح) گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ مویز منقی ۹ دانہ۔ بیخ کاسنی ۷ ماشہ۔ بادیان ۷ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ اصل السوس مقشر ۵ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ تخم خطمی۔ تخم خیارین ہر ایک ۷ ماشہ رات کو گرم پانی میں

تر کر کے صبح مل چھان کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پئیں +

(شام) خمیرہ گاؤزبان جواہر والا ۵ ماشہ ۔ ورق نقرہ ایک عدد میں لپیٹ کر کھائیں۔ اور گاؤزبان ۵ ماشہ ۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ ۔ عناب ۵ دانہ ۔ نبات سفید ۲ تولہ جوش دیکر اور چھانکر پئیں +

(نکات) (۱) ان دونوں نسخوں کو ۱۲ روز تک استعمال کریں۔ اس کے بعد ۴ تولہ شربت مسہل آدھ سیر گرم پانی میں ملا کر پئیں +

(۲) پھر تین روز صبح و شام کے نسخے پی کر شربت مسہل ۴ تولہ استعمال کریں +

(۳) اس طرح پر تین روز یہ نسخے استعمال کر کے پھر شربت مسہل پئیں +

(۴) اس کے بعد صرف صبح کا نسخہ دو روز تک پئیں +

ضیق النفس رطوبی

چائے سبز ۳ ماشہ ۔ گل بنفشہ ۷ ماشہ ۔ نبات سفید ۲ تولہ ۔ جوش دیکر قہوہ کی طرح پئیں +

امراضِ قلب

ضعفِ قلب وخفقان

(۱) مفرح بارد ۵ ماشہ ۔ عرق گذر ۲ تولہ ۔ نبات سفید ۳ تولہ کے ساتھ کھائیں +

(نکات) اگر خفقان وضعف کے ساتھ شدید حرارت ہو تو مفرح بارد ۵ ماشہ یا خمیرہ صندل ۷ ماشہ ۔ تخم صندل سفید تخم کشنیز خشک ہر ایک ۳ ماشہ ۔ عرق گاؤزبان ۔ عرق کیوڑہ ہر ایک ۶ تولہ میں نکال کر اور شربت ۲ تولہ ڈال کر دیں +

ضعفِ قلب وتبخیر

آملہ مربی یک عدد دھو کر ورق نقرہ ایک عدد میں لپیٹیں ۔ اور عرق گاؤزبان ۶ تولہ ۔ عرق بید مشک ۶ تولہ ۔ شربت سیب ۲ تولہ کے ساتھ کھائیں +

مقوی قلب

زہر مہرہ ۔ طباشیر ۔ ہر ایک ۱ ماشہ دونوں کو پیس کر دواء المسک متعدل جواہر والی ۵ ماشہ میں ملائیں ۔ اور ورق نقرہ ایک عدد میں ملفوف کر کے کھائیں ۔ اس کے بعد الائچی خورد

۳ ماشہ ۔ اور نبات سفید ۲ تولہ کو عرق گذر ۱۲ تولہ یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں جوش دیکر پئیں +

دیگر خمیرہ صندل مفرّح مقوّی قلب

صندل سفید ۷ تولہ ۔ آدھ سیر عرق گلاب میں ایک رات دن بھگوئیں ۔ پھر حسب معمول جوشاندہ بنا کر ایک سیر قند سفید شامل کر کے خمیرہ کا قوام بنا لیں +

امراضِ معدہ

ضُعفِ معدہ و ہضم

(۱) بدہضمی :۔ شیرہ بادیان ۵ ماشہ ۔ عرق بادیان ۶ تولہ ۔ عرق مکو ۶ تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا لیں ۔ اور صاف کر کے پئیں +

(نکات) (ا) اگر فسادِ غذا سے ہیجکی عارض ہو ۔ تو مصطکی رومی ۔ عقرقرحا ایک ایک ماشہ پیس کر جوارش کمونی ۱ تولہ میں ملائیں ۔ اور نسخہ مذکور کے ساتھ کھائیں +

(ب) اگر مواد بلغمیہ زیادہ ہوں ۔ تو شیرہ مویز منقی ۹ دانہ شیرہ تخم کشوث ۳ ماشہ اضافہ کریں +

(ج) اگر تیز معدہ اور دردِ سر ہو ۔ تو خمیرہ گاؤزبان ۱ تولہ ورق نقرہ میں لپیٹ کر اس نسخہ کیساتھ استعمال کریں +

(د) اگر پیٹ میں ریاح ہوں ۔ تو جوارش کمونی ۱ تولہ شیرہ تخم کشوث ۳ ماشہ ۔ شیرہ زیتون ۳ ماشہ بڑھائیں ۔ اور خمیرہ بنفشہ کی جگہ گلقند ۴ تولہ شامل کریں +

(ہ) اگر قبض ہو ۔ تو شربت دینار ۲ تولہ ۔ اور شربت ورد مکرر ۲ تولہ اضافہ کریں +

ضُعفِ معدہ

پوست ترنج ۔ طباشیر ۔ دانہ ہیل ۔ سماق ۔ مصطگی ۔ ہر ایک ۱ ماشہ کو پیسکر سکنجبین سادہ ۲ تولہ میں ملا لیں ۔ اور اس میں عرق بادیان ۶ تولہ ۔ گلاب ۶ تولہ ۔ گلقند ۴ تولہ ملا کر پئیں +

ضعفِ معدہ سوءِ ہضم و اسہال

انار دانہ بریاں ۔ سماق ۔ ہر ایک ۔ ایک ایک ماشہ کو پیسکر جوارش مصطکی کلاں ۷ ماشہ میں ملائیں ۔ پھر شیرہ حب الآس ۳ ماشہ پانی میں نکالکر لب بہی شیریں ۲ تولہ ملا لیں اور جوارش کھا کر پئیں +

سفوفِ نعناع مقوئ معدہ وہاضم طعام

پودینہ خشک ۱ تولہ۔ نمک طعام ۶ ماشہ۔ سماق ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں +

اَمراضِ جگر

دردِ جگر حار

شیرہ آلو بخارا ۵ دانہ۔ عرق نیلوفر ۲ تولہ میں نکالیں۔ اور شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پئیں +

دردِ جگر بارد

بادیان۔ بیخ بادیان۔ بیخ اذخر۔ بادرنجبویہ مناسب مقدار پانی میں جوش دیکر صاف کریں اور شہد خالص چار تولہ ملا کر پئیں +

یرقان زرد و سیاہ

آب برگ ترب سبز مروق ۲ تولہ میں شکر سرخ ۲ تولہ ملا کر پئیں +

یرقان زرد

خمیرہ گاؤزبان تولہ۔ ورق نقرہ ۱ عدد میں ملفوف کر کے کھائیں۔ اور شیرہ بادیاں شیرہ تخم خیارین ہر ایک ۵ ماشہ۔ عرق بادیاں۔ عرق برنجاسف ہر ایک ۶ تولہ ملا کر پئیں +

اَمراضِ طحال

(۱) صلابت طحال۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں نکال کر اور سکنجبین ۲ تولہ ملا کر پئیں +

(ازکات) (۱) یہ نسخہ اس وقت دیا جاتا ہے جبکہ اخلاط محترق ہو کر سودائے غیر طبعی کی صورت اختیار کریں +

(۲) حمیات کے بعد جو کبھی ورم نمودار ہوتا ہے۔ اس کیلئے بھی یہ نسخہ بہت مفید ہے +

ورم طحال

دواء المسک معتدل جواہر والی ۳ ماشہ۔ ورق ۱ عدد میں لپیٹ کر کھائیں۔ اور شیرہ بادیاں ۵ ماشہ عرق گاؤزبان۔ عرق برنجاسف ہر ایک ۶ تولہ میں نکال کر اور خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر کھائیں +

ضماد برائے طحال

برگ سداب ۱۵ ماشہ۔ اشق ۷ ماشہ۔ بورہ ارمنی ۳ ماشہ۔ پودینہ خشک ۳ ماشہ۔ کوٹ چھانکر خالص سرکہ میں ملائیں۔ اور کپڑے پر لگا کر مقام طحال پر لیپ کریں +

اَمراضِ امعاء و مَقعد

پیچش

لعاب ریشہ خطمی ۴ ماشہ۔ شیرہ حب الآس ۳ ماشہ۔ پانی میں نکال کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ملائیں اور اسپغول مسلم چھڑک کر پئیں +

پیچش و اسہال

بادیان۔ ہلیلہ۔ پوست خشخاش ہر ایک ایک ایک تولہ۔ سب کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے کوٹ چھان لیں۔ اور رُب بہی شیریں ۲ تولہ پانی میں ملا کر چھ ماشہ کے ساتھ کھائیں +

اسہال دوری

قرنفل ۱ ماشہ۔ پوست سنگدانہ مُرغ ۱ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ اور چھ ماشہ رُب بہی شیریں ۲ تولہ کے ساتھ کھائیں +

اسہال دوری و دموی

زہرمہرہ۔ بنسلوچن۔ انار دانہ۔ پوست بیرون پستہ۔ زرشک منقی ہر ایک ایک ایک ماشہ پیسکر جوارش آملہ کلاں ۵ ماشہ میں ملا کر کھائیں۔ پھر زیرہ سیاہ۔ شیرہ حب الآس۔ شیرۂ بیل گری

ہر ایک ۳ ماشہ پانی میں نکال کر رُب بہی شیریں ۲ تولہ ملائیں۔ اور بارتنگ ۵ ماشہ چھڑک کر پئیں +

اسہال ضعف ہضم وفسادِ غذا و پیچش۔

جوارش جالینوس ۷ ماشہ کھائیں۔ پھر لعاب ریشہ خطمی ۵ ماشہ پانی میں نکال کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر کھائیں۔ اور اسپغول مسلم ۷ ماشہ چھڑک کر پئیں +

سنگرہنی

بادیان۔ پودینہ۔ مصطگی۔ زنجبیل۔ دانہ ہیل۔ پوست سنگدانہ مرغ۔ ہر ایک ایک ماشہ پیسکر سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ +

اسہال دموی اطفال

زہرمہرہ۔ بنسلوچن۔ ہر ایک ۲ سُرخ۔ دونوں کو پیسکر کھائیں۔ اور شیرہ حب الآس۔ شیرہ تخم کتوث۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ گلاب ۳ تولہ میں نکال کر اور شربت انار ایک تولہ ملا کر پئیں۔

قبض

اطریفل ثلثین

پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ تربد سفید ہر ایک ۱۰ تولہ۔ ریوند چینی بادیان مصطگی۔ اسطوخودوس۔ ہر ایک ۳۰ تولہ۔ سقمونیا منشوی ۷ تولہ۔ کوٹ چھانکر روغن بادام بقدر ضرورت میں چرب کر کے سہ چند شہد کے ہمراہ حسب معمول اطریفل بنائیں +

کرم امعاء۔ کدو دانہ

زرکچور۔ بابرنگ ہر ایک ۵ ماشہ۔ کمیلہ۔ ترمسی ہر ایک چھ چھ ماشہ کوٹ چھانکر ایک تولہ گرم پانی کیساتھ پئیں +

بواسیر بادی

خوبانی ۵ عدد رات کو گرم پانی میں تر کر کے صبح اسکا زلال پئیں۔ اس کے بعد خوبانی بھی کھائیں +

(۳) ہلیلہ مربی ایک عدد گرم پانی سے دھو کر ورق نقرہ سے ملفوف کریں۔ اور شیرہ بادیان ۵ ماشہ۔ شیرہ انیسوں ۳ ماشہ۔ عرق بادیاں ۲ تولہ میں نکال کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملالیں۔ اور ہلیلہ مربی کھا کر پئیں ✤

بواسیر خونی

شیرۂ کشنیز خشک ۳ ماشہ۔ لعاب ریشۂ خطمی ۵ ماشہ۔ شیرہ بیخ انجبار۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ پانی میں نکال کر شربت انجبار ۲ تولہ داخل کریں۔ اور تخم بارتنگ ۵ ماشہ یا اسپغول ۷ ماشہ مسلم چھڑک کر پئیں ✤

شقاق مقعد و قبل

موم سفید ۱ تولہ۔ پیہ گردہ بز ۱ تولہ۔ مغز ساق گاؤ ۴ تولہ سب کو پگھلا کر صاف کریں اور سنگ راحت۔ مُردار سنگ ہر ایک ۹ ماشہ پیس کر بطور مرہم استعمال کریں ✤

امراض گردہ و مثانہ

سوزش بول۔ سوزاک جدید

(۱) شیرۂ تخم خیارین۔ شیرۂ خارخسک۔ شیرۂ تخم خربزہ ہر ایک ۳ ماشہ پانی میں نکالیں۔ اور شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پئیں ✤

سوزاک جدید و امراض حار مجاری بول

(۲) پوست فالسہ شکری ۱ تولہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال لیں۔ اور شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پئیں ✤

اضافہ۔ کبھی روغن صندل ایک ماشہ بتاشہ میں ڈال کر اس کے ساتھ استعمال کریں۔ اور جب مرض پرانا ہو جائے۔ تو روغن بلسان ایک ماشہ بتاشہ میں ڈال کر اضافہ کریں ✤

سوزاک

گیرو ۳ تولہ۔ نخود خام مع پوست نیم کوفتہ ۲ تولہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔ صبح زلال لیکر شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پئیں ✤

مصفی آلاتِ بول

(۱) شیرہ تخم کاسنی ۵ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں نکالیں۔ اور شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پئیں
اضافات:۔ تقویتِ دماغ کیلئے خمیرہ گاؤزبان جواہر والا ۵ ماشہ اضافہ کریں +
(۲) معدہ کی رعایت کے لئے شیرہ بادیان ۵ ماشہ بڑھائیں +

پچکاریٔ سوزاک نیلہ تھوتھا بریاں۔ مُردارسنگ ہر ایک ۶ ماشہ۔ سرمہ صفہانی ۱ تولہ۔ رسوت۔ کتھ سفید۔ مازو سبز ہر ایک ایک تولہ مصطکی ۶ ماشہ۔ صلایہ کرکے بوتل پانی میں حل کریں۔ اور افیون۔ روغن بیروزہ ہر ایک ایک ماشہ اضافہ کرکے پچکاری کریں +
اضافہ:۔ کبھی شب یمانی ۶ ماشہ اور رال سفید ایک تولہ بھی بڑھا دیتے ہیں +

حرقت و تقطیر و سوزاک و سیلان ریم۔

شورہ قلمی۔ دانہ الائچی کلاں۔ ہر ایک ۲۱ ماشہ باریک پیسکر ۶ حصہ کریں۔ پہلے تین روز پانی کے ساتھ اور پچھر ساٹھی کے چاولوں کی پیچ کے ساتھ دیں +

عرق سوزاک

سوزش بول۔ خون پیپ اور زخم کیلئے نافع ہے۔ کشنیز خشک ۵ تولہ رات کو آدھ پاؤ پانی میں بھگوئیں۔ اور صبح جوش دیتے وقت برانڈی ۳ تولہ اور روغن صندل ۶ ماشہ شامل کرکے عرق تیار کریں۔ خوراک ۱ تولہ +

تقطیر البول

(۱) شورہ قلمی۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۲ ماشہ سفوف بنا کر چھ حصے کریں۔ اور ہر روز ایک حصہ کھائیں +
(۲) تخم خیارین۔ تخم خربوزہ۔ تخم خشخاش۔ تخم کدو شیریں۔ تخم تربوز ہر ایک ۳ ماشہ شیرہ میں نکالیں اور شربت خشخاش ۳ تولہ ملا کر پئیں +

کثرتِ بول

جوارش مصطکی ۷ ماشہ یا مجون کندر کھائیں۔ اور عرق بادیاں ۱۲ تولہ میں شیرہ بادیان ۵ ماشہ

نکال کر اور خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پئیں ✤

انجمادِ بول

(۱) انجماد بول۔ (ضعفِ ہضم کی وجہ سے پیشاب میں بہت اشوب اور زبد ہوتا ہے)
ایک چاول معجون قوتنجی میں ملا کر کھائیں۔ اور شیرہ بادیان۔ شیرہ انیسوں۔ شیرہ صعتر۔ ہر ایک ۵ ماشہ۔ شیرہ دانہ ہیل ۳ ماشہ۔ شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پئیں ✤

ذیابیطس و دردِ پشت

مغز پینہ دانہ نیم کوفتہ ایک تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال لیں۔ اور شربت بزوری ۴ تولہ ملا پئیں ✤

اضافہ۔ اگر ضعفِ معدہ ہو۔ تو جوارش مصطکی ۷ ماشہ یا جوارش انارین ۷ ماشہ بڑھائیں

دردِ گردہ یرقی و ریاحِ شکم

برگ شبت۔ تخم خیارین۔ حب قرطم۔ تخم کتان۔ عنب الثعلب۔ بدنجاسف۔ پوست خربزہ ہر ایک ۵ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان لیں۔ اور شربت بزوری ۴ تولے ملا کر پئیں ✤

دردِ گردہ و پشت

سورنجاں شیریں۔ بوزیدان ہر ایک ایک ماشہ۔ دونوں کو پیس کر جوارش زرعونی ۷ ماشہ میں ملا لیں۔ اور مدرات بارده کے ساتھ کھائیں ✤

دردِ گردہ ورمی

عنب الثعلب۔ بدنجاسف۔ سعد کوفی سبز بخوش ہر ایک ۶ ماشہ سب کو پیس کر روغن گل ۲ تولہ میں ملائیں۔ اور نیم گرم ضماد کریں ✤

امراضِ مخصوصۂ مردان

جریان و رقتِ منی

(۱) ثعلب مصری۔ آرد سنگھاڑہ۔ مغز پینہ دانہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ نبات سفید ۲ تولہ۔ پانی میں

پیسکر شیر گاؤ ۱۰ تولہ اور سبوس اسپغول ۷ ماشہ اضافہ کرکے آگ پر رکھیں۔ جب غلیظ ہو جائے تو اتار کر کھائیں +

(۲) تخم ریحان ۶ ماشہ۔ نبات سفید ۲ تولہ۔ پانی میں پیسکر شیر گاؤ ۱۰ تولہ ملائیں۔ اور دھیمی نرم آنچ پر حریرہ بنا کر کھائیں +

در ورمنی و مذی

اصل السوس مقشر ۶ ماشہ۔ تخم کاہو ۹ ماشہ۔ گلنار فارسی ۱ تولہ۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ تخم سداب تخم سنبھالو۔ ہر ایک ۱ تولہ پیسکر ۱ تولہ ۹ ماشہ پانی یا شربت بزوری ۴ تولہ کے ساتھ پھانکیں +

— جریان و رقتِ منی

بیج بند سیاں۔ تخم ہلیل۔ گوکھرو۔ تالمکھانہ ہر ایک ۳۰ تولے۔ اندرجو شیریں ۷ تولہ پیستاں ۲۸ تولہ۔ شکر تری ہموزن ادویہ سفوف بنائیں۔ اور ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ پاؤ بھر یا آب سرد کے کھائیں +

— مغلظِ منی۔ دافع جریان۔ ممسک

سنگھاڑہ خشک۔ گوند کتیرا۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ نشاستہ۔ تالمکھانہ۔ ثعلب مصری۔ مارد مصطکی۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ نبات سفید ہموزن ادویہ سفوف بنائیں۔ اور ۵ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ کے کھائیں +

— جریان سوزاک۔ سرعتِ انزال

(جو سوزاک سے ہو جائے)

ست گلو۔ سلاجیت۔ طباشیر۔ اصل السوس مقشر۔ تالمکھانہ۔ پکھان بید۔ بہدانہ۔ الائچی خورد۔ کشتہ قلعی۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ اور نبات سفید ہموزن ادویہ شامل کریں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ خساندہ پوست فالسہ شکری ۱ تولہ و شربت بزوری ۴ تولہ +

— حبِ ممسک و مبہی

(۱) جوز بوا۔ بسباسہ۔ مصطکی۔ زعفران۔ ناگیسر۔ موچرس۔ گل سپاری۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ اجوائن خراسانی مساوی الوزن۔ حبوب بنائیں۔ خوراک ایک دو گولیاں +

(۲) زعفران ست سلاجیت ہرایک ۴ ماشہ۔ افیون۔ مصطگی۔ سمندر سوکھ۔ لونگ ہرایک ۶ ماشہ کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود باندھیں۔ اور ایک دو گولیاں دودھ کیساتھ کھائیں

— معجون مقوی باہ

شہد نصف سیر کو جوش دیں۔ اور کف اتاریں۔ پھر اس پر مولی کے بیج پیسکر چھڑکیں۔ جب اس کا قوام ہونے کے قریب ہو۔ توز نجبیل۔ قرنفل۔ مصطگی۔ فلفل گرد۔ ہرایک ۳ تولہ کوٹ چھانکر اضافہ کریں۔ خوراک ۷ ماشے صبح وشام +

— معجون مقوی وہی مُمسک

مغز بادام۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز گردگاں۔ افیون۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ عنبر طلینت۔ تخم کاہو مقشر ہرایک ۶ ماشہ۔ مشک ۱ تولہ۔ نبات سفید دو چند ادویہ بطریق معروف معجون بنائیں۔ خوراک ۱ ماشہ +

ضعفِ جماع

جو جماع کے بعد عارض ہو۔ موسیائی ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۶ ماشہ۔ نبات سفید ۸ ماشہ۔ گلاب بقدر حاجت میں حل کریں اور گولیاں بنائیں۔ اور ۲ ماشہ ماالعسل کے ساتھ کھائیں +

— طلائے سُرخ

کجی۔ لاغری۔ استرخا۔ تمام خرابیوں کو نافع

سنگرف۔ جمالگوٹہ۔ ہرایک ۲ تولہ۔ موم ۴ تولہ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔ مسکہ ۱۲ تولہ۔ خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ جب غلیظ ہو جائے۔ محفوظ رکھیں۔ سیون اور حشفہ چھوڑ کر شب کو سوتے وقت ایک رتی مالش کریں۔ اور اوپر سے بنگلہ پان باندھیں۔ اور بچے موت سے لپیٹ دیں +

— طلائے مُسمن

جونک بے کرخصیہ خر سے چمٹا دیں۔ جب وہ خون سے بھر جائے۔ تو اُسے سایہ میں رکھکر خشک کرلیں۔ اور بیج کنیر سفید اور عرق مک ہر ایک ایک تولہ کے ساتھ جوکوب کرکے سانڈہ کے پیہ ۳۰ ماشہ میں ملالیں۔ اور حسب دستور روغن [illegible] طلا کریں +

— ضماد مجلوق

جوتری ۔مغز حب السلاطین ۔ گھونگچی سفید ہر ایک ۳ ماشہ کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں ملالیں ۔ اور ایک سُرخ لیکر ضماد کریں ۔ اوپر سے برگ تنبول باندھ دیں +

— طلائے مُلذّذ

سپیدی پنچال کبوتر صحرائی ۲ ماشہ ۔ عقرقرحا ۔ نمک سنگ ہر ایک ایک ماشہ ۔ سُہاگہ ۴ سُرخ سب کو باریک پیسکر شہد خالص میں ملالیں ۔ اور قصیب پر لیپ کریں ۔ جب خشک ہو جائے جماع کریں +

امراض مخصوصۂ نسواں پر سوت کا بخار

جو وضع حمل کے بعد عارض ہوتا ہے ۔ عناب ۵ دانہ اور شربت بزوری ۴ تولہ کو پانی میں خفیف جوش دیں ۔ اور چھان کر پلائیں +

اِحتباسِ طمث

برائے اِدرار

حب القرطم ۔ گاؤزبان ہر ایک ۵ ماشہ ۔ پوست خربزہ ۔ بادیان ہر ایک ۷ ماشہ تین پاؤ پانی میں جوش دیں ۔ جب تیسرا حصہ باقی رہ جائے ۔ تو شربت بزوری ملا کر پئیں +

اضافہ :۔ کبھی پرسیاوشاں ۶ ماشہ بھی اضافہ کرتے ہیں +

احتباسِ حیض و نفاس

بادیان ۳ ماشہ ۔ ہیل ۳ ماشہ کو پانی میں جوش دیں ۔ اور شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر پئیں +

افراطِ حیض و نفاس

گیرو ۔ سنگ جراحت ہر ایک ایک ماشہ ۔ دونوں کو پیسکر پھانک ۔ اور شیر خبث الآس شیرہ تخم خرفہ سیاہ ۔ شیرہ بیخ انجبار ہر ایک ۳ ماشہ ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں نکال کر

شربت انار ۳ تولہ ملائیں - اور تخم بازنگ ۳ ماشہ چھڑک کر پی جائیں +

ورمِ رحم

گل بنفشہ ۷ ماشہ - گاؤزبان ۵ ماشہ - مویز منقی ۹ دانہ - بادیان - بیخ کاسنی - ہر ایک ۷ ماشہ جوش دیکر آب عنب الثعلب مروق ۴ تولہ - آب کاسنی سبز مروق ۴ تولہ - خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملائیں اور چھان کر پئیں +

ضمادِ ورم رحم

مرہم داخلیون ۱ تولہ - آب کاسنی سبز ۳ تولہ - آب عنب الثعلب ۳ تولہ میں حل کریں اور سفیدی بیضہ مرغ ۱ عدد اور روغن گل ۱ تولہ اچھی طرح ملا کر استعمال کریں +

سوزشِ رحم ثوری

گندھک مدبر ۸ تولہ - زہرمہرہ ۴ تولہ - بنسلوچن ۴ تولہ - گلاب میں پیسکر چنے کے برابر گولیاں بنائیں - اور ایک گولی مدرات بارده کے ساتھ کھائیں +

سیلانِ رحم

گل دھاوا - گل فوفل - موچرس - صمغ عربی - مولسری - ہر ایک ۶ ماشہ - نبات سفید ۲ تولہ - کوٹ چھانکر سفوف بنائیں - اور ۶ ماشہ ملا کر پانی کے ساتھ کھائیں +

اضافہ:- کبھی گل پستہ اور کمرکس ہر ایک ۶ ماشہ اضافہ کرتے ہیں +

ضعفِ رحم

مومیائی خشک - مشک - دم الاخوین - خبث الحدید مدبر ہر ایک ۲ ماشہ - زعفران ۱ ماشہ پانی میں پیسیں - اور پچڑا تر کے رحم میں رکھیں +

خروجِ رحم

بلوط اقاقیا کا آبدست استعمال کریں +

اختناق الرحم

غشی کے وقت آب سرد اور گلاب چہرے پر چھڑکیں ۔ اطراف باندھیں ۔ جند بیدستر اور لہسن سونگھائیں ۔ عطریات کا حمول کریں غشی سے افاقہ ہو جانے کے بعد ۔ احتباس طمث کی طرح تنضیج و تنقیہ کریں ۔ اور پھر جب ایارج کھلائیں ۔ زن باکرہ کا بہترین علاج عقد ہے +

قروح رحم

(۱) مُردار سنگ ۔ گیرو ۔ سنگجراحت ہر ایک ایک ماشہ کو پیس لیں ۔ اور مرہم کافوری اتولہ میں ملا کر استعمال کریں +

(۲) زورقی ۔ برگ بید ۔ کمیلہ ۔ گل بابونہ ۔ عنب الثعلب ۔ خشک ہر ایک ایک تولہ ۔ پانی میں جوش دیکر پچکاری کریں +

وسعتِ قبل ۔ ضیق قبل

جوزبو ۱ ۔ گزمارج ۔ پھٹکری بریاں ۔ پوست انار ہر ایک ۶ ماشہ پانی میں پیکہ شیاف بنائیں ۔ اور بعد از طہر استعمال کریں +

عُسرِ ولادت

(۱) ران پر چرچیٹہ کی جڑ باندھیں +

(۲) پوست بیضہ مرغ ۲ عدد ۔ مجیٹھ ۶ ماشہ کو پیس لیں ۔ اور ۶ ماشہ پانی کے ساتھ دیں +

دردِ کمر ۔ دردِ زانو ۔ دردِ شانہ

(۱) دردِ کمر ۔ روغن بلسان کپڑے پر لگا کر نیم گرم کر کے کمر پر چپکائیں +

(۲) دردِ زانو ۔ کوکنار ۲ تولہ اور اسپغول ۲ تولہ گلاب میں پکا کر زانو پر باندھیں +

(۳) دردِ شانہ ۔ جو بلغم کے بند ہو جانے سے ہو ۔ برشعشا ۲ سُرخ خمیرہ گاؤزبان ۱ تولہ میں ملا کر کھائیں ۔ اور اصل السوس ۳ ماشہ ۔ پرسیاوشاں ۵ ماشہ ۔ عسل صافی ۲ تولہ کو پانی میں جوش دیکر اور چھان کر پئیں +

مُسہلات

(۱) **مسہل صفرا** ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح چھان لیں ۔ اور خمیرہ بنفشہ ۔ گلقند ۔ ترنجبین ۔ شکر سُرخ ۔ مغز فلوس ۔ تمر ہندی کہنہ ۔ ہر ایک ۴ تولہ اس میں مل کر صاف کر لیں ۔ پھر روغن بادام ۲ تولہ اضافہ کر کے پئیں +

(۲) **مسہل حمیات صفراوی** ۔ آلو بخارا ۱۱ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر لیں ۔ اور خمیرہ بنفشہ ۔ گلقند ۔ ترنجبین ۔ شکر سُرخ ۔ مغز فلوس ہر ایک ۴ تولہ ۔ اس میں مل چھان کر پھر شیرہ مغز بادام ۵ دانہ اضافہ کر کے پئیں +

(۳) **مسہل بارد** ۔ جو معدہ و امعاء کے مواد فاسدہ کو خارج کرتا ہے ۔ تمر ہندی کہنہ ۸ تولہ پانی میں جوش دیکر چھان لیں ۔ اور سنا مکی ۷ ماشہ باریک پیسکر اس پر چھڑک لیں اور پئیں +

(۴) **مسہل حار** ۔ جو بلغمی بخاروں میں مستعمل ہے ۔ گل بنفشہ ۔ بیخ کاسنی ۔ بادیان ہر ایک ۷ ماشہ ۔ مویز منقی ۹ دانہ ۔ گاؤزبان ۔ تخم خیارین ۔ اصل السوس مقشر ۔ پرسیاوشاں مکو خشک ہر ایک ۵ ماشہ ۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ ۔ عناب ۵ دانہ ۔ سپستان ۹ دانہ ۔ تخم خطمی ۔ تخم خبازی ۔ ریشہ خطمی ۔ گلسرخ ۔ سنا مکی ۔ ہر ایک ۷ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر مل چھان لیں ۔ اور اس میں مغز فلوس ۔ گلقند ۔ خمیرہ بنفشہ ۔ ترنجبین ۔ شکر سُرخ ہر ایک ۴ تولہ اچھی طرح ملکر صاف کریں ۔ پھر شیرہ مغز بادام ۵ ماشہ اضافہ کر کے پئیں +

اسمائے ادویات بقیدِ درجات

درجہ اول کی گرم دوائیں ۔ انجیر ۔ بادام ۔ الائچی کلاں ۔ آلو بالو ۔ ابریشم ۔ افسنتین ۔ اسطوخودوس پستہ ۔ تودری ۔ تخم ریحان ۔ تخم بالنگا ۔ پوست ترنج ۔ بتھوا ۔ بریارا ۔ بادرنجبویہ ۔ شیریں بادآورد شاہترہ ۔ شکر قند ۔ شیرخشت ۔ شکاعی ۔ سیب ۔ سوسن ۔ روغن زرد ۔ حب القطن ۔ ثعلب مصری گوئے تازہ ۔ گاؤزبان ۔ کشمش ۔ کنجد ۔ فندق ۔ غافث ۔ غاریقون ۔ شیریں عدس ۔ شاہتوت [illegible] ۔ نخود ۔ نیم [illegible] ۔ نارجیل دریائی ۔ موم ناخونہ ۔ لوبیا منقی ۔ لیموں شیریں ۔ گل گاؤزبان

درجہ دوم کی گرم دوائیں ۔ [illegible] ۔ [illegible] ۔ نارجیل ۔ نیل ۔ ناگرموتھ ۔ میدہ لکڑی ۔ [illegible] ۔ [illegible] ۔ مصطگی ۔ [illegible] سفید ۔ لودھ پٹھانی ۔ لوبان ۔ لک لاجورد ۔ نالونگ ۔ [illegible] ۔ کندر ۔ کمیلا ۔ [illegible] ۔ کرفس ۔ کریلا ۔ کچری ۔ کباب چینی ۔ قنب ۔ قرطم ۔ عود صلیب

عنبر - عصارہ ریوند - خشبہ - عود غرقی - عقرقرحا - صبر زرد - شلجم - شہد خالص - شکر سفید
شاہ پسند - سنجرف - سیوتی - سنائے مکی - سندروس - سلاجیت - سرپھوکہ - ستاور - سابودانہ
زیتون - زیرہ سفید - زعفران - رتن جوت - ریحان دشتی - ریشہ برگد - درونج عقربی - دارچینی
خاکسی - خس - خارخسک - خرما - خوبانی - خربزہ - چنبیلی - چلغوزہ - چرائتہ - چائے - چاکسو -
جلاپا - جوتری - جوزبوا - جاورس - تج قلمی - تخم شبت - تخم خربزہ - تخم گاؤزبان - تخم گذر - تخم کرفس
تخم انجرہ - بلسان - بوزیدان - بادنجان - بہمن سفید - برنگ کابلی - بابونہ - بادرنجبویہ - پودینہ
پستہ - پھٹکڑی - بالچھڑ - بادیان خطائی - بیدانجیر - زیتون - انگور پختہ - اندرجو - الائچی خورد
آبنوس - انبہ ہلدی - اخروٹ - افسنتین - اشترخار - اصل السوس +

درجہ سوم کی گرم دوائیں: - سکپور - رال - راسن - دیودار - درمنہ ترکی - خردل - حاشا - حب السلاطین
حرمل - جاوشیر - جدوار - تخم گذر - تمباکو - سداب - تربد سفید - پودینہ کوہی - بورہ ارمنی - بیربہوٹی
بہمن سرخ - بلادر - بکائن - سونف - بادام تلخ - بابچی - کہربا - بابونہ - بقم - افتیمون - اشنان
اجوائن - زرنیخ - زنجبیل - سورنجاں تلخ - ساذج ہندی - سقمونیا - زیرہ سیاہ - زفت - زراوند طویل
کلونجی - کرنجوہ - کرفس - کچلہ - کبابہ - کٹکی سفید - کدوئے تلخ - فرفیون - قرنفل - عود بلساں -
شیطرج - شورہ - شلجم - شبرم - مرزنجوش - مرچ سیاہ - مرچ سرخ - ماذریون - مشک - مقناطیس -
گھونگچی - گوگل - گندھک - کالادانہ - نیلہ تھوتھہ - نوشادر - تمام نرگس - نکچھکنی - مرمکی - مومیائی - مالکنگنی +

درجہ چہارم کی گرم دوائیں: - تتلی خشکی کی - آہک پیش - لہسن - پیاز - سمندر پھن - قسط - گندنا -
سنکھیا - توتیا - حسن یوسف - حنظل - فرفیون - ہینگ - ہینل - ماذریون +

درجہ اول کی سرد دوائیں: - باقلا - بلوط - برنڈنڈی - اقاقیا - غیر مغسول - آدی بخارا -
امرود - انار ترش - انار میخوش - برادہ نحاس - ہلیلہ - بیج بند - برگ بانسہ - بہی ترش - بنفشہ
بھاؤ - بید مشک - بیخ مرجاں - تخم انار - تمر ہندی - تخم خبازی - تربز - چوک خطمی - نشاستہ - کاسنی
گل چاندنی - مرجان سرخ - مازو - مامیثا - مونگ - اور جو دوائیں ترشی مائل ہوں وہ سرد ہیں +

درجہ دوم کی سرد دوائیں: - بارتنگ - آملہ - اقاقیا مغسول - افیون - انار ترش - نیلوفر -
ناشپاتی - نارنج - مازو - مولسری - مکو - موز خام - گل ارمنی - گل ٹیسو - کزمازخ - کدوے دراز -
کتھ سفید - کچنال - کشنیز - فوفل - کنار - عذبہ - طباشیر کبود - طحلب - صندل سرخ - شاہدانہ
ساہتوت ترش - سفتالو - سماق - میرن - زرشک - رسوت - خس - خشخاش سفید - خیارزہ
خیار - چکوترہ - تخم کدوئے دراز - تخم خیارہ - تخم کاہو - تخم کاسنی - تخم کتان - تخم پالک - ترنج - پیٹھہ
بہدانہ - بنفشہ - پارہ - پالک - پوست خشخاش وغیرہ +

درجہ سوم کی سرد دوائیں: - طراثیث - خرفہ - چوکہ - سدابہار - زبرجد - زرشک - سفیدہ کاشغری - صندل سفید - صندل زرد - دم الاخوین - جوز السرو - تمباکو - سیاہ خشخاش - بیخ انجبار - برد البنج - برف - اقاقیا - اسپغول - نیلوفر - ناشپاتی - نارنج وغیرہ ✦

درجہ چہارم کی سرد دوائیں: - افیون - دھتورہ - شوکران - مازریون - اجوائن خراسانی - بن یوتکہ - الماس - شاہترہ کی جڑ - خانق النمر وغیرہ ✦

درجہ اول کی خشک دوائیں: - مرزنجوش - مونگ - میدہ لکڑی - مہوہ - نارجیل - نشاستہ - ناخنہ - نقرہ - گلوے تازہ - کہربا - کندر - قرطم - فندق - فالسہ - عنبر - شعیر - شہد تازہ - شکر سفید - سیوتی - سنا - سوسن - زعفران - زنجبیل - خرما - حمص - تخم بتھوا - تخم انار - تخم گندنا - پرسیاوشاں - بادیاں - بسفائج - بابونہ - آملہ - ابریشم - اخروٹ - اسطوخودوس - گوکھرو - حب الغار - کلفہ - تخم اوٹنگن - ملٹھی وغیرہ ✦

درجہ دوم کی خشک دوائیں: - مولسری - مومیائی - مرجان - بیخ مرجان - مین پھل - نیم - ناشپاتی - ناگرموتھ - ناگیسر - نرگس - نیل - ہینگ - موصلی سیاہ و سفید - مصطگی - مسور - مردار سنگ - مجیٹھ - مامیران - مالکنگنی - مازو - مشک خالص - مدار - مکو - مرمکی - لاجورد - لودھ پٹھانی - لادن - گھونگچی - گوگل - گل ٹیسو - کشنیز - کزمازج - کیوڑہ - کہربا - کمیلہ - کچنال - کریلا - کالادانہ - کچری - کباب چینی - کاکنج - کنار - قنب - فوفل - غافث - غاریقون - عقرقرحا - صندل سفید - عود صلیب - عصارہ ریوند - طباشیر - صمغ عربی - صندل زرد - صبر زرد - ساہسفرم - شبرم - شاہترہ - شکاعی - شبو - شاہ پسند - شاہ دانہ - سلاجیت - سقمونیا - سفیدہ کاشغری - سرس - سندروس - ستاور - سرمہ - زیتون - زفت - زراوند طویل - ریٹھہ - ریباس - روغن چیڑہ - روغن بھلاواں - رسوت - رتن جوت - ریحان دشتی - درونج عقربی - دارچینی - خشخاش سیاہ - خارخسک - حلبہ - حاشا - چرائتہ - چائے - چاکسو - جلاپا - ریوند - تج - تخم کاسنی - تمر ہندی - تربد - کرفس تخم - تخم انجرہ - تخم شبت - بادیان خطائی - بیدانجیر - بادام تلخ - اشترتار - اندرجو - وغیرہ وغیرہ ✦

تیسرے درجہ کی خشک دوائیں: - نکچھکنی - خام - نوشادر - غطرواں - مازریون - مرچ سیاہ - مرچ سرخ - مقناطیس - سوچرس - لوبان - نمک - کاورنہ - کلونجی - کونجوہ - کچلہ - کی سفید - مکدوے تلخ - قرنفل - فرفیون - عشبہ - عود غرقی - صندل سرخ - شوکران - شورہ - شیطرج - شحرف - سورنجاں تلخ - زرنیخ - زیرہ سیاہ - زیرہ سفید - زیرہ - زرشک - زراوند مدحرج - رسکپور - رانی - رال - رالن - دیودار - درمنہ ترکی - حنظل - خردل

جاوشیر۔ تخم سداب۔ ترنج پاہ۔ پھٹکری۔ پنیا۔ پودینہ کوہی۔ بورۂ ارمنی۔ بیر بہوٹی۔ بلادر۔ بیخ کبر۔ برنجاسف۔ پاپچی۔ سافیون۔ زیتون۔ افتیموں۔ آملہ۔ اجوان خراسانی وغیرہ ✦

درجہ چہارم کی خشک دوائیں:۔ حب السلاطین۔ خانق التمر۔ دھتورا۔ قطران تخم گندنا مینسل۔ سداب بری۔ افیون۔ الماس۔ اجوائن خراسانی۔ بقم۔ توتیا وغیرہ ✦

درجہ اوّل کی دوائیں:۔ تودری سُرخ وسفید۔ تخم پالک۔ تخم بالنگا۔ پیٹھہ۔ پالک۔ پارہ بہدانہ۔ بید مشک۔ بنفشہ۔ بریارا۔ باقلا۔ بادام شیریں۔ بنولہ۔ انجیر۔ انگور پختہ۔ انار میٹھوش۔ انار شیریں۔ امرود۔ تربد۔ ترنج خطمی تخم خبازی۔ ثعلب مصری سنجد جیل دریائی نیل کنٹھی۔ نیلوفر۔ نشاستہ۔ مولی۔ موم۔ لیموں شیریں۔ گل گاؤزبان۔ گل چاندنی۔ گاؤزبان کشمش۔ کاسنی سبز۔ کنجد۔ شلجم۔ شکر قندر۔ روغن بادام۔ خاکسی۔ خشخاش سفید خربزہ۔ خیار شنبر۔ چلغوزہ۔ دیخرہ ✦

درجہ دوم کی تر دوائیں:۔ موز۔ موچرس۔ نارنج۔ نیلوفر۔ نیشکر۔ لیموں کاغذی۔ لوبیا گل ارمنی۔ کدوئے دراز۔ طحلب۔ شقاقل۔ شاہتوت شیریں۔ سرپھوکہ۔ سابو دانہ۔ ریشہ برگد۔ خس۔ خیارزہ۔ خیار۔ خوبانی۔ خشخاش سیاہ۔ چکوترہ۔ تخم کدو۔ تخم خیارین تخم کاہو۔ تخم خربزہ۔ تخم خربزہ۔ تخم گاؤزبان۔ پارہ۔ بہدانہ۔ بنفشہ۔ آلو بالو۔ اسپغول اجاص وغیرہ وغیرہ ✦

ادویات معتدلہ:۔ شیرخشت۔ صمغ عربی۔ عناب ولائتی۔ کتیرا۔ کشیری۔ کہربا۔ لحیۃ التیس۔ لعل۔ مُر۔ مقل۔ موم۔ شکر تیغال۔ سپستان۔ زہر مہرہ۔ رُمان۔ زجاج خندوس۔ خنط خصف ہندی۔ تنبول۔ تخم کاسنی۔ تخم کتان۔ پرسیاوشاں۔ بزرالقطف ابریشم۔ اُشنا۔ اقلیمیا۔ اہلیلج کابلی وغیرہ ✦

مُصطلحات اطبّاء متعلقہ ادویات

نام عربی رمصطلاحی	ترجمہ ومختصر تفصیل	نام ادویات
اکّال	جو عضو کو کھا جائے	انزروت۔ اشنان۔ سیندور۔ نمک مردارسنگ۔ زنگار۔ توتیا وغیرہ ✦
جامد	جما دینے والی اخلاط رقیقہ کو	صمغ عربی۔ موم۔ کہربا۔ گیرو۔ گل ملتانی وغیرہ ✦

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و مختصر تفصیل	نام ادویات
جالی	جلاو پاک کرنیوالی	شورہ - نمک - شہد - رائی - ہڑتال - مصری - زفت - بیج بلسان - وغیرہ +
جاذب	جو اخلاط و رطوبات کو کھینچ لے	جند بیدستر - ثافیثا وغیرہ
حالق	بالوں کو مونڈ دینیوالی نہ سبب تیزی کے	ہڑتال - چونہ - سفیدا - راکھ - شورہ وغیرہ وغیرہ +
حکاک و محکک	جو کھجلی پیدا کرے بوجہ گرمی و تیزی کے	رجل بیل - مشک دانہ - اٹنگن - بھنڈی کے پتے وغیرہ +
خاتم	ختم کرنیوالی جو بوجہ خشکی کے زخموں کو خشک کردے	ایلوا - توتیا - انزروت - چھڑیلہ سیپ سوختہ وغیرہ +
دافع خمار	جو نشہ کو بوجہ منع کرنے تبخیر کے دفع کرے	عرق گلاب - شربت قند - گلاب کا پھول سونگھنا - عرق لیموں - وغیرہ +
دابق	جو چپک جائے بوجہ لیس کے	سریش - لاکھ - دلق - شیر میش وغیرہ +
رادع	پھیر دینے والی بوجہ قوت قابضہ اور سردی کے +	اسپغول - گلنار - چھالیہ - دھنیا خطمی - السی - ملتانی مٹی - گیرو - املتاس وغیرہ +
عاصر	نچوڑ دینے والی بوجہ کسیلے پن و شدت قبض کے	جامن کی گٹھلی - انار کے چھلکے - تخم تمر ہندی - آملہ وغیرہ +
غسال	دھو دینے والی بوجہ قوت جلا کے	آب نیم گرم - آش جو - ماء العسل وغیرہ
قاتل	مار دینے والی روح حیوانی نفسانی و طبعی کو بوجہ ضد و مخالف کے	افربیون - بیش - سنکھیا - زہر - ہیرا پارہ - افیون - شیر کی مونچھ وغیرہ +
قابض	بند کرنے اور روکنے والی	حب الآس - پستہ کا چھلکا - زرشک - باقلا - ترمسی بنسلوچن - بارتنگ - جامن کی گٹھلی وغیرہ

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و مختصر تفصیل	نام ادویات
قاتلات دود	کیڑوں کو مار دینے والی جو پیٹ وغیرہ کے کیڑوں کو قتل کر دے اور باہر نکالے	کمیلہ - بابرنگ - کلونجی - پودینہ - زوفا عنبر وید - ترمسی - برگ شفتالو وغیرہ
قاشر	چھلکوں کو اتار دینے والی اور اعضاء کو صاف کرنیوالی	خشخاش - کالے تل - زراوند - کٹ قسط وغیرہ +
کاوی	داغ لگا دینے والی جو بوجہ شدت حرارت اعضاء کو داغ دے	ادرک - لہسن - تیزاب - زاج - سفیدا قلقطار وغیرہ +
کاسر الریاح	ریاح کے دور کرنیوالی بوجہ حرارت کے	اجوائن - مکو - سونٹھ - ادرک - زیرہ چوکہ - ہڑ کا مربہ - سونف - پودینہ وغیرہ
لازع	کاٹ دینے والی اعضاء کو بوجہ شدت حرارت و قوت و تیزی کے	سرکہ - نمک شورہ - تیزاب جامن - خردل سکنجبین - انگور تازہ - لیموں وغیرہ +
لزج	چپک جانے والی بوجہ لیس کے	خبازی - چاول - مسور - موگرا وغیرہ
مانعات احلام ردیہ	پریشان خوابوں کو دفع کرنے والی	خرفہ - درونج - عقرقرحا - زیت کی لکڑی وغیرہ
مانعات رعاف	منہ سے خون آنے نکسیر اور خون کے دستوں کو بند کرنے والی	بیخ انجبار - مصطگی - رسوت - زیرہ کافور بارتنگ - کہربا - سنگ جراحت نعناع مازو - اجوائن خراسانی - کندر - گلنار نشاستہ - گیرو - جفت بلوط - بیل - لسان الحمل - قنطوریون وغیرہ +
مبرد	سرد کرنے والا جو بوجہ برودت کے اعضاء کو سرد کرے +	نیلوفر - گل گڑھل - کافور - کاہو صندل وغیرہ +

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و مختصر تفصیل	نام ادویات
مُبہی	جو باہ پیدا کرے بوجہ اپنی رطوبت فاضلہ و حرارت معتدلہ کے ۔	چنا۔ لوبیا۔ عنبر۔ مشک۔ موتی۔ خشخاش۔ موصلہ۔ تودری زرد و سفید۔ ستاور۔ گوکھرو۔ بندق۔ کٹ تج۔ خصیۃ الثعلب۔ جندبیدستر۔ ماہی سقنقور۔ مغز بادام۔ اخروٹ کی گری۔ انڈہ۔ کھجور۔ بٹیر۔ مرغ۔ شلجم۔ جاوتری۔ دارچینی۔ ریگ ماہی۔ دماغ عصفور۔ مصطگی۔ مشک ماہی۔ لسان العصافیر۔ خبث الحدید۔ شقاقل۔ ستاور۔ زعفران۔ زنجبیل۔
مجفف	خشک کر دینے والی رطوبت اعضاء کی بوجہ اپنی خشکی کے	ایلوا۔ سنگجراحت۔ مردار سنگ۔ چھڑیلہ۔ انزروت۔ سندروس۔ صدف سوختہ وغیرہ وغیرہ ۔
محرق	جلا دینے والی بوجہ اپنی حدت کے رطوبات عضو و اجزائے لطیف کو	ہڑتال۔ فرفیون۔ تیزاب۔ سیم۔ توتیا۔ زنگار۔ چونہ۔ آک وغیرہ ۔
محلمات ردیہ	جو بوجہ تبخیر کے خواب پریشان دکھلاوے	آلو کی ترکاری۔ شراب زیادہ پینا۔ گوبھی۔ مسور۔ باقلا۔ بینگن۔ پیاز خام وغیرہ ۔
محلل	اپنی قوت محللہ سے تحلیل کر دینے والی اخلاط لیسدار کو	نرگس بستانی۔ بابونہ۔ خطمی۔ ہلدی۔ رائی۔ سویہ۔ لکو۔ برنجاسف۔ دارچینی۔ جاوشیر۔ پودینہ کوہی۔ عنبر بید۔ تگر۔ ترس۔ جندبیدستر۔ وفت۔ غافث۔ حاشا۔ لادن۔ ارنڈ۔ خبازی۔ خیار شنبر۔ حضض مکی۔ زہر مہرہ وغیرہ
محمر	سرخ کر دینے والی بوجہ اپنی قوت جاذبہ و حدت کے اعضاء کے ظاہر کو	پودینہ۔ افیون۔ رائی۔ چھڑیلہ۔ جراکسی۔ دارچینی ۔

مخدّر	جو بحس کردے بوجہ اپنی قوت قابضہ و ہبوست و برودت کے	کچلہ - افیون - اسپند - اجوائن خراسانی شاہترہ کی جڑ - کندر - شوکران - دھتورہ وغیرہ وغیرہ
مخرجات مشیمہ وجنین	بچہ کو آسانی سے رحم سے باہر نکالنے والی	السی - کالی مرچ - کالا زیرہ - بوزیدان پرسیاوشاں - مہندی سبز - کنکی - تج - سداب - سقمونیا - روغن بادام - صابون قسط - کندش - کلونجی - املتاس - جوکھار بھلاواں - انبہ - جامن - رائی - اکلیل الملک آنولہ - حروں وغیرہ وغیرہ *
محشن	کھرکھرا کردینے والی بوجہ قوت قابضہ و خشک کے	
مدرات	پیشاب مثی حیض دودھ - پسینہ وغیرہ کو جاری کرنیوالی	سونف - تتلی - دارچینی - تج - کبابہ عود صلیب - پرسیاوشان - زندنی - بابونہ وغیرہ *
مدرات بول (بارہ)	سرد پیشاب لانیوالی دوائیں وغیرہ	کاسنی - خربزہ کے بیج - تربوز کا پانی عرق لیموں - شورہ - آش جو - آب کھیرہ گل خیرہ - وغیرہ وغیرہ *
مدرات بول (حارہ)	بوجہ حدت یعنی گرمی کے پیشاب لانے والی چیزیں	املتاس - سونف - کباب چینی - تتلی اجمود - کلونجی - پودینہ - اجوائن دیسی زعفران - بالچھڑ - پرسیاوشاں - خبازی تج وغیرہ *
مدرات حیض	خون حیض کے جاری کرنیوالی دوائیں	کبابہ چینی - پرسیاوشاں - بابرنگ کابلی - املتاس - ناگرموتھ - عود صلیب - بابونہ - زوفائے خشک *
مدرات منی	منی کو جاری کرنے والی ادویات	سونف - اکاس بیل - درمنہ ترکی بھٹوانس وغیرہ وغیرہ *

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و تفصیل مختصر	نام ادویات
مدرّاتِ لبن	وہ دوائیں جو دودھ پیدا کریں۔	تل۔ ستاور۔ موصلی سفید و سیاہ گوند ببول وغیرہ وغیرہ *
مُدمّل	وہ دوائیں جو زخموں کو مندمل کریں اور خشک کر کے گوشت صحیحہ پیدا کریں *	سرمہ۔ زنگ برت۔ سفیدہ کنیر۔ موم سفید سیاہ زیرہ۔ رال۔ ملتانی مٹی۔ بادرنگ کا زنگ۔ بلوط۔ دم اخوین۔ زفت سنگجراحت۔ گل مختوم۔ گلنار۔ گل ارمنی
مرخی	وہ ادویات جو اپنی قوتِ حرارت و رطوبت سے اعضاء کو سست کر دیں	السی۔ خطمی۔ بہدانہ۔ روغن گل۔ شبت بزرکتاں وغیرہ وغیرہ *
مرطب	وہ ادویات جو اپنی قوت رطوبت سے اعضا کو تر کرتی ہیں	اسپغول۔ گائے کا دودھ۔ موصلی کتیرا۔ کھیرا۔ بھنڈی توری وغیرہ وغیرہ *
مرقق	اخلاط و رطوبت کو رقیق کرنیوالی ادویات	شہد۔ سرکہ۔ عرق پودینہ۔ وغیرہ وغیرہ *
مرخق	وہ ادویات جو اپنی رطوبت مرلقہ سے مادہ کو پھسلا دیں	تخم ریحاں۔ پرانی املی۔ بہدانہ۔ تخم بالنگو ترنجبیں۔ گاؤزبان وغیرہ *
مسکّن	وہ ادویات جو دردوں کو تسکین دیں۔	زعفران۔ جاوتری۔ چھڑیلہ۔ بھنگ وغیرہ وغیرہ
مسدّد	وہ ادویات جو بوجہ اپنی کثافت کے سُدّہ پیدا کریں	خشخاش سفید۔ سورنجاں تلخ۔ تخم جامن تخم تمرہندی وغیرہ *
مسبّت	وہ دوائیں جو اعضاء کو بحس کر کے نیند پیدا کریں	سیب۔ زعفران۔ کاہو۔ خشخاش گل لالہ۔ اصطراک وغیرہ *
مُسمّن	وہ دوائیں و غذائیں جو بدن کو موٹا کریں	خوب کلاں۔ دودھ۔ آم۔ مکھن کیلہ۔ وغیرہ *

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و مختصر تفصیل	نام ادویات
مُسہر	جو نیند کا غلبہ رفع کریں *	چائے - سرکہ - کالی مرچ - مشک - سونگھنا کافور - قرنفل وغیرہ وغیرہ *
مسہل صفرا	جو اپنی طاقت مسہلہ سے مادہ صفراویہ کو دستوں کے راستہ سے نکالیں	گل بنفشہ - آلو بخارا - پرانی املی - زرد ہڑ گل سُرخ - املوا - املتاس - محمودہ ترنجبیں - وغیرہ وغیرہ *
مُسہل بلغم	جو مادہ بلغمیہ کو دستوں کی راہ سے نکالیں	غاریقون - سونٹھ - بسفائج - شکاعی - حرمل حب ایارج - روغن بیدانجیر - ریوند چینی عصارہ ریوند - ایارج فیقرا - افتیمون - کتیرا - لاجورد مغسول - ہلیلہ کابلی - ہلیلہ سیاہ - کریلا - جمالگوٹہ - ریندی کا تیل - سنا مکی - آنولہ - ریوند خطائی - ایارج فیقرا افتیمون - غاریقون - بسفائج - لاجورد مغسول وغیرہ وغیرہ *
مُسہل سودا	وہ دوائیں جو مادہ سوداویہ کو دستوں کی راہ سے خارج کریں -	گلنار - جڑ نیلوفر - دارچینی کھلانا - خشخاش کا ترکیا ہوا اللہ رکھنا - گوگل نارنج وغیرہ وغیرہ *
مسہل ولادت	جن سے وضع حمل آسانی سے ہو جائے	عرق لیموں - خولنجاں - مصطگی - آب سرد الائچی - نمک سانبھر - ترنج - بکنجبیں - سرکہ - مرچ سیاہ - وغیرہ وغیرہ *
مشہی	جو بھوک پیدا کریں	خاکسی - بیتھی - السی - پالک کا ساگ مولی - بینگن - جوزبوا - گلنار - بلوط رازیانہ - تلسی - بیعہ سالمہ - مچھلی - لہسن - شراب کہنہ - حماما - چھوہارا - توت وغیرہ *
مُصلح	جو کھانے پینے کی چیزوں میں اصلاح پیدا کرے	شہد - زعفران - کتیرا - وغیرہ جو آخر میں ہر دوا کے ساتھ تحریر کر دیا ہے وہاں سے ملاحظہ کریں

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و تفصیل مختصر	نام ادویات
مضراتِ باہ	وہ جن سے قوتِ باہ کو نقصان پہنچے۔	کافور۔ املی۔ چولائی کا ساگ۔ لیموں مومم۔ نمک۔ نیلوفر کی جڑ۔ کاسنی۔ کاہو۔ رام تلسی +
مضراتِ بصر	جن سے بینائی کو نقصان پہنچے +	کثرتِ جماع۔ دھوپ میں کھڑا رہنا۔ اشیائے چمکدار کو دیکھنا۔ سداب۔ شہد۔ انج فلفلمویہ۔ گندنا۔ کاہو۔ مسور وغیرہ +
مضراتِ جگر	جن سے جگر کو نقصان پہنچے +	سرکہ۔ شہد۔ جاوتری۔ کھجور۔ انجیر بکائن۔ کائپھل وغیرہ +
مضراتِ لثہ و اسنان	وہ جن سے مسوڑھوں اور دانتوں کو نقصان پہنچے +	سرد پانی پینا۔ برف آب پینا۔ مولی اشیائے ترش کھانا وغیرہ +
مضراتِ دماغ	جن سے دماغ کو نقصان پہنچے اور قوائے دماغیہ کمزور ہوں۔	تمباکو۔ آلو بخارا۔ اونٹ کٹارا۔ ہینگ ہتھا جوڑی +
مضراتِ ریہ	وہ جن سے پھیپھڑوں کو نقصان پہنچے	قصب السکر یعنی گنا۔ قیصوم۔ کمون۔ اسارون۔ ایرسا۔ بیخ بنفشہ۔ پوست خشخاش ریشہ خطمی۔ طباشیر۔ طین مختوم۔ تخم کاسنی خشخاش سفید۔ شب یمانی وغیرہ وغیرہ
مضراتِ حلق	جو حلق کیلئے نقصان دہ ہوں	تخم گندر۔ بابونہ۔ حب الآلم۔ زنجبیل زنگار۔ سعد۔ عقیق وغیرہ +
مضراتِ صدریہ	جو صدر کے لئے نقصان دہ ہوں۔	خبطیانہ۔ بسفائج۔ خولنجان۔ ریباس تفاح وغیرہ وغیرہ +
مضراتِ معدہ	جو معدہ کو کمزور کریں اور نقصان دیں	انار ترش۔ شیریں۔ آب گرم۔ بہدانہ۔ انگور حب الیان۔ پوست تربز۔ خبازی خطمی بزرالقطب۔ آبنوس۔ ابریشم۔ اجاص۔ اشق بزرکتان۔ لبوبہ ارمنی۔ توت شیریں۔

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و تفصیل مختصر	نام ادویات
		جامون - ثعلب مصری - حجر الیہود - ریشۂ خطمی - سپستاں - سقمونیا - سماق - سکنجبین - سمن - سمک - سورنجاں - ناب فادانیا - کنجد - کافور وغیرہ ✤
مفرات قلب	جو دل کے لئے ضرر رساں ہوں	سقمونیا - زربناد - بنفشہ - تمباکو خولنجاں وغیرہ ✤
مفرات احشاء	جو احشا کے لئے مضر ہوں	حب المحلب - بابونہ - تخم گندر - شبر گاؤ زجاج - ماء الشعیر - وغیرہ وغیرہ ✤
مفرات امعاء	جو امعاء کو نقصان دیتی ہیں	عود بلسان - قاقلۂ صغار - قرنفل قنطوریوں تربد - سقمونیا - سلیخہ - اشنہ - انجرہ - انجدان برنگ کابلی - کماذریوس وغیرہ ✤
مفرات مثانہ	جو مثانہ کو نقصان پہنچاتی ہیں	حمص - دارچینی - ذہب - زمرد - فراسیون قسط - کبابہ - مغاث - تخم خیار - شعیر عنب الثعلب - موتی - لباب - تخم گندنا بیخ کبر وغیرہ وغیرہ ✤
مطفی	جو تیزی و گرمی کو کم کریں -	برف - پالک - کافور - مغز کدو - نیلوفر ناریل - آب سرد - آب کدو - کاہو وغیرہ وغیرہ ✤
معدلات و مصفیات خون	جو خون کو مصفا اور اعتدال پر رکھیں	گل نیلوفر - برادہ شیشم - تخم کاہو - برگ ڈنڈی شربت گندنا شربت عناب - برگ حنا - برگ شاہترہ - تخم کاسنی شربت صندل - گل نیم - تخم خطا - گل گاؤزبان - پوست ہلیلہ - برگ گاؤزبان - برگ عنب الثعلب پوست درخت فالسہ - پوست درخت کچنار تخم کاہو - چوائنہ - چوب چینی - سرسوکہ سکنجبین گل بنفشہ - گل بنفشہ - گل حنا - آلوئے بخارا افسنتین - برادہ - آبنوس وغیرہ ✤

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و تفصیل مختصر	نام ادویات
معدلاتِ صفراء	جو مادہ صفراویہ کو اعتدال پر رکھیں	گل نیلوفر - گل بنفشہ - شربت نیلوفر - بہدانہ بزر قطونا - تخم کاسنی - تخم خرفہ - تخم پالک اسبغول - شربت صندل - تخم پیٹھہ انجیر زرد - بادیان - برنجاسف - کشنیز خشک کافور - تخم خیارین - تخم کاہو - وغیرہ وغیرہ -
معدلاتِ بلغم	جو مادۂ بلغمیہ کو اعتدال پر رکھیں	انیسون - زیرہ - دارچینی - سونف - رومی خبازی - ملٹھی - قاقلہ - گلسرخ - گلقند - مویز منقی - سنبل الطیب - اصل السوس برنجاسف - بادیان - دارچینی - تخم خبازی سکنجبین - شہد - وغیرہ وغیرہ +
معدلاتِ سودا	جو خلط سوداوی کو اعتدال پر رکھیں	گاؤزبان - سپستان - اکاس بیل - انجیر - منقی - اصل السوس منقشر - اسطوخودوس شربت گاؤزبان - عناب - مویز منقی - پرسیاوشاں - افتیموں - شاہترہ وغیرہ +
مغرق	وہ جو پسینہ لائے	گرم کپڑے پہننا - پانی پینا - گل مدر چیزیں کھانا +
معطس	جو چھینک لائیں مواد دماغیہ کو حرکت دیکر	نوشادر - تمباکو - نچھنی - ربیٹھہ ہلاس - سونٹھ وغیرہ +
معفن	جن سے عفونت پیدا ہو بوجہ مزاج عضو و روح کو فاسد کرنیکے	مور کا گوشت - ہڑتال - کچالہن - سنکھیا تیل گندھک ولک چیل و کوے کا گوشت وغیرہ +
معطش	جن سے پیاس لگے	دھوپ کھانا - گرم چیزیں کھانا - روئی دار لباس پہننا وغیرہ +
مغری	آنتوں میں چپک جانے والی دوائیں	سنگجراحت - گوند کتیرا - دھویا ہوا چونہ وغیرہ +

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و تفصیل مختصر	نام ادویات
مغشی	وہ جن سے غشی پیدا ہو	انسون - جاوتری - سنبھالو - حمامہ - ناگرموتھ - تتلی - اجمود - دیسی جوائن ساتر وغیرہ *
مغلط	وہ دوائیں جو گاڑھا کریں اخلاط و ارواح کو دمنی کو۔	موصلی سیاہ و سفید - جامن کی گٹھلی - سنبھل تالمکھانہ - گوشت نیم بریاں - ساگ ہر قسم تمام بادی ترکاریاں - املی - بھوسی وغیرہ
مفتت	وہ دوائیں جو اپنی قوت نافذہ و مادہ کے متحجرہ اخلاط کو ریزہ ریزہ کر دیں۔	کوکھرو - حجر الیہود - سنگ سرماہی تخم خربزہ - بچھو کی راکھ - پرسیاوشاں سونف - چنا سیاہ وغیرہ -
مفتح	وہ دوائیں جو رگوں اور آنتوں کے مسامات کھول کر سدے دفع کریں	جاوشیر - پکھان بید - غاریقون سپند اگر - بادیان رومی - شاہترہ - اجمود -
مفتح	جو کچا کریں بوجہ اپنی قوت برودت و یبوست کے	زیرہ کرمانی - دیسی جوائن - وغیرہ * تخم ریحان - اسپغول وغیرہ
مفجرات اورام	وہ جو بوجہ اپنی تیزی و گرمی کے اورام کو پھاڑ دیں۔	سفیدہ - ہیرا کسیس - جنگلی پیاز - ہڑتال بیٹ کبوتر کی - رتن جوت - آہک - صابون کٹ - فرفیون - قلقطار وغیرہ *
مفرح	جو فرحت پیدا کریں حزن کو دور کریں اور انبساط پیدا کریں	گل نیلوفر - بالنگو - دارچینی - الائچی - بہی - سیب - انجیر - نرگسی - بہمن سفید - ورق چاندی - یاقوت - یشب - املی - بنسلوچن - امرود - ترنج - لیموں کا چھلکا مشک - انار شیریں - ابریشم خام - آملہ مربی مرجان - برگ پان - زعفران - زہر مہرہ - صندل سفید - طباشیر کبود - ورق طلاء - کافور - قرنفل - عرق کیوڑہ - عنبر - لوبھ

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و تفصیل مختصر	نام ادویات
		یاقوت رمانی - مروارید محلول وغیرہ
مقرح	وہ دوائیں جن سے زخم پیدا ہوا ورجمی ہوئی رطوبت تحلیل ہو جائے	سفیدہ - ہڑتال - لہسن - پودینہ - پیاز شیر مدار - شیر خشت - فرفیون - رتن جوت چونہ - کتھ وغیرہ +
مقی	جو اخلاط مغلظہ کو رقیق کرتے قے لائیں	کندش - توبیا - ماء العسل - نمک ہندی خربزہ - تخم شبت - سکنجبین - گرم پانی - رائی - کٹکی - شہد - منقی - بچھلکنی - اونٹ کٹارا - سُرخ توبیا +
مقویاتِ بصر	وہ جو قوت باصرہ کو طاقت دیں -	مہتاب کو دیکھنا - زعفران - مشک - بادام شیریں - چاکسو مقشر - سنگ بصری سرمہ سیاہ - سفیدہ کاشغری - مروارید محلول منڈی - نقرہ - ہلیلہ زرد - ہلیلہ سیاہ عینک مطابق - چاندی - کاسنی مرچ - ابریشم سوختہ - آملہ - سرکہ - سونف وغیرہ +
مقویاتِ جگر	جو جگر کو طاقت و قوت دیتی ہیں	سوگند بالا - کاسنی - شاہ تور - جوزبوا انار - چھڑیلہ - پودینہ - زرشک - منقی زرشک - الائچی خورد - ناگر موتھ مصطگی - دار چینی وغیرہ +
مقویاتِ لثہ و اسنان	جو دانتوں اور مسوڑھوں کو مضبوط کریں	کفِ دریا - تمباکو سوختہ - کوڑی زرد - موتی - مولسری - مسور - سنگجراحت - بنسلوچن - پھٹکڑی - مسی - ہڑ کا چھلکا عقرقرحا - سپاری - ترہ تیزک - گلاب - گلنار - لوبان - ناگر موتھ - پوست ببول تخم سرس - تخم تمر ہندی - ہلیلہ زرد - دانہ الائچی کلاں - سماق - عدس - طباشیر - عذبہ - فلفل سیاہ - فوفل - قسط شیریں -

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و تفصیل مختصر	نام ادویات
		مصطگی رومی وغیرہ وغیرہ ۔
مقویاتِ دماغ	وہ دوائیں جو دماغ کو قوت دیتی ہیں ۔	صندل ۔ بیٹھا بادام ۔ عرق گلاب ۔ رام تلسی آملہ ۔ انناس ۔ اسطوخودوس ۔ بندق زعفران ۔ زنجبیل ۔ مشک ۔ گلاب ۔ موتی بالچھڑ ۔ سونٹھ ۔ بھلانواں ۔ گلسرخ ۔ سیب گوشت مرغ ۔ گوشت تیتر ۔ شربت نارنج ۔ چنبیلی ۔ فرنجمشک ۔ ہلیلہ مربّی وغیرہ ۔
مقویاتِ قلب	وہ دوائیں جو دل کو طاقت دیں ۔	صندل ۔ بنسلوچن ۔ امرود ۔ انار شیریں ۔ آنولہ چھڑیلہ ۔ گلاب کے پھول ۔ گاؤزبان دارچینی ۔ شقاقل ۔ عودصلیب ۔ نعناع ۔ لاجورد ۔ اگر ۔ عنبر ۔ نیلوفر ۔ نرگسی ۔ نج ۔ بالچھڑ ناگرموتھ ۔ بسد ۔ ریباس ۔ لیموں کے پھول یاقوت ۔ ورق طلا ۔ ورق سم ۔ زرد ہڑ ۔ درونج ۔ کہربا ۔ گل گڑھل ۔ گل مختوم ۔ سعد ۔ سلیخہ ۔ برگ تنبول ۔ بادرونج ۔ وغیرہ
مقویاتِ معدہ	وہ دوائیں جو معدہ کو تقویت دیں	سونٹھ ۔ سنگدانہ مرغ ۔ نعناع ۔ جوزات اگر ۔ لوبان ۔ الائچی ۔ لونگ ۔ مصطگی ۔ چھڑیلہ تیزپات ۔ حماما ۔ سیاہ مرچ ۔ ترہ تیزک ۔ شیرشتر ۔ عرق گلاب ۔ سفرجل ۔ سادج بادیان ۔ ہلیلہ ۔ شیرخشت ۔ ابریشم ۔ آملہ ۔ انار دانہ ۔ الائچی ۔ اذخر ۔ بادرنجبویہ ۔ گلسرخ ۔ سعد کوفی وغیرہ ۔
ملطّف	وہ ادویات جو اخلاط مغلظہ کو رقیق و لطیف کر دیں ۔	بابونہ ۔ جراکسی ۔ مرہٹی ۔ سرکہ ۔ پودینہ ۔ جندبیدستر ۔ عنبربید ۔ اسپند ۔ رائی عقرقرحا ۔ پیاز ۔ اسقیل ۔ دیسی جوائن مشکطرا مشیع ۔ انجیر ۔ ساتر ۔ اسطوخودوس

نام عربی اصطلاحی	ترجمہ و تفصیل مختصر	نام ادویات
بارتنگ سبز	سبز	لسان الحمل	سبز	تلخ	بکری کی زبان کے مشابہ ایک قسم کی گھاس ہے	درجہ دوم میں سرد خشک	طحال اور پھیپھڑہ کو	مصطگی شہد بنفشہ	برگ حماض	۶ تولہ	یہ تمام ظاہری و باطنی اعضاء سے خون کو روکتا ہے۔ مقوی جگر ہے۔ قابض ہے۔ اس کا عصارہ۔ سِل۔ دق۔ اور سوزاک کے لئے مفید ہے۔ اس کا عرق قوتِ ماسکہ کو قوی کرنے میں نہایت مفید ہے ٭
	۰	شوکۃ البیضا	درخت سبز اور بیج سفید	تلخ	اونٹ کٹارا کی طرح ایک خاردار گھاس ہے	درجہ اول میں گرم خشک	پھیپھڑہ کے لئے	اسپغول وغیرہ	شاہترہ	۹ ماشہ تک	بلغم مغلظہ اور سودا کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے۔ معدہ کیلئے مقوی ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ مدر بول ہے۔ محلل مواد ردیہ ہے۔ دانتوں کی درد کو مفید ہے۔ پرانے بخاروں کو دفع کرتا ہے اور جلہد اور نقرس کیلئے نافع ہے

بادیانِ رومی	بادیانِ رومی	انیسون	سبز مائل بہ سفیدی	تیز و تلخ	سونف سے چھوٹا ایک بیج ہے	درجہ دوم میں گرم اور سوم میں خشک	درد سر پیدا کرتا ہے اور آنتوں کے لیے مضر ہے	سکنجبین و سونف	تخم سونف و سویا	۹ ماشہ تک	محلل ریاح اور ملطف ہے۔ مسکن درد ہے۔ سُدّہ کھولتا ہے۔ جلا کرتا ہے فالج کے لئے نافع ہے۔ سلانِ رحم اور بلغمی بخار کو دفع کرتا ہے۔ پیشاب پسینہ اور دودھ کو جاری کرتا ہے۔ مخترکِ باہ ہے +
بادام شیریں	بادام شیریں	لوز الحلو	اندر سے سفید باہر سے سُرخ	خوش مزہ مائل بہ شیرینی	ایک مشہور عام ولایتی میوہ ہے	درجہ اوّل میں گرم بعض کے نزدیک معتدل	دیر ہضم ثقیل انتڑیوں کے لیے مضر	شکر	چلغوزہ	۵ تولہ تک	جوہرِ دماغی و قوتِ بدنی کا محافظ ہے۔ جلا کرتا ہے۔ طبیعت اور حلق کو نرم کرتا ہے۔ سینہ کے لئے موافق ہے۔ بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ سوزاک۔ مثانہ اور خشک کھانسی کے لئے مفید ہے۔ باہ لاتا ہے۔ اور بدن کو موٹا کرتا ہے +
بادام تلخ	بادام تلخ	لوز المر	اندر سے سفید باہر سے سُرخ	تلخ	ایک مشہور عام ولایتی میوہ ہے۔	درجہ سوم میں گرم و دوم میں خشک	آنتوں کے لئے مضر ہے	روغن بادام شیریں و شکر	طلحب	۴ ماشہ تک	محلل اورام ہے۔ اخلاط مغلظہ کو زائل کرتا ہے۔ کھانسی تر و خشک و پھیپھڑہ و سینہ کے اورام کے لئے از حد نافع ہے۔ امراضِ جگر اور یرقان وغیرہ کو دفع کرتا ہے +
بابچی	۔	۔	۔	۔	ایک چوڑا سا گول قسم کا بیج ہے	درجہ ۲ میں گرم خشک	زخم پیدا کرتی اور نفخ لاتی ہے	روغن سونف	۔	۳ ماشہ	بھوک پیدا کرتی ہے۔ مادہ کو نرم کرتی ہے۔ فسادِ خون میں کھانی مفید ہے۔ تپ بلغمیہ کو فائدہ دیتی ہے۔ پیشاب کی راہ کے تمام زخم صاف کرتی ہے۔ کیڑوں کو مارتی ہے
باجرا	گاودس	جاودس	بھورا	پھیکا	ایک مشہور غلّہ ہے۔	درجہ دوم میں گرم و خشک بعض کے نزدیک درجہ سوم میں سرد و خشک ہے	ریاح اور ثقیل ہضم خون سودا کو پیدا کرتا ہے۔ پیاس لگاتا ہے	دودھ شکر روغن زرد	کلونجی و چاول	۔	باہ۔ معدہ۔ کمر اور بدن کیلئے مقوی ہے۔ رطوباتِ فاصلہ کو خشک کر دیتا ہے قبض لاتا ہے۔ اسکی روٹی صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے۔ سرکہ کے ہمراہ اس کا لیپ اورام کا محلل ہے۔ اس کی پوٹلی کا سینک کرنا سردی سے جو دردِ سر ہو اسکو بہت نفع دیتی ہے

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
نبسلوچن	تباشیر	طباشیر	نیلگوں سفید	پھیکا	ایک سخت شے ہے جو ترلہ بانس میں بوند کے پڑے سے پیدا ہوتی ہے	درجہ دوم میں سرد و سوم میں خشک	پھیپھڑ اور قوتِ باہ کو	زعفران مصطگی عناب وغیرہ	صندل سفید کاسنی تخم خرفہ	۶ ماشہ تک	مفرح ہے۔ دل۔ جگر اور معدہ کیلئے مقوی ہے۔ سوزش اور تشنگی کو نافع ہے۔ خونی دستوں اور صفراوی قے کو بند کرتا ہے۔ رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ گرمی کے بخار اور خفقان کے لئے بھی مفید ہے۔ اس کی چٹکی منہ آنے اور منہ کے دانوں کے لئے بہت مفید ہے +
بجوری کا چھلکا	پوست ترنج	قشر الاترج	زرد مائل بہ سرخی	تیز تلخ خوشبودار	مشہور ہے	درجہ اوّل میں گرم دوم میں خشک	دماغ و جگر کیلئے	بنفشہ و شہد	پوست لیموں	۹ ماشہ	ملطّف طبیعت ہے۔ اور قابض ہے۔ خون کو صفرا سے پاک کرتا ہے۔ اور صفراوی قے کو تسکین دیتا ہے۔ معدہ و دل کے لئے مقوی ہے۔ انتڑیوں کی حرارت کو مفید ہے۔ محلل ریاح ہے۔ اور محلل نفخ معدہ ہے +
برف	برف	ثلج	سفید	پھیکا	ایک آسمانی چیز ہے۔ لیکن اب مصنوعی بھی بنتی ہے۔	درجہ سوم میں سرد دوم میں خشک اور بعض کے نزدیک گرم خشک	سرد مزاج کی انتوں کو	شہد و لونگ			پیاس پیدا کرتی ہے۔ بدحواس بناتی ہے۔ دانتوں کی درد کو آرام دیتی ہے معدہ اور قوت ہاضمہ کے لئے مقوی ہے۔ گرمی کے بخارات اور خشک کھانسی کو دفع کرتی ہے۔ اگر حلق میں جونک لپٹ جائے تو اس کو نکال لاتی ہے پیشانی پر رکھنے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے +

برگد	درخت ریشہ	ذات الذوائب	پھل سُرخ پتے سبز اور شاخیں بھوری	شیریں و پھیکا	ایک بہت بڑا درخت ہے جسکی شاخیں زمین تک جھکی ہوئی ہوتی ہیں	درجہ دوم میں گرم و تر	باہ کو اور گرام مزاج والوں کیلئے	کتیرا	دم الاخوین	۶ ماشہ	مسدّدِ دست ہے۔ ریاح ہے۔ پھوڑے۔ پھنسی اور صفرا کے فساد کو دفع کرتا ہے اس کا دودھ محلّلِ اورام ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ رقّتِ منی اور بواسیر کے لئے نافع ہے جریان۔ کثرتِ احتلام اور سرعتِ انزال کو کھوتا ہے۔ اعضائے رئیسہ کیلئے مقوّی ہے
بچھ	اگر ترکی	دج	سفید سُرخی مائل	تیز	ایک گرہ دار جڑ ہے۔	درجہ سوم میں گرم دوم میں خشک	خون اور سرکہ	سکنجبین اور سونف	ریوند چینی و زراوند و لونگ	۳ ماشہ	ملطّف ہے۔ جلا کرتا ہے۔ مبہی ہے۔ بلغم چھانٹتا ہے۔ محلّلِ ریاح ہے اور دماغ کو رطوبات بلغمیہ سے صاف کرتا ہے۔ لکنتِ زبان۔ فالج اور استرخاء کیلئے مفید ہے۔ دماغ و معدہ کی رطوبات کو خشک کرتا ہے۔ معدہ اور پٹھوں کو طاقت دیتا ہے۔ سرد مزاج اور امراضِ چشم کیلئے بھی نافع ہے +
بجبار	:	.	سبز مائل بسیاہی	تیز	ایک بہت بڑا درخت ہے	درجہ اوّل میں گرم دوم میں خشک	قاطع باہ ہے	حب الصنوبر	بوزیدان وغیرہ	۳ ماشہ	محلّلِ اورام و ریاح ہے۔ ملطّف۔ اور غلیظ بلغم کو دستوں کی راہ سے نکالتا ہے +
بینگن	بادنگان	بادنجان	سفید اور اودا	پھیکا	ایک درخت کا مشہور پھل ہے جو کھایا جاتا ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	بواسیر و قولنج و سودا پیدا کرتا ہے	سرکہ گوشت و روغن	.	.	مقوی معدہ ہے۔ سدّوں کو کھولتا ہے۔ مدرِ بول ہے۔ اور گرمی کے درد کو خصوصاً آرام پہنچاتا ہے۔ کثیر الفضول اور قلیل الغذا ہے۔ انبہ ہلدی کے ہمراہ اس کو تراش کر کے سینکنا چوٹ کے لئے نافع ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
بیل مکھری	.	.	باہر سے سبز وزرد اندر سے سرخ وزرد	شیریں	خربزہ کے برابر ایک پھل ہے	درجہ اول میں گرم درجہ دوم میں خشک	بواسیر پیدا کرتا ہے اور سدہ لاتا ہے	شکر وغیرہ	.	ایکتولہ سے لیکر ۳ تولہ تک	مقوی قلب وجگر ومعدہ ہے۔ اور قابض ہے۔ پرانے دستوں کو روکتا ہے رطوبت کا دافع ہے۔ آنتوں کو صاف کرتا ہے۔ اور بالخاصہ دافع اسہال اور قابض ہے۔ اس کا ضماد جلد میں دانے نکالتا ہے۔ اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ مقوی باہ بھی ہے +
بیر بہوٹی	.	کرم عروسک	سرخ	.	ایک قسم کا کیڑا ہے جو برسات کے شروع میں ہوتا ہے اور پھر گم ہو جاتا ہے	درجہ اول میں سرد خشک	حمل گراتا ہے	روغن خطمین	ایک عدد	فالج۔ لقوہ۔ اور بلغمی امراض میں مفید ہے۔ قوت باہ کے لئے دیگر ادویات ملا کر اس کا طلا بہت نافع ہے۔ امساک اور فربہی اعضائے تناسل کیلئے بھی بہت مفید ہے +
بیر	کنار	سدر	زرد سبز سرخ	شیریں وترش	ایک خاردار درخت کا پھل ہے	خشک وسرد	دماغ ومعدہ وسرد مزاج والوں کو	گلقند و سکنجبین وغیرہ	سیب	.	صالح الکیموس اور قلیل الغذا ہے۔ ترش دماغ کیلئے انجرات کے پڑھنے کا مانع ہے۔ اور صفرا وپیاس کو دفع کرتا ہے۔ اس کا پانی جگر کے سدوں کو کھولتا ہے۔ اور کرم امعاء ومعدہ کو مارتا ہے۔ آنتوں کے زخم اور دستوں کو نافع ہے۔ اس کے پتوں کا ضماد اورام حارہ کو پکاتا ہے +

بیج بند	۔	۔	سیاہ چمکیلے	۔	۔	سرد خشک	دیر ہضم نفاخ	شکر	تخم اڈنگن	۵ ماشہ		ممسک ہے۔ مادۂ تولید کو خوب پیدا کرتا ہے۔ پُشت کو طاقت دیتا ہے۔ مادہ باہ کو قوی کرتا ہے +
بید مشک	بید مشک	خلاف بلغمی	سبز	تیز	ایک درخت ہوتا ہے جس کے پتے بید سادہ سے چوڑے اور نازک ہوتے ہیں	درجہ اوّل میں سرد تر	۔	۔	عرق نیلوفر وغیرہ	جرم ۳ ماشہ عرق ۲ تولہ		ملطّف ہے۔ محلّل ہے۔ سدّوں کو کھولتا ہے۔ اور گرمی کے درد کو آرام دیتا ہے۔ دل۔ دماغ اور شکمی اعضاء اور قوتِ باہ کو طاقت دیتا ہے۔ اس کا عرق نہایت قوی ہے۔ اور عام طور پر اس کا عرق ہی استعمال کرتے ہیں۔ اس کے پھول کا سنگھنا مقوّی دماغ ہے اور اس کے شگوفوں کا روغن دردِ سر بخار کیلئے نافع ہے
بید سادہ	۔	خلاف	سفید و سبز	تلخ و تیز بو	بید مشک کے مشابہ ایک قسم کا درخت ہے	درجہ اوّل میں سرد و خشک ہے	کمر کیلئے مضر ہے	شکر و نگلاب وغیرہ	نیلوفر و گل حنا وغیرہ	عرق ۵ تولہ تک		طبیعت کے لئے ملطّف ہے۔ مقوّی دل و دماغ ہے۔ جگر کا سدہ کھولتا ہے۔ پیاس۔ خفقان۔ قے۔ بخار اور تپِ محرقہ کو فائدہ دیتا ہے۔ اسہال خونی کو بند کرتا ہے۔ اس کا عرق تمام افعال میں نہایت عمدہ ہے۔ یرقان کیلئے مفید ہے اور ورمِ طحال کو دور کرتا ہے۔ اور مدِّر بول بھی ہے +
بہیڑہ	بلیلہ	ہلیلج	بھورا مائل بہ زردی	بکھٹا	ہڑ کی طرح ایک پھل ہے۔	درجہ اوّل میں سرد درجہ دوم میں خشک	مقعد کے لئے مضر ہے	شہد و شکر وغیرہ	ہلیلہ سیاہ و آملہ	ایک تولہ تک		ملطّف ہے۔ قابض ہے۔ مقوّی معدہ ہے۔ بھوک لاتا ہے۔ اور خاصکر سودا وی مادہ کو دستوں کی راہ سے نکالتا ہے۔ اور طبیعت کا مادہ صفراوی کو خارج کرتا ہے۔ پُرانے دستوں کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔ دردِ سر اور بواسیر کے لئے سود مند ہے۔ مقوّیِ چشم و دماغ ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
بہی	بہدانہ	سفرجل	سفید وزرد	چاشنی دار اور شیریں	ایک ولایتی میوہ ہے جو تازہ کھاتے ہیں	درجہ اوّل سرد دوم میں خشک	قبض پیدا کرتی ہے سدے لاتی ہے	انیسون اور شہد	سیب اور امرود	۳ مثقال	لعاب مفرّح ہے۔ دل۔ دماغ اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور رُوح نفسانی وحیوانی کے لئے مفرّح ہے۔ قابض ہے۔ دافع خفقان ہے۔ خشک کھانسی کو دفع کرتی ہے۔ دودرم پیشاب جاری کرتی ہے +
بھوں پھلی	۔	۔	سبز	تیز و تلخ	ایک باریک پتوں والی بوٹی ہے	سرد اور خشک	نقاخ و دیر ہضم	شہد وشکر	۔	۶ ماشہ تک	مقوی باہ ہے۔ منی پیدا کرتی ہے۔ اور مغلظ بھی ہے۔ سوزاک کے لئے نافع ہے۔ خاصکر جریان کے لئے بہت سودمند ہے +
بھوسی	سبوس	نخالہ	سفید	پھیکا	گیہوں کی ہوتی ہے مشہور عام ہے	درجہ اوّل میں گرم خشک	جگر کیلئے مضر	نشاستہ وغیرہ	آرد جو	۔	محلل اورام وبلغم ہے۔ مادہ سے پاک کرتی ہے۔ سینہ وپیٹ کو نرم بناتی ہے پرانی کھانسی اور سینہ کی کھرکھراہٹ کو مفید ہے۔ نقع۔ دہانس اور ریاح مغلظ کے لئے سودمند ہے۔ محلل ریاح ہے +
بھنگرہ	۔	۔	سبز	تیز اور تلخ	مشہور ہے اور عام ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	گرم مزاج والوں کیلئے	شہد اور ادرک	برگ بید انجیر	عرق ایک تولہ تک	اس کے پتوں کا پانی قوتِ باہ اور بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ اور بلغمی رطوبات کو دُور کرتا ہے۔ اور طحال اور قلح اور جذام وغیرہ کو مفید ہے۔ اس کی گلی دانتوں کے امراض کو دفع کرتی ہے +

بھنڈی	.	بامیان	سبز اور جڑ سیاہ	لعابدار پھیکی	ایک مشہور اور عام ترکاری ہے	درجہ دوم میں سرد تر	سرد مزاج کو بلغم پیدا کرتی ہے	گرم مصلح	گل عباسی خطمی کے بیج	.	دافع صفرا ہے۔ قلیل الغذا ہے۔ اور مبہی ہے۔ جریان سوزک اور آنتوں کی خراش کیلئے نافع ہے۔ مغلظ منی ہے۔ اس کی جڑ کا سفوف سوزاک کیلئے سودمند ہے
بہمن سفید	بہمن سفید	.	سفید	پھیکا بکبکا	ایک لعابدار جڑ ہے۔	درجہ دوم میں گرم و خشک	گرم مزاج والوں کیلئے	کتیرا وعناب	اندرجو تودری	۹ ماشہ	مبہی ہے۔ مسمن بدن ہے۔ گرمی زیادہ کرتا ہے۔ مقوی قلب ہے۔ اور محلل ریاح ہے۔ کانور اور خفقان کو نفع دیتا ہے۔ زخموں کو صاف کرتا ہے۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے ✦
بہمن سرخ	بہمن سرخ	.	سرخ	پھیکا قدرے شیریں	ایک مشہور جڑ ہے۔	درجہ سوم میں گرم خشک	اسفل کو	عناب انیسون	موصلی اندرجو	۹ ماشہ	مقوی دل اور دماغ ہے۔ مبہی اور مسمن بدن ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے۔ خفقان کو دور کرتا ہے۔ اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے ✦
بہدانہ	بہدانہ	حب السفرجل	سرخ اور سیاہ	لیسدار اور پھیکا	بہی کے بیج ہیں مشہور خاص و عام ہے	درجہ دوم میں سرد تر	معدہ کو کمزور کرتا ہے	شکر وسونف	اسبغول	۷ ماشہ	گرمی کی سوکھی کھانسی اور حلق کے کھرکھرانے کو اس کا لعاب نہایت مفید ہے حرارت معدہ کا مسکن ہے۔ منہ اور زبان کی سوزش اور خشکی کو دفع کرتا ہے۔ سل کے زخموں کے لئے نافع ہے۔ اور اکثر امراض سوداویہ کو نفع دیتا ہے اور آنتوں کی خراش کے لئے بھی بہت سودمند ہے ✦
بھلانواں	بلادر	حب القم حب القلب	خشک سیاہ اور تازہ سبز	تلخ کڑوا	ایک کوہی درخت کا ثمر ہے۔	درجہ سوم میں گرم و خشک	سرسام و جنون پیدا کرتا ہے	کنجد مقشر تازہ ناریل آش جو	روغن بلسان فندق	.	گرمی پیدا کرتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ ملطف ہے۔ جلد میں زخم پیدا کرتا ہے رعشہ۔ سلس البول اور فالج کو نافع ہے۔ قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ مسہ اور ریح کو دفع کرتا ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	شربت	افعال وخواص
بھنگ	بھنگ	ورق الخیال	سبز	تیز و تلخ	ایک مشہور اور عام گھاس ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	درد سر پیدا کرتا ہے	شربت حماض و قے کرنا	.	۶ ماشہ	ممسک ہے۔ بدحواس کرتا ہے۔ منی کو خشک کر دیتا ہے۔ ارواح دماغیہ کو مکدر کر دیتا ہے۔ نشہ آور ہے۔ معدہ کی رطوبات کو جذب کرتا ہے۔ محلل اورام ہے
بھانگ کے بیج	تخم بنگ	بزر القنب	سیاہ	تلخ	مشہور عام ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	کرب پیدا کرتا ہے	سکنجبین	اشتر خار	۳ ماشہ	ممسک ہے۔ منی کو خشک کرتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ بینائی کو کم کرتا ہے۔ نشہ آور ہے۔ باہ کو توڑتا ہے۔ پیٹ کو گنگ کرتا ہے +
بنولہ	پنبہ دانہ	حب القطن	اندر سے سفید اور باہر سے سیاہ	کسی قدر تلخ	روئی کے اندر جو بیج ہوتا ہے	درجہ دوم میں گرم اور تر ہے	گردہ کے لئے مضر	قند سفید و خمیرہ بنفشہ	تخم قرطم	۶ ماشہ گری	قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ اور امساک لاتا ہے۔ مادہ کو تحلیل کرتا ہے۔ سینہ اور پیٹ کو نرم کرتا ہے۔ گرم کھانسی کو دور کرتا ہے۔ اختناق الرحم کے لئے مفید ہے مادہ منی کو غلیظ کرتا ہے۔ گھی اور دودھ پیدا کرتا ہے۔ اس کی گری کو پینا قوت باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ اس کا روغن نکال کر عضو تناسل پر ملنا ازدیاد قوت کا باعث ہے +
بونٹ	نخود سبز	حمص اخضر	سبز	خوش مزہ پھیکا	ہرے کچے چنے مشہور ہیں	درجہ اول میں سرد و خشک	نفخ لاتا ہے	نمک	.	.	خون۔ بلغم اور صفرا کو زیادہ کرتا ہے۔ قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے اور بدن کو طاقت دیتا ہے۔ قوت امساک پیدا کرتا ہے۔ منہ کی بو کو درست کرتا ہے اگر شہد میں پکا کر کھائیں تو نہایت مقوی بدن و باہ ہے +

بجورا	ترنج	اترج	زرد مائل بسُرخی	کھٹا	مشہور عام ہے	اس کا پوست درجہ دوم میں گرم و خشک ہے تخم درجہ دوم میں سرد و تر	گرم مزاج والوں کو دردسر پیدا کرتا ہے	شربت بنفشہ وانجبر وغیرہ	آب نارنج اور لیموں	.	ملطّف ہے۔ مقوّی قلب ہے۔ قابض ہے۔ جوش صفرا کو تسکین دیتا ہے اور صفراوی قے کو روکتا ہے۔ خفقان کو دور کرتا ہے۔ تشنگی اور صفراوی دستوں کو دور کرتا ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ روح کو صاف کرتا ہے۔ اور صفراوی انجرات کو چڑھنے سے روکتا ہے۔ نہایت لذیذ ہے۔ اور مزیدار ہے ✣
بنفشہ	بنفشج فرفر	سبز مائل بسیاہی	بکھٹا	ایک پہاڑی گھاس ہے جس کے پتے و پھول استعمال کئے جاتے ہیں	درجہ اول میں سرد تر بعض کے نزدیک گرم خشک	قلب کو ضعیف کرتا ہے	گلسرخ بہی نیلوفر رب السوس		۹ ماشہ تک		سینہ کی آواز کو صاف کرتا ہے۔ سُدّہ کو کھولتا ہے۔ دردوں کو تسکین دیتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ کھانسی کو نفع دیتا ہے۔ اور مثانہ کی سوزش کے واسطے بہت سودمند ہے ✣
بکن	.	سبز	.	ایک قسم کی گھاس ہے۔	گرم خشک	.	.	.	.	.	بلغمی بخارات اور عفونتی بخارات کیلئے نافع ہے۔ سرد کھانسی کو بھی مفید ہے۔ اس کا ضماد محلّل اورام ہے۔ پھوڑوں کو پکاتا ہے۔ اور خون کو صاف کرتا ہے ✣
بلور	بلور حجر البلور	سفید	بدمزہ	ایک قسم کا پتھر ہے جو آئینہ کیطرح کا ہوتا ہے	سرد خشک	.	.	.	.	.	اس کا سُرمہ چرب و سیلان بیاض چشم کیلئے نافع ہے۔ اس کو گلے میں لٹکانا لڑکوں کے رعشہ اور نیند سے چونک پڑنے کے لئے مفید ہے ✣
بجھوا	مسلمہ قطف	سبز	بدمزہ اور پھیکا	ایک مشہور ساگ ہے۔	درجہ دوم میں سرد و تر	سرد مزاج والوں کو ریاح پیدا کرتا ہے	گرم مصالح	پالک	.	.	اخلاط صالح پیدا کرتا ہے۔ زود ہضم ہے۔ گرم جگر کے موافق ہے۔ اور گرم مزاج والوں کے بھی موافق ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ اس کے پتوں کا رنگ سُدّہ کو کھولتا ہے۔ اور پیشاب لاتا ہے ✣

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
بکائن	درخت آزاد	بان	پھول زرد پتے سبز	تلخ	ایک بہت بڑا درخت ہوتا ہے جسکی لکڑی نہایت نرم ہوتی ہے	درجہ سوم میں گرم اول میں خشک	معدہ و جگر کو مضر ہے	سونف وغیرہ	ثمر بکائن اور سلیخہ	ایک تولہ تک	مسامات کو کھولتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مدر بول ہے۔ امراضِ جلدی کے لئے نافع ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے۔ اس کا ضماد ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا منجن دانتوں کے لئے مقوی ہے ٭
بکائن کا پھل	بارِ درختِ آزاد	ثمر البان	سیاہ	تلخ	بکائن کا ثمر ہے	خشک اور گرم	معدہ اور جگر کو	سونف وغیرہ	مجیٹھ اور لبا	۷ ماشہ تک	ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ سودا اور بلغم اور دستوں کی راہ سے نکالتا ہے۔ جگر کے سدوں کو کھولتا ہے۔ ورم طحال کو نفع بخشتا ہے۔ بواسیر اور جگر کی سختی اور خشک و تر کھجلی کو ہے۔ اس کا روغن پٹھوں کے اینٹھنے کو نافع ہے ٭
بڑھل	۔	۔	گری سفید پھل زرد مائل بسرخی	ترش چاشنی دار شیریں	ایک بہت بڑا درخت ہوتا ہے اور پتے بادام کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں	کچا درجہ اول میں سرد تر پختہ درجہ اول میں گرم تر	باہ کو کمزور کرتا ہے اور نفخ پیدا کرتا ہے	سکنجبین	۔	۔	کچا ثقیل ہوتا ہے۔ اور بلغم لاتا ہے۔ مگر دافع صفرا ہے۔ اور پختہ دل اور معدہ کیلئے مقوی ہے۔ اگر ڈالی کے دودھ کے ساتھ اس کے بیج بچوں کو کھلائے جائیں تو اُن کی طبیعت کو نرم کرتے ہیں۔ اس کے درخت کا دودھ پیچوں کو دست لاتا ہے۔ اور حمی بلغمیہ پیدا کرتا ہے ٭
سکھیرہ	دیوا سپت	صدقوقا	سبز	تیز	ایک قسم کی گھاس ہے جسکے پتے لمبے اور چوڑے ہوتے ہیں	پتے ۲ میں گرم خشک اور پھول ۲ میں گرم خشک	قبض اور ریح پیدا کرتا ہے	۔	رطبہ	۶ تا ۹ ماشہ	مصفی خون ہے۔ مادہ کو نرم کرتا ہے۔ صفرا اور بلغم کے فساد کو رفع کرتا ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ اور بعض اعضاء کے اورام کا محلل ہے

برمنڈی	.	.	سُرخ مائل بسیاہی	تلخ	ہندوستان میں مشہور عام ہے	درجہ اوّل میں سرد اور بعض کے نزدیک گرم	.	.	نیل کنٹھی ومنڈی	۶ ماشہ	خون کو صاف کرتی ہے اور زخموں کو مندمل کرتی ہے۔ سیلان منی کو روکتی ہے۔ عقل و حافظہ کو بڑھاتی ہے۔ اور اکثر امراض جلدیہ کو دُور کرتی ہے اور رُخساروں کی رنگت کو صاف کرتی ہے ✣
برہمی	سرو ترکستانی	زرنب	سبز زردی مائل	خوشبودار و تلخ	ایک قسم کی گھاس ہے جس میں سے ترنج جیسی خوشبو آتی ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	گرم مزاج والوں کو	صندل و دھنیا	کبابہ و دارچینی	.	ملطّف و مفرّح ہے۔ اعضائے رئیسہ معدہ اور جگر کو قوت بخشتا ہے۔ قوتِ باہ پیدا کرتا ہے۔ کھانسی۔ دمے اور بلغم کو مفید ہے۔ اور اگر پیشاب دیر سے آئے تو اس کو بھی نفع دیتا ہے ✣
بچھو	کژدم	عقرب	مختلف	.	ایک مشہور زہریلا دنگدار جانور ہے	درجہ سوم میں سرد و خشک	اسکی راکھ پھیپھڑہ کیلئے	گل ارمنی	کچھوا	اس کی خاک ۲ ماشہ	اس کے تیل کا طلا جوڑوں کی درد اور فالج و لقوہ کیلئے مفید ہے۔ اس کی خاک اگر مناسب دواؤں کے ساتھ استعمال کی جائے تو وہ مثانہ کی پتھری کو توڑ کر باہر نکال دیتی ہے۔ اس کے تیل کا طلا مقوّی باہ ہے
بخور مریم	بخور مریم	بخور مریم	سبز مائل بسیاہی	تلخ	ایک گھاس کی جڑ ہے	درجہ سوم میں گرم خشک	مقعد کے لئے	کتیرا	کندش	۶ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ سدّوں کو کھولتا ہے۔ رطوبات کو جذب کرتا ہے۔ اور دردِ رحم حیض کو جاری کرتا ہے۔ یرقان کو نفع دیتا ہے۔ اور جگر کے سدّوں کو توڑتا ہے ✣

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
بندال	.	.	سبز	تلخ	امرود کے برابر ایک پھل ہی لیکن خشک استعمال ہوتا ہے	درجہ سوم میں گرم وخشک	گرم مزاج والوں کیلئے	.	.	.	بمطابق تجربہ حکمائے ہند جلبہدر اور یرقان کے لئے نافع ہے۔ اگر اس کے بیج کو شکر کے ہمراہ کھائیں تو مدرِ حیض ہے۔ دھانس۔ دمے اور جوڑوں کی درد کے لئے بھی مفید ہے *
بنڈا آلو	.	.	اندر سے سفید باہر سے قدرے بھورا و سیاہ	پھیکا	شکر قند کیطرح ایک قسم کی جڑ ہی لیکن اس سے بڑی ہے	درجہ اول میں گرم	حلق کو کھرکھرا کرتا ہے۔ دیر ہضم ہے	مرچ سیاہ نمک وترشی	آلو وغیرہ	.	قوتِ باہ پیدا کرتا ہے۔ سرخ باد اور صفرا کے لئے بھی مفید ہے۔ اور قطرہ قطرہ پیشاب آنے کو بھی نافع ہے حرارت اور پیاس کو بھی تسکین دیتا ہے۔ اور دل کو قوت دیتا ہے *
بلی لوٹن	بادرنگبویہ	بادرنجبویہ	سبز سیاہی مائل	قدرے تلخ	ایک قسم کی گھاس ہے جس پر بلی عاشق ہے۔	درجہ دوم میں گرم وخشک	پہلو	صمغ عربی	ابریشم وغیرہ	۴ ماشہ تک	دل اور دماغ کو قوت دیتی ہے۔ حواس کے لئے مقوی ہے۔ اور مفرح ہے۔ دماغی سدوں کو کھولتی ہے۔ اکثر امراض بلغمیہ اور سوداویہ کو فائدہ دیتی ہے۔ اور وسواس اور خفقان کے لئے بھی بہت فائدہ مند ہے۔ اس کا ضماد دل کو قوت دیتا ہے *
بن پوستہ	سرخ بیٹا	طامولی	پھول سبز زرد و سرخ	تلخ	ایک قسم کی گھاس مشابہ بہ پوست ہے	درجہ دوم میں گرم	.	.	.	.	آنکھوں کے زخم کیلئے مفید ہے۔ اور محلل ہے۔ رال بہنے اور منہ آنے کے لئے بھی نافع ہے *

ببول	مغیلان	سمرہ اغیلان	پھلی سبز پتے سبز پھول زرد	بکھٹا کسی قدر تلخ	ایک مشہور درخت ہے کیکر کے تمام سے۔	سرد و خشک	مقعد معدہ دماغ	بہی بنفشہ کتیرا	پلاس	۰	اعضائے باطنی کو قوت دیتا ہے۔ خفقان گرم کو نافع ہے۔ اس کے پتوں کا جوشاندہ دستوں کو بند کرتا ہے۔ اس کی چھال۔ پتوں اور پھولوں کا سفوف جریان کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر اس کے بیس ۲۰ تولہ پتوں کا جوشاندہ پیا جائے تو قے اور دست لاتا ہے ٭
ببول کا گوند		صمغ عربی	زرد مائل بسرخی	قدرے شیریں	مشہور عام ہے	درجہ اوّل میں سرد خشک بعض کے نزدیک معتدل	مقعد و معدہ کو	بہدانہ و کتیرا	ضمع پلاس	۱۰ ماشہ	رگوں کے منہ پر چپک کر سدہ پیدا کرتا ہے۔ سینہ کو نرم کرتا ہے۔ تقوی معدہ ہے اور قابض ہے۔ آنتوں کو طاقت دیتا ہے۔ حلق کے کھرکھرانے اور سینہ و پھیپھڑہ وغیرہ کو مفید ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ خراش کو دور کرتا ہے ٭

ردیف (پ)

پاپڑی لون	بورہ ارمنی	بورق	سفید	شور	جالی دار ہلکا ایک قسم کا نمک ہے۔	درجہ سوم میں گرم و خشک	معدہ کو مفرح ہے غشی لاتا ہے	ضمع عربی و مصطگی	نمک	۵ ماشہ	محلل ریاح ہے۔ جلا کرتا ہے۔ اور ظاہر جلد کو سرخ بنا دیتا ہے۔ دافع قولنج ہے۔ محرک باہ ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ اور بلغم مغلظ کو برہ دست خارج کر دیتا ہے۔ اور اس کا سرمہ شہد کے ہمراہ حدتِ بصر کو نافع ہے۔

پت پاپڑہ	شاہترہ	شاہترج	مائل بہ سیاہی یا سبز	تلخ و قدرے تیز	ایک مشہور گھاس ہے	مرکب القوی درجہ اول میں سرد تر	پھیپھڑ کو مضر	کاسنی	ہلیلہ زرد و سناء	.	مقوی جگر و معدہ ہے - جگر و طحال کے سُدّہ کو کھولتا ہے - سودا - بلغم - و صفراء کو براہِ دست نکالتا ہے - مصفی خون ہے - خشک شاہترہ حمّی کہنہ اور امراض سوداویہ کے لئے مفید ہے - اس کے پتوں کا پانی بھوک کو بڑھاتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے +
پستہ	پستہ	فتق	اندرے سبز باہر سے قدرے سُرخ	پھیکا و قدرے شیریں	ایک مشہور ولایتی میوہ ہے	درجہ اول میں گرم درجہ دوم خشک	.	آلو و سکنجبین	بادام	.	دل - دماغ کا محافظ ہے - ذہن کو طاقت بخشتا ہے - معدہ اور باہ کے لئے مقوی ہے - کھانسی - خفقان - قے - متلی - مروڑ اور جگر کی برودت کا دافع ہے - یرقان اور طحال کو مفید ہے - جگر کے سدوں کو کھولتا ہے اور گردہ کی لاغری کو دور کرتا ہے +
پاکھان بید	گوشاہ	خطیانہ	قدرے سُرخ و سیاہ	تلخ	ایک بالشت بھر جڑ ہوتی ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	گرم مزاج والوں کو اور سینہ کو	اسقونو قندیون	مدوخ اسارون زراوند	۳ ماشہ تک	قبض کرتا ہے - اور ملطف ہے - دردوں کو تحلیل کرتا ہے - اور سدوں کو کھولتا ہے - اور دردِ معدہ کو تسکین دیتا ہے - مدرِ بول ہے - اور قوتِ باہ کو طاقت دیتا ہے - جریان کے لئے نافع ہے - اس کا ضماد سرکہ کے ہمراہ دافع کانور ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
پارہ	سیماب	زیبق	سفید	۔	ایک سیال معدنی شے ہے	درجہ دوم میں سرد اور سوم میں تر	منہ کو اور اعصاب کو	مرغ شوربا اور دودھ	پکھلا ہُوا سیسہ	۲ ماشہ تک	گوشت کے ساتھ کھانا بدن کی صحت کا محافظ ہے۔ اعصاب اور قوتِ ہاضمہ اور باہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور تر کھجلی کو نافع ہے۔ آتشک کے زخموں کے لئے مفید ہے۔ اس کا دھواں رعشہ لاتا ہے۔ اور اس کا کشتہ جذام پیدا کرتا ہے
پنکھری	سنگدانہ چینہ داں	قابضہ	اندر سے زرد و سُرخ	۔	چڑیوں کا معدہ ہے یعنی پوٹہ	گرم	دیر ہضم و دقولنج پیدا کرتا ہے	نمک و سرکہ	مصطگی ۔	۲ ماشہ تک	خفقان کو دفع کرتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کو صاف کرتا ہے۔ صفرا۔ خون اور سودا کو صاف کرتا ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ دافع کانور ہے۔ اکثر امراضِ سوداویہ کو مفید ہے +
پت پاپڑ کے بیج	تخم شاہترہ	بزر الشاہترج	سیاہ	کڑوا	مشہور عام ہے	معتدل مائل بہ حرارت	طحال کو مضر ہے	ہلیلہ زرد و کاسنی	سنار مکی	۹ ماشہ	بند فضلہ کو نکالتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کو صاف کرتا ہے۔ صفرا۔ خون اور سودا کو صاف کرتا ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ دافع کانور ہے۔ اکثر امراضِ سوداویہ کو مفید ہے +
پستہ کا چھلکا	پوستِ پستہ	قشر الفستق	قدرے سُرخ و مکدر	پھیکا بکھٹا	مشہور عام ہے	درجہ دوم میں سرد وخشک	۔	۔	۔	۳ ماشہ تک	منہ آنے کو نافع ہے۔ قابض ہے۔ ہچکی اور قے کو بند کرتا ہے۔ آنتوں مسوڑوں۔ دماغ۔ اور دل کے لئے مقوی ہے۔ اور منہ کو خوشبودار بناتا ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار	افعال وخواص
پیلی و پیپل	فلفل دراز	فلفل	بھورا	خوب تیز و تلخ	شہتوت کے مشابہ ایک درخت کا پھل ہے۔	درجۂ دوم میں گرم و خشک	دردِ سر پیدا کرتا ہے	صندل و صمغ عربی	نرکچور و سونٹھ	۴ ماشہ تک	محلل موادِ سرد ہے۔ اور ریاح کو دُور کرتی ہے۔ طحال اور جگر کے سدّوں کو کھولتی ہے۔ اور ہاضم ہے۔ معدہ و کمر کے لئے مقوی ہے اور اعضائے شکمی میں گرمی پیدا کرتی ہے۔ قوتِ باہ کو حرکت دیتی ہے مدرِ حیض اور پیشاب ہے +
پیتاؔ	زمرد	زمرد	سبز براق	پھیکا یکبکا	کان سے نکلتا ہے اور مشہور جواہر ہے	درجۂ دوم میں سرد اور سوم میں خشک	شانہ کو مضر ہے	مشک وغیرہ	زبرجد و مونگہ	رتی یعنی ایک سرخ بھر	فرحت بخشتا ہے۔ دل۔ دماغ۔ جگر اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ اور مرگی۔ جنون۔ خفقان۔ تجلدھر۔ کانور اور جذام کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔ اس کا سرمہ آنکھوں کی بصارت یعنی بینائی کے لئے نہایت ہی سودمند ہے +
پیلاسول	فلفل سویہ	اصل الفلفل	بھوری و سیاہ	تیز و تلخ	درخت پیلی کی ایک گرہ دار جڑ ہوتی ہے	درجۂ دوم میں گرم و خشک ہے	منی کو کم کرتی ہے گرم مزاج کو مضر ہے اور مضر بینائی ہے	شہد و صمغ عربی	مغز تخم قرطم سوکھا شیریں	۴ ماشہ تک	ہاضم ہے۔ بھوک پیدا کرتی ہے۔ معدہ کی گرمی کو ابھارتی ہے۔ اور اس کا چبانا سہ کی رطوبت کو خوب چھانٹتا ہے۔ تشنج۔ قولنج اور ورم طحال اور سردی کے اورام کے لئے بہت نافع ہے۔ باوجود منی کو کم کرنے کے باہ کو زیادہ کرتی ہے +

پاہ	.	.	سیاہ و سفید مختلف رنگ	پھیکا	پتھر کی قسم کی ایک کالی سی چیز ہے گجرات میں بکثرت ہوتی ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	.	.	.	.	رطوبت اندام نہانی نسواں کو خشک کرتی ہے۔ اور خون استحاضہ کو بند کرتی ہے اور اس کا ضماد امراض چشم کو نافع ہے۔ اگر اسے جلا کر بقدر ایک رتی کے پان کے ساتھ کھائیں تو بلغمی کھانسی کے لئے بہت مفید ہے ✣
پان	تنبول	فان	سبز	تیز و قدرے تلخ	ایک مشہور عام شے ہے	معتدل گرم مزاج والوں کو	نہار منہ .	کتھ و الائچی سفید	لونگ	سات ماشہ تک	طبیعت کو فرحت دیتا ہے۔ دل۔ جگر۔ معدہ اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ قوت حافظہ اور ہضم کو مضبوط کرتا ہے۔ نشاط پیدا کرتا ہے۔ اور مسامات کو کھولتا ہے۔ اور مدر بول ہے۔ اور پیاس کاذب کو تسکین دیتا ہے۔ قوت باہ کو طاقت بخشتا ہے۔ اور بھوک پیدا کرتا ہے۔ اور گلے کو صاف کرتا ہے۔ اور بوئے دہن کو دور کرتا ہے ✣
پپتیا	پپیتہ	.	سیاہ و بھورا	تلخ	ایک قسم کے پھل کا بیج ہے جو زری کو کے برابر ہوتا ہے۔ اور اس کے بیج سہ پہلو ہوتے ہیں	درجہ سوم میں گرم و خشک ہوتا ہے	تشنج پیدا کرتا ہے گرم مزاج والوں کو	کاسنی سبز	ناریل دریائی	یک حبہ یعنی رتی	معدہ اور دل کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ اور منہ سے خون بہنے کو روکتا ہے۔ اور بواسیر گرم کیلئے مفید ہے اور اگر اس کے دودھ کو داد پر لگایا جائے تو بہت نفع دیتا ہے۔ اس کا پھل آتشک کے دفعیہ کیلئے نافع ہے۔ اس کا اچار امراض طحال کیلئے اکثر سودمند ہے۔ گلاب یا پانی کے ہمراہ مرض ہیضہ کے لئے مفید ہے قے اور دست کو فی الفور روکتا ہے۔ کیونکہ اس کے اندر قوت تریاقیہ ہے اور استسقائے بارد اور درد ریاحی کو بھی سودمند ہے ✣

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال و خواص
پالک جوہی	۔	۔	بھورا و سبز	برگ تلخ	ایک گھاس ہے جس کے پتے پالک سے چھوٹے ہوتے ہیں	گرم و تر	۔	۔	۔	۔	اس کے پتوں کے نیشرہ سے اگر طلاء بنایا جائے تو وہ داد اور چہرے کے سیاہ داغوں کے لئے مفید ہے۔ اور اس کی جڑ کا چھلکا لونگ اور کالے زیرہ کے ہمراہ ایک ایک تولہ تھوڑے سے پانی یا سرکہ میں پیسکر لگانا داد کے سیاہ داغوں کے لئے نہایت مفید ہے ✦
پلول	؛	۔	سبز	پھیکا و قدرے تلخ	ایک خاردار بیل کا پھل ہے	درجۂ اول میں گرم دوم میں تر	وھنیا	کلگڑی اور کھیرا	۔	۔	زود ہضم ہے۔ قوتِ باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ بھوک زیادہ کرتا ہے۔ معدہ اور دل کے لئے مقوی ہے۔ کھانسی۔ فسادِ خون۔ صفراوی بخار اور پھوڑے پھنسی کے لئے سودمند ہے۔ پیٹ کے کیڑے مارتا ہے۔ گوشت کے ہمراہ مزیدار ہوتا ہے ✦
پالک سپانا خ	اسفاناخ		بھورا و سبز	بدمزہ	ایک مشہور ساگ ہے۔	درجۂ دوم میں سرد اور اول میں تر	سردمزاج والونکو مضر ہے درد پیدا کرتا ہے	گوشت روغن بادام وغیرہ	کدو و خرفہ	۳ تولہ	مادہ گرنے کا مانع ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ اور زود ہضم ہے۔ سوزشِ معدہ پیاس اور گرمی کے لئے مفید ہے۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری کو توڑتا ہے گرم مزاج والوں کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کا پانی شکر کے ہمراہ پینا گلے کی درد اور یرقان اور عسر البول کے لئے مفید ہے ✦

پالک کے بیج	تخم اسفاناخ	بزر اسفاناخ	بھورا و سبز	پھیکا	ایک مشہور ساگ کا بیج ہے۔	درجہ اوّل میں سرد تر	طحال کے لئے	گُل مختوم	تخم خُرفہ	۸ ماشہ	گرمی کے بخار اور اعضا شکنی کے دردوں اور دردِ دل کے لئے مفید ہے۔ مدرِ بول ہے۔ سوزشِ معدہ اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ اس کا شیرہ سِل اور تپِ دق کے لئے مفید ہے۔ اور پیشاب بند ہونے کو مفید ہے ✣
پیلو	درختِ مسواک	اراک	سبز و زرد	قدرے شور	ایک قسم کا درخت ہے جسکی جڑ کی لوگ مسواک بناتے ہیں ✣	درجہ دوم میں خشک و گرم	معدہ میں خراش پیدا کرتا ہے	اسپغول و کیتیرا	صندل و کیوڑہ	۳ ماشہ	ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور مسامات کو کھولتا ہے۔ مقوّی اور مبہی ہے دستوں کو بند کرتا ہے۔ محلل اورام و اوجاع ہے۔ اس کی لکڑی کی مسواک دانتوں کو جلا دیتی ہے۔ اور مضبوط بناتی ہے۔ اس کی چھال صفرا اور بلغم کو دستوں کی راہ سے خارج کر دیتی ہے ✣
پتیل	برنج	۰	زرد	پھیکا	ایک معدنی دھات ہے	درجہ اوّل میں گرم اور درجہ دوم میں خشک	ٹھٹھوں کو مضر ہے	۰	تانبا	۰	بلغم کے فساد کو دور کرتا ہے۔ اور طحال کے ورم کو مفید ہے۔ اگر اس کے برتنوں میں کھانا پکایا جائے تو اعضائے دماغی کو اکثر مفید ہے۔ کانور کو دور کرتا ہے۔ یہ قسم فلزات سے ہے۔ ہندو لوگ اکثر اسی کے برتنوں میں کھانا کھاتے ہیں ✣
پیٹھے کے بیج	تخم کدوئے رومی	بزر الحدبہ	سفید	قدرے شیریں	مشہور عام ہے	درجہ دوم میں سرد تر اور اوّل میں تر	سرد مزاج والوں کو	بادیان	تخم کدو	تولہ تک	مدر بول ہے۔ کھانسی اور شانہ کی بہت سی بیماریوں کو نفع دیتا ہے۔ دق اور سل کو اکثر فائدہ دیتا ہے۔ اس کا تیل دماغ کی خشکی کے دفعیہ کے لئے نافع ہے۔ اور بینجابی کو دور کرتا ہے ✣

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال خواص
پیپل	.	.	سبز	بکھٹا	ایک بہت بڑا درخت ہے ہندوستان اس کی پرستش کرتے ہیں	بعض کے نزدیک گرم و خشک پتے چھال سرد و خشک	.	.	.	.	اس کی چھال کالیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور ناسور کو فائدہ دیتا ہے اس کے پتے بھی محلل ہیں۔ اور زخم کو مندمل کرتے ہیں۔ اگر گرم پانی میں ڈال کر پیا جائے۔ تو قے اور متلی کو مفید ہے۔ اس کی جڑ کی چھال ممسک اور مغلظ ہے۔ اور کمر کی درد کو دور کرتی ہے ✣
پیارانگا	.	.	زرد مائل بسرخی	تلخ	ایک جڑ ہے عام طور پر ہندوستان کے پورب میں پائی جاتی ہے	درجہ سوم میں گرم و خشک ہے	.	.	.	ایک ماشہ کے قریب	ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ درد سر کو نفع دیتا ہے۔ رتوندہی۔ اُمّ الصبیان اور آنکھوں کی سُرخی کو نفع بخشتا ہے۔ دانتوں کی درد کو شفا دیتا ہے۔ دمہ کو دور کرتا ہے۔ اور سرد بیماریوں میں اس کا پینا بہت نافع ہے۔ سانپ کے زہر کا دافع اور اوجاع بارده کو مفید ہے ✣
پیٹھہ	کدوئے رومی	محدبہ	اندر سفید باہر سے سبز	پھیکا بکیکا	ایک قسم کا کدو ہے	درجہ دوم میں سرد درجہ اوّل میں تر	سرد مزاج والوں کو	نمک شکر اور مرچ سیاہ	لوکی اور اس کے بیج	بقدر ضرورت	خلط صالح کا موجد ہے۔ دل۔ جگر اور معدہ کی حرارت کو نافع ہے۔ قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ اور خفقان کو دور کرتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ سل اور دق کے مریضوں کو نافع ہے۔ اس کا مربّی دل اور دماغ کے لئے تقویت دیتا ہے۔ مفرح ہے۔ اور مسکن حرارت ہے ✣

پیاز	پیاز	بصل	سرخ وسفید	پھیکا و تیز	مشہور ہے	درجہ سوم میں خشک	گرم مزاج والوں کو	نمک سرکہ و شہد	کاندو کرات شامی	۲ تولہ تک	بھوک کو بڑھاتا ہے۔ ہضم ہے۔ قوتِ باہ کو طاقت دیتا ہے۔ وبائی مضرت کو دور کرتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ امراضِ چشم کو مفید ہے۔ مدرِ حیض و پیشاب ہے۔ آب وہوا کے اختلاف کو مفید ہے +
پیاپانسہ	۰	۰	سبز	تیز و تلخ	ایک ہندی گھاس ہے	سرد تر	۰	۰	۰	۰	دمہ اور بخار کے لئے مفید ہے۔ شہد کے ہمراہ کھانا منہ سے نکیر اور خون آنے کو مفید ہے۔ مدرِ حیض و پیشاب ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ اگر اس سے کلی کی جائے تو دانتوں کی درد کو فائدہ کرتا ہے۔ اور بلغم کو چھانٹتا ہے +
پھول پھلی	۰	۰	سبز	تلخ	ایک گھاس ہے جس کے پتے باریک ہوتے ہیں	درجہ اوّل میں سرد و خشک	اعضائے رئیسہ کو	مصری وغیرہ	۰	۰	قوتِ باہ کو ترقی دیتی ہے۔ مبہی ہے۔ اور مغلظ ہے۔ سوزاک اور جریانِ منی کو مفید ہے۔ اور بول کی سوزش کو دور کرتی ہے۔ اور امساک بھی پیدا کرتی ہے +
پھون آنولہ	۰	۰	سبز مائل بزردی	کسیلا و تلخ	ایک گھاس ہے آنولہ کے مشابہ ہے۔	درجہ اوّل میں سرد	سرد مزاج والوں کو	مرتج سیاہ	۰	۵ ماشہ تک	اس کا رنگ ناسور اور بڑے بڑے زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ اور اس کا ضماد نمک کے ہمراہ خارش کو مفید ہے۔ اور تنہا چوٹ کے لئے نہایت نافع ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال و خواص
پیاز کے بیج	تخم پیاز	بزر البصل	سیاہ	قدرے تلخ	مشہور عام ہے	درجہ دوم میں گرم وخشک	گرم مزاج والوں کو	۔	تخم شلغم	۲ ماشہ تک	سرد مزاج والوں کی باہ کو بڑھاتے ہیں۔ اور سدوں کو کھولتے ہیں۔ بھوک خوب پیدا کرتے ہیں۔ ان کو گھوٹ کر ضماد کرنا سیاہ داغوں کے لئے نہایت مفید ہے ✦
پھالسہ	پالسہ	فالسہ	سیاہ و سُرخ	ترش و شیریں	ایک پھل ہے اس کے پتے توت کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔	درجہ سوم میں سرد وخشک	سرد مزاج والوں کو مضر ہے	انیسوں و گلقند	نمک وغیرہ	۔	دل۔ معدہ۔ جگر کے لئے مقوی ہے۔ صفراوی دستوں۔ پیچکی تشنگی اور قے کو دفع کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن اور معدہ اور سینہ کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ اس کا رب معدے کی طاقت کو بڑھاتا ہے قلب کی اصلاح کرتا ہے۔ اور خفقان کے لئے بھی مفید ہے۔ پیاس اور حرارت کو تسکین دیتا ہے ✦
پھٹکڑی	زاک سفید	شب یمانی	سفید	کسیلا قدرے شور	ایک معدنی شے ہے۔ بادر کی طرح صاف اور شفاف ہے	درجہ دوم میں گرم درجہ سوم میں خشک	پیچش اور آنتوں کو	گھی اور دودھ وغیرہ	نمک سیاہ و نوشادر	ایک ماشہ تک	خشکی پیدا کرتی ہے۔ اور قابض ہے۔ جلا کرتی ہے۔ اور زخم گردہ۔ اور شانہ کے لئے پاؤ بھر دودھ اور چار ماشہ مصری کے ہمراہ ایک ماہ تک کھانا مفید ہے۔ اور آنکھوں کے آشوب۔ جالے اور سُرخی کے دفعیہ کے لئے نہایت مفید ہے ✦

پودینہ پہاڑی	پودینہ کوہی	تو تنج جیلی	قدرے سفید و سبز	تیز	پہاڑوں پر پیدا ہوتا ہے	درجہ سوم میں گرم وخشک	پھیپھڑہ کو	پودینہ	صعتر و افسنتین	۵ ماشہ	بدن میں گرمی پیدا کرتا ہے۔ مدر حیض و بول و شیر ہے۔ سینہ و پھیپھڑے کو صاف کرتا ہے۔ معدہ۔ طحال اور جگر کے لئے مقوی ہے۔ اور گردہ کو بھی طاقت دیتا ہے۔ منہ سے خون آنے کو روکتا ہے۔ بلغم کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے۔ اس کا لیپ بلغمی اورام کا محلل ہے۔ اور پھوڑوں کو خشک کرتا ہے
پوست خشخاش	پوست خشخاش	قشر الخشخاش	مٹیالا وسفید	تلخ	خشخاش کا چھلکا ہے	درجہ دوم میں سرد درجہ اول میں خشک	پھیپھڑہ کو مفر ہے	مصطگی و شکر وغیرہ	افیون	۶ ماشہ	اعضاء کو سست کرتا ہے۔ اور مادہ کو پکاتا ہے۔ دستوں کو روکتا ہے۔ مثانہ و معدہ کی سوزش کو دفع کرتا ہے۔ اور نیند لاتا ہے۔ امراض سینہ اور کھانسی کے لئے مفید ہے۔ اور پیشانی پر اس کا ضماد کرنا سر کی درد کو دور کرتا ہے ✤
پنیر	پنیر	جبن	سفید مائل بر زردی	قدرے شور	دودھ کو پھاڑ کر بنایا جاتا ہے	درجہ دوم میں سرد تر ہے	بھوک کم کرتا ہے سر درد لاتا ہے	پودینہ شہد صعتر	۰	۰	دیر ہضم ہے۔ لیکن معدہ اور آنتوں کو قوت دیتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ اخلاط صالح کا موجد ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ اور جلد کو نرم کرتا اور اسہال صفراوی کا دافع ہے ✤
پودینہ	پودینہ	تو تنج فودنج جبق	سبز	تلخ و تیز	مشہور عام ہے کثیر الاستعمال ہے	درجہ سوم میں گرم وخشک	گردہ باہ آنتوں کو	رب السوس وکتیرا	گندنا	۷ ماشہ	ملطف ہے۔ سینہ و گردہ کے فضلات کو پاک کرتا ہے۔ ہچکی کے لئے سونگھنا مفید ہے۔ محلل ریاح ہے۔ پسینہ و پیشاب کو بہاتا ہے۔ وضع حمل میں معاون ہے۔ اس کے سونگھنے سے غشی رفع ہوتی ہے ✤

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	مامیّت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
پنواڑ چکونڈ	.	.	پھول زرد اور پتّے سبز	تیز	ایک قسم کی گھاس ہے جس کے بیج موٹھ کے مشابہ ہیں	درجہ دوم میں گرم و خشک	آنتوں کو مضر	دوغ	بابچی	۲ ماشہ	رطوبات کو جذب کرتا ہے۔ اور محلّل ہے۔ عرق لیموں کے ہمراہ اس کا ضماد داد کے داغوں اور سوکھی اور تر کھُجلی کے لئے نافع ہے۔ اس کے کھانے سے انسان امراض وبائی وہوائی سے محفوظ رہتا ہے ✦
پنیرمایہ	پنیرمایہ	انفحہ	سفید	پھیکا قدرے شور	اکثر شیر دار جانوروں کے معدّہ سے نکلتا ہے	درجہ دوم میں گرم وخشک	معدہ و آنتوں کو مضر	شہد و زرشک	.	۱ ماشہ	مقوّی معدہ وگُردہ ہے۔ اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ رحم کی رطوبت کو دُور کرتا ہے۔ ملطّف ہے۔ محلّل رطوبات ہے۔ جس نے مردار سنگ کھالیا ہو اس کی مضرّت اس کے پینے سے رفع ہو جاتی ہے۔ ہر جانور کا پنیرمایہ اُس کی اپنی خاصیّت کے مطابق ہوتا ہے ✦

ردیف (ت)

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	مامیّت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
تالمکھانہ	.	.	بھورا	پھیکا	ایک ایسے درخت کا بیج ہے جو پانی کے کناروں پر اُگتا ہے	درجہ اوّل میں گرم خشک مع رطوبات فضلیہ	نفخ پیدا کرتا ہے گرم مزاجوں کو	سرد اشیاء وغیرہ	مروڑ پھلی ثعلب مصری	۷ ماشہ تک	مقوّی ہے۔ مفرّح ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ مبہی ہے۔ منی کو پیدا کرتا ہے مغلّظ ہے۔ مُمسک ہے۔ خون وسودا کے فساد کو روکتا ہے۔ جریانِ منی کو دور کرتا ہے۔ استسقاء اور جلدھر کو نفع دیتا ہے ✦

تارمکھی	.	مرقشیسا حجر النور	بھورا زرد و سُرخ	پھیکا	فلزا کی قسم سے ہے۔ کان سے نکلتا ہے	درجہ دوم میں گرم و سوم میں خشک	گرم مزاجوں کو اس کا کثرت سے کھانا نہایت مضر ہے	کتیرا و شہد وغیرہ	اقلیما	۴ سُرخ	محلّل اورام ہے۔ مجلّی ہے۔ اور قابض ہے۔ گرمی پیدا کرتا ہے۔ اگر اس کو بچّے کے گلے میں لٹکا دیا جائے۔ تو سوتے وقت نہیں ڈرتا۔ اس کا سُرمہ مجلّی ہے۔ مقوّیِ چشم ہے۔ اس کا کُشتہ اکثر امراضِ سرد میں نفع دیتا ہے۔ اگر اس کی مرہم کو ہڑتال کے ہمراہ لگایا جائے۔ تو وہ بُرے گوشت کو کاٹتا ہے ✦
تِل	کنجد	سمسم	سفید و سیاہ	پھیکا و چکنا	ایک قسم کا مشہور غلّے کا دانہ ہے	درجہ اوّل میں گرم و تر	دردِ سر پیدا کرتا ہے اور دیر ہضم ہے	شہد اور بریاں کرنا وغیرہ	بزر کتاں	ایک تولہ تک	بدن کو موٹا کرتا ہے۔ اور قوّتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے دودھ اور منی با فراط پیدا کرتا ہے۔ مدرِّ حیض ہے۔ اس کے پھول آنکھ کے ناخونہ کے لئے نہایت نافع ہیں۔ قلیل الغذا ہے۔ اور صالح الکیموس ہے۔ گردوں کی چربی کو بڑھاتا ہے۔ اس کا لیپ ورووں کا مسکن اور سیاہ داغوں کا مسکن ہے ✦
تماکو	تنباکو	تتن و تنباک	سُرخ و سبز	تیز و کرخت	مشہور عام ہے	درجہ سوم میں گرم خشک	دل دماغ اور گرم مزاج والوں کو	تازہ دودھ وغیرہ	.	.	خشکی پیدا کرتا ہے۔ اور پیاس لاتا ہے۔ رطوباتِ دماغیہ کو صاف کرتا ہے دماغی نزلہ اور دمہ کو دُور کرتا ہے۔ اس کا دھواں وبائی امراض کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ اس کا کھانا پینا بلغم کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا سبز پتّا اورام کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا کثرت سے پینا دماغ اور دل کو کمزور کرتا ہے۔ روغن گُل کے ہمراہ اس کا ضماد ترکھُجلی کو نافع ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
تلسی کے بیج تلسی جنگلی	تخم ریحان دشتی	بزر الریحان ریحان البری	سیاہ سبز	لعابدار پھیکا تلخ وتیز	مشہور عام ہے ایک طرح کی گھاس ہے	درجہ اوّل میں گرم خشک درجہ دوم میں گرم و خشک	دماغ کو مضر دماغ و پھیپھڑہ کو	سرزنجبوش وگلاب	کنوچہ ۰	۶ ماشہ ۶ ماشہ تک	پیچش کے لئے از حد مفید ہے۔ سینہ کے کھرکھرانے اور خشک دھانس کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔ اور مغلظ منی ہے ✣ محلل اورام ہے۔ خاصکر بلغمی ورموں کو نافع ہے۔ اور اکثر امراض سرد کو بھی مفید ہے۔ اس میں یہ ایک خاص خاصیت ہے کہ اگر اس کا رانگ کھانے میں چھوڑیں تو دانت کے کرم مرکر نکل جاتے ہیں ✣
تن	۰	۰	زرد	تلخ	رنگائی میں کام آتا ہے اس کے پھول نیم کے پھولوں کیطرح ہوتے ہیں	درجہ اوّل میں سرد	۰	۰	۰	۰	مسہی ہے۔ اور نہایت قابض ہے۔ اور اکثر جلد کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ بلغم غلیظ کو بھی نکالتا ہے۔ اور مغلظ منی ہے۔ کپڑے کے رنگنے میں بہت کارآمد ہے ✣
تنگڑ اسارون جاسگند بالا	اسارون	۰	مائل بزردی	کرخت بو دار تلخ	ایک مشہور جڑی بوٹی ہے۔	گرم و خشک	پھیپھڑہ کو مضر	مویز منقی	سونٹھ و خربقجان	۵ ماشہ	ملطف ہے۔ گرمی زیادہ کرتا ہے۔ اور محلل اورام ہے۔ معدہ۔ جگر طحال پٹھوں اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔ صفراوی مادہ کو اور بلغمی مادہ کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے۔ اور پرانے پتوں کو دور کرتا ہے۔ مدر حیض و پیشاب ہے ✣

تلسی و نازبو	سانہنم دریجان	سانہنم	سبز مائل بزردی	تیز	ایک خوشنما گزبھر کا خوشبو دار درخت ہے	درجہ اوّل میں گرم دوم میں خشک	دماغ کو	گلاب و دھنیا	بادرنجبویہ	۴ تولہ	درسوں کو تحلیل کرتا ہے ۔ اور دماغی سدّوں کو کھولتا ہے ۔ اور ریاح کو دور کرتا ہے ۔ غلیظ خون کے فساد کو دور کرتا ہے ۔ اگر اس کو گھر میں رکھا جائے تو حشرات الارض بھاگ جاتے ہیں ۔ اور وبائی ہوا سے بھی محفوظ رکھتی ہے ۔ اس کا پانی شکّر کے ہمراہ درد سینہ ۔ کھانسی اور دمہ کو مفید ہے +
ترماہ	ترہ تیزک	جرجیر	کئی قسم کا ہوتا ہے بعض کے پھول سُرخ بعض کے زرد	تیز	ایک درخت ہے جس کے پتّے مُولی کے پتّے کے برابر ہوتے ہیں ۔	درجہ سوم میں گرم اور دوم میں خشک	نابینائی لاتا ہے اور درد کا محرک ہے	خرفہ و کاسنی وغیرہ	تودری	۴ ماشہ	جگر کے سدّوں کو کھولتا ہے ۔ منی اور دودھ کو پیدا کرتا ہے ۔ ہاضم ہے ۔ قوتِ باہ کو حرکت میں لاتا ہے ۔ مجلّی ہے ۔ مدرِّ بول ہے ۔ اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے ۔ حیض کو جاری کرتا ہے ۔ اور اس کا نہار کھانا بغل کی بدبو کو دور کرتا ہے ۔ مگر اس کے پتّوں کا پانی قے آور ہے ۔ اس کو کثرت سے استعمال کرنا خون کو جوش میں لاتا ہے +
ترنجبین	ترنجبین	ترنجبین	سفید مائل بزردی	شیریں	ایک درخت کی شبنم ہے ۔ جو اس پر جم جاتی ہے اور ذائقہ میں میٹھی ہوتی ہے ۔	درجہ اوّل میں گرم اور تر	گرم مزاجوں اور طحال کو	عناب اور تمرہندی وغیرہ	شکر سُرخ اور شیرخشت وغیرہ	۲ تولہ سے لیکر ۵ تولہ تک	طبیعت کو نرم بناتی ہے ۔ کھانسی کو کم کرنے میں بہت نافع ہے ۔ اور مادۂ صفراویہ کو دستوں کی راہ سے نہایت نرمی سے باہر نکال دیتی ہے ۔ اخلاط کو حرکت میں لاتی ہے ۔ درد سینہ ۔ متلی اور گرمی کے بخارات کو مفید ہے ۔ مجلّی ہے ۔ ہر سہ اخلاط کو خارج کرتی ہے ۔ اور عسر البول کی دافع ہے ۔ بواسیر میں اس کا استعمال کرنا مضر ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مفر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
تخم بلسان	تخم بلسان	حب بلسان	سیاہ	تلخ	سیاہ مربع جثے بلسان کے بیج ہیں۔	درجہ دوم میں گرم و خشک	مثانہ کو مفر	کتیرا وغیرہ	بیخ بلسان وعوبلسان	۸ ماشہ تک	مقوئ معدہ ہے اور قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ مادہ کو پختہ بناتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کی سردی کو اور تری کو دفع کرتا ہے۔ اور خشک کرتا ہے۔ ریاح اور نفخ کو تحلیل کرتا ہے۔ جگر کے سدہ کو کھولتا ہے۔ عرق النساد اور اکثر امراض دماغیہ کو مفید ہے +
تربوز	ہندوانہ	بطیخ ہندی	سبز مائل سیاہی	شیریں	مشہور عام پھل ہے	درجہ دوم میں سرد و تر	سر معدہ اور طحال کو	قند و شہد	۰	۰	خون کی تیزی اور صفراد کی زیادتی کے لئے نافع ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے مدر بول ہے۔ خون رقیق پیدا کرتا ہے۔ بلغم لاتا ہے۔ گرم بخارات کو نافع ہے اگر سکنجبین کے ہمراہ استعمال کریں۔ تو یرقان کے لئے نافع ہے۔ اس کا پانی گرم مزاج والوں کے لئے مفرح ہے۔ دیر ہضم ہے اور نفخ پیدا کرتا ہے۔ جس روز اسے کھائیں چاول سے پرہیز کریں +
تتلی جنگلی	۰	سداب بری	خوب سبز ہے	تلخ	تتلی ہی کے مشابہ ایک گھاس ہے	درجہ چہارم میں گرم و خشک	قاتل ہے	قے کرنا	زہر	۰	اگر اس کو صرف مکانات میں رکھا جائے۔ تو حشرات الارض اور ہوام کا دافع ہے۔ اگر اس کی پتی لوہے کے اوزار میں لگا دیا جائے تو زنگ نہیں لگتا۔ اگر اس کے درخت کی چھال کا ضماد شراب کے ہمراہ گنج پر لگایا جائے تو مفید ہے۔

تج	تج	قرفہ وسیلخہ	[illegible] قدہ سُرخ و سیاہ	[illegible] تیز تلخ	ایک درخت کی چھال ہے بعض کے نزدیک دارچینی	گرم و خشک	گردہ و آنتوں کو	پستان وکبیرا وغیرہ	دارچینی ۷ ماشہ	لطیف ہے۔ گرمی لاتا ہے۔ مادہ کو پختہ بناتا ہے۔ اورام کو تحلیل کرتا ہے۔ اعضائے رئیسہ جگر و دل وغیرہ کے مقوی ہے۔ اور اخلاط معلظہ کو تراشتا ہے۔ مدر بول ہے۔ بینائی کو جلا کرتا ہے۔ زکام و نزلہ کو دفع کرتا ہے۔ دق، دمہ اور کھانسی کو نافع ہے۔ سرکے کے ہمراہ اس کا لیپ محلل اورام ہے ✦
ترتیاک وماہیزہر	۔	سماق	بھورا قدے سُرخ	ترش	دانہ مسور کے برابر ہوتا ہے اور ایک درخت کا پھل ہے ✦	درجہ دوم میں سرد خشک بعض کے نزدیک سرد میں خشک	معدہ و جگر کو	انیسون و مصطگی وغیرہ	زرشک و مرکہ اقاقیا ۵ ماشہ تایک تولہ	معدہ کے دانتوں کو کھرکھرا بنا دیتا ہے۔ اور قبض کرتا ہے۔ قے۔ متلی اور صفراوی دستوں کو روکتا ہے۔ منہ سے خون آنے کو بند کرتا ہے۔ انتڑیوں کی خراش کے لئے مفید ہے۔ اور سہل البول کے لئے نافع ہے۔ شکمی اعضا کو طاقت دیتا ہے۔ اور ان دستوں کو دفع کرتا ہے۔ جو [illegible] میں کھانا جانے کے ساتھ ہی آجاتے ہیں ✦
تتلی	۔	۔	ہبر	ترش	ایک طرح کا گھاس ہے جو ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے	درجہ اول میں سرد تر	پیچھڑہ کو مضر	گرم مصالح و گوشت	خرفہ ۔ تازہ	دافع گرمی ہے۔ دماغ پر ابخرات کے چڑھنے کو روکتا ہے۔ مقوی جگر و معدہ ہے۔ اس کا ساگ اگر گوشت میں پکایا جائے تو نہایت مزیدار ہوتا ہے ✦
تتلی زرد		بزر السداب	سیاہ	کسی قدر تلخ	ایک گھاس کے بیج ہیں۔	درجہ دوم میں خشک	صفرا کو گرم اور درد کو پیدا کرتا ہے	شہد و کبیرا	برگ السداب ۷ ماشہ	معدہ کی سردی اور ریحی قولنج کے لئے نافع ہے۔ بینائی کو طاقت دیتا ہے اگر اس کو شہد کے ہمراہ پیا جائے تو مرض کابوس کے لئے نہایت نافع ہے۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار	افعال وخواص
تتلی	.	سدب	پھول زرد اور پتہ سبز	تلخ و بدبودار	ایک قسم کی گھاس ہے جو عام طور پر گیہوں کے کھیت میں ہوتی ہے اور اُسے خراب کرتی ہے	اس کے پتے درجہ سوم میں گرم وخشک ہیں	دردسر پیدا کرتا ہے بینائی کو مضر ہے	انیسوں اور سکنجبین وغیرہ	پودینہ اور صعتر وغیرہ	ڈیڑھ ماشہ	ملطف ہے۔ محلل نفخ ورياح ہے۔ مقوی دماغ ہے۔ امراض دماغیہ اور امراض سینہ وطحال ویرقان اور ریاحی قولنج کے لئے نافع ہے۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑ ڈالتی ہے۔ مدرِ بول وحیض ہے۔ اس کا ضماد تر و خشک کھجلی کے لئے بے حد مفید ہے۔ فالج۔ رعشہ۔ تشنج۔ وجع المفاصل اور عرق النساء کے لئے اس کا پینا اور ضماد کرنا مفید ✦
تاڑ	تال	طار	اندر سے سفید اور باہر سرخ	شیریں قدرے بدبودار	ناریل کی طرح ایک لمبا درخت ہے	درجہ اول میں قابض سرد تر	نقاخ اور دیر ہضم ہے	عرق بید اور قند	.	.	مُبہی ہے۔ فسادِ خون اور صفرا کو دُور کرتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ ارواح کو قوت دیتا ہے۔ اس کی تاڑی نشہ پیدا کرتا ہے۔ مقوی ہے بلغم کو دفع کرتی ہے۔ تاڑی کا سرکہ معاونِ مفہم ہے۔ معدہ اور طحال کیلئے مفید ہے ✦
تانبا	مس	نحاس	بھورا و سُرخ	نہایت کسیلا	معدنی فلزات کی ایک قسم ہے۔	درجہ دوم میں گرم وخشک	گرم مزاجوں کو مضر ہے	کتیرا وغیرہ	.	ماشہ	قابض۔ لقوہ اور اکثر سر و بیماریوں کے لئے از حد نافع ہے۔ سرکہ کے ہمراہ اس کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور کھجلی کو دفع کرتا ہے۔ بلغم وصفراد کے فساد کو دور کرتا ہے۔ کانوا اور کوڑھ کا دافع ہے۔ کھانسی کے لئے بھی مفید ہے۔ لیکن قے لاتا ہے۔ زخموں کو بھر لاتا ہے ✦

تیزپات	۰	ساذج ہندی	بھورا سبز اور خشک	تیز بُو	ایک چوڑی خوشبودار پتی ہے	درجہ سوم میں گرم دوم میں خشک	مثانہ اور پھیپھڑہ کو	مصطگی	سنبل ہندی اور سلیخہ	۴ ماشہ تک	محافظ ارواح ہے۔ اور خلطوں کی بھی حفاظت کرتا ہے۔ مفرح ہے۔ مسمن بدن ہے۔ اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مصلح معدہ ہے۔ اعضائے شکمی کو طاقت دیتا ہے۔ مقوی حواس ہے۔ مدر بول ہے۔ جنون اور وسواس کو دور کرتا ہے اگر اس کی دھونی دی جائے تو جنین جلد خارج ہو جاتا ہے +
تھوہر	۰	زقوم حجازی	سبز	نہایت تلخ	ایک دودھار درخت ہے	درجہ سوم میں گرم دوم میں خشک	گرم مزاج دل کے لئے قاتل ہے	روغن بنفشہ	کافور	۱۰ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ ہر سہ اخلاط سودا۔ صفرا۔ اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور دست لاتا ہے۔ اس کا ضماد چیچک کے نشان کو مٹاتا ہے۔ اس کا دودھ بھی اور مفرح ہے +
تودری سفید	تودری سفید	بزر الخنجم	سفید	قدرے تلخ	مسور سے چھوٹے ایک قسم کے بیج ہیں	درجہ اول میں گرم اور تر	اعضائے شکمی کو مفر	تدرشک	ہمن سُرخ	۷ ماشہ	بدن کو موٹا کرتی ہے۔ اور دردوں کو تحلیل کرتی ہے۔ منی کو گاڑھا بناتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ اگر اس کی چٹنی شہد کے ہمراہ کھائی جائے تو وہ لیسدار خلطوں کو چھانٹتی ہے +
تودری سُرخ	تودری سُرخ	بزر الخنجم احمر	سُرخ	تلخ	یہ بھی تودری سفید کی طرح ہے	گرم اور تر	اعضائے شکمی کو مفر ہے	زرشک	بہمن سفید	۸ ماشہ تک	بھوک کو بڑھاتی ہے۔ قوت باہ اور نعوظ کو زیادہ کرتی ہے۔ اور بدن کو موٹا کرتی ہے۔ احشاء کی سردی کے لئے مفید ہے۔ چہرے کی رنگت کو سُرخ کرتی ہے۔ اور مواد سوداویہ کو دور کرتی ہے۔ آواز کو صاف کرتی ہے اور خشک کھانسی کی دافع ہے۔ اور محلل اورام ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	بدل	افعال و خواص
توری	۔	۔	سبز	تلخ اور پھیکی	کھیرے کی طرح کا ایک لمبا پھل ہے	درجہ دوم میں سرد تر اور رطوبت ایسدار	نفخ پیدا کرتا ہے	سونٹھ اور گوشت	چچنڈا	غذا میں داخل ہے	طبیعت کو نرم بناتی ہے۔ گرمی مزاج کی دافع ہے۔ بلغم خام کو پکاتی ہے۔ بدن کی زردی کو دور کرتی ہے۔ اعضاء کو طاقت دیتی ہے۔ اس کا پھل سرد اور خشک ہوتا ہے +
توت بیٹھا	توت شیریں	توت حلو	سیاہ اور سفید	شیریں	انگلی کے برابر لمبائی میں ایک پھل ہے۔	درجہ اول میں گرم اور دوم میں تر	درد سر پیدا کرتا ہے اور معدہ کیلئے مضر ہے	سکنجبین وغیرہ	۔	۔	خون صالح اور مصفا پیدا کرتا ہے۔ اور سدے کو کھولتا ہے۔ جگر و طحال کو صلاحیت پر لاتا ہے۔ اور بدن کو موٹا کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ گردے کی پرانی کو تقویت دیتا ہے۔ زبان اور حلق پر مواد گرنے کو مانع ہے۔ اس کا شربت گلے کی درد کو فائدہ دیتا ہے۔ اس کی کلی مسوڑھوں اور دانتوں کی درد کی نافع ہے
توت لٹھا	توت ترش	توت حامض	سیاہ و سفید	ترش	مشہور عام ہے	درجہ دوم میں سرد اور درجہ اول میں خشک	سینہ کے لئے مضر ہے	شہد	آلوئے بخارا	۔	پیاس کو بجھاتا ہے۔ پتوں کو دور کرتا ہے۔ اور خون کے جوش کو تسکین دیتا ہے۔ اور دماغ کی طرف ابخرات چڑھنے نہیں دیتا۔ اس کا شربت نزلہ کے لئے نہایت نافع ہے۔ کسی قدر قوت ہاضمہ کو بھی بڑھاتا ہے۔ اور درد سر کو بھی سودمند ہے +

تتردی شاہ چینی خطائی	۔	شاہ چینی	مسندل مائل بزردی	تلخ	مرکب القوی	سرکہ میں پیس کر ٹکیاں بنائی ہوئی ہوتی ہیں	ایک قسم کا پتھر ہے جو کان سے نکلتا ہے ۔	شور اور تیز	زنگاری	طوطیا	دودیا	تونیا
درد سر کو دور کرتا ہے ۔ اور دانتوں کی درد کو نفع دیتا ہے ۔ نزلہ اور سینہ کی رطوبت کو دور کر کے خشک کرتا ہے ۔ اور بکسیر کو بھی بند کرتا ہے ۔ اس کی دھونی دینے سے خون بند ہو جاتا ہے ۔	۔	۔	۔	۔	۔	۔	اندرجو کے درخت کی چھال ہے	تلخ	زرد	۔	تیواں	تیواں
بلغم ۔ خون ۔ اور سودا کے فساد کو دفع کرتا ہے ۔ مدر بول ہے ۔ اس کے سفید پھول باہ کو تقویت دیتے ہیں ۔ اس کی بھاپ ورم انتیین کو نافع ہے ۔ اس کا نیسندہ سوزاک اور جریان کو فائدہ دیتا ہے ۔ اسی کا رنگا ہوا کپڑا پہننا یرقان کو فائدہ دیتا ہے ۔	ایک تولہ تک	ناخونہ و گل بابونہ	خاسی نمک و شورہ وغیرہ	قبض کرتا ہے	درجہ دوم میں سرد اور خشک	ڈھاک کے درخت کے پھول کو کہتے ہیں	پھیکا مائل بتلخی ہے	سرخ سیاہ اور زرد	۔	گل پلہ	میسو
ورم کے مادہ کو پکاتی ہے ۔ اور محلل ہے ۔ اور سرد گرم اورام کو تحلیل کرتی ہے قالض ہے ۔ درد سر کو نافع ہے ۔ خون کو روکتی ہے ۔ اگر اس کو باریک کر کے زخم ذکر و چشم پر لگایا جائے ۔ تو مفید ہے ۔	۳ ماشہ تک	جدوار	کتیرا	پھیپھڑہ کو مفرح ہے	مرکب القوی	سرکہ میں پیس کر ٹکیاں بنائی ہوئی ہوتی ہیں	ایک قسم کا پتھر ہے جو کان سے نکلتا ہے ۔	شور اور تیز	زنگاری	طوطیا	دودیا	تونیا
اگر اس کو گھیل کر استعمال کیا جائے ۔ تو شانہ کے زخموں کو بہت فائدہ دیتا ہے ۔ نہایت خشکی پیدا کرتا ہے ۔ مگر زخموں کو جلا کرتا ہے ۔ اور مواد سے صاف کرتا ہے ۔ اور جلد درستی پر لاتا ہے ۔ اور آنکھوں کا جالا صاف کرنے میں نہایت مفید ہے ۔	۲ ماشہ تک	نیلا تھوتھا اور شادنج	برماں کرنا اور شہد وغیرہ	قے لاتا ہے ۔ اگر ہضم ہو جائے تو زہر قاتل ہے	درجہ چہارم میں گرم اور خشک ہوتا ہے ۔	ایک قسم کا پتھر ہے جو کان سے نکلتا ہے ۔		شور اور تیز	زنگاری	طوطیا	دودیا	تونیا

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
ٹھیکری	سفال	خزف	سرخ مائل بزردی	پھیکا	مشہور ہے	سرد و خشک	پٹھوں کو اور قبض کرتی ہے	روغن بنفشہ	کافور	۹ ماشہ	اس کا ضماد ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور اس کا منخن دانتوں کو صاف کرتا ہے۔ مسوڑہوں کو طاقت دیتا ہے۔ اگر کوری ٹھیکری خون نکلنے کی جگہ چپکا دیں تو خون بند ہو جاتا ہے +

ردیف (ث)

ثعلب مصری	خایہ روباہ	خصیتہ الثعلب	سفید	پھیکا	ایک لیسدار جڑھ ہے۔	درجہ اول وگرم تر	فم معدہ کو مضر ہے	شکر وآملہ	تخم گاجر وشقاقل	۹ ماشہ	مبہی ہے۔ منی پیدا کرتا ہے۔ محرک باہ ہے۔ پٹھوؤں کو مضبوط بناتی ہے اور اکثر دماغی امراض کو فائدہ دیتی ہے۔ اور بال گرنے سے مانع ہوتی ہے +

ردیف (ج)

جاپھل انبہ	.	.	سفید وسرخ	کسیلا اور کسی قدر شیریں	ایک بہت بڑے درخت کا پھل ہے	درجہ اول میں گرم تر	بلغمی مزاج والوں کو	.	.	.	مفرح ہے۔ مقوی قلب ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ مدر بول ہے دستوں کو روکتا ہے۔ خام قابض ہے۔ اس کی چھال کا نیسانده استعمال کیا جائے۔ تو دست بند کرنے میں نہایت سریع الاثر ہے +

جل نیم	۰	۰	سبز	تیز و تلخ	ایک گھاس ہے جو ترائی میں پیدا ہوتا ہے ۔	درجہ دوم میں گرم وخشک	زخم ڈالتی ہے	روغن	۰	۹ ماشہ	مصفیٔ خون ہے ۔ اور اکثر امراض جلدی کو فائدہ دیتی ہے ۔ آتشک ۔ جذام اور ترکھجلی کو نافع ہے ۔ مادہ بلغمی کو دستوں کی راہ سے نکال دیتی ہے ۔ اس کے پتوں کا عرق بطور طلا مخلوق کے لئے مفید ہے ۔
جمالگوٹہ	تخم بید انجیر خطائی	سب آسلاطین	اندر سے سفید اور باہر سے سیاہ	تلخ و بدمزہ	ایک قسم کا بیج ہے جس کی گری میں دہنیت ہوتی ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	گرم مزاجوں کو دست آور ہے قوی دست آور ہے	دودھ میٹھا تیز انشاستہ وغیرہ	ریندی تخم خطل غاریقون وغیرہ	ایک عدد	رطوبات کو جذب کرتا ہے ۔ امراض جلدی کو نافع ہے ۔ قوی دست آور ہے اس کے تیل کا ضماد کرنا باہ کو قوی کرتا ہے ۔ لیکن بلا مدبر کرنے کے اس کا استعمال کسی طرح بھی جائز نہیں ہے ۔ بلغم ۔ سودا ۔ اور اخلاط غلیظہ کا قوی مسہل ہے ۔ مرض آتشک میں اس کا جلاب بہت مفید ہے ۔
جست	توتیائے رومی	شبہ	سیاہ و شفاف	کسیلا	ایک معدنی قسم ہے مشہور عام ہے ۔	درجہ دوم میں گرم اور خشک	قوی قے لاتا ہے	شہد وغیرہ	۰	۳ ماشہ	اگر اس کے برتنوں میں کھانا کھایا جائے ۔ تو مقوی معدہ ہے ۔ مکو کے عرق یا سونف کے عرق میں گھسا ہوا ورموں کو تحلیل کرتا ہے ۔ اس کا سرمہ آشوب چشم اور جالے وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے ۔ اور چشم کی سرخی کو دور کرتا ہے ۔ اور مقوی بصر ہے ۔
جل پیپل	فلفل آبی	فلفل الماء	سیاہ	تیز اور تلخ	سیاہ مرچ کی مشابہ ایک قسم کی مرچ ہے ۔	درجہ دوم میں سرد اور خشک	۰	روغن زیتون وغیرہ	فلفل گرد	۰	آنکھوں اور دل کو طاقت دیتی ہے ۔ ورنبض کرتی ہے ۔ قوت باہ پیدا کرتی ہے ۔ سوزش سینہ فاسد خون اور پھوڑے پھنسیوں کو دفع کرتی ہے بعض لوگ اسے سیاہ مرچ کے عوض میں بھی استعمال کرتے ہیں ۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
جوار	ذرہ مکہ	حنطہ رومیہ	سرخ و زرد	پھیکا	ایک مشہور غلہ ہے۔	درجہ دوم میں خشک مائل بہ حرارت	ثقیل اور نفخ لاتی ہے	گلقند وغیرہ	.	.	دستوں کو بند کرتی ہے۔ طبیعت کو قبض کرتی ہے۔ مرض سل کو نفع دیتی ہے۔ بلغم کو تحلیل کرتی ہے ثقیل ہوتی ہے۔ اور لیسدار ہے۔ اس میں گیہوں سے کم غذائیت ہے۔ لیکن چاول سے غذائیت اس کے اندر زیادہ ہے +
جوا کھار	.	نطرون	سفید	تلخ اور شور	ایک قسم کا نمک ہوتا ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور خشک	قے کا محرک ہے	صمغ عربی و بنسلوچن	نمک تلخ	۴ ماشہ تک	بلغم۔ ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ قولنج کو نفع دیتا ہے۔ اگر طبیب کے مشورہ سے مناسب دواؤں کے ساتھ اسے استعمال کیا جائے تو بلغمی کھانسی کے لئے بھی مفید ہے۔ ہاضم ہے۔ مثانہ کی پتھری کا دافع ہے +
جل کھنبی	.	سطراطیوس	سبز	تلخ	ایک گھاس ہے جو پانی کی سطح پر بلا جڑھ پیدا ہوتی ہے	سرد تر	.	.	.	.	اس کا ضماد سرکہ کے ہمراہ زخموں کو ہونے نہیں دیتا۔ اورام گرم کو پختہ کرتی ہے۔ پیشاب کی چنک اور گردہ سے خون آنے کو بند کرتی ہے۔ اور اکثر اعضاء کے زخموں کو مندمل کرتی ہے۔ اور بواسیر کے خون کو بھی بند کرتی ہے +

جواسا	خارشتر	جاج	سبز	قدرے تلخ اور تیز	ایک گھاس ہے ملک خراسان میں جس کے اوپر زنجبین جمتی ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	گردہ اور سر کو	گل نیلوفر اور کتیرا	سندروس	۲ ماشہ تک	بعض زہروں کا مارگ ہے۔ اور مواد کو پختہ بناتا ہے۔ سُدّہ کو کھولتا ہے۔ ادرار بول کے واسطے سود مند ہے۔ اس کا سرمہ آنکھ کے جالے کو نافع ہے۔ گٹھیا اور پرانے درد سر کو بہت مفید ہے +
جاپھل	جوزبوا	جوز الطیب	بھورا	قدرے تلخ	ایک درخت کا پھل ہے	درجہ دوم میں گرم اور سوم میں خشک	جگر پھیپھڑہ اور گرم مزاجوں کو	دھنیا شہد اور بنفشہ	بسباسہ وغیرہ	۹ ماشہ تک	مفرح ہے۔ ملطف ہے۔ قدرے منشی ہے اور حرارتِ غریزی کا محافظ ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے۔ معدہ اور فم معدہ و مری اور جگر کو طاقت دیتا ہے اور سرد مزاجوں کے لئے مقوی باہ ہے۔ جگر اور طحال کے ورم کو دور کرتا ہے۔ اور یرقان کا دافع ہے۔ اکثر سردی کے اورام کے لئے نافع ہے۔ اور گٹھیا کے لئے بھی سود مند ہے +
جرنجس	کاہ مکی	اذخر	زرد	تیز	ایک شہوا اور خوشبودار گھاس ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور خشک	دردِ سر پیدا کرتا ہے گرم مزاج کو مضر ہے	گلاب نیلوفر صندل وغیرہ	قسط زعفران چرائتہ	۲ ماشہ تک	محلل ریاح اور اورام ہے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ اور سدے کھولتا ہے۔ اور بیسدار خلطوں کو رقیق بناتا ہے۔ دردوں کا مسکن ہے۔ سرد بیماریوں۔ مثلاً فالج۔ لقوہ۔ تشنج۔ انیٹھس۔ استرخاء وغیرہ کو بھی مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ اور دانتوں کا محافظ ہے +
جامن	۰	اودا و سیاہ	۰	قدرے شیریں	ایک مشہور عام پھل ہے۔	درجہ دوم میں سرد سوم میں خشک	تفتح پیدا کرتا ہے دیر ہضم ہے	نمک وغیرہ	۰	۰	صفراوی دستوں کو بند کرتا ہے۔ جس کا مزاج گرم ہو اس کے معدہ و جگر کو طاقت دیتا ہے۔ جوشِ خون و صفرا کا دافع ہے۔ باہ اور بھوک کو بڑھاتا ہے۔ ہاضم ہے

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
جائی جوہی	یاسمن تری	ضیان	سفید	کسیلا و تلخ	چنبیلی کی طرح ایک پھول ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک بعض کے نزدیک سرد تر	سوزش لاتا ہے	روغن گل	دفلی	۰	امراض چشم کے لئے نافع ہے۔ منہ کے دانوں کے لئے اس کی کلی مفید ہے۔ اس کے عرق کا ضماد زخموں کے لئے نافع ہے۔ اس کا عطر دماغ کو بہت طاقت دیتا ہے +
جھربیر	کنار دشتی	غبیرا	سرخ	ترش	عناب کی طرح کا ایک جنگلی بیر مشہور ہے	درجہ اول میں سرد اور دوم میں خشک	قوت ہاضمہ کیلئے اور کھانسی پیدا کرتا ہے	شکر	بیر	۲۰ دانہ تک	مفرح ہے۔ دل اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ اس کا سفوف قابض ہے صفراوی قے اور دستوں کے لئے نہایت نافع ہے۔ اگر اس کے درخت کے چھلکے کا منجن بنا کر دانتوں میں لگایا جائے۔ تو دانتوں کو نہایت فائدہ دیتا ہے۔ اور قوی کرتا ہے +
جھینگا	۰	سمک الروبیاں	سفید بھورا	پھیکا	ایک قسم کی مچھلی ہے۔	معہ فضلہ درجہ اول میں سرد تر	معدہ اور آنتوں کو	گرم مصالحہ و روغن	مچھلی	۰	اکثر دماغی اعضا کے لئے طاقت دہ ہے۔ مقوی باہ ہے۔ مسمن بدن ہے۔ مقوی ہے۔ گرم مزاجوں کے معدہ اور جگر کی حرارت کے لئے تسکین دہ ہے +
جھاؤ	گز	طرفا ماثل	سبز مائل بسیاہی	تلخ	سرو کی مثل ایک قسم کا لمبا درخت ہے	درجہ اول میں سرد دوم میں خشک	سر کے لئے	شہد	گلنار	۷ ماشہ	قبض کرتی ہے۔ مادہ کو پختہ بناتی ہے۔ ریاح و اورام کی محلل ہے۔ جگر کا سدہ کھولتی ہے۔ اور جگر کے سخت ورم کو رفع کرتی ہے۔ اور اس کا خیساندہ مصفی خون ہے۔ اور خون کے جوش کو تسکین دیتا ہے +

جوبرہنہ	جوبرہنہ	شعیر العربیان	زردی مائل	پھیکا	ایک مشہور عام غلہ ہے۔	گرم اور خشک	نفخ لاتی ہے	سونف وغیرہ	۰	۰	اگر اس کو دودھ کے ساتھ کھایا جائے۔ تو گردہ کو مضبوط اور فربہ کرتا ہے۔ اگر اس کا حریرہ گھی کے ہمراہ کھایا جائے۔ تو گردہ و مثانہ کو پاک کر دیتا ہے۔ اور طاقت بخشتا ہے۔ اس کا لیپ محلل اورام ہے +
جوزالرور	جوزالرور	جوزالرور	بھورا	پھیکا کسی قدر تلخ	ایک قسم کے سرو کے پھل کو کہتے ہیں	درجہ دوم میں سرد اور خشک	مثانہ کے لئے مضر اور سدہ پیدا کرتا ہے	روغن بادام اور شہد	بیخ انار اور انزروت	۲ ماشہ	خون کو بند کرتا ہے۔ اور قابض ہے۔ معدہ۔ پٹھوں۔ جگر۔ طحال اور آنتوں کو طاقت بخشتا ہے۔ اور پسینہ کے ذریعہ رطوبات کو جذب کرتا ہے۔ اور ممسک ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے۔ نسیان کے لئے نافع ہے۔ اور منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے +
جوزگندم گل گندم	جوزگندم گل گندم	جوزجند و تخم الارض	سفید زردی مائل	پھیکا	ایک قسم کی رطوبت ہے جو میدانوں میں پتھروں کے اوپر پیدا ہوتی ہے اور خاک آلود ہو جاتی ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک	سدہ لاتی ہے	سکنجبین بزوری اور انار مینوش	۰	۲ ماشہ	مقوی باہ ہے۔ مسمن بدن ہے۔ پتھری کو توڑتی ہے۔ بھوک کو کم کرتی ہے اور مدر بول ہے۔ اور سیب کے پانی کے ہمراہ منہ سے خون آنے کو نافع ہے۔ اگر اس کا لیپ شہد کے ہمراہ گھسکر لگایا جائے۔ تو گنج کے لئے مفید ہے۔ اگر اس کو شہد میں ملا کر تھوڑا سا پانی ڈال کر دھوپ میں رکھدیں تو شراب سے زیادہ نشہ لاتی ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
جو	جو	شعیر	مائل بزردی	پھیکا	ایک قسم کا مشہور غلہ ہے	درجہ اول میں سرد اور خشک	سنانہ اور آنتوں کو مضر ہے	گرم مصلح اور روغن وغیرہ	۰	۰	خشکی پیدا کرتا ہے۔ قلیل الغذا ہے۔ اور قابض ہے۔ موادِ خام کو پختہ بناتا ہے اور جوشِ خون کو روکتا ہے۔ صفرا، پیاس اور گرمی کی حدت وتیزی کو دور کرتا ہے۔ ذات الجنب۔ سل۔ دق اور گرمی کے دردِ سر کو نافع ہے۔ مدر بول ہے۔ اور آشِ جو یعنی جو کا پانی نہایت ملطف ہے۔ اور اس کے اندر دوائیت اور غذائیت دونوں موجود ہیں ✤
جوتری	بزباز	ببباسہ	سُرخ مائل بزردی	تیز اور تلخ	جوز کے اوپر کے پوست کو کہتے ہیں	درجہ دوم میں گرم اور خشک	دردِ سر پیدا کرتی ہے	گلاب اور صندل وغیرہ	جائپھل ۱۱۲	۳ ماشہ	مفرح ہے۔ جگر اور معدہ کے لئے مقوی ہے۔ اور قوتِ باہ کو پیدا کرتی ہے۔ بالخصوص سرد مزاجوں کو۔ اور قوتِ ہاضمہ بڑھاتی ہے۔ محلل ریاح ہے اور سدوں کو کھولتی ہے۔ اور رطوبات کی جاذب ہے۔ آنتوں کے زخموں کو دور کرتی ہے۔ پرانے دستوں کو روکتی ہے۔ معدے پر مواد گرنے نہیں دیتی رحم کو طاقت دیتی ہے۔ آب گرم یا روغن بنفشہ کے ہمراہ دردِ سریکی کو دور کرتی ہے اور اس کا لیپ وردِ شقیقہ کو دور کرتا ہے۔ سنانہ کی پتھری کو توڑتی ہے

ردیف (چ)

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
چائے	چائے خطائی	شائی	سبز سیاہی مائل	قدرے تلخ	ایک قسم کی گھاس کے پتے ہیں	درجہ دوم میں گرم اور خشک	دمہ اور سل پیدا کرتی ہے اور خشکی و کھجلی لاتی ہے	بادیان خطائی اور شکر اور دودھ وغیرہ	آب شہد اور آب نخود وغیرہ	۳ ماشہ	سرد مزاج والوں کی قوتوں اور معدہ اور باہ کو قوت دیتی ہے۔ طبیعت میں فرحت ونشاط پیدا کرتی ہے۔ قوتِ باہ کو بڑھاتی ہے۔ ملطف ہے۔ اور لیسدار خلطوں کو چھانٹتی ہے۔ اور سدّوں کو کھولتی ہے۔ مادہ کو پختہ کرتی ہے۔ پسینہ لاتی ہے۔ بدن کے رنگ کو صاف کرتی اور نکھارتی ہے۔ خون کے جوش کو نفع دیتی ہے۔ ریاح اور ورموں کو تحلیل کرتی ہے اور قوتِ ہاضمہ کو بڑھاتی ہے +
چاکسو	چشمیرک	چشمیرج	سیاہ	کسی قدر تلخ کڑوا	مسور کی شکل کا ایک قسم کا دانہ ہے	درجہ دوم میں گرم خشک	گرم مزاج والوں کو مضر	کشنیز سبز	طوطیا	۲ ماشہ	قبض کرتا ہے۔ اور مجلّی ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ آنکھ کے جالے کے لئے بہت سودمند ہے۔ زخمِ ذکر کے لئے مفید ہے۔ آشوبِ چشم کو نافع ہے۔ لیکن اس کا کھانا بغیر بھلبھلائے کے جائز نہیں۔ آنکھوں کو چرک سے خوب صاف کرتا ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
چرس	شبنم بنگ	روح البنج	سیاہ	تلخ	مصنوعی بھی بنائی جاتی ہے اصلی بنگ کے پتوں پر شبنم جمتی ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	دل اور دماغ کو ضعیف بناتی ہے	گائے کا دودھ روغن وغیرہ	.	.	نشہ آور ہے۔ قوتِ امساک پیدا کرتی ہے۔ نہایت خشک ہوتی ہے۔ دردوں کو تحلیل کرتی ہے۔ بینائی کو تباہ کرتی ہے۔ ظاہری اور باطنی اعضاء اس سے مکدر ہو جاتے ہیں۔ منی کو خشک کر دیتی ہے۔ دماغ کو بہت ضرر پہنچاتی ہے۔ بعض لوگ بطور تمباکو حقہ میں پیتے ہیں +
چرونجی	نقل خواجہ	حب السمنہ	سفید اور سُرخ	پھیکا خوش ذائقہ	ایک کوہی پھل ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	ثقیل اور دیر ہضم	شہد اور سکنجبین	کنجد اور پستہ وغیرہ		بدن کو موٹا کرتی ہے۔ بلغمی مادہ کو دستوں کی راہ سے نکال دیتی ہے مُبہی ہے۔ مجلّی ہے۔ بشرہ کا رنگ صاف کرتی ہے۔ جوشِ خون اور پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ اگر اس کا حریرہ شکر اور بادام کے ساتھ پیا جائے تو قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے +
چربی	پیہ	شحم	سفید	چکنی اور پھیکی	حیوانات کے جسم کا ایک مشہور جزو ہے	درجہ اوّل میں گرم تر	فم معدہ کو مضر ہے	نمک اور مرچ سیاہ	روغن زیت	.	دردوں کو تحلیل کرتی ہے۔ دردوں کو تسکین دیتی ہے۔ اعضاء کو تری بخشتی ہے خصوصاً پٹھوں کو۔ اس کے کھانے بدن قوی اور طاقتور ہوتا ہے اور فربہ ہوتا ہے۔ ہر حیوان کی چربی اُسی حیوان ہی کی خاصیت رکھتی ہے۔ اور مختلف تاثیر رکھتی ہے +

چقندر	چقندر	سلق	سُرخ	قدرے شیریں	ایک مشہور عام ترکاری ہے	درجہ دوم میں گرم اور تر	پیچش پیدا کرتی ہے	گوشت اور مسور	شلجم وغیرہ	۰	محلل اورام ورياح ہے۔ طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ اور مادۂ بلغمیہ کو پکاتی ہے۔ ایک قسم کا منفیج ہے۔ قلیل الغذا ہے۔ درد گٹھیا اور رعشہ کے لئے بھی مفید ہے۔ پکی ہوئی محرکِ باہ ہے۔ معدہ اور قولنج کو مفید ہے ✣
چکوترہ	چکوترہ	۰	معتدل سرخ پوست زرد	چاشنی دار اور لذیذ	لیموں کے مشابہ ایک قسم کا پھل ہے۔	درجہ دوم میں سرد تر	سینہ کے لئے	قند وغیرہ	اناس	۰	بھوک لاتا ہے۔ معدہ کے لئے مقوی ہے۔ اس کا چھلکا عشی اور خفقان کو دور کرتا ہے۔ پتوں کو اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ اور بشرہ کے رنگ کو صاف کرتا ہے ✣
چرائتہ	ذنہاوندی	قصب الزیرہ	سبز	تلخ	ایک قسم کی گھاس ہے جو چھتہ دار نہیں ہوتی	گرم اور خشک	کمر گاہ کیلئے مفر	انیسون	صندل زعفران اور مسور	۸ ماشہ	ملطف طبیعت ہے۔ مدر بول ہے۔ محلل اورام ہے۔ مقوی دل اور جگر ہے۔ جلد ھر۔ درد سینہ اور درد رحم کے لئے از حد نافع ہے اکثر جلدی امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔ مصفی خون ہے۔ جگر اور معدہ کی ورموں کے لئے نہایت مفید ہے۔ اور جذام اور ترکھجلی کے لئے بہت سودمند ہے ✣
چاول مونگرا	برنج مونگرا	ارز مونجرا	سیاہ	پھیکا	چاول کے مشابہ ایک درخت کا پھل ہے۔	درجہ سوم میں گرم اور خشک	گرم مزاج والوں کو مفر	۰	۰	۰	مجلی ہے۔ مصفی خون ہے۔ دآد۔ جذام۔ وغیرہ کو نافع ہے۔ اس کا تیل بھی نہایت مفید ہے۔ سدے کو کھولتا ہے۔ اور اکثر امراض دموی اور سوداوی کو مفید ہے۔ تازہ استعمال کرنا چاہئے ✣

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
چنپیڈا	۔	۔	سبز اور سفید	قدرے تلخ	ایک ترکاری کی قسم کا پھل ہے۔	درجہ اول میں سرد ہے۔	معدہ کو اور سرد مزاج کو ضعف باہ ہی نفع لاتا ہے	گوشت اور گرم مصالح وغیرہ	پرول اور پلول		خشکی کو دُور کرتا ہے۔ بدن کی لاغری کو دفع کرتا ہے۔ ہاضم ہے۔ نہایت ہلکا ہے۔ صفراوی مزاجوں کو نہایت نافع ہے۔ بھوک کو بڑھاتا ہے۔ اس کی جڑ دست آور ہے۔ آتشک اور سُرخ باد کے لئے نہایت مفید ہے اس کے بیج قے لاتے ہیں۔ اور پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ غذا میں بہت مستعمل ہے۔ اور بکثرت کھایا جاتا ہے +
چاندی	سیم	فضہ	چمکدار سفید	کیلا	ایک مشہور معدنی شے ہے۔	درجہ اوّل میں سرد اور خشک	شانہ اور آنتوں کو	شہد اور کتیرا	فیروزہ	۲ ماشہ	دل اور معدہ کے لئے مقوی ہے۔ قوتِ حیوانی کی نگہبانی کرتی ہے۔ منی گوشت۔ مغز اور ہڈی کو طاقت دینی ہے اور حد سے زیادہ بلغمیت اور فرہی کی اصلاح کرتی ہے۔ اس کا کشتہ اکثر اعضا کے لئے مقوی ہے پارے کے ساتھ حل کی ہوئی بواسیر کو مفید ہے +
چاول	برنج	ارز	سُرخ اور سفید	پھیکا	ایک مشہور عام غلّہ ہے۔	درجہ اوّل میں سرد اور بعض کے نزدیک گرم و خشک	قوتِ بخ پیدا کرتا ہے	شکر دودھ اور روغن	آردِ جو	حسب مقدار	اخلاط صالح پیدا کرتے ہیں۔ اور پیاس کو دفع کرتے ہیں۔ بدن کو موٹا کرتے ہیں۔ اور منی کو پیدا کرتے ہیں۔ امراض گردہ و شانہ و پیچش اور آنتوں کے زخموں کو اور خونی دستوں کو روکتے ہیں +

چکنی ڈلی	پوپل	فوفل	سفید سُرخ	کسیلی	ایک مشہور پھل ہے۔	درجہ دوم میں خشک	پھیپھڑے کو مضر ہے	صمغ عربی	۰	۶ ماشہ	قابض ہے۔ مدر بول اور حیض ہے۔ مواد کو پختہ بناتی ہے۔ دل۔ معدہ اور پٹھوں کو طاقت دیتی ہے۔ بلغم کو چھانٹتی ہے۔ اور دست لاتی ہے گرم ورموں کو تحلیل کرتی ہے +
چلغوزہ	چلغوزہ	۰	مغز سفید پوست سُرخ	خوش ذائقہ	ایک مشہور پھل ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور تر	دیر ہضم	ترش میوہ اور سکنجبین	شقاقل اور بادام وغیرہ	۹ ماشہ	مسہل ہے۔ بھوک کو زیادہ کرتا ہے۔ پٹھوں اور دل کو طاقت دیتا ہے پھیپھڑے۔ معدے۔ مثانہ اور گردہ کو نہایت مفید ہے۔ مادہ کو پختہ کرتا ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے۔ اور ریاح کو توڑتا ہے۔ شہد کے ہمراہ پرانی کھانسی کو دور کرتا ہے +
چکدانہ	۰	۰	بھورا	پھیکا قدرے تلخ	حب بلسان کے مشابہ ایک بیج ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	۰	۰	۰		قولنج کے لئے نافع ہے۔ بچوں کو دست لاتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے +
چندن لال	صندل سُرخ	صندل احمر	سُرخ	قدرے تلخ اور خوشبودار	مشہور عام ہے۔	درجہ دوم میں سرد سوم میں خشک	خارش پیدا کرتا ہے	سرکہ اور روغن گل	صندل سفید	۴ ماشہ	خفقان کو دور کرتا ہے۔ خونی دستوں اور بخاروں کو دفع کرتا ہے۔ اور صندل سُرخ کا ضماد بہ نسبت صندل سفید زیادہ قوی ہوتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ مواد کو پختہ کرتا ہے۔ سوزش کو دور کرتا ہے۔ اور حرارت کو تسکین دیتا ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
پنددی	مند	.	سُرخ اور زرد	پھیکا قدرے تلخ	ایک معدنی شے ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور خشک	گُردہ کو مُضر ہے	صمغ عربی وغیرہ	کہربائے شمعی	۳ ماشہ	تمام اعضائے دماغیہ اور کُل اعضاء کی رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ اور تمام باطنی اور ظاہری اعضاء کے خون کو بند کرتا ہے۔ آنتوں اور معدہ کی بلغم کو چھانٹ دیتا ہے۔ اور پیٹ کے کیڑوں کو قتل کرتا ہے۔ اس کی دھونی بواسیر کو فائدہ دیتی ہے۔ اس کا منجن دانتوں اور مسوڑھوں کو تقویت دیتا ہے ✦
چنا		حمص	زرد اور سُرخ	پھیکا اور سوندھا	ایک مشہور عام غلّہ ہے	درجہ اوّل میں خشک	شاک کیلئے مضر ہے نفخ پیدا کرتا ہے	گلقند خشخاش بکنجبین وغیرہ	لوبیا اور باقلا	.	بدن کو مادۂ ردیہ سے پاک وصاف کرتا ہے۔ جگر۔ طحال۔ اور گُردہ کے سدّوں کو کھولتا ہے۔ بیّن طبع ہے۔ حرارتِ اصلیہ کو قوّت دیتا ہے خلط صالح پیدا کرتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ مبہی ہے۔ اس کو بھگو کر اس کا پانی پینا نہایت مفید ہے ✦
چنا بٹا رس بھری	.	.	سبز اور زرد	چاشنی دار	ایک خاص قسم کا پھل ہے جو ایک خلاف کے اندر ہوتا ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	دماغ اور پھیپھڑہ کو	سکنجبین وغیرہ	جھربیری	.	اکثر امراض سوداویہ وصفراویہ کو نافع ہے۔ مفرّح ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ اور اپنے تمام افعال میں مکو کی طرح ہے۔ اور مادۂ بلغم کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے ✦

چنار	چنار	ذلب	لکڑی جوہردار اور پشتبر ہوتے ہیں	تلخ	ایک بڑا درخت ہے جو سرد ملکوں میں ہوتا ہے	لکڑی درجہ اوّل میں سرد تر اور چھال سرد خشک	آواز اور حواس کو	دار چینی نخود دودھ تارہ	چھلکا انار	.	اگر اس کے تازہ پھل کا جوشاندہ بنا کر پیا جائے - تو زہردار جانوروں کی سمیت کو دور کرتا ہے - اور اس کی جلی ہوئی چھال کا ضماد جلاکرتا ہے - اور خشکی لاتا ہے اور برص یعنی داغہائے سفید کو بھی مفید ہے - اس کی چھال کو سرکہ میں جوش دیکر کلی کرنے سے دانتوں کی درد دُور ہو جاتی ہے *
چنبک	سنگ آہن ربا	حجر مقناطیس	سیاہ	بہمزہ	ایک قسم کا پتھر ہے جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لاتا ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک	سینہ کو مضر ہے	لب السوس	کف دریا	۵ ماشہ	یہ لقوہ - فالج - عرق النساء اور گٹھیا کے لئے نافع ہے - جلا کرتا ہے - اس کا پینا جگر اور طحال کیلئے مفید ہے - اور مثانہ اور گردہ کی پتھری کو توڑتا ہے - اس کی پسی ہوئی چٹکی اگر زخم پر چھڑک دیں تو خون بند ہو جاتا ہے اور زخم صاف ہو کر مندمل ہو جاتا ہے - اس کا زیادہ استعمال قریب بسم ہے *
چنبیلی	.	یاسمن	پتی سبز پھول سفید	خوشبودار قدرے تلخ اور بدمزہ ہوتا ہے	ایک مشہور خوشبودار پھول ہے -	درجہ سوم میں گرم اور خشک اور بعض نے تیسرے درجہ تک لکھا ہے	گرم مزاج والوں کو در دسر پیدا کرتا ہے	گلسرخ اور بنفشہ اور سرکہ خالص	سوسن اور نرگس	ساڑھے دس ماشہ تک	مفرح طبیعت ہے - سدّوں اور مسامات کو کھولتی ہے - بدن کو فربہ اور موٹا کرتی ہے - اس کا پینا مادّہ سوداویہ اور بلغمیہ کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے اور سیاح مغلظ کو تحلیل کرتا ہے - فالج - لقوہ - گٹھیا اور خدر کو نہایت مفید ہے - مدبّر ہے - اور محرک باہ ہے - اس کی خوشبو دماغ کو طاقت دیتی ہے - لیکن بالوں کو سفید کرتی ہے - اس کا جوشاندہ سے کلی کرنا دانتوں کی درد کو دور کرتا ہے اور منہ آنے کو مفید ہے - اور اس کا پینا ہر قسم کے زہر کو دُور کرتا ہے *

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال و خواص
چندن سفید	صندل سفید	صندل ابیض	سفید	قدرے تلخ اور خوشبودار	ایک مشہور درخت ہے	درجہ دوم میں سرد اور خشک	باہ کو کم کرتا ہے	مصری اور شہد	صندل سرخ	۴ ماشہ	طبیعت میں فرحت پیدا کرتا ہے۔ دل اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور سوداد کو پختہ کرتا ہے۔ قابض ہے۔ دموں کو تحلیل کرتا ہے۔ مصفی خون ہے، سوزش معدہ اور خفقان کو نافع ہے۔ اس کا سونگھنا مفرّاتِ دماغی کو نافع ہے۔ اس کو گھس کر لیپ کرنا دردِ سر کو نافع ہے ✦
چنپا	فاخرہ	فاغرہ	زرد	تیز بو	ایک مشہور عام پھول ہے۔	درجہ اوّل میں گرم اور خشک	بھوک بند کرتا ہے	.	.	.	اس کا سونگھنا سرد مزاج والوں کے دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور اس کا کھانا اکثر امراض سوداوی ریاحی اور بلغمی کے لئے نافع ہے الا بھوک کو بند کرتا ہے ✦
چوب چینی	چوب چینی	خشت القینی	گلابی	تیز اور تلخ	ایک کوہی درخت کی جڑ ہے۔	مائل بحرارت ہے	گرم مزاج والوں کو مضر ہے	انار	عشبہ مغربی	۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک	ملطف ہے۔ فضلات رویہ کو تحلیل کرتی ہے۔ اور سدّوں کو کھولتی ہے خون کو صاف کرتی ہے۔ حرارتِ غریزی اور ارواح اصلیہ کو طاقت دیتی ہے اور رطوباتِ رویہ کو خشک کرتی ہے۔ نافع۔ لقوہ اور اکثر دماغی امراض کو اور اعصابی امراض کو بہت نافع ہے۔ مدر بول اور حیض ہے۔ اور پسینہ لاتی ہے۔ اعضائے رئیسہ اور باہ کی مقوی ہے۔ اور نیند لاتی ہے

چوب بلسان	چوب بلسان	عود بلسان	سفید مائل بزردی	تلخ اور تیز ہے	ایک خوشبودار لکڑی ہے	درجہ سوم میں گرم و خشک	آنتوں کو مضر ہے	تبسلوچن اور کتیرا	حب بلسان	۲ ماشہ	قویٰ کو قوت دیتی ہے۔ اور سدوں کو کھولتی ہے۔ دماغی رطوبات کو چھانٹتی ہے۔ دھانس۔ دمہ اور معدہ اور جگر کی سردی کو نافع ہے۔ اور اکثر زہروں کی مارک ہے +
چوک	.	.	مائل بسیاہی	نہایت ترش	ایک پہاڑی پھل کا رُب ہے	درجہ اوّل میں سرد اور خشک	اعصاب کو مضر ہے	قند	لیموں	۳ ماشہ	مقوی معدہ ہے۔ پتوں اور خونی سوزش کو دفع کرتا ہے۔ پیٹ کے نفخ کو مفید ہے۔ ہاضم ہے۔ کھجلی۔ جذام اور اکثر جلدی مرضوں کو مفید ہے۔ جمالگوٹہ کے زہریلے اثر کو دور کرتا ہے +
چوکے کا ساگ	ترہ خراسانی	بقلۂ حامضہ	سبز	ترش	اس کو گھٹی پالک بھی کہا گیا ہے	درجہ اوّل میں سرد و خشک	اعصاب کو اور سرد مزاجوں کو	شربت انار اور شہد	انار اور زرشک	.	جگر کو طاقت دیتا ہے۔ اور طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ گرم مزاج والوں کے سینہ کی سوزش کو دفع کرتا ہے۔ بھوک لاتا ہے۔ اور گرم ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ ہاضم ہے اور اسہال کو بند کرتا ہے +
چوکے کے بیج	تخم ترشہ	بزر حامض	مائل بسرخی	ترش	مشہور عام ہے	درجہ دوم میں سرد اور خشک	گردہ اور طحال کو مضر ہے	قند اور سونف وغیرہ	تخم بارتنگ	۵ ماشہ	قے۔ یرقان۔ دل۔ معدہ اور جگر کی اکثر بیماریوں کے لئے نافع ہے۔ اور صفراوی اور خونی دستوں کے لئے از حد مفید ہے۔ مصفیٔ خون ہے۔ بوجہ اپنی تریاقیت کے بچھو کے زہر کا دافع ہے۔ کڑوے پتوں کو چھانٹتا ہے۔ اس کی جڑ خونی دستوں اور سیلان رحم کے لئے از حد مفید ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
چونہ	آہک	نورہ اور کلس	سفید	پھیکا تیز	مشہور ہے	درجہ چہارم میں گرم اور خشک	قاتل ہے گوشت کو کھا جاتا ہے	روغن بادام	ہڑتال	یک ماشہ	خون جاری کو بند کرتا ہے۔ اس کا ضماد مقعد پر کیا جائے۔ تو دستوں کو بند کرتا ہے۔ اگر کوئی عضو آگ سے جل جائے تو اسکا ضماد نہایت فائدہ مند ہے
چونک کی پتی	۔	۔	سبز	ترشی مائل	ایک گھاس ہے جسکی پتی چونک کے مشابہ ہوتی ہے	درجہ دوم میں سرد خشک	اعصاب کو مضر ہے	قند اور شکر	۔	۔	پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ قے کو دفع کرتی ہے۔ حیض اور دستوں کو بند کرتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ آتشک اور سوزاک کے لئے بھی بہت سود مند ہے +
چھاچھ	دوغ	مخیض	سفید	ترش	دہی کو بلویا ہوا ہوتا ہے +	درجہ دوم میں سرد اور تر	مرکب بخاروں کو مضر	سکنجبین بزوری وغیرہ	دہی	بقدر ضرورت	پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ اور خلط خام پیدا کرتی ہے۔ بدن کو موٹا کرتی ہے۔ قوت باہ کو حرکت میں لاتی ہے۔ گرم مزاجوں کی باہ کو زیادہ کرتی ہے۔ اس کی کلی منہ کے جوش کو نافع ہے +
چوب حیات	چوب حیات	خشت الحیات	بھورا	تلخ	ایک قسم کی لکڑی ہے جو ہندوستان میں ہوتی ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	۔	۔	۔	۔	مسامات اذر سدوں کو کھولنے والی ہے۔ محلل اورام ہے۔ درد کو ٹھہراتی ہے۔ اکثر زہروں کی مارگ ہے۔ ہیضہ اور رطوبتی دستوں کو اور ریاح باطنی کے لئے مفید ہے۔ قبض کرتی ہے +

چولائی کاساگ	سفید مرز	بقلۂ یمانیہ	سبز	کسی قدر تلخ	ایک مشہور عام ساگ ہے۔	درجہ دوم میں سرد تر +	دیر ہضم سر مزاج کو مضر	جوارش گرم	خرفہ	۔	بدن کو تری بخشتا ہے۔ طبیعت کو نرم بناتا ہے۔ قلیل الغذا ہے۔ گرمی کو دور کرتا ہے۔ خلط صالح پیدا کرتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔ گرمی کی کھانسی کو از حد مفید ہے۔ مدر بول ہے +
چینا ارزن	دخن	مائل بسرخی	پھیکا	ایک مشہور غلہ ہے۔	درجہ دوم میں سرد خشک	سدہ پیدا کرتا ہے	دودھ گھی اور قند	کاکن اور برنج	۔		مدر بول ہے۔ قعر معدہ میں بہت دیر سے نافذ ہوتا ہے۔ اس کا سینک ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ نفخ پیدا کرتا ہے۔ قلیل الغذا ہے۔ خشکی کرتا ہے سینہ کو نرم کرتا ہے۔ اور منی کو بڑھاتا ہے +
چھڑیلا دوالی	اشنہ	بھورا	خوشبودار قدرے تلخ	ایک شے ہے جو رسی کی طرح درختوں پر اگتی ہے اور بکثرت بکتی ہے	قوت قابضہ کے ساتھ معتدل ہے	اعضائے شکمی اور آنتوں کو مضر	انیسون	قرداماتا اور سنبل وغیرہ	ساڑھے دس ماشے		محلل اورام و ریاح ہے۔ اور روح کے جوہر کے موافق ہے۔ اور اس کو طاقت پہنچاتا ہے۔ قابض ہے۔ خفقان۔ مرگی۔ قے۔ مسلی دردِ جگر۔ امراضِ جگر اور رحم کے لئے نافع ہے۔ مقوی معدہ ہے حیض کو جاری کرتا ہے۔ قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ مثانے اور گردے کی پتھری کو توڑ کر باہر نکال دیتا ہے +
چینا	بیخ برندہ	شیطرنج ہندی	پھول سرخ اور پتے سبز	تلخ اور تیز ہوتا ہے	ایک گھاس ہے جو ویرانوں میں پیدا ہوتی ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک	جگر اور پھیپھڑے کو مضر	مصطگی گلسرخ صمغ عربی	مجیٹھ اور نرکچور	۔	ہاضم ہے۔ جلا کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ اور اخلاط مغلظ کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے۔ محرکِ باہ ہے۔ اس کا لیپ سفید داغوں کو مفید ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
چھوہارا کھجور	خرما	تمر	سرخ	شیریں اور	ایک مشہور میوہ ہے	درجہ دوم میں گرم خشک	گرمی پیدا کرتا ہے دردِ سر لاتا ہے	بادام اور آبِ انار	کشمش اور مویز منقی	۰	کثیر الغذا ہے۔ خونِ صالح پیدا کرتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ کمر اور گردہ کو طاقت دیتا ہے۔ لقوہ اور فالج کو نافع ہے پتھری توڑتا ہے۔ سینہ اور پھیپھڑے کے موافق ہے ✤

ردیف (ح)

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
حاشا	۰	۰	سبز سیاہی مائل	تیز	ایک قسم کا پہاڑی پودینہ ہے	درجہ دوم میں گرم و خشک	پھیپھڑے کو مضر ہے	بنسلوچن وغیرہ	افتیموں	۶ ماشہ	محللِ اورام ہے۔ مسامات اور سدّوں کو کھولتا ہے۔ باہ کو کم کرتا ہے گرمی پیدا کرتا ہے۔ مدرِ حیض و پیشاب ہے۔ اور مادۂ بلغمیہ کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے۔ اور خون کو صاف کرتا ہے ✤
حب الزلم	حب الزلم	حب الزلم	اندر سے سفید باہر سے زرد	چکنا لذیذ اور شیریں	ایک دانہ ہے جو چنے سے بڑا ہوتا ہے۔	گرم درجہ دوم میں اور سرد درجہ اول میں	حلق کو مضر ہے سل پیدا کرتا ہے	گلقند اور بنفشہ	خشخاش اور شقاقل	۰	قوتِ باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ جگر کو طاقت دیتا ہے۔ امراضِ سوداویہ کو مفید ہے۔ کھانسی اور سینہ کی کھرکھراہٹ کو مفید ہے۔ پیشاب کی سوزش کو شربا سود مند ہے ✤

حب الصنوبر	حب الصنوبر	مائل بزردی	چکنا اور لذیذ	بادام کی طرح کا ایک بیج ہے	درجہ دوم میں گرم اور اوّل میں تر	گرم مزاج والوں کو مضر	ترش میوہ	شقاقل وغیرہ	۷ ماشہ	مبہی ہے۔ ہضم ہے۔ مقوی اعصاب ہے۔ اکثر اعضاء کے لئے طاقت دہ ہے۔ سدّوں کو کھولتا ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ اور خدر وغیرہ اور گٹھیا کیلئے نافع ہے۔ جگر کی اکثر بیماریوں میں مفید ہے ✦
حرام مغز	حرام مغز	سفید	پھیکا چکنا	ایک جزو بدن کے جو پشت کی گریوں کے اندر ہوتی ہے	درجۂ اوّل میں گرم تر	۰	۰	موم مغز ساق	۰	اس کا تیل محلل سختی ہے۔ اس کا ضماد زخموں کو صاف کرتا ہے۔ اس کی چکنائی پھٹے ہوئے ہونٹوں کے لئے مفید ہے۔ جو اعضاء خشک ہو گئے ہوں ان کو تری بخشتا ہے۔ اگر اس میں آٹا گوندھکر روٹی پکا کر کھائی جائے تو تمام اعضاء کے لئے مقوی ہے ✦
حسن یوسف	حسن یوسف	سفید	تیز اور بدمزہ	خشخاش سے چھوٹا ایک دانہ ہے	درجہ چہارم میں گرم اور خشک	نفے اور کرب لاتا ہے	تازہ دودھ روغن بادام	چھدکا اسبغول	۳ ماشہ	نہایت تند اور تیز ہوتا ہے۔ اور فربیون سے زیادہ قوی ہے۔ اور سخت نفے آور ہوتا ہے۔ مجلّی ہے۔ رخساروں کی رنگت کو صاف اور روشن کرتا ہے۔ اور چہرے کو سُرخ کر دیتا ہے۔ چیچک اور کھجلی کے داغ مٹا دیتا ہے۔ اس کا کھانا زہر قاتل ہے۔ البتہ طلاء جائز الاستعمال ہے
حماما	حماما	پھول اور پتے سبز	خوشبودار اور تیز	ایک قسم کی گھاس ہوتی ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	معدہ کیلئے مضر	کرنس	اسارون	۵ ماشہ	اس کا ضماد ماتھے پر کرنا سر کی درد کو دور کرتا ہے۔ اور گرم اور ام کا محلل ہے اور مادۂ خام کو پختہ بناتا ہے۔ جگر کو طاقت دیتا ہے۔ رحم اور نقرس اور جگر کی ورم کو نافع ہے ✦

ردیف (خ)

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
خربوزہ	خربزہ	بطیخ	سبز مائل بزردی	پھیکا شیریں	ایک مشہور پھل ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور تر	خلط غالب کو زیادہ کرتا ہے	شہد اور بنفشہ	پھوٹ	۰	ملطف ومجلی ہے۔ رگوں میں جلدی اُترتا ہے۔ تری پیدا کرتا ہے۔ سمین بدن ہے۔ سدّوں کو کھولتا ہے۔ گُردہ کا مُصلح ہے۔ مدر بول ہے۔ دودھ کو زیادہ کرتا ہے۔ جلدھر اور یرقان کو نافع ہے۔ پتھری کو نکالتا ہے۔ نہار منہ کھانا صفراوی بیماریوں کو پیدا کرتا ہے ٭
خایہ آش دوبلاؤ	آش پچگاں	جند بیدستر	سُرخ اور زرد	خوشبودار پھیکا	ایک دریائی جانور کے خصیہ ہیں	گرم درجہ سوم میں اور خشک دوم میں	۰	شربت بنفشہ	قلفل دار	۳ ماشہ	محلّل اورام ورياح ہے۔ سدّوں کو کھولتا ہے۔ حرارتِ غریزی کا محرک ہے۔ قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ اعصابی بیماریوں کو نافع ہے۔ مدر بول و حیض ہے۔ اور مقوّیِ رحم ہے ٭
خربوزہ کے بیج	تخم خربزہ	بزر البطیخ	سفید	خوش ذائقہ اور پھیکا	خربوزہ ایک عام اور مشہور پھل ہے جسکے یہ بیج ہیں	درجہ دوم میں گرم اوّل میں تر	شکمی اعضا اور طحال کو	بنفشہ اور شہد	چلغوزہ	۹ ماشہ	مدرِ بول ہے۔ جگر کے سدّوں کو کھولتا ہے۔ گُردہ مثانہ اور آنتوں کو پاک کرتا ہے۔ پیشاب کی چنک کو دُور کرتا ہے۔ منی اور دُودھ کو زیادہ کرتا ہے۔ اور قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے ٭

خرفہ کا ساگ	تخمہ خرفہ	بقلۃ الحمقاء	سبز	قدرے ترش	ایک قسم کا ساگ ہے مشہور عام ہے۔	درجہ سوم میں سرد اور دوم میں تر	نابینائی پیدا کرتا ہے	گوشت اور مصطگی	کاہو وغیرہ	۵ تولہ	خون اور صفرا کی حدت اور تیزی کو تسکین دیتا ہے۔ معدہ اور جگر کی سوزش کو نافع ہے۔ حدتِ مثانہ اور پیشاب کی چنک کو از حد مفید ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔ جلا کرتا ہے ✦
خرفہ کے بیج	تخم خرفہ	بزر الحمقاء	سیاہ	پھیکا	مشہور ہے	درجہ سوم میں سرد اور دوم میں تر	طحال یاہ اور ورم معدہ کو	قند	اسپغول تخم کدو شیریں	۹ ماشہ	صفراوی بخار اور گرمی کے بخار کو نہایت نافع ہے پیاس کو بجھاتا ہے گرمی کے درد سر اور گرمیٔ معدہ کو دور کرتا ہے۔ رحم اور جگر کی گرمی کو بھی دور کرتا ہے۔ ذیابیطس کے لئے بھی نہایت مفید ہے ✦
خس	ریشہ خسخانہ	۰	زرد مائل بسرخی	قدرے تلخ اور خوشبودار	باریک سی ایک قسم کی گھاس ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور خشک اور بعض کے نزدیک سرد	۰	۰	۰	۴ ماشہ	مفرح ہے۔ معدہ دل۔ دماغ اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ سیلان منی اور سرعتِ انزال کو فائدہ پہنچاتی ہے۔ اس کو پانی میں بھگو کر سونگھنا مفرح دماغ ہے۔ اس کا ضماد دانتوں کے لئے نافع ہے۔ جوشِ خون اور سوزش کو دفع کرتی ہے۔ اس کا عطر دل اور دماغ کیلئے مفرح ہے
خطمی	تخم خطمی	بزر الخطمی	سیاہ	پھیکا	مشہور خاص و عام ہے۔	درجہ اول میں سرد اور تر ہے	معدہ اور پھیپھڑہ کو	سونف اور شہد وغیرہ	خبازی اور نیلوفر	۷ ماشہ	محلل اورام ہے۔ مادہ کو پختہ کرتی ہے۔ اعضا کو ڈھیلا کرتی ہے۔ طبیعت کو نرم بناتی ہے۔ اور درد کو تسکین دیتی ہے۔ گرم کھانسی اور ذات الریہ اور ذات الجنب کو نافع ہے۔ اس کے پتے پستان اور مقعد کے اورام کو تحلیل کرتے ہیں ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار شربت	افعال و خواص
خطمی کے پھول	گُل خطمی	ورد الزقی	اودا	قدرے تلخ	مشہور ہے	درجہ اوّل میں سرد اور تر	معدہ کو مضر ہے	شہد	خاکسی	۰	درموں کو تحلیل کرتے ہیں اور مادہ کو پکاتے ہیں۔ سر کی درد کو فائدہ دیتے ہیں۔ پاشویہ میں اس کا شریک کرنا دماغ کی طرف ابخرات چڑھنے نہیں دیتا۔ پیچش۔ قولنج۔ اور امعاء کے سدّوں اور زخموں کے لئے مفید ہیں *
خبازی	خبازی	خبازی	جڑ زرد پتے سبز پھول اور بیج بھورے	پتے تلخ بیج پھول اور جڑ پھیکی	خطمی کے مشابہ ایک گھاس ہے	درجہ اوّل میں سرد اور تر	معدہ کو اور سرد مزاجوں کو	ترشی	خطمی	۹ ماشہ	جگر کا سدّہ کھولتی ہے۔ اس کا جوشاندہ کھانسی اور آواز کی تنگی کو نافع ہے درم طحال اور یرقان کو دور کرتی ہے۔ خشک کھجلی اور انتڑیوں کے زخموں کے لئے بھی نافع ہے۔ مثانہ کے زخموں اور پیشاب کی سوزش اور پیچش کے ازحد مفید ہے *
خطمی کی جڑ	ریشہ خطمی	اصل الخطمی	بھورا	پھیکا	مشہور ہے	درجہ اوّل میں سرد تر	معدہ کو	سونف	خبازی	۹ ماشہ تک	پیچش اور مروڑوں کو فائدہ دیتی ہے۔ طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ سوزش پیشاب۔ صفراوی سہال اور گرم کھانسی کو مفید ہے۔ آنتوں کی خراش اور سوزش کو بھی نفع پہنچاتی ہے
خوب کلاں	خاکسی	حبہ	بھورا مائل بزردی	پھیکا	خشخاش کے دانہ کے برابر ایک مشہور عام دانہ ہے	درجہ دوم میں گرم اور اوّل میں تر	دردِ سر پیدا کرتا ہے	کتیرا	تودری	۱ ماشہ تک	قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ بھوک کو زیادہ کرتا ہے۔ ریاح اور درموں کو تحلیل کرتا ہے معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ قوتِ ہاضمہ کو مضبوط کرتا ہے۔ کھسرہ اور چیچک کے لئے مفید ہے۔ مسامات کو کھولتا ہے۔ دودھ کے ہمراہ مسمن بدن ہے *

خوبانی	زرد آلو	شمش	زرد	شیریں	آلو بخارا کے شاخ ایک پھل ہے	درجہ دوم میں گرم اور تر ہے	نفخ پیدا کرتا ہے	شکر اور بکنجبین	آڑو	۰		صفراء کو دستوں کی راہ سے باہر نکالتا ہے۔ جوشِ خون اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ خونی اور صفراوی بخارات کو فائدہ دیتا ہے۔ اس کی گری پیٹ کے کیڑے مارتی ہے۔ نافع بواسیر ہے۔ اور اعضاء کو طاقت دیتی ہے ٭
خشخاش سفید	خشخاش سفید	بزر الخشخاش	سفید	قدرے شیریں	خاکسی کے برابر پوست کا دانہ ہے۔	درجہ دوم میں سرد اول میں تر	سرد مزاج اور پھیپھڑہ کو مضر	شہد اور شکر وغیرہ	تخم کاہو	۱۱ ماشہ تک		مواد رقیقہ کو بخیتہ کرتی ہے۔ اعضاء کو سُست اور شل بناتی ہے صفراوی مادہ کو پکاتی ہے۔ قابض ہے۔ حلق اور سینہ کی خشکی کو رفع کرتی ہے ضعفِ جگر اور تپِ دق کے لئے مفید ہے۔ مُسہل ہے مگر کثرت سے استعمال کرنا قاطع باہ ہے ٭
خشخاش سیاہ	خشخاش سیاہ	بزر الخشخاش البری	سیاہ	قدرے تلخ	مشہور عام ہے	درجہ دوم میں سرد اور تر	دماغ کیلئے مضر	سونف	تخم کاہو	۵ ماشہ		سیلان الرحم اور جگر کی گرمی کے لئے نافع ہے۔ پرانے دستوں کو بند کرتی ہے۔ سینہ کو صاف کرتی ہے۔ اس کی جڑ کا جوشاندہ عرق النساء کے لئے مفید ہے۔ سفید کی نسبت زیادہ قوی ہے ٭

ردیف (د)

دار چینی	دار چینی	دار صینی	مائل بسُرخی	شیریں اور تیز	ایک شہتوت لکڑی کے چھلکے ہیں	درجہ دوم میں گرم اور خشک	درد سر پیدا کرنے کا شانہ کو مضر	مصطگی اور کتیرا	بخ اور کبابہ	۷ ماشہ تک		ملطف روح ہے۔ سدوں کو کھولتی ہے۔ مفرح ہے۔ قوی اور روح کی محافظ ہے۔ محلل ریاح ہے۔ مدر بول و حیض ہے۔ خفقان جملہ امراض اور جنون کو نافع ہے۔ اس کا تیل اور ام سر دکیلئے از حد مفید ہے

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدارِ شربت	افعال وخواص
دربہ	۔	۔	زرد	پھیکا	ایک قسم کی گھاس کا تنکا ہے	سرد	۔	۔	۔	۔	فسادِ بلغم وخون، صفراء کو دفع کرتا ہے۔ دردشانہ اور پتھری کے لیے نافع ہے۔ امراضِ مقعد کے لیے بے حد مفید ہے۔ اور تکلیف کے ساتھ بار بار پیشاب آنے کو مفید ہے *
دودھ اونٹنی کا	شیر مادہ شتر	اللقاح	سفید مائل بسیاہی	قدرے شور	مشہور عام ہے	گرم مائل بہ خشکی	پیاس پیدا کرتا ہے دیر سے ہضم ہوتا ہے	شکر	گائے کا دودھ	ایک پاؤ بھر	مجلّی ہے۔ مادہ کے قوام کو اعتدال پر لاتا ہے۔ آنکھوں میں لگانا مقوی بصر ہے جسم کو موٹا کرتا ہے۔ سُدّوں کو کھولتا ہے۔ اورام باطنیہ کو تحلیل کرتا ہے۔ شکّر کے ہمراہ کھانسی اور دمہ کو بہت مفید ہے۔ قے کو روکتا ہے۔ جگر کی پیوست کو نافع ہے *
دودھ بھینس کا	شیر گاومیش	لبن الجاموس	سفید	قدرے شیریں	مشہور عام اور کثیر الاستعمال ہے	رطوبت اور غلظت کے ہمراہ معتدل ہے	ثقیل اور دیر ہضم ہے	شکر وغیرہ	دودھ گائے کا	ایک پاؤ کے قریب	مسمن بدن ہے۔ تمام اعضا کو طاقت بخشتا ہے۔ خون بافراط پیدا کرتا ہے اور بدن کی خلطِ غالب کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اگر دودھ کو جوش دیتے وقت کنگھی کی لکڑی سے ہلاتے رہیں یا کچھ تھوڑی سی لکڑی جوش کے وقت ڈال دیں تو مرض بواسیر کو فائدہ دیتا ہے۔ عام طور پر بھینس کا دودھ گائے کے دودھ سے غلظت میں زیادہ ہے۔ اور دیر سے ہضم ہوتا ہے *

درونج	درونج	درونج عقربی	قدرے بھورا	کسی قدر تلخ	بچھو کی شکل کی ایک جڑ ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	دردِ سر پیدا کرتی ہے گرم مزاج کو مضر	بسباسہ اور سونف	لونگ اور نرکچور	۶ ماشہ تک	غلیظ بلغم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ اور دل کے حواس کو تقویت دیتی ہے اور شکر کے ہمراہ بلغمی دردِ سینہ اور دردِ سر کو مفید ہے۔ اور اکثر امراضِ بلغمیہ اور سوداویہ کو نفع دیتی ہے۔ سدّوں کو کھولتی ہے۔ قیامِ حمل کی محافظ ہے۔ سانپ اور بچھو کے زہر کو دور کرتی ہے ✦
دودھ بکری کا	شیر بُز	لبن الماعز	سفید	قدرے شیریں	مشہور عام ہے	سرد تر مائل بحرارت خفیفہ	نفاخ ہے سرد مزاج والوں کو مضر	سونف اور شہد	گائے کا دودھ	ایک پاؤ بھر	ملطف ہے۔ مجلّی ہے۔ منہ سے خون بہنے۔ کھانسی۔ سل۔ زخم۔ پھیپھڑوں۔ خراشِ حلق۔ زخم مثانہ۔ اور خناق کو نافع ہے۔ مدرِ بول ہے۔ پیٹ کو نرم اور معتدل بناتا ہے۔ اس کا غرغرہ امراضِ حلق کے لئے نہایت مفید ہے ✦
دانت ہاتھی کا	دندانِ پیل	حاج	سفید	تیز اور پھیکا	مشہور عام ہے	درجہ دوم میں سرد اور خشک	پھیپھڑے کو مضر ہے	صنوبر کا شیرہ	شاخ بُز	۲ ماشہ تک	اگر شہد کے ہمراہ اس کے برادہ کو کھایا جائے۔ تو قوتِ ہاضمہ اور فہم کو ترقی دیتا ہے۔ خون بہنے کو روکتا ہے۔ اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ اس کا طلاء مقوّیِ باہ ہے۔ بشرطیکہ اور مناسب دواؤں کے ہمراہ استعمال کیا جائے اس کا سرمہ آنکھوں کے لئے مقوّی اور مفید ہے ✦
داڑھی برگد کی	ریشۂ برگد	لحیۃ التیس	زرد مائل بسرخی	قدرے تلخ	درخت برگد کا ریشہ ہے جو شکر زمین پر آجاتا ہے	درجہ دوم میں سرد سوم میں خشک	گردہ کیلئے مضر	بنسلوچن اور عناب	رسوت اور اقاقیا	۰	قابض ہے۔ خون کو بند کر دیتا ہے۔ پھیپھڑے کے زخموں اور خونی اور صفراوی دستوں کے لئے بے حد مفید ہے۔ اس کا لیپ محلّلِ اورام ہے اور زخموں کو جلد مندمل کرتا ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مفر	مُصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
دیودار اور چیڑ	دیودار	شجرۃ الجن	پتے سبز لکڑی قدرے سُرخ	تیز اور تلخ اور بدمزہ	ایک بہت بڑا لمبا اور سیدھا درخت ہے جس کے پتے مثل تیز پاٹ کے ہیں۔	درجۂ سوم میں گرم اور خشک ہوتا ہے	پھیپھڑے کو اور گرم مزاج والوں کو	روغن بادام اور کتیرا وغیرہ	.	.	مواد کو پختہ کرتا ہے۔ محلّل اورام و ریاح ہے۔ دردوں کو آرام دیتا ہے۔ مثانہ اور گردے کی پتھری کو توڑتا ہے۔ قوہ۔ سکتہ۔ استرخا اور فالج کو مفید ہے۔ اگر اس کی لکڑی کے جوشاندے میں بیٹھیں۔ تو مقعد کے زخموں کے لئے فائدہ مند ہے۔ اس کی لکڑی کو گھس کر پینا بلغمی اسہال اور ہچکی کو دُور کرتا ہے۔ بلغمی تپوں اور نفخ کو مفید ہے
دودھی	شیرگیاہ	.	سبز	تلخ	ایک قسم کی گھاس ہے جس میں سے دودھ نکلتا ہے	درجۂ دوم میں گرم اور خشک	پھیپھڑے کو مفر	.	.	ایک یا دو ماشہ	بلغم کے فساد کو دفع کرتی ہے۔ جذام کو فائدہ دیتی ہے۔ جریان اور سوزاک کو دُور کرتی ہے۔ قوتِ باہ کو بڑھاتی ہے۔ کھانسی کو بھی نفع پہنچاتی ہے اس کے چند پتے باریک گھوٹ کر بچوں کو پلانا اسہال کیلئے مفید ہیں ٭
دہنہ فرنگ	دہنہ فرنگ	دہنج	سبز	پھیکا	ایک مشہور پتھر ہے جس کے نگ بنائے جاتے ہیں	درجۂ چہارم میں گرم اور خشک	آنتوں میں زخم پیدا کرتا ہے	گھی وغیرہ	فیروزہ	زہر ہے	اس کا سرمہ بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ اگر اس کا ناک میں پانی کے ہمراہ ٹپکایا جائے تو صرع کے لئے نافع ہے۔ اور یہ اکثر زہروں کا دافع ہے۔ یہ خود زہر قاتل ہے۔ کھانے کے کام نہیں آتا۔ سرکہ کے ہمراہ اس کا لیپ دادا اور بچھو کے زہر کو دُور کرتا ہے ٭

دہی	جغرات	لبن الحامض	سفید	قدرے ترش	دودہ کو جما کر بناتے ہیں مشہور عام و خاص ہے	درجہ دوم میں سرد اور تر ہے	معدہ کو اور سرد مزاجونکو	زیرہ و پودینہ و نمک و سونٹھ	پنیر وغیرہ	بقدرِ ضرورت	رطوبت کو زیادہ کرتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ مقوّیِ باہ ہے۔ اس کی بالائی سر پر ملنا روغن کدو کا فائدہ رکھتی ہے۔ اور اگر اس کو چہرے پر ملا جائے تو سیاہی اور خشکی کو دُور کرتی ہے ✦
دھمایا	.	.	سبز	تلخ	ترکاری کے مشابہ ایک قسم کی گھاس ہے	معتدل	پھیپھڑہ کو مضر ہے	افسنتین وغیرہ	.	.	سر گھومنے کو مفید ہے۔ اور گرمی کے بخار کو نفع دیتا ہے۔ جریانِ منی کو نہایت مفید ہے۔ خون کو صاف کرتا اور پیاس کو بجھاتا ہے۔ جگر اور معدہ کو طاقت دیتا ہے ✦
دھنیا	کشنیز	نربرہ	ساگ سبز دانہ بھورا	خوشبودار اور پھیکا	مشہور عام و خاص ہے۔	درجہ دوم میں سرد اور خشک	سُدہ اور نسیان پیدا کرتا ہے منی کو مضر ہے	شہد سفرجل سکنجبین وغیرہ	خشخاش اور تخم کاہو وغیرہ	ایک تولہ تک	مفرّح دل ہے۔ دل اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ دماغ کی طرف ابخرات کو چڑہنے نہیں دیتا۔ وسواس اور خفقان کے لئے بہت مفید ہے۔ دستوں کو روکتا ہے۔ جریان منی کو نہایت مفید ہے۔ نیند لاتا ہے۔ اگر تازہ استعمال کیا جائے تو مادہ ردّیہ کو پکاتا ہے۔ صفرا کا ساکن ہے۔ اور اکثر دماغیہ امراض کو نفع دیتا ہے ✦
دھاون کے پھول	.	.	سُرخ	تلخ	مشہور عام ہے	درجہ سوم میں سرد اور خشک	بلغم لاتا ہے	.	.	.	اس کے تمام پھول وغیرہ بھوک کو نفع پہنچاتے ہیں۔ اور دستوں کے بند کرنے میں نہایت مفید ہیں۔ اکثر دھاون کے پھول بلغم پیدا کرتے ہیں اور سرد اور خشک ہوتے ہیں ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال و خواص
دھتورہ	ناتورہ	جوز المثل	سیاہ و سبز	تلخ	ایک چھوٹے سے خاردار درخت کا ایک خاردار پھل ہے۔	درجہ چہارم میں سرد اور خشک	نشہ آور ہے فکر اور جنون پیدا کرتا ہے	سیاہ مرچ سونف اور شہد	تفاح در بزر البنج قریب	۳ رتی کے	نشہ آور ہے۔ خصوصاً دماغ میں سستی پیدا کرتا ہے۔ نیند خوب لاتا ہے صفرا یا شدتِ خون سے جو دردِ سر لاحق ہوتا ہے۔ اُس کیلئے نہایت نافع ہے۔ مادۂ اورام کو پختہ کرتا ہے۔ اور رطوبت فضلیہ کو خشک بناتا ہے۔ مُسہل ہے۔ تین رتی سے زیادہ استعمال کرنا زہر قاتل ہے۔
دھتورا کوا پلہ گوند			سفید سُرخ	لیسدار اور پھیکا	ایک قسم کا ریزہ ریزہ گوند ہے	درجہ اوّل میں گرم اور تر	۰	بریان کرلینا چاہئے	گوند ببول	۰	بواسیر اور گردہ کی بیماریوں کو نفع دیتا ہے۔ مادہ منی کو گاڑھا اور غلیظ کرتا ہے۔ قابض ہے۔ بلغم اور سودا کو گھٹاتا ہے۔ اس کی راکھ کو پانی میں گھول کر استعمال کرنا ورم طحال اور نفخ کے لئے سودمند ہے ✣
دھتورا کے بیج	تخم پلہ	۰	اندر سے سیاہ ظاہر بھورا	کسی قدر تلخ	دھتورا کا بیج ہے	درجہ دوم میں گرم خشک	پھیپھڑے کو	۰	۰	۳ ماشہ	ان کے پینے سے بواسیر اور پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔ ان کا تیل باہ کو حرکت دیتا ہے ✣
دھتورا جنگلی	۰	۰	زرد	کسی قدر کسیلا	ایک ہندی درخت ہے جسکے پھول استعمال کئے جاتے ہیں	درجہ دوم میں سرد سوم میں خشک	۰	۰	۰	۴ ماشہ	پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ قبض کرتا ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ دستوں کا بند کرنیوالا ہے۔ اگر اس کے جوشاندہ میں بیٹھا جائے۔ تو مقعد کے خروج کے لئے نافع ہے ✣

دوامرو	مرزنجوش	مرزنجوش	سفید	تلخ	ایک خوشبودار گھاس ہے جس کے پتے امرود کے برابر ہوتے ہیں	درجہ دوم میں گرم اور اوّل میں خشک ہے	گُردہ اور مثانہ کو مفر ہے	خرفہ اور کاسنی	کلونجی اور اغنتین	۹ ماشہ	ملطّف ہے۔ دموں کو تحلیل کرتا ہے۔ محلّی ہے۔ اور سدّوں کو کھولتا ہے۔ رطوبات کو جذب کرتا ہے۔ مثانہ اور گُردہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ سر کی درد اور ہر قسم کی یرقی دردوں کو نافع ہے۔ رطوبات دماغیہ کو چھانٹتا ہے۔ اور دماغ کو صاف کرتا ہے۔ اس کا سونگھنا فالج اور زکام وغیرہ کے لئے نہایت مجرّب ہے ✦
ڈھاک کا پتہ	پلہ	برگ	سبز	پھیکا	ایک گول اور بڑے جنگلی درخت کا پتہ ہے	درجہ اول میں پتے اور پھول گرم تر	۔	۔	۔		بھوک پیدا کرتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ بواسیر اور پھوڑے پھنسیوں کے لئے نافع ہے۔ بلغم کو دفع کرتا ہے۔ مدّر بول ہے۔ مُحلّل اور ادرام ہے۔ اس کے پھول کی دھار اور سینک یعنی ٹکور فتق کے لئے نافع ہے ✦
دودھ گورخر کا	شیر گورخر	لبن	سفید	پھیکا	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم تر	نفخ پیدا کرتا ہے	شہد اور سونف	شیر مادہ اسپ	قریباً پاؤ بھر	باہ کو قوت دیتا ہے۔ ملطّف ہے۔ مدّر بول ہے۔ محلّی ہے۔ اور قریب قریب گھوڑی کے دودھ کے ہے۔ لیکن اس سے کسی قدر زیادہ گرم ہے۔ مثانے کے زخموں کے لئے مفید ہے ✦
دودھ ہرنی کا	ماده آہو	لبن الغزال	سفید	پھیکا	مشہور عام ہے	درجہ دوم میں گرم تر	نفخ پیدا کرتا ہے	سونف اور شہد	شیر گورخر کا	قریباً پاؤ بھر	یہ اپنے تمام اثرات اور افعال میں گورخر کے دودھ کے قریب قریب ہے مثانہ اور اصلیل کے زخموں کو صاف کرتا اور بھرتا ہے۔ اور زخم رحم کا مجفف ہے

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
دودھ گدھی کا	شیر ماچہ خر	لبن الاتان	سفید	شیریں	مشہور عام و خاص ہے	درجۂ دوم میں سرد اور تیسرے میں بھی سرد اور تر ہے	سرد مزاج کو دردِ سر اور ہچکی پیدا کرتا ہے	گلقند شکر روغن مغز کدو وغیرہ	شیر بز اور شیر گاؤ	قریباً پاؤ بھر یا نیم پاؤ	سردی اور تری پیدا کرتا ہے۔ مفرح ہے۔ جلا کرتا ہے۔ مسامات اور سدوں کو کھولتا ہے۔ گرم مزاج والوں کے دماغ اور دل کو طاقت دیتا ہے۔ سل۔ دق۔ اور پھیپھڑے کے زخم کو نہایت مفید ہے۔ گرمی کی کھانسی اور بخاروں کو نہایت نافع۔ اہالیانِ فرنگ اس کے بہت سے فوائد بیان کرتے ہیں اور استعمال میں لاتے ہیں ✦
دودھ گھوڑی کا	شیر اسپ	لبن الرماک	سفید رنگ	قدرے نمکین	مشہور عام ہے	گرم اور تر ہے	نفخ پیدا کرتا اور قراقر لاتا ہے	شہد اور سونف	شیر شتر	قریباً قریباً پاؤ بھر	مجلّی ہے۔ اور سدوں کو کھولتا ہے۔ مفرح ہے۔ قوتِ باہ اور بھوک کو زیادہ کرتا ہے۔ مدر بول ہے۔ زخم مثانہ کے لئے از حد نافع ہے۔ مدرِ حیض ہے۔ رحم کے زخموں کو مندمل کرتا ہے ✦
دودھ عورت کا	شیر زن	لبن النساء	سفید	قدرے شیریں	مشہور ہے	لڑکے والی کا سرد تر اور لڑکی والی کا گرم تر	سرد مزاجوں کو اور سریع التغیر ہے	شہد اور شکر	گدھی کا دودھ		مرطوب ہے۔ مقوی باہ اور دماغ ہے۔ مدر بول ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ خشک کھانسی اور سینہ کی خشکی کو مفید ہے۔ اس کا ناک میں ٹپکانا دماغ کی خشکی اور بیخوابی کے لئے از حد مفید ہے۔ اکثر دماغی امراض سرسام وغیرہ اور سل اور دق کو فائدہ دیتا ہے ✦

دودھ گائے کا	شیر گاؤ	لبن البقر	سپید	شیریں	مشہور عام ہے	رطوبات فضلیہ کے ہمراہ معتدل ہے	شکمی اعضاء اور طحال کو مفر ہے	شہد اور شکر	بُز	باؤ بھر	زود ہضم ہے۔ منی پیدا کرتا ہے۔ مقوّی دل اور دماغ ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ مجلّی ہے۔ سدّوں کو کھولتا ہے۔ قوتِ باہ کو پیدا کرتا ہے۔ وسواس اور غم کو دور کرتا ہے۔ دق۔ سل اور پھیپھڑے کے زخموں کے لئے بہت نافع ہے۔ قولنج یا بس کو مفید ہے۔ دودھ کو پلا کر قے کرانا زہروں کا دافع ہے ✦
دودھ سورنی کا	شیر خوک	لبن لخنزیر	سفید مائل بزردی	کسی قدر شیریں	مشہور ہے	درجہ اوّل میں سرد اور تر	دیر ہضم ہے برص پیدا کرتا ہے	قند	گدھی کا دودھ	حرام ہے	مسمّن بدن ہے۔ مقوی ہے۔ دق اور سل کو نافع ہے۔ اکثر امراض جلدی پیدا کرتا ہے۔ اہالیانِ فرنگ اس کی نہایت تعریف کرتے ہیں۔ اور اس کا اکثر استعمال کرتے ہیں۔ اور اس کو توائے دماغیہ کا مقوّی بتاتے ہیں کسی قدر صحیح ہے۔ لیکن قریب بسم ہے ✦
دودھ شیرنی کا	شیر مادہ شیر	لبن الاسد	زردی مائل	تیز اور ترش	مشہور ہے	درجہ سوم میں گرم تر	زخم پیدا کرتا ہے	۰	۰	۰	نہایت غضب پیدا کرتا ہے۔ اکثر دماغی مرضوں کے لئے مفید ہے۔ مجلّی ہے۔ جلد میں بہت جلد نافذ ہوتا ہے ✦
دودھ بھیڑ کا	شیر میش و گوسپند	لبن الضان	سفید کسی قدر سیاہ	پھیکا بُودار	مشہور عام و خاص ہے	گرم تر	قولنج پیدا کرتا ہے	شہد اور روغن بادام	عورت کا دودھ وغیرہ	۳ تولہ تک	جوہر دماغیہ۔ حرام مغز اور باہ کے لئے مقوّی ہے۔ آنتوں کے زخم۔ منہ سے خون بہنے اور پیچش کے لئے از حد مفید ہے۔ اور ادویات سمیہ کی مضرّت کو دُور کرتا ہے۔ اور مضرّاتِ جماع کو بھی فائدہ دیتا ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
دودھ چمگادڑ کا	شیر شپّر	لبن الخفاش	سفید مائل بزردی	تیز قدرے تلخ	مشہور ہے	درجہ سوم میں گرم	طحال اور پھیپھڑے کو مضر	بادام روغن	دودھ شیرنی کا	۶ ماشہ	مدرِ بول ہے۔ نہایت محلّی ہے۔ بدن میں بہت جلد نافذ ہوتا ہے۔ اسی لئے اس کا کھانا منع ہے۔ لیکن اس کا طلاء عضلاتِ ذکر اور قوّتِ باہ کے لئے نہایت مقوی ہے۔

ردیف (ر)

رال	لعل مغربی	قیرو	سیاہ سفید زردی مائل	بدبودار اور تلخ	اسکی دو قسمیں ہیں ایک تو سال کے درخت کا گوند ہے اور دوسرا معدنی ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک	معدہ اور پھیپھڑے کو	خشخاش اور شہد	.	۶ ماشہ	محلّلِ اورام ہے۔ محلّی ہے۔ زخموں کو مندمل کرتی ہے۔ مواد سے صاف کرتی ہے۔ مرگی۔ خشک دھانس اور دمہ کو نافع ہے۔ جلدھر کے لئے از مفید ہے۔ پرانے جراحت کے لئے اس کی مرہم فائدہ بخشتی ہے۔
راسن	راسن	زنجبیل شامی	سرخ	تیز	زنجبیل کی ملرح ایک گھاس کی جڑ ہے	درجہ دوم میں گرم خشک	.	خمیرہ بنفشہ اور کھٹا انار	بچھ اور ایرسا	۵ ماشہ	مفرح ہے۔ فم معدہ اور دل کو طاقت دیتی ہے۔ باہ اور قوّتِ ہاضمہ کو بڑھاتی ہے۔ اور رشانہ کو طاقت دیتی ہے۔ وحشت اور غم کی دافع ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ اور جگر کے سدے کھولتی ہے

روغن بلسان	روغن بلسان	دہن البلسان	سفید	تلخ اور بدمزہ معتدل الاقوام	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک ہے	گرم مزاج والوں کو مضر ہے	دودھ	روغن زیتون اور نارجیل وغیرہ	۳ ماشہ تک یا کچھ کم	جگر اور معدہ کی سختی کو نرم کرتا ہے۔ رحم اور معدہ کو قوی کرتا ہے۔ پٹھوں اور دماغ کو مضبوط بناتا ہے۔ دماغی سودا بیماریوں کو دُور کرتا ہے۔ بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ دَمہ۔ کھانسی اور پھیپھڑے کے زخم اور ضعفِ جگر اور طحال اور گردہ اور مثانہ کے لئے نافع ہے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ اور پیشاب کی تنگی کو دور کرتا ہے۔ مُقوّی باہ ہے۔ موادِ باردہ کا دافع ہے۔ اور حمل کا معین ہے
روغن بھلاوا	روغن بلادر	دہن حب القسم	سیاہ چمکدار گاڑھا	تلخ اور تیز	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	جلدیں زخم ڈالتا ہے زہر ہے	۰	زیتون وغیرہ زہر ہے	۰	جذام کو فائدہ دیتا ہے۔ اخلاط ثلاثہ صفراد۔ سوداء۔ اور بلغم کو چھانٹتا ہے۔ مقعد کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ اور جلد میں زخم پیدا کرتا ہے۔ اور داغ پیدا کرتا ہے۔ اور اکثر سردی کے دردوں کو مفید ہے۔ خاصکر جوڑوں کی درد کو نہایت نافع ہے۔ بالوں کے سفید ہونے کا مانع ہے۔ اگر مصلحات سے ملا کر موسم سرما میں کچھ دن اسے کھایا جائے تو قوتِ باہ کو زیادہ کرتا ہے
رسوت	۰	حنظل ہندی	زرد مائل بسیاہی	نہایت تلخ اور بد مزہ	تازہ ہڑ کا عصارہ ہے	درجہ دوم میں سرد اور خشک بعض کے نزدیک معتدل ہے	لمحال کو مضر ہے	انیسون اور مغز بادام	صندل اور فول وغیرہ	۳ ماشہ	مواد کو پختہ کرتی ہے۔ قابض ہے۔ ادرام سرد اور باطنیہ کو تحلیل کرتی ہے رطوبت اور پسینہ بہنے کو بند کرتی ہے۔ اور دستوں کو روکتی ہے۔ دردِ جگر اور ورم طحال کو نافع ہے۔ اس کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور آشوبِ چشم کو نافع ہے۔ اور اسہالِ بواسیر ہی کو بہت سودمند ہے *

نام معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
روغن بادام	روغن بادام	دہن اللوز	سفید زردی مائل	قدرے شیریں	مشہور خاص وعام ہے۔	معتدل ہوتا ہے	انتڑیوں کے ضعف کو	روغن خشخاش وغیرہ	مصطگی رومی	۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک	طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ اور نیند لاتا ہے۔ دماغ کو تر کرتا ہے۔ آواز کو صفائی بخشتا ہے اور دست آور دواؤں کے ضرر کو دور کرتا ہے۔ معدہ اور پٹھوں کو قوت دیتا ہے
ارس	انشردہ نیشکر	عصارہ	سفید دمکدر	شیریں لذید	مشہور ہے	گرم اور تر	صفر بلغم اور نفخ کو زیادہ کرتی ہے	دودھ وغیرہ	عصارہ کھجور	بقدر ضرورت	ہاضم ہوتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ اگر اس میں چاول پکا کر کھائے جائیں تو وہ بدن کو فربہ کرتے ہیں۔ اگر اس میں جو کی ایک پتی مل دی جائے تو بے شمار دست آتے ہیں +
رسپکور	۰	۰	سفید	۰	شجرف کی طرح جمی ہوئی ایک معدنی شے ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	اعضائے رئیسہ کیلئے	گائے کا دودھ	جمالگوٹہ وغیرہ	ایک حبہ تک	شہد کے ہمراہ سرعتِ انزال کو مفید ہے۔ آتشک، چیچک اور کھجلی کو نافع ہے۔ بلا تشویہ کے اس کا کھانا درست نہیں۔ اس کا لیپ تیل کے ہمراہ امراضِ جلدی کے لئے مفید ہے +
رتالو	۰	۰	بھورا مائل بزردی	پھیکا کسی قدر شیریں	ایک قسم کی گول جڑ ہے	سرد اور تر	دیر ہضم ہے	گرم مصالحہ اور گوشت	۰	۰	حرارت اور صفرا کو دور کرتا ہے۔ قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ اور بدن کو موٹا کرتا ہے۔ طبیعت کو نرم بناتا ہے۔ باوجود قوتِ قابضہ رکھنے کے ریاح مغلظ پیدا کرتا ہے +

ہروارج	.	.	پتے سبز اور پھول بھوسے	تلخ	ایک درخت ہے ہندو جس کے پھل کی مالا بناتے	گرم بعض کے نزدیک سرد	.	.	.	.	.	مقوی الاعضاء ہے۔ فاسد اخلاط کو دفع کرتا ہے۔ قوتِ باہ کو زیادہ کرتا ہے کیڑوں کو مارتا ہے۔ پرمیوت۔ بلغم اور کھانسی کو فائدہ دیتا ہے۔ بچوں اور لڑکوں کی بیماریوں کو بھی نافع ہے
روغن اخروٹ	روغن چہار مغز	دہن الجوز	سفید	شیریں	مشہور ہے	گرم تر	گرم مزاجوں کو مضر	روغن مغز تخم کدو	روغن بادام وغیرہ	بقدر ضرورت	.	بلغم۔ ریاح اور صفرا کے فساد کو دور کرتا ہے۔ بالوں کو طاقت دیتا ہے۔ اور اکثر اعضاء کو طاقت پہنچاتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ مفرح ہے۔ مقوی باہ ہے۔ اور امراض باردہ کو سود مند ہے
روغن اگر	روغن اگر بندی	دہن العود	زرد مائل بسرخی خوشبودار	تیز تلخ اور بدمزہ ہوتا ہے	مشہور ہے	گرم اور خشک ہوتا ہے	گرم مزاجوں کے لئے	روغن دیودار و مغز تخم پیٹھہ	روغن بلسان	ایک ماشہ تک	.	اس کی مالش کرنا مقوی الاعصاب ہے کھجلی اور گنھیا کو مفید ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کا قاتل ہے۔ اس کا طلا قوتِ باہ کو حرکت دیتا ہے اور بعض سرد ورموں کو تحلیل بھی کرتا ہے۔ سردی کے ہر قسم کے درد کو دور کرتا ہے۔ سعوط اس کا مفرح اور مقوی دماغ ہے ✤
رائی پھل مونیا مونگرا	.	.	پتے سبز پھول سفید	خوشبودار قدرے تلخ ہوتا ہے	ایک پھول ہے جو کئی قسم کا ہوتا ہے	گرم اور تر درجہ اول میں	.	.	.	.	.	تپ دق اور صفرا کی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ اور ہچکی کو دفع کرتا ہے اس کا سونگھنا دماغ اور دل کو طاقت دیتا ہے۔ اس کا تیل پانی میں ملا کر جسم پر مالش کرنا خشکی کو دور کرتا ہے۔ جنون اور دیوانگی کا دافع ہے۔ یہ تیل فوائد میں چنبیلی کے تیل کی طرح ہے۔ مگر کسی قدر گرم ہوتا ہے ✤

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
زن جوت خشکار	ابوخلسا		جڑ سیاہ	تلخ اور بدمزہ ہوتا ہے	ایک قسم کی گھاس ہے جس کے پتے کاہو کے شاخ برتے ہیں	درجہ دوم میں گرم اور خشک	درد سر پیدا کرتا ہے مغز دماغ	روغن بنفشہ و روغن مغز کدو	افتیمون	۷ ماشہ	مصفاوی اور تلخ اخلاط کو تحلیل کرتا ہے۔ اور فالج کو نفع دیتا ہے۔ اور دستوں کو روکتا ہے۔ مدر حیض ہے۔ پتھری کو توڑ بہاتا ہے۔ تپ کہنہ اور یرقان کو نافع ہے۔ اس کا لیپ ورم طحال کے لئے از حد مفید ہے۔ اور سرکہ کے ہمراہ اس کا طلا ابہق کو مفید ہے۔ اور کنٹھ مالا کو تحلیل کرتا ہے ٭
رانگہ	اندز	رصاص الابیض	سفید رنگ	پھیکا اور کسیلا	مشہور عام ہے۔	درجہ دوم میں سرد اور خشک	پھیپھڑے کو مضر قاتل ہے	شہد اور مے	سرمہ	کشتہ ایک رتی سے دو رتی تک	اگر اس کا سرمہ آنکھوں میں لگایا جائے تو آنکھوں کی گندگی کو دور کرتا ہے اور روغن گل کے ہمراہ مقعد کی ورم اور بواسیر کی گھنجلی کو نافع ہے۔ اس کا کشتہ مناسب دواؤں کے ساتھ جریان اور سوزاک کے لئے بہت مفید ہے۔ اور قوت امساک بھی پیدا کرتا ہے ٭
رائی	خردل		سیاہ سفید اور سرخ	تلخ تیز اور بدمزہ	نہایت باریک ایک پھوٹا سا دانہ ہوتا ہے مشہور عام ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	جلدیں زخم پیدا کرتی ہے نشہ لاتی ہے	روغن بادام اور کاسنی	حرمل اور تخم شلغم	دو تین ماشہ کے قریب	مہیج ہے۔ نشاط بخشتی ہے۔ معدہ کے کیڑوں کو قتل کرتی ہے۔ خون کو صاف کرتی ہے۔ اور قوت ہاضمہ بڑھاتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ مدر بول ہے۔ اس کا لیپ تیل کے ہمراہ محرک باہ ہے۔ شہد کے ہمراہ درد جگر کو نافع ہے۔ اس کی دھونی زہریلے جانوروں کو بھگاتی ہے

اب	افشردہ	۰	سُرخ	شیریں	گنّے کی رس کا قوام ہے	گرم اور تر	گرم مزاج والونکو	ترشی	گڑ	بقدرِ ضرورت	اکثر اعضاء کو طاقت دیتی ہے۔ اخلاط ثلاثہ یعنی سودا۔ صفرا اور خون کو پیدا کرتی ہے۔ پسینہ اچھی طرح لاتی ہے۔ اور خون کو صاف کرتی ہے۔ مگر گرم مزاج والوں کو اکثر مضر پڑتی ہے ✦
۱۲ تلسی	پلنگ مشک	فرنجمشک	پتے سبز زردی مائل اور بیج بھورے سیاہ	قدرے تلخ اور تیز ہوتی ہے	ایک قسم کی ریحان ہندی ہے۔	درجہ سوم میں گرم اور خشک	دردِ سر پیدا کرتی ہے گرم مزاج والوں کو	سکنجبین اور شربت بنفشہ وغیرہ	لونگ اور بادرنجبویہ	۷ ماشہ تک	دل۔ جگر اور معدہ کے لئے مقوی ہے۔ دماغی سُدّہ کو کھوتی ہے۔ ناک کے نتھنوں کو صاف کرتی ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ وسواس اور خفقان کو دُور کرتی ہے۔ سودا اور بلغم کو نافع ہے۔ بھوک کو زیادہ کرتی ہے۔ دانتوں کو مضبوط بناتی ہے۔ اور مسوڑوں کے درد کو روکتی ہے۔ رطوبات فاسدہ کو دور کرتی ہے۔ تلی اور بواسیر کو لگانے اور پینے سے مفید ہے
روغن رینڈی	روغن بیدانجیر	دہن الخروع	سفید	پھیکا بدمزہ	مشہور ہے	گرم اور تر	فم معدہ کے لئے	نخود بریاں وغیرہ	روغن زیتون	۳ تولہ	اعضاء کو قوت دیتا ہے۔ اور معدہ کو جلا کرتا ہے۔ صحت کیلئے محافظ ہے انبساط اور خوشی لاتا ہے۔ آنتوں کے سُدّے کو پھسلا کر باہر نکال دیتا ہے۔ خصیہ کی ورم کو دور کرتا ہے۔ گردے اور قولنج کو نافع ہے ✦
روغن خشخاش	روغن خشخش	دہن الخشخاش	سفید رنگ	پھیکا بے مزہ	مشہور عام ہے۔	درجہ دوم میں سرد تر	سدّہ پیدا کرتا ہے	۰	۰	چھ ماشہ تک	دردِ سر کو تسکین بخشتا ہے۔ مقوی دماغ ہے۔ گرم اور تر کھانسی کے لئے نافع ہے۔ بیخوابی کو دُور کرتا ہے۔ اور نیند لاتا ہے۔ کان کی درد کو دُور کرتا ہے۔ محلّل اورام ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
روغن السی	روغنِ کتان	دہن الکتان	قدرے زرد اور گاڑھا	تلخ اور لیسدار ہوتا ہے	مشہور ہے	گرم اور تر ہوتا ہے	بینائی کو مضر ہے	سکنجبین کشنیز شہد	روغن گُل	تین ماشہ تک	بھوک پیدا کرتا ہے۔ اعضاء کو قوت بخشتا ہے۔ اس کی مالش بدن کی خشکی کو دور کرتی ہے۔ اور داد کو دفع کرتی ہے۔ یہ روغن فسادِ بلغم کو دفع کرتا ہے۔ آنتوں کے زخم اور خراش کو نافع ہے +
ریوند چینی	ریوند خ	راوند	سیاہی مائل سُرخ اور زرد	تیز بُو ہوتی ہے	شلجم کے ہم شکل ریواس کی جڑ ہے۔ خراسان اور چین کے پہاڑوں سے آتی ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور خشک مرکب القوی ہے	ضعیف کو بچوں کو اسفل کو	صمغ عربی اور گُل سُرخ اور عناب اور لعاب بہدانہ	سنبل اور گُل سُرخ وغیرہ	۵ ماشہ تک	خشکی پیدا کرتی ہے۔ مادہ کے قوام کو معتدل بناتی ہے۔ اخلاطِ مغلظہ اور رقیقہ کو نچوڑ کر دستوں کی راہ سے باہر نکال دیتی ہے۔ مدر بول وحیض ہے۔ دانتوں کو ردی فضلات سے پاک کرتی ہے۔ ریاح اور نفخ کو تحلیل کرتی ہے۔ سرد بیماریوں کو مفید ہے۔ یرقان کا سدہ کھولتی ہے۔ سرد زہروں کی تریاق ہے۔ اگر بہدانہ کے لعاب میں اس کی گولی باندھ کر منہ میں رکھی جائے تو کھانسی اور سانس چڑھنے کو مفید ہے +
ریشہ والا	ریشہ والا	مو	بھورا مائل بزردی	قدرے تلخ اور بدمزہ	ایک گھاس کی جڑ ہے جسکے پتے سوئے کے پتوں کیطرح ہوتے ہیں۔	درجہ دوم میں گرم اور سوم میں خشک	دماغ اور طحال کو	انجبود اور شہد	بالچھڑ اور جوزبوا	۵ ماشہ تک	گرمی کو زیادہ کرتی ہے۔ قابض ہے۔ ملطف روح ہے۔ مسامات اور سدہ کو کھولتی ہے۔ نیند لاتی ہے۔ آواز کو صاف کرتی ہے۔ اعصابی بیماریوں جوڑوں کی درد۔ جگر طحال ضعفِ معدہ۔ گردہ اور مثانہ کو مفید ہے۔ محلل نفخ رحم ہے

ریحٹھ	فندق ہندی	بندق ہندی	سیاہ رنگ مائل بسرخی بیج سیاہ	نہایت تلخ اور بدمزہ	ایک بڑے درخت کا مشہور پھل ہے اور بیج گول اور سیاہ	درجہ دوم میں گرم اور خشک	قے لاتا ہے اور گرانی پیدا کرتا ہے	روغن بادام اور سکنجبین	خربوزہ کی جڑ	۳ ماشہ کے قریب	قوتِ ہاضمہ اور معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ مقوی الاعصاب ہے۔ مرگی۔ لقوہ اور فالج وغیرہ کو بھی نافع ہے۔ درد رحم کا دافع۔ اگر پانی میں گھس کر ناک میں ٹپکائیں تو آدھے سر کی درد کو مفید ہے۔ اور سرکہ کے ہمراہ کنٹھ مالا اور کلف کی ریح کو دُور کرتا ہے۔ پانی کے ہمراہ ایک مثقال کے قریب ہیضہ کو سود مند ہے
ریواس	ریباس	ریباس	پھول سُرخ اور پتے سبز	ترش اور کسی قدر شیریں	چقندر کے مشابہ ایک قسم کی گھاس ہے	درجہ دوم میں سرد اور خشک	سینہ اور باہ کو مفر ہے قولنج پیدا کرتا ہے	انیسون اور شہد خالص	حامض ترنج اور آب غورہ	۹ ماشہ	صفراء کی شدت کو دُور کرتا ہے۔ ملطف ہے۔ جگر۔ معدہ۔ اور اعضائے شکمی اور گرم مزاج والوں کو تقویت دیتا ہے۔ صفراوی قے اور پتوں کی سوزش کا مسکن ہے۔ اس کا شربت وحشت اور جنون اور سوزش کو نفع دیتا ہے۔ اور گرمی کے بخار کو بھی رفع کرتا ہے ✦
روغن چنبیلی	روغن یاسمن	دہن یاسمن	سفید رنگ	قدرے تلخ	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	گرم مزاجوں کو مضر	مسکہ	روغن زیتوں	۲ ماشہ	جذام اور کھجلی کو نافع ہے ✦ مقعد اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے۔ امراض گوش میں بھی مفید ہے۔ اور اعضائے دماغیہ کے لئے مقوی ہے۔ دردِ سر کو دُور کرتا ہے۔ بالوں کو سفید کرتا ہے ✦
روغن کاہو	روغن کاہو	دہن الخس	سفید رنگ	کسی قدر تلخ	مشہور ہے	سرد اور تر ہوتا ہے	سرد مزاج کو مضر	روغن بادام	روغن خشخاش	۶ ماشہ تک	دماغ کو تر رکھتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ مرگی اور مالیخولیا کے لئے نافع ہے شراب کی مستی کو دُور کرتا ہے۔ اور اکثر گرم اعصابی امراض کو دفع کرتا ہے اور سختیوں کو نرم کرتا ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مُفر	مُصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
روہس	۔	۔	سبز	تلخ	اذخر کے مشابہ ایک گھاس ہے	سرد	۔	۔	۔	۔	سوزش معدہ اور دل کی گرمی کو دور کرتا ہے۔ اور اکثر اعضاء کی سوزش کو دفع کرتا ہے۔ کھانسی اور سانس کی تنگی کو مفید ہے +
روہنی	۔	۔	سبز	تلخ ۔	ایک ہندی گھاس مشہور خاص وعام ہے	گرم اور تر ہوتی ہے	۔	۔	۔	۔	معدہ کے کیڑوں کو دُور کرتی ہے۔ اختلاج القلب اور دل کی بیماریوں کی دافع ہے۔ بلغم اور صفراء کے فساد کی اصلاح کرتی ہے، تپ۔ کھانسی اور دمہ کو مفید ہے +
ریہڑا	۔	۔	۔	۔	ایک ہندوستانی دوا ہے۔	۔	۔	۔	۔	۔	دست لاتی ہے۔ اور ریاح دور کرتی ہے۔ امراض طحال اور جگر کو نافع ہے۔ جلدھر کو فائدہ دیتی ہے +
روغن ناریل	روغن ناریل	دہن اناجیل	سفید منجمد گاڑھا گھی کی طرح ہوتا ہے	پھیکا قدرے شیریں ہوتا ہے	ناریل کو کوٹ کر اور جوش دیکر روغن نکالا جاتا ہے۔ مشہور عام وخاص ہے	سرد اور تر اور تر	معدہ کو مضر ہے	شکر سفید اور قند وغیرہ	روغن مہوا وغیرہ	قریباً ایک تولہ	اکثر اعضاء کے لئے طاقت دہ ہے۔ امراض دماغ کے لئے نافع ہے اور بدن کی خشکی کو دُور کرتا ہے۔ مُسمن بدن ہے۔ قوت فہم کو ترقی دیتا ہے اور گردے کی چربی کو بڑھاتا ہے۔ اور شانہ کی درد کو دُور کرتا ہے۔ معدہ کے کیڑوں کو نکال دیتا ہے۔ درد کمر اور درد زانو اور بواسیر کو مفید ہے۔ ادر قوت باہ کا محرک ہے۔ بالوں کو بڑھاتا اور سیاہ رکھتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے

روغن بابونہ	روغن بابونہ	دہن البابونج	زرد مائل بسرخی خوشبودار	پھیکا قدرے تلخ اور کسیلا	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور تر	دوسرا پیدا کرتا ہے	روغن نیلوفر اور روغن بنفشہ	روغن مالکنگنی وغیرہ	کھایا نہیں جاتا	ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور عرق النساء کو فائدہ دیتا ہے۔ اور اکثر سر کی بیماریوں کے لئے سودمند ہے۔ دردوں اور چوٹ کو مفید ہے۔ دردِ کمر اور گٹھیا کے لئے نافع ہے۔ اور دردِ کوار کے لئے بھی فائدہ بخش ہے۔ منفتح مسام و محلل ریاح ہے۔ اور دافع ثقل گوش ہے *
روغن زیتون	روغن زیتون	دہن الزیتون یا زیت	سفید مائل بزردی	پھیکا کسی قدر تلخ اور بدمزہ ہوتا ہے	مشہور ہے کوٹ کر روغن نکالا جاتا ہے	درجہ سوم میں گرم اور تر	گرم مزاجوں کو مفر ہے	شہد اور دودھ شربت بنفشہ مارالشعیر	روغن بیدانجیر	حسب قوت ۲ یا ۳ تولہ تک	اعصاب کی سردی کو دور کرتا ہے۔ اور مقوی الاعضاء ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ اگر اس کی مالش کی جائے۔ تو سردی کے ورموں کے لئے مفید ہے۔ اور زخموں کو بھی مندمل کرتا ہے۔ دردِ کمر کا دافع ہے اور قولنج اور مروڑ کو نافع ہے۔ گرم پانی کے ہمراہ قریباً چار تولے تک پینا قوی مسہل ہے۔ پرانا روغن زہروں کو بھی دور کرتا ہے
روغن سرسوں	روغن سرسف	دہن الحرف	زرد مائل بسیاہی ہوتا ہے	تلخ	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور تر ہوتا ہے	معدہ کو اور گرم مزاجوں کو	دہی اور ترشی	روغن کنجد سفید	بقدر ضرورت	مقوی الاعصاب ہے۔ اور استرخاء کو دور کرتا ہے۔ اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ روغن کنجد کے ہمراہ معدے کے کیڑوں کو نکالدیتا ہے۔ بدن کے لئے مسمن ہے۔ بلغمی اور سرد امراض کو نافع ہے۔ پٹھوں کے اینٹھنے کو دور کرتا ہے۔ اس کی مالش اور لیپ سردی کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ بالوں کو نرم بناتا ہے۔ اور سیاہ رکھتا ہے۔ کثیر الاستعمال ہے *

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
روغن مالکنگنی	روغن مالکنگنی	۔	سُرخ مائل بسیاہی	قدرے تلخ اور بدبُودار	مشہور ہے مثل باداموں کے اس کا بھی تیل نکالا جاتا ہے	گرم اور تر	گرم مزاج والوں کو اور نوجوانوں کو	روغن کنجد روغن گُل وغیرہ	روغن بلسان	۔ بچوں کو نہیں دینا چاہئے	باہ۔ دماغ اور قوتِ حافظہ کو مضبوط بناتا ہے۔ وجع المفاصل۔ نقرس۔ عرق النسا کو دُور کرتا ہے۔ کمر اور گٹھیا کے دردوں کو نافع ہے۔ درد پہلو اور پٹھوں کے امراضِ باردہ۔ لقوہ۔ فالج۔ رعشہ اور تشنج کے لئے اس کی مالش سودمند ہے۔ مناسب ادویہ کے ہمراہ اس کا طلا محرکِ باہ ہے۔ اور خالی بھی محرک باہ ہے۔ ہاتھ کی ہتھیلی میں اس کی مالش قوتِ بینائی کو تیز کرتی ہے ٭
روغنِ تیم	روغن تخم نیم یا نیب	دہن النیب	مائل بسیاہی	تلخ بدمزہ	مشہور ہے	گرم اور خشک	جگر اور معدہ کو	روغن کنجد	تخم کائن	دو ڈیڑھ ماشہ تک	ریاح اور بلغم کے فساد کو دُور کرتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ ہاضم ہے۔ بہوشی کو دُور کرتا ہے۔ درد کمر۔ کوڑھ اور گٹھیا کو مفید ہے۔ اکثر اعضاء کیلئے مقوی ہے۔ زخموں کے لئے بھی نافع ہے۔ باہ اور بینائی کو تیز کرتا ہے ٭
روغن تلی یا بیٹھا تیل	روغن کنجد	دہن السمسم	سفید مائل بزردی	قدرے شیریں	مشہور ہے	معتدل ہے	صفرا پیدا کرتا ہے معدہ کو	قند شکر	روغن کاہو اور بادام	بقدرِ ضرورت	تمام اعضاء کے لئے مقوی ہے۔ محافظِ صحت ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے مُسہل ہے۔ بدن کو نرم بناتا ہے۔ مجلّی ہے۔ بدن اور پٹھوں کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ فسادِ بلغم کو دور کرتا ہے۔ مادہ منی کو بڑھاتا ہے۔ مدر بول ہے۔ درد اور چوٹ کو نافع ہے ٭

روغن گلو	روغن جھوا	۰	سفید	کسیلا	دھوئیں کی گری سے نکالا جاتا ہے	سرد تر	نوازل اور آنکھ کو	روغن ناریل	۰	۰	بلغم اور صفرا کے فساد کا دافع ہے۔ سوزش اعضاء کو نفع دیتا ہے۔ فربہی پیدا کرتا ہے۔ جلد کی خشکی کو دُور کرتا ہے۔ اکثر اعضاءِ دماغی کو مفید ہے *
روغن تخم پیٹھا	تخم کدوئے رومی	دہن بزر الدباء	سفید رنگ	کسی قدر شیریں	مشہور ہے	سرد اور تر ہوتا ہے	بلغمی امراض کو	روغن مغز کدو	۶ ماشہ تک	۶ ماشہ تک	بدن کو تر رکھتا ہے۔ دماغ کو تر کرتا ہے۔ دافع خشکی ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ بے خوابی اور مالیخولیا کو دُور کرتا ہے۔ نقصوں کی خشکی اور پٹھوں کی اینٹھن کو سود مند ہے *
روغن مغز کدوئے شیریں	روغن مغز کدوئے شیریں	دہن حب القرع	سفید مائل بزردی	قدرے شیریں	مشہور ہے	سرد تر	۰	روغن بادام شیریں	روغن کاہو	چھ سے ۹ ماشہ تک	دماغ کی خشکی کو دُور کرکے تر کرتا ہے۔ بدن کی خشکی اور یبوست کا دافع ہے۔ فربہی اور قوت پیدا کرتا ہے۔ بیخوابی۔ تپ حار اور پیچش کے لئے نہایت مفید ہے۔ تپدق اور خشک کھانسی کو نافع ہے۔ دم الاخوین کے ہمراہ سر اور بدن کے زخموں کو سود مند ہے۔ محلل اورام اور مہی بھی ہے *
روغن پلاس	روغن تخم پلہ	۰	سیاہ	کسیلا	مشہور ہے	گرم	۰	۰	روغن ہوو گلو	۰	بلغم و صفراء کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کا قاتل ہے۔ اس کا ملنا سوزشِ اعضاء کا دافع ہے۔ اور بعض سرد اورام کا محلل ہے *
روغن کھیرا کگڑی	روغن تخم خیارین	دہن بزر القثا	سفید	پھیکا	مشہور ہے	سرد تر	پھوڑوں کو	۰	روغن کاہو	۰	مفرح ہے مسمن بدن ہے۔ گرمی کے دردوں کا محلل ہے۔ اور اکثر گرم امراض کو مفید ہے۔ اور اعضائے دماغیہ کے بہت موافق ہے۔ لیکن بلغم لاتا ہے *

اسم معروف فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	سفر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
ردیف (ز)										
زرشک	زرشک بہدانہ	سُرخ	چاشنی دار	ایک خار دار درخت کا شہرہ پھل ہے۔	بادجود قوت قابضہ کے سرد اور خشک	قوی لیکن سرد مزاج والوں کو	شکر اور لونگ	صندل	تولہ کے قریب	صفرا کی تیزی کو دُور کرتی ہے۔ پیاس کو کم کرتی ہے۔ جگر اور معدہ کی گرمی کو دُور کرتی ہے۔ اور جوش خون کو ساکن کرتی ہے۔ دل۔ جگر اور معدہ کی گرمی اور خشکی کو دُور کرکے تقویت دیتی ہے۔ صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے۔ اور مادہ ردیہ کو اعضاء پر گرنے نہیں دیتی۔ معدہ اور جگری دستوں کو نفع دیتی ہے۔ اور کثرتِ حیض کو روکتی ہے ✣
زفت	رطب رومی	سیاہ	تلخ	درختِ سرو سے ایک رطوبت نکلتی ہے اور اس کی کئی قسمیں ہیں۔	درجہ سوم میں گرم اور درجہ دوم میں خشک	طحال اور پھیپھڑہ کو مفر ہے	بنفشہ کافور اور کتیرا وغیرہ	سوم اور جاوشیر	۷ ماشہ کے قریب	ورم ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ بند اور جوڑوں کو قوی کرتی ہے۔ عرق النساء نقرس۔ ریاح سرد۔ اور درد زانو کو نافع ہے۔ اخلاط مغلظ کو معتدل القوام بناتی ہے سینہ اور حلق کو پاک اور صاف کرتی ہے۔ مطوّل اور معظّم قضیب ہے۔ خون کو جلد کی جانب جذب کرتی ہے۔ شقاق مقعد کو نافع ہے۔ اس کا ضماد مقوی باہ ہے ✣

زیرہ سفید	زیرہ سپید	کمون ابیض	سفید رنگ	تیز	سونف کے برابر ایک درخت ہے۔ اُس کا بیج ہے	درجہ دوم میں گرم سوم میں خشک	پھیپھڑہ کو مفر ہے	کثیرا	زیرہ سیاہ اور اجوری	۷ ماشہ	جگر۔ معدہ اور آنتوں کے لئے مقوی ہے۔ اور گردے کو طاقت دیتا ہے۔ گرمی پیدا کرتا ہے۔ ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ اور بلغم کو چھانٹتا ہے۔ جریان کے لئے مفید ہے روغن زیتون کے ہمراہ اس کا لیپ ورم طحال کو تحلیل کرتا ہے +
زیرہ سیاہ	زیرہ سیاہ	کمون اسود	سیاہ	تیز	مشہور ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک	پھیپھڑہ کو مفر ہے	کثیرا وغیرہ	زیرہ سفید	۷ ماشہ	گرمی پیدا کرتا ہے۔ مدر حیض و بول ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ معدہ کی رطوبت کو دفع کرتا ہے۔ ریاح اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ ملطف طبیعت ہے۔ اور بلغم کو چھانٹتا ہے +
زہر مہرہ	زہر مہرہ	فاد زہر معدنی	سفید زردی مائل	۔	ایک نہایت ہلکا سا پتھر ہے جو مشہور عام ہے۔	معتدل ہے	۔	۔	زبرجد اور زمرد	ایک ماشہ	تمام امزجہ کے موافق ہے۔ اور اخلاط کی بدبوئی کو دفع کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ اعضائے رئیسہ اور ارواح اور اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ محافظ صحت ہے۔ ہیضہ۔ قے اور دستوں کو بند کرتا ہے خفقان اور غم کو دور کرتا ہے +
زیتون	زیتون	زیتون	سبز	تلخ اور کسیلا	ایک درخت ہے جو بلاد مغرب میں ہوتا ہے اور ہزار سال تک رہتا ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	۔	۔	روغن ریڈی	تولہ	مدر بول ہے۔ بدن میں گرمی پیدا کرتا ہے۔ مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے مقوی الاعضا ہے۔ پسینہ بند ہونے کو نہایت نافع ہے۔ یعنی پسینہ کو جاری کر دیتا ہے۔ مقوی معدہ ہے اور بھوک بڑھاتا ہے +

ورم طحال

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
زرنگال	زرنگار	زنجار	آبی و سبز	بکھٹا اور کسیلا ہوتا ہے	ایک شے ہے جو سرکہ اور تانبا سے بنتی ہے	درجہ چہارم میں گرم اور خشک	بہتے قاتل ہے	گھی اور دودھ	شنگرف	کھایا نہیں جاتا	بدن کے گوشت کو کھا جاتا ہے۔ خراش پیدا کرتا ہے۔ آنتوں کو چھیل ڈالتا ہے۔ اور زخم کر دیتا ہے۔ شہد کے ہمراہ اس کا سُرمہ پلکوں کی گندگی کو رفع کرتا ہے۔ موم اور روغن کے ساتھ زخموں کو بڑھنے سے روکتا ہے ٭
زوفائے خشک	زوفائے خشک	زوفائے یابس	سبز مائل بسیاہی	تلخ	ایک قسم کی گھاس ہوتی ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	جگر کیلئے مضر ہے	غاب اور صمغ عربی	بریاوشاں اور صعتر	ایک تولہ	ملطّف ہے مادۂ بلغمیہ کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے۔ معدے کے کیڑے باہر نکال دیتا ہے۔ درموں کو تحلیل کرتا ہے۔ دردِ معدہ دردِ سینہ۔ دردِ پہلو اور قولنج کو مفید ہے۔ بلغم کو خشک کرتا ہے۔ پرانی کھانسی اور پھیپھڑے کی سوجن کو رفع کرتا ہے ٭
زراوند دراز	زراوند دراز	زراوند طویل	سُرخ مائل بزردی	تلخ قدرے چکنائی کے ساتھ	ایک درخت کی جڑ ہے۔ بقدر موٹے پتے شکل عشق پیچاں کے پھول بنفشی	درجہ سوم میں گرم اور دوم میں خشک	طحال اور جگر کو مضر	زرشک اور شہد	زراوند گرد	۷ ماشہ	اکثر حیوانی اور نباتی زہروں کی مارگ ہے۔ مجلّی ہے۔ اور رطوبات کو جذب کرتی ہے۔ سرد درموں اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ اور مادۂ بلغمیہ کو چھانٹتی ہے۔ پتھری کو توڑتی ہے۔ مدر حیض و بول ہے۔ جگر اور سینہ کو مصفّا کرتی ہے۔ بلغم کو دستوں کی راہ سے خارج کر دیتی ہے۔ صرع کو نافع ہے۔ جنین کو آسانی سے پیدا کرتی ہے ٭

زراوند گرد	زراوند زرد	زراوند مدحرج	اندر سے باہر سے زرد	تلخ قدرے تعابدار	یہ ایک لمبی اور گول سی جڑ ہے جس کا پھل موٹا ہوتا ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک ہوتی ہے	طحال کو اعضاء میں خشکی پیدا کرتی ہے	روغن کدو اور شہد	زراوند طویل	۷ ماشہ	دردوں اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے - ملطف ہے - دماغ اور معدہ کو طاقت دیتی ہے - درد سینہ اور فالج اور گٹھیا کو مفید ہے - اور مادہ بلغمیہ کو چھانٹتی ہے - اور بلغم کو دستوں کی راہ سے باہر نکال دیتی ہے - زخموں کو گندگی سے پاک کرتی ہے

ردیف (س)

سپاری	پوپل	خوفل	کھورا	کیلا	بیر کے برابر ایک گول پھل ہے جزیروں میں ہوتا ہے -	سرد اور خشک	قولنج کو اور شانہ کو سفر	کتیرا وغیرہ	دھنیا اور سرخ صندل	۴ ماشہ	مواد خام کو پکاتی ہے - انجرات کو دماغ کی طرف چڑھنے نہیں دیتی - دانتوں کی سستی اور منہ کی رطوبت کو رفع کرتی ہے - گرمی کے دردوں کو مفید ہے - دستوں کو بند کرتی ہے - مدر بول ہے - منی کو غلیظ بناتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے - اور دل کو تقویت دیتی ہے *
شاور	۰	۰	سفید	پھیکا	ایک نہایت لمبدار مشہور جڑ ہوتی ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	دردسر پیدا کرتی ہے	شہد وغیرہ	بہمن سفید	۷ ماشہ	ملطف طبیعت ہے - باہ کو زیادہ کرتی ہے - معدہ - جگر اور گردے کو گرم کرتی ہے - منی اور بلغم کو گاڑھا بناتی ہے - ہر قسم کے سوزاک اور جریان کو نافع ہے - نقرس - گٹھیا اور بواسیر کو بھی مفید ہے *

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
سانپ کی کینچلی	پوست مار	سلخ الحیّہ	جالیدار سفید	پھیکا	مشہور ہے جو سانپ ہر سال خود گراتا ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک	جلد کے چھلکے اتارتی ہے تاریکی چشم پیدا کرتی ہے	گھی اور دھنیا وغیرہ	بھلاواں	۲ ماشہ	اگر گھی اور چنے کے ہمراہ استعمال کریں تو جذام کو فائدہ دیتی ہے۔ اس کی دھونی بواسیر کے مسّوں کو گرا دیتی ہے۔ اگر ایک درم کینچلی دو درم جَو کے آٹے کے ہمراہ گوندھ کر اور ٹکیہ بنا کر اور پکا کر کھائیں تو اندرونی اور بیرونی بواسیر کو نافع ہے۔ سرکہ میں جوش کر کے کُلّی کرنا دانتوں کی درد کو مفید ہے۔ اگر اسکو کتابوں اور کپڑوں میں رکھیں تو کیڑا نہیں لگتا۔ جس جگہ سانپ ایکدفعہ کینچلی گراتا ہے۔ پھر وہاں نہیں آتا +
ساگودانہ سابودانہ	.	.	سفید	پھیکا	ایک دانہ ہے جو ایک جزائری لکڑی سے بناتے ہیں۔	درجہ دوم میں گرم اور تر	.	.	.	-	تمام بدن کیلئے مقوی ہے۔ قوّتِ باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ محرّکِ باہ ہے۔ بدن کو موٹا بناتا ہے ہلکا ہونے کی وجہ سے بیمار کی طبیعت کے نہایت موافق ہوتا ہے۔ طبیعت کو نرم بناتا ہے خصوصاً جبکہ شکّر اور دودھ ملا کر کھیر بنا کے کھائیں۔ اگر دودھ منع ہو تو پانی میں پکا کر کھائیں
ساتر	اوشن	صعتر	پھول نیلے پتّے سبز خوشبودار	تیز	ایک مشہور گھاس ہے۔ اور اسکی کئی اقسام ہیں۔ بستانی جنگلی پہاڑی	درجہ دوم میں گرم اور خشک	پھیپھڑہ کو مضر ہے	سرکہ انجیر شہد خالص وغیرہ	پہاڑی پودینہ بقدر مناسب	۹ ماشہ کے قریب	محلّل ریاح و بلغم ہے۔ مادہ ردیہ بلغمیہ کو دور کرتا ہے۔ ملطّف ہے لیکن خشکی پیدا کرتا ہے۔ قوّتِ باہ کو زیادہ کرتا ہے بھوک لگاتا ہے۔ معدہ کو رطوباتِ بالائیہ سے صاف کرتا ہے۔ دماغ کیطرف ابخرات چڑھنے نہیں دیتا۔ بہت سی دماغی امراض کو نافع ہے۔ دانتوں اور پہلو کی درد کو جو سردی سے ہو دور کرتا ہے۔ سرکہ کے ساتھ استعمال کرنا ورم طحال کا دافع ہے +

اسم بمعروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مغز	مُصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال و خواص
سرکہ	سرکہ	خل	سفید اور سُرخ	نہایت ترش کھٹا	انگور یا کھجور کا بنایا جاتا ہے	سرد اور خشک	باہ پٹھوں اور پھیپھڑوں کو	حلویات اور شیرینی	آبِ لیموں	۲ تولہ	رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ قابض ہے۔ مسامات اور رگوں میں جلد سرایت کرتا ہے۔ طبیعت کو لطیف کرتا ہے۔ اخلاطِ مغلظہ کو چھانٹتا ہے۔ اور ہاضم ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو قتل کرتا ہے۔ اس کی کُلی مسوڑھوں سے خون بہنے کو روکتی ہے ✦
سرو	سرو	عرعر	سبز	پتے تلخ اور تیز	ایک مشہور درخت ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	پھیپھڑوں کو مضر	کتیرا	انزروت وغیرہ	۲ اڑھائی ماشہ	اس کے پتے تمام اعضاء کی دردوں کو مفید ہے۔ اس کی جڑ پلاسول کے ہمراہ گرمی کے بخارات کے لئے سود مند ہے۔ جو زخم نہ بھرتے ہوں اس کے پتے سونٹھ اور کھٹے کے ہمراہ اس کو بھر دیتے ہیں ✦
ساکھو	سال	ساج	پھل سیاہ پتے سبز تلخ	تلخ اور تیز	ایک بہت بڑا جنگلی درخت ہے ✦	سرد اور خشک ہوتا ہے	جگر کے لئے مضر ہے	عناب وغیرہ	۰	۳ ماشہ کے قریب	اس کا پپ ذرموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا برادہ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ اور معدہ کی سوزش کو دُور کرتا ہے۔ اور شہد کے ہمراہ بلغمی اور صفراوی مادہ کو خارج کرتا ہے۔ اس کی دھونی وبائی ہوا کو صاف کرتی ہے۔ اور مچھروں وغیرہ کو مار دیتی ہے۔ سال کا برادہ ماء العسل کے ساتھ بلغم اور صفراء اور معدہ کے کرم نکالنے میں نہایت قوی الاثر ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
سدا سہاگن	۔	۔	پھول سُرخ پتے سبز	کسی قدر تلخ	عقیق البحر کی طرح ایک درخت ہے	سرد ۱	بلغمی مزاجوں کو	مرچ سیاہ اور شہد	بکن بوٹی	دو نین ماشہ	صفرا اور خون کے فساد کو دُور کرتا ہے۔ اگر اس کے پتے چہار ماشہ کے قریب پانی میں بھگو کر پیئیں تو سوزاک کو نفع کرتا ہے۔ اس کے پتوں کو پانی میں جوش دے کر دو تین قطرے کان میں ٹپکانا دردِ گوش کو دفع کرتا ہے۔ چونکہ اس میں لعاب ہے اس لئے مزیق بھی ہے ✦
سجی اور کھار	شنجار	قلی معصفر و شب	سفید اور بھورا	شور کڑوا	ایک کھار ہے جو بعض اشیاء کی راکھ سے بنائی جاتی ہے	درجہ چہارم میں گرم اور خشک معہ سمیت ہے	پھیپھڑہ کو مضر ہے	دودھ روغن ادرک کرانا	۔	ایک جو کے قریب	گوشت کو کھا لیتی ہے۔ جلد کرتی ہے۔ سجی مغسول معدہ کے لئے مقوی ہے۔ بلغم کو اچھی طرح چھانٹتی ہے۔ قے کو بند کرتی ہے۔ ورم طحال کی محلل ہے۔ اخلاط کو جلا دیتی ہے۔ سُرمے کے ہمراہ آنکھ کے جالے کو کاٹتی ہے۔ زیادہ استعمال کرنی سمِ قاتل کا حکم رکھتی ہے ✦
سرس	درخت ذکریا	سلطان الاشجار	پھول سُرخ اور پتے سبز بیج سیاہ	تلخ اور کسیلا	ایک بہت بڑا درخت ہے جس کے پتے املی کی طرح ہوتے ہیں۔	درجہ دوم میں سرد اور خشک ہے	لاغر دل کو	جنسوچن اور سونف وغیرہ	سرپھوکہ اور بطم وغیرہ	ایک تولہ	اس کا عرق امراض جلدی کے لئے نہایت نافع ہے۔ اس کی چھال کی کلی مسوڑھوں اور دانتوں کو مضبوط کرتی ہے۔ اس کا پھول سونگھنا آدھا سیسی کے درد میں نہایت مفید ہے اس کا ضماد دمل۔ پھنسیوں اور تر اور خشک خارش کو بہت سودمند ہے ✦

سرس کے بیج	تخم درخت زکریا	حب سلطان الاشجار	بھورا مائل بسرخی	کسیلا اور تلخ	مشہور ہے	گرم	.	.	.	.	مقوی باہ ہے۔ مغلظ منی ہے۔ اس کا سرمہ آنکھوں کے جالے کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کا تیل برص کے داغوں کے لئے بہت سودمند ہے۔ اگر اسکو پانی میں جوش دیکر ناک میں ٹپکائیں۔ تو نزلہ کو مفید ہے +
سرپھوکہ	.	.	پتے سبز پھول سرخ بعض سفید	قدرے تلخ اور تیزی لئے ہوئے بدمزہ	چرائتہ کی طرح ایک گھاس ہے شاخیں بلند۔ باریک اور پتے صنوبری شکل کے	درجہ دوم میں گرم اور تر اور بعض نے سرد تر لکھا ہے	.	برنڈی وغیرہ	منڈی وغیرہ	۶ ماشہ	مصفی خون ہے۔ سدے کھولتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اس کا پینا سرفہ سانس کی تنگی اور سوداوی تپوں کے لئے مفید ہے۔ طحال اور جگر کی بیماریوں اور پھوڑے پھنسیوں کو دفع کرتا ہے۔ سرطان کو مفید ہے۔ مدر بول ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ مفرح ہے۔ اس کے پتے ورق الخیال کے ساتھ ملا کر چھ ماشہ روزانہ کھانا بواسیر خونی کے لئے نہایت ہی سودمند ہے +
سرسوں	سرشف	حرف	سرخ سیاہ اور زرد	تیز اور تلخ اور بدمزہ	رائی کے برابر ایک قسم کا غلہ ہے۔ اور مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	گردہ اور معدہ کو	شہد اور کاسنی وغیرہ	رائی اور مالی	۶ ماشہ قریباً	رطوبات بالائی کی جاذب ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ بلغم کے فساد کو دور کرتی ہے۔ عرق النساء اور کھجلی کو نافع ہے۔ محرک باہ ہے۔ مدر بول ہے۔ مادہ کے قوام کو معتدل کرتی ہے۔ محلل اورام ہے۔ اسکا بٹنہ بدن کی سیاہی وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ اس کے پتے کھجلی اور پیشاب بند کرنے میں مفید ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
سروالی	۔	برطانیقی	پتے سبز پھول سرخ	پتے اور بیج دونو قدرے تلخ	ایک درخت ہے جو قریباً ایک گز کے برابر بلند ہوتا ہے +	قوتِ قابضہ کے ساتھ مرکب القوٰے	متلی لاتا ہے +	عناب	توری	۵ ماشہ	اسکا لیپ محلل اورام ہے۔ اور زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ اور اس کے جوشاندہ سے کلی کرنا منہ کے زخموں اور بدبو کو دور کرتا ہے۔ اور اس کا پینا تپوں کو فائدہ دیتا ہے مقوی باہ ہے۔ منی کو پیدا کرتی ہے۔ اگر اس کو جلا کر کھائیں۔ تو خون استحاضہ کو بند کر دیتی ہے +
سروالی کے بیج	۔	بزر برطانیقی	سیاہ رنگ	کسی قدر تلخ	ایک بہت ہی چھوٹا بیج ہے +	مرکب القوٰے	متلی لاتے ہیں	عناب	توری	بقدر ۵ ماشہ	مقوی ہیں۔ قوتِ باہ کو بڑھاتے ہیں۔ منی کو مغلظ اور گاڑھا بناتے ہیں۔ آتشک اور سوزاک کو فائدہ دیتے ہیں۔ خون کے فساد کو دور کرتے ہیں۔ جریان کے لئے نہایت سودمند ہیں +
سریش	سریشم	غری	سیاہ اور سفید مائل بزردی	بدبودار اور بد مزہ	چمڑے اور گوند کو پکا کر بناتے ہیں۔ ایک لیدار شے ہے +	درجہ اول میں گرم اور درجہ دوم میں خشک	سُدے پیدا کرتی ہے	سکنجبین اور سرکہ وغیرہ	سریشم ماہی	ماشہ ڈیڑھ ماشہ کے قریب	رگوں کے منہ پر چپک کر سُدہ پیدا کرتی ہے۔ خشکی جسم کے اندر پیدا کرتی ہے اسکا ضماد گنج اور سر کے زخموں کو مفید ہے۔ اور سل کے اندرونی زخموں کو نافع ہے۔ اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ سرکہ کے ہمراہ داد اور خارش برص اور بہق کو دور کرتی ہے۔ اور مناسب ادویہ کے ساتھ اسے پینا منہ سے خون آنے اور پھیپھڑے کے زخم کو دور کرتی ہے +

سلارس	۰	میعہ سائلہ	بھورا مائل بزردی	پھیکا خوشبودار	ایک درخت کا دودھ یا گوند ہے جو بالکل درخت بہی کے مشابہ ہوتا ہے	درجہ سوم میں گرم دوم میں خشک	پھیپھڑہ کو مضر ہے	مصطگی وغیرہ	روغن یاسمن اور جندبیدستر	۶ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مقوی الاعضاء ہے۔ مادہ کے قوام کو اعتدال پر لاتا ہے۔ اور مادہ بلغمیہ کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے۔ درد سینہ۔ پھیپھڑہ۔ زکام کھانسی۔ درد کمر۔ اور درد گردہ کو فائدہ دیتا ہے۔ گٹھیا اور جوڑوں کی درد کے لیے بھی نافع ہے ✦
سمندر پھل	۰	۰	سیاہ مائل بسرخی	تلخ اور کسیلا	ہڑ کے برابر ایک قسم کا پھل ہے ✦	درجہ دوم میں گرم اور خشک	۰	۰	۰	آدھا	جریان منی کو مفید ہے۔ اگر نمک اور جوائن کے ہمراہ پانی سے پھانکیں۔ تو درد شکم کو نافع ہے۔ اگر دہی کے ساتھ استعمال کریں۔ تو دستوں کو بند کرتا ہے۔ اگر دختر والی عورت کے دودھ میں گھس کر ناک میں ٹپکائیں۔ تو تمام بلغم کو نکال ڈالے اگر پانی میں گھس کر ناک میں ڈالیں۔ تو درد آدھا سیسی کو فائدہ دیتا ہے ✦
سلاجیت	۰	۰	سیاہ مائل بسرخی	پھیکا کسی قدر تلخ	ایک قسم کی سونیائی ہے جو پہاڑوں میں ہوتی ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	گرم مزاج والونکو	روغن	۰	۴ رتی	اخلاط کے فساد کا دافع ہے۔ جریان منی اور دمہ کو فائدہ دیتا ہے۔ جلد ہر کے لئے بھی مفید ہے۔ اورام سخت اور علت شیخوخیت کو بھی سودمند ہے۔ اور کرمہائے شکم کو بھی قتل کرتا ہے ✦
ست سلاجیت	۰	۰	سفید	پھیکا کسی قدر تلخ	سلاجیت کا جوہر ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	گرم مزاج والونکو	روغن	عطر ناگیسر	ایک رتی کے قریب	قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ گردہ کو طاقت دیتا ہے۔ مثانہ کے لئے مقوی ہے۔ جریان اور سوزاک کو فائدہ دیتا ہے۔ اور بدن کو طاقتور بناتا ہے۔ بوڑھوں کے لئے بہت مفید ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
سکند پھلا	.	.	زرد	تلخ	مشہور عام ہے	درجۂ چہارم میں گرم خشک	قاتل ہے	قے کرنا	.	.	ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ کھجلی اور خارش کو فائدہ دیتا ہے
سقمونیا	سقمونیا	محمودہ	بھورا بعض سفید اور گداز	تلخ	سیاہ رنگ کے ایک گھاس کا جما ہوا دودھ ہے۔	درجہ سوم میں گرم دوم خشک	معدہ دل اور جگر کو غشی لاتا ہے	سیب کتیرا اور روغن بادام	ہلیلہ زرد اور ایلوا زرد	۷ رتی کے قریب	محلل اورام و ریاح ہے۔ مدر بول ہے۔ اور سدے کھولتا ہے۔ اور صفراوی مادہ کو دستوں کی راہ سے خارج کر دیتا ہے۔ اور معدہ اور آنتوں کے کیڑے نکالتا ہے۔ سوداوی امراض کے لئے مفید ہے۔ اور اس کا استعمال بلا امرود یا بہی کے بھلبھلانے کے جائز نہیں ہے۔ بچھو نے جس کو کاٹا ہو۔ اسے پلانا اور ضماد کرنا فائدہ مند ہے +
سقنقور	سقنقور	سقنقور	زرد اور سرخ مختلف رنگ	پھیکا اور قدرے شور ہوتا ہے	ایک جانور ہے۔ جو دریائے نیل کے کنارے ہوتا ہے +	تازہ درجہ دوم میں گرم تر اور خشک	دماغ کے لئے مضر ہے	مسور اور شہد	گاجر اور ثعلب مصری	۳ تولہ	اس کا گوشت امراض باردہ کے لئے بہت مفید ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ سن بہری۔ کزاز اور نقرس اور وجع المفاصل کو دور کرتا ہے۔ بدن کو گرم کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا اور نعوظ لاتا ہے۔ خصوصاً جبکہ انڈے کی زردی اور ترہ تیزک کے بیج ملا کر کھائیں۔ تو غایت درجہ کا مقوی باہ ہے۔ اس کو بغیر مصلحات کے استعمال کرنا درست نہیں +

سریش مچھلی	سریشم ماہی	غری السمک	سفید اور سیاہ	تلخ اور ہرمزہ	یہ ایک لیسدار شے ہے۔ مچھلی کے سفتوں سے بنتے ہیں	درجہ اول میں گرم درجہ دوم میں خشک	یہ سدہ لاتا ہے	ماء الاصول وغیرہ	زفت رومی	۳ ماشہ	مرضِ سل کے لئے مفید ہے۔ رخساروں کے چیپ اور برص کے داغوں کے دفعیہ کے لئے اسکا ضماد کرنا نافع ہے۔ اور ورمِ خصیہ کے لئے بھی مفید ہے۔ اگر سرکہ کے ہمراہ اسے استعمال کیا جائے۔ تو ناخنوں کے سفید ہوجانے کا دافع ہے
سفیدہ کاشغری	سفیداب	اسفیداج	سفید	شور اور کسیلا	جستہ کی طرح کی ایک شے ہے +	درجہ دوم میں سرد اور خشک	قاتل ہے اور خناق پیدا کرتا ہے	اچھا عمدہ چرپ شوربا پینا اور قے کرنا	مردار سنگ	۲ ماشہ	پرانے زخموں کو خشک کرتا ہے۔ ملطف ہے۔ خشک اور تر کھجلی کو نافع ہے۔ اگر انڈے کی سفیدی کے ساتھ ملاکر استعمال کیا جائے۔ تو شقاقِ مقعد کو مفید ہے۔ اور بُرے گوشت کو کاٹتا ہے۔ اور زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ آنکھ کی دواؤں کے ہمراہ دردِ چشم کو نافع ہے۔ اور آشوبِ چشم کے لئے بھی مفید ہے۔ اسکا حمول مانع حمل ہے۔ حابسِ حیض ہے +
سیم کے بیج	•	غول	سفید سبز سرخ	پھیکا	مشہور عام ہے	سرد اور خشک	دیر ہضم ہے نفخ پیدا کرتا ہے	گرم مصالحہ گوشت	•	•	بلغم اور صفرا کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ باہ اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ اس کے میدے کا حلوا باہ کو بڑھاتا ہے۔ اس کی خشک چٹکی خون بہنے کو نافع ہے۔ اور نکسیر کو بند کر دیتی ہے +
سن	لادنہ	•	بھورا اور سفید	پھیکا	ایک مشہور گھاس ہے جسکی چھال باریک ہوتی ہے +		دیر ہضم نفاخ ہے	•	•	•	اسکا ساگ قبض کرتا ہے اور ثقالت لاتا ہے۔ اس کے پھول نفاس کے خون کو بند کر دیتے ہیں۔ اور اس کے ریشہ کا بنا ہوا کپڑا پہننا خشکی لاتا ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
سنگ یہودان	سنگ یہودان	حجر الیہود	سفید	پھیکا	ایک گول سا بیر کے برابر پتھر ہے ۔	درجہ اول میں گرم دوم میں خشک	جگر کو مضر ہے	شیر اور روغن بادام	کرفس اور گوند وغیرہ	۲ ماشہ	مدر بول ہے۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری کو توڑ دیتا ہے۔ اور پھر پیدا ہونے نہیں دیتا۔ اگر مثانہ میں خون منجمد ہو جائے۔ تو اس کو بادام تلخ اور پانی کے ہمراہ پلانے سے پیشاب کی راہ سے نکل جاتا ہے۔ شہد کے ہمراہ ضماد کرنا محلل اورام ہے ۔
سیوتی	گل مشکین	ورد صینی	سفید	پھیکا اور خوشبودار	ایک مشہور پھول ہے	درجہ دوم میں گرم اول میں خشک	دماغ کو مضر ہے	کافور	چنبیلی	۵ ماشہ	ملطف ہے۔ محلل اورام و ریاح ہے۔ سینہ کو پاک اور صاف کرتا ہے۔ حلق اور سینہ کے ورم کو فائدہ دیتا ہے۔ دل۔ جگر۔ اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ مدر حیض ہے۔ سودا اور بلغم کو دستوں کی راہ سے نکالتا ہے۔ اس کا سونگھنا اعضائے رئیسہ کیلئے قوت دہ ہے ۔
سیم	۔	غلاف الغول	سبز اور سفید	قدرے کسیلا	ترکاری کی قسم سے ایک بیل کی پھلیاں ہیں ۔	درجہ اول میں سرد اور خشک	دیر ہضم ہے اور نفخ پیدا کرتا ہے	گرم مصالحہ اور گوشت	۔	۔	بلغم اور باہ کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ اور صفرا کے فساد کو بھی روکتا ہے۔ اگر اس کو گوشت میں پکائیں۔ تو لذیذ ہو جاتا ہے۔ اور اکثر جلدی اور وبائی امراض کو نفع دیتا ہے۔ اگر اس کے پتے کا رنگ داد پر لگایا جائے۔ تو بہت مفید ہے۔ اور جلد کو صاف کر دیتا ہے ۔

سیسہ	سُرب	رصاص الاسود	سیاہ چمکدار	خُشک اور کسیلا	مشہور ہے۔ فلزات معدنی کی قسم سے ہے وزنی ہے	درجہ دوم میں سرد اور تر ہے	سرد مزاجوں اور پھیپھڑے کو	۔	۔	۔	مواد کو پکاتا ہے۔ قبض کرتا ہے۔ روغنِ گُل میں حل کرکے ملنا سوزش کو نافع ہے اس کے کُشتہ کا سُرمہ جالا اور آشوبِ چشم کو مفید ہے۔ اور جست کے کُشتہ کی طرح فائدہ کرتا ہے + روغنِ گُل اور آبِ کشنیز کے ہمراہ اسکا لیپ سرطان کو مفید ہے۔ اورام حارّہ کو تحلیل کرتا ہے۔ اور جوڑوں کی دردوں کے لئے مفید ہے +
سیندور	۔	اسرنج	نہایت سُرخ	پھیکا بد مزہ	یہ ایک پسی ہوئی سُرخ رنگ کی شے ہے جو شنگرف قلعی اور سفیدہ سے بناتے ہیں +	درجہ دوم میں سرد سوم میں خُشک ہوتا ہے	قاتل ہے	خوب چرب اشیاء روغن وغیرہ	مردار سنگ	کھایا نہیں جاتا	محلّلِ اورام و بثور ہے۔ زخموں کو جلا دیتا ہے۔ اور اُن کو مواد سے پاک کرکے مندمل کرتا ہے۔ اور بُوئے زخم کو دُور کرتا ہے۔ داد اور کھجلی کے لئے بھی مجرّب ہے۔ گوشت کو پیدا کرتا ہے۔ روغنِ گُل کے ساتھ اِس کا طلا کرنا ورموں کو دُور کرتا ہے۔ سیم کے پتّوں کے ہمراہ داد پر چھڑکنا مفید ہے۔ کھانے کے کام نہیں آتا۔ زہر قاتل ہے +
سیب	سیب	تفاح	زرد سرخ سبز اور خوبصورت	تُرش اور شیریں چاشنی دار	ایک مشہور ولایتی میوہ ہے +	درجہ اوّل میں گرم ہے	ریاح پیدا کرتا ہے سینہ کو مضر ہے	شہد دارچینی اور گلقند وغیرہ	بہی	۲ تولہ یا کچھ زیادہ	مفرّح ہے۔ فمِ معدہ۔ دل۔ جگر اور دماغ کو قوّت دیتا ہے۔ روح حیوانی کا ملطّف ہے۔ گرمی کو تسکین دیتا ہے۔ ہانپنے اور خفقان کو فائدہ دیتا ہے۔ بھوک زیادہ کرتا ہے۔ اور جلدی خون کی رنگت اختیار کرتا ہے۔ رُخساروں کے رنگ کو صاف کرتا ہے۔ اسکا پانی یخنی کے ساتھ غشی کے دور کرنے میں نہایت مجرّب ہے۔ اِسکا مربّہ نہایت لطیف ہوتا ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
سیپ	صدف گوش ماہی	صدف	سفید	پھیکا	اطبا کے نزدیک سیپ سے مراد صدف مروارید ہے	درجہ اول میں سرد دوم میں خشک ہے	سینہ کو اور جگر کو مضر ہے	شہد اور عناب وغیرہ	کہربائے شمعی	۳ ماشہ کے قریب	ملطف روح ہے۔ دست اور خون بہنے کو بند کرتی ہے۔ اور نکسیر کے لئے نافع ہے۔ جلی ہوئی جلا کرتی ہے۔ درد قلب کو فائدہ دیتی ہے۔ خصوصاً مسوڑہوں کو طاقت دیتی ہے۔ پسی ہوئی اکثر امراض کو نافع ہے۔ اس کی دھونی بواسیر کو مفید ہے۔ آنکھوں میں لگانا زخم کو مفید ہے۔ اور پڑبال کو دور کرتی ہے۔ سرکہ کے ساتھ اسکا ضماد مسوں کو نافع ہے +
سویہ کے بیج	تخم شبت	بزر الشبت	زرد مائل بسرخی	قدرے تیز اور تلخ	سونف سے چھوٹے بیج ہوتے ہیں +	درجہ دوم میں گرم اور خشک	منی اور بینائی کو مضر ہے	شہد اور ترشی	سونف	۶ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتے ہیں۔ مدر حیض اور بول ہیں۔ دودھ کو جاری کرتے ہیں۔ رحم کے اکثر امراض کو فائدہ دیتے ہیں۔ بلغمی ہچکی اور طحال اور کمر کی درد کو مفید ہیں۔ اور مثانہ کی اکثر بیماریوں کو نافع ہیں +
سہاگہ	تنکار	تنکار	سفید قدرے میلا	تیز اور شور	ایک معدنی شے ہے + سمیات سے ہے +	دوم میں گرم اور خشک	اعضائے رئیسہ کو مضر ہے	سرکہ اور صمغ عربی	بورہ ارمنی وغیرہ	بقدر ایک ماشہ	ملطف ہے۔ ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ بواسیر کے مسوں کو کاٹ کر گرا دیتا ہے۔ اگر بریاں کر کے استعمال کریں۔ تو درد معدہ کو دور کرتا ہے اور پیٹ کی قبض کو فائدہ کرتا ہے۔ برے گوشت کو کاٹ کر بہا دیتا ہے۔ قلعی کو صاف کرتا اور لوہے کو نرم کرتا ہے۔ سونے کو جلد گلا دیتا ہے +

سنیف کی جڑ	بیخ بادیان	اصل الوزانیج	زرد	شیریں اور تیز	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	گرم مزاج والونکو	کتیرا کشنیز صندل	بیخ کرفس	۶ ماشہ	محلل اورام و ریاح ہے۔ ہاضم ہے۔ سدوں کو کھولتی ہے۔ مدر بول ہے۔ اور مدر حیض بھی ہے۔ دردوں کو تسکین دیتی ہے۔ مادہ کے قوام کو معتدل بناتی ہے قولنج کے درد کو مفید ہے۔
سویہ	شبت	شبت	سبز اور خوشبودار	تلخ اور تیز	ایک مشہور ساگ ہے جس کے پتے چھوٹے باریک اور پھول چھتر دار ہوتے ہیں	درجہ دوم میں گرم بعض کے نزدیک درجہ اول میں خشک	نشہ لاتا ہے دماغ کو کمزور کرتا ہے	سکنجبین اور ترشی	تخم سویا	دو تین درم بقدر حاجت	ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مادہ کے قوام کو اعتدال پر لاتا ہے۔ ہاضم ہے۔ سدوں کو توڑتا ہے پیچش کو آرام دیتا ہے۔ خشک کھانسی اور سردی کے دردوں کو نافع ہے۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ معدہ سے لیسدار اور مغلظ اخلاط کو چھانٹ کر باہر نکال دیتا ہے۔ اور قولنج کو آرام دیتا ہے۔ فساد غذا کا مانع ہے۔ اور سینے اور معدے کی درد کو سود مند ہے۔
سونٹھ	سونٹھ	زنجبیل	غباری	تیز اور تیز بو نفوذ کرتی ہے	ایک مشہور گھاس کی جڑ ہے۔ مثل شقاقل کے پتے اسکے بقدر بالشت کے لمبے ہوتے ہیں	درجہ دوم میں گرم اور درجہ اول میں خشک ہے	حلق کے امراض کو مضر ہے	شہد اور بادام روغن وغیرہ	دار فلفل	۷ ماشہ	معدے اور آنتوں کی غلیظ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ غلیظ رطوبت اور بلغم کو چھانٹتی ہے معدہ۔ جگر اور قوت حافظہ کو طاقت دیتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ جگر کے سدوں کو توڑتی ہے۔ طبیعت کو نرم بناتی ہے۔ اور رطوبات کو خشک کرتی ہے۔ اعصاب کی سردی اور فالج کو مفید ہے۔ پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ غذا کے فساد کو دور کرکے دستوں کو بند کرتی ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے۔ خولنجاں اور پستہ مساوی الوزن کے ہمراہ باہ کیلئے مجرب ہے اور سردی کے تمام دردوں کی دافع ہے۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	تقدیر شربت	افعال وخواص
سونف	بادیاں	رازیانج	زرد مائل بسرخی	قدرے شیریں اور تیز	مشہور عام ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور اوّل میں خشک	گرم مزاجونکو اور دیر ہضم ہے	صندل کافور اور سکنجبین	تخم کرفس وغیرہ	۹ ماشہ قریباً	معدہ کو تقویت دیتی ہے۔ اور بینائی کو زیادہ کرتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے۔ مدر بول اور حیض ہے۔ سکنجبین کے ہمراہ پرانے بخار ونکو نفع دیتی ہے۔ مادہ کو پکاتی ہے۔ کھانسی کو بھی نافع ہے۔ جگر۔ طحال۔ اور مثانہ کے سُدّوں کو کھولتی ہے ٭
سونا	زر و طلا	ذہب	زرد	کسیلا اور پھیکا	طبعی عام و خاص ہے۔	متعدل مائل بگرمی	مثانہ اور آلات پیشاب کو	مشک اور شہد خالص	یاقوت رمّانی	۲ رتی	مفرح روح و لطیف طبیعت ہے۔ دل۔ دماغ اور اصلی حرارت کو قوت دیتا ہے۔ فکر و غم۔ رنج اور خفقان کو دُور کرتا ہے۔ ضعفِ گردہ اور بواسیر کو نفع دیتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ جذام کے لئے مجرب ہے۔ اسکا سُرمہ بینائی کو قوت دیتا ہے
سونا مکھی	چرک طلا	خُبث الذہب	زرد سبزی مائل	کسیلا اور پھیکا بکھٹا	مشہور ہے سونے کی میل ہے جو بھٹیوں سے نکلتی ہے	درجہ اوّل میں گرم اور خشک	پھیپھڑہ کو مضر ہے	بادام روغن اور زعفران وغیرہ	توتیا مروار سنگ وغیرہ	ایک رتی	رطوبات رد بچشم کو دور کرتی ہے۔ آنکھ کے جالے اور ناخنے کی دافع ہے۔ اور بینائی کو طاقت دیتی ہے۔ نزول اورمہ کو دُور کرتی ہے۔ اورام کو تحلیل کرتی ہے۔ خفقان کو دفع کرتی ہے۔ مقوی دل ہے۔ زخموں کو پاک وصاف کرکے مندمل کرتی ہے۔ اور طحال کی ورم کو دُور کرتی ہے ٭

سوسن	سوسن آسمان گون	پھول نیلا اور پتے سبز	قدرے تلخ اور پھیکا	ایک درخت ہے جو صحرائی اور بستانی بھی ہوتا ہے شاخیں بلند اور پتے باریک	درجۂ اوّل میں گرم اور خشک بعض کے نزدیک معتدل	پھیپھڑہ کو مفید گرم مزاجوں کو مضر	نیلوفر اور شہد	اذریون	۳ ماشہ کے قریب	معدہ اور آنتوں کو قوت دیتا ہے۔ پھیپھڑے اور جگر کی امراض اور درد جگر کو سودمند ہے۔ دردِ طحال۔ رحم اور بواسیر کو مفید ہے۔ حیض کو جاری کرتا ہے بچھو کے زہر کا دافع ہے۔ شہد خالص کے ہمراہ اسکا طلا خارش اور زخموں کو مفید ہے۔ ہر ایک قسم کی بلغم کو چھانٹتا ہے۔ اگر اس کے پتوں کو چبا کر رانگ لیا جائے تو وہ رتوندھی اور آنکھ وغیرہ کے زخموں کے لئے مفید ہے ٭
سوسن کی جڑ	بیخ سوسن	اصل السوسن	بھورا	کسی قدر خوشبودار اور تلخ	سوسن کی ٹیڑھی سی جڑھ ہے جس میں سے بنفشہ کی سی بو آتی ہے	گرم اور خشک مزاجوں کو اور بعض کے نزدیک معتدل ہے	گرم سرکہ شہد خالص کو مضر اور اشیاء سرد تر	گل شبو اصل اسوس	۲ ماشہ بقدر ضرورت	لطافت بخشتی ہے۔ اور گرمی پیدا کرتی ہے۔ مادہ کے قوام کو معتدل بناتی ہے مجلّی ہے۔ مواد سے پاک کرتی ہے۔ اور صفراوی اور بلغمی مادہ کو دستوں کی راہ سے نکال دیتی ہے۔ فالج۔ تشنج اور سکتہ اور دیگر امراضِ باردہ کے لئے مفید ہے۔ اور بچوں کے نیند سے چونک پڑنے کو نافع ہے۔ اسکا ضماد پرانے دردِ سر کو مفید ہے ٭
سورنجاں شیریں	سورنجاں الحلو	زرد مائل اور بُسرفی	شیریں اور بُودار	لہسن صحرائی کے مشابہ ایک جڑھ ہے ٭	درجہ سوم میں گرم اور دوم میں خشک	جگر اور معدہ کو مضر ہے	زعفران کتیرا بشکر وغیرہ	سونٹھ اور تربد وغیرہ	۲ ماشہ	بدن میں سے ہر ایک قسم کی بلغم کو دستوں کی راہ سے نکالدیتا ہے۔ اور لیسدار رطوبت کو بدن کے اندر سے جذب کر لیتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ سُدے کو کھولتا ہے عرق النسار کے لئے بھی نافع ہے۔ ہر قسم کی دردوں کا دافع ہے۔ سونٹھ اور سیاہ مرچ کے ہمراہ نہایت مہلی ہے ٭

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	تعدادِ خوراک	افعال وخواص
سورنجاں تلخ	سورنجاں تلخ	سرنجان مُرّ	زرد سرخ اور سیاہ	تلخ اور ہیضہ	یہ بھی ایک قسم کی سورنجاں ہے ٭	درجہ سوم میں گرم اور خشک	جگر اور معدہ کیلئے	۰	فُسط تلخ	کھائی نہیں جاتی	بدن کی ہر ایک قسم کی درد کو تسکین دیتی ہے۔ محلل اورام ہے۔ مادہ کو پختہ اور معتدل القوام بناتی ہے۔ روغن گُل کے ہمراہ اسکی مالش وجع المفاصل کو فائدہ دیتی ہے۔ جلاب بھی کرتی ہے۔ اسکا کھانا کسی طرح بھی جائز نہیں ہے ٭
سنگ جراحت	سنگ جراحت	حجر الاعرابی	سفید	نرم اور پھیکا ہے	ایک قسم کا مشہور پتھر ہے ٭	درجہ دوم میں سرد اور خشک	مثانہ کے لئے سفر	شکر اور سکہ وغیرہ	۰	۲ ماشہ	اسہال خونی کو بند کرتا ہے۔ زخموں سے خون بہنے کا مانع ہے۔ مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اگر دہی کے ہمراہ استعمال کریں۔ تو اسہال خونی کو بند کرتا ہے درد سینہ کے لئے بھی مفید ہے۔ مُنہ سے خون آنے کو بھی روکتا ہے۔ اور مُنہ کے دانوں اور چھالوں کو سود مند ہے ٭
سورج مکھی	گُل آفتاب پرست	آفدیون	پتے سبز پھول خوب زرد	کسی قدر تلخ	ایک قسم کی گھاس ہے جسکا پھول سنہری اور چوڑا ہوتا ہے اور رُو بسورج رہتا ہے ٭	درجہ دوم میں گرم اور خشک ہے	محال کو اور گرم مزاج والوں کو	شہد اور سکنجبین	زعفران اور تخ	۲ ماشہ	محلل اورام ہے۔ مقوی ہے۔ دماغ اور جگر کا سُدّہ کھولتا ہے۔ دماغ کو صاف کرتا ہے۔ معدہ۔ جگر اور باہ کو قوت دیتا ہے۔ خواہش نفسانی کا محرک ہے اسکا لیپ درد نقرس کو فائدہ دیتا ہے۔ تخ تلخ کو نافع ہے۔ اس کی جڑھ کو پانی میں جوش دیکر کلی کرنا دانتوں کی درد کو نافع ہے۔ اس کے پتوں کا پانی قے آور ہے ٭ مدرّ بول وحیض بھی ہے ٭

سنگترہ	۰	۰	سُرخ	چاشنی دار لذیذ	نارنج کی طرح کا ایک ہندی پھل ہے ۔	درجہ اول میں سرد درجہ دوم میں تر	نرخرہ اور پھیپھڑوں کو مفید	شہد اور قند	نارنگی وغیرہ	حسب خواہش	معدہ اور دل کو طاقت دیتا ہے اور زحمت بخشتا ہے۔ اکثر اعضاء کو طاقت دیتا ہے پیاس اور گرمی کو تسکین دیتا ہے۔ اور ہوائی وبائی سمیت کو دُور کرتا ہے۔ خفقان اور وحشت کا دافع ہے۔ صفراوی مزاجوں کے بہت موافق ہے اسکی چھال بطور سُرمہ کے چہرے کی رنگت کو کھولتی ہے +
سنگھاڑہ	۰	۰	اندر سے سفید اور باہر سے سبز	پھیکا تدرے شیریں	ایک خاردار مشہور پھل ہے ۔	تازہ سرد تر اور خشک بنتا ہے	ثقیل ہی اور سُدہ پیدا کرتا ہے	نمک اور اجوائن گرم	۰	بقدر ضرورت و طاقت ہضم	گرم مزاج والوں کے لئے مقوی باہ ہے۔ کھانسی اور تپ صفراوی و دموی اور خونی اسہال کو مفید ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ اور دل کی سوزش کو دُور کرتا ہے۔ پیاس اور حلق کی خشکی کو تسکین دیتا ہے۔ مسوڑھوں کو مضبوط بناتا ہے۔ اگر دہی کے ساتھ استعمال کیا جائے۔ تو دستوں کو بند کرتا ہے اور مُنہ سے خون آنیکو روکتا ہے +
سنبھالو کے بیج	تخم فخلکشت	بزر الاثلیث	سیاہ اور سفید	تلخ اور تیز بُو	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	ماہ اور گیہوں کو مفر	صمغ عربی اور بحری کا دودھ	شاہ دانہ وغیرہ	۳ ماشہ	جگر اور دماغ کے سُدے کو کھولتا ہے اور دماغی کو دفع کرتا ہے۔ اور غشی کے لئے بھی بہت سُود مند ہے۔ توالد اور تناسل کے سلسلہ کو منقطع کرتا ہے۔ اسکا لیپ شقاق مقعد کو مفید ہے +
سنکھیا	مرگ موش	سم الفار	سُرخ سیاہ زرد اور سفید	زہر ہے	مشہور عام ہے	درجہ چہارم گرم و خشک	۰	۰	۰	۰	سردی کے زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ اسکو تیل میں حل کر کے مالش کرنا اور سرد کو فائدہ دیتا ہے۔ اور تر اور خشک کھجلی کو نافع ہے۔ اور جلدھر کو بھی فائدہ بخش ہے۔ نصف درم زہر قاتل ہے +

اسم معرف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	سفر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
سنگِ چقماق	سنگِ چقماق	حجر النار	سیاہ اور بھورا سفید و سرخ	پھیکا بے مزہ	ایک قسم کا نہایت سخت پتھر ہے جو فولاد کیساتھ رگڑ کھانے سے آگ پیدا کرتا ہے	درجہ اول میں سرد اور دوسرے میں گرم خشک	کھایا نہیں جاتا	۰	۰	۰	اس کو باریک پیسکر کنٹھ مالے پر چھڑکنا بہت مفید ہے۔ اور ایسے زخم جو کسی طرح سے بھی اچھے نہ ہوتے ہوں۔ اُن پر اسکا لگانا زخم کو اچھا کرتا ہے۔ اور بہت جلد خشک کرتا ہے اور گوشت بھر لاتا ہے۔ اگر اسے پارچہ میں لپیٹ کر عورتوں کی ران پر باندھا جائے۔ تو عسرِ ولادت کیلئے مفید ہے۔ لیکن ضروری ہے کہ ولادت فوراً ران سے اُتار دیں۔ ورنہ خوفِ ضرر ہے +
سمندر لون	نمک دریا	ملح البحیط	سفید	شور	روم و عراق میں دریا کے شور سے بناتے ہیں	درجہ دوم میں گرم اور خشک	۰	۰	نمک شور	بقدر ضرورت	اشتہار کو زیادہ کرتا ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے۔ اور ریاح کو توڑتا ہے اگر زیادہ کھایا جائے۔ تو دست آور بھی ہے۔ اور مسامات میں جلد نفوذ کرتا ہے۔ اور کھار کے قائم مقام ہے +
سنبھالو	فنجکشت	اثلق	زرد اور سبز	کسیلا اور ملخ مدمزہ	تین چار گز تک اونچا ایک درخت ہوتا ہے +	درجہ دوم میں گرم اور خشک	باہ اور گردہ کو مفر	تخم کرفس وغیرہ	گلنار	۳ ماشہ	قابض ہے۔ ریاح اور ادرام کو تحلیل کرتا ہے۔ ملطف ہے۔ سُدۂ طحال کو کھولتا ہے حیض کے بند ہو جانے اور درد اور داء الکلب کو مفید ہے۔ اور کُتے کے کاٹے ہوئے کو فائدہ دیتا ہے۔ اسکا بیج نسلِ ولادت کو منقطع کر دیتا ہے۔ اسی لئے اہل عرب نے اسکا نام حب النسل رکھا ہے +

سمندر پھین	کف دریا	زبد البحر	جالیدار اور سفید	تیز اور شور	ایک جالیدار جسم ہے جو دریائے شور وغیرہ کے کناروں پر ملتا ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک ہوتا ہے	آواز اور پھیپھڑہ کو مضر	صمغ عربی اور لعاب بہدانہ	بورہ ارمنی وغیرہ	کھایا نہیں جاتا ہے	اسکا ضماد چہرے کے سیاہ داغوں اور جھائیں وغیرہ کو دفع کرتا ہے۔ اور اورام بلغمیہ کو تحلیل کرتا ہے۔ استسقاء کو نافع ہے۔ قے کو روکتا ہے۔ آنکھ کے جالے کو کاٹتا ہے۔ دانتوں اور بینائی کو جلا دیتا ہے۔ سرکہ کے ہمراہ کھجلی کو مفید ہے۔ اس کے کشتہ کا استعمال جائز ہے ✦
سمندر سوکھ	۰	۰	سفید	پھیکا	رائی کے برابر ایک بیج ہے ✦	درجہ اول میں سرد اور تر	نفخ پیدا کرتا ہے	شکر اور دودھ	تخم سروالی	۲ ماشہ	رقت منی۔ سوزش بول اور سوزاک وغیرہ کو مفید ہے۔ قوت امساک پیدا کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ اگر اسے جلا کر استعمال کریں۔ تو ناسور کو فائدہ دیتا ہے ✦

ردیف (ش)

شلجم	شلغم	شلجم	سرخ اور سفید رنگ	قدرے شیریں اور تیز	ایک مشہور عام ترکاری ہے۔	درجہ اول میں گرم اور تر ہے	دیر ہضم اور نفخ پیدا کرتا ہے	گوشت اور ترشی وغیرہ	گاجر اور چقندر وغیرہ	بقدر ضرورت	سینہ کو نرم کرتا ہے۔ اور کھانسی کو دور کرتا ہے۔ بینائی کو تقویت دیتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ مبہی ہے۔ مدر بول ہے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ اس کی کونپلوں میں قوت اور ارنسبتاً زیادہ ہے۔ اس کے بیج نہایت مقوی باہ ہیں۔ خصوصاً بھونے ہوئے بھوک کو زیادہ کرتے ہیں ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
شکر قند	شکر قند	.	سفید اور سرخ رنگ	خوش ذائقہ اور مزیدار	آلو کیطرح کی ایک چیز ہے جسے جوش دیکر کھاتے ہیں لذیذ ہے	رطوبت فضلیہ کیساتھ گرم تر	نفاخ ہے قابض ہے اور سدہ لاتی ہے	قند سفید اور شیر تازہ	بعض افعال میں گاجر	بقدر ضرورت	بدن کو موٹا کرتی ہے منی کو پیدا کرتی ہے۔ اور مغلظ بھی ہے۔ مقوی دماغ ہے بعض کے نزدیک محرک باہ بھی ہے۔ رگوں کے منہ پر چپک کر سدہ پیدا کرتی ہے۔ خصوصاً سینہ۔ قصبہ اور ریہ میں بکثرت سے اسکا استعمال کرنا اچھا نہیں۔ کیونکہ ثقیل اور نفاخ ہے ✦
شہد	شہد انگبین	عسل	سفید زرد سرخ	نہایت شیریں لذیذ	ایک قسم کی نیشدار مکھیوں کا کف مشہور ہے ✦	درجہ دوم میں گرم اور درجہ اول میں خشک	گرم مزاج والونکو اور دماغ کو مضر	دھنیا انار اور سرکہ وغیرہ	خرمائے جید اور دوشاب انگوری	۳ تولہ حسب ضرورت	سدوں کو کھولتا ہے۔ مجلی ہے۔ رطوبات ردیہ کو دفع کرتا ہے۔ اور لیسدار بلغم کو چھانٹتا ہے۔ ہر قسم کی ریاح کو زائل کرنیوالا ہے۔ سدِ حیض اور بول ہے۔ دودھ کو جاری کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ جگر اور معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ سینہ اور صدر کو پاک اور صاف کرتا ہے۔ جالینوس کے نزدیک سرد بیماریوں کا علاج اس سے بہتر اور کوئی شے نہیں ہے ✦
شیر خشت	شیر خشت	شیر خشت	سفید	شیریں	ایک ولایتی درخت کا گوند ہے جو شبنم پڑنیسے سفید ہو جاتا ہے بعض کے نزدیک خود شبنم ہے	درجہ اول میں گرم اور دوم میں معتدل	نفخ اور ریاح پیدا کرتی ہے	روغن بادام اور سونف	ترنجبین	۵ تولہ	دل معدہ اور جگر کی گرمی کو تسکین دیتی ہے۔ اخلاط ثلاثہ صفرا سودا اور بلغم کو دستوں کی راہ سے خارج کر دیتی ہے۔ مجلی ہے طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ حلق اور سینہ کے کھرکھرانے اور کھانسی کو بھی مفید ہے۔ لیکن مادہ منی کو رقیق کرتی ہے ✦

شیشم	۰	ساسم	سُرخ چوب	کسی قدر تلخ	ایک نہایت بڑ درخت ہوتا ہے جسکی لکڑی نہایت بھاری اور مضبوط ہوتی ہے ۔	گرم اور خُشک	۰	۰	۰	۹ ماشہ	مصفّی خون ہے ۔ جذام اور برص کے داغوں کو فائدہ دیتی ہے ۔ اکثر امراض جلدیہ کو نفع پہنچاتی ہے ۔ پھوڑوں پھنسیوں کو مفید ہے ۔ اور دانتوں کو مضبوط بناتی ہے ۔ مرضِ آتشک کے لئے نافع ہے ۔ سوزشِ اعضاء کے واسطے مفید ہے ۔ امراضِ سوداوی کو دُور کرتی ہے ۔ اِسکی لکڑی کا برادہ کرکے پانی میں بھگوتے ہیں ۔ اور جوش دیکر شربت تیار کیا جاتا ہے ۔
شال و شالون	۰	۰	سبز رنگ	قدرے تلخ	ہندوستان میں ایک نہایت بڑا درخت ہے	گرم و تر	۰	۰	۰	ایک دو ماشہ	اخلاطِ ثلاثہ صفرا بلغم اور سودا کے فساد کو دفع کرتا ہے ۔ قے اور متلی کو روکتا ہے دستوں کو بند کرتا ہے ۔ مُبہی ہے ۔ خُشکی کو نافع ہے ۔ مقوی الاعضاء ہے ۔ پُرانے اورام اور بخارات کے لئے مُفید ہے ۔
شلجم کے بیج	تخمِ شلجم	بزر الشلجم	سرخ اور سیاہ	قدرے تلخ اور تیز	مولی کے بیج کے برابر ایک بیج ہوتا ہے	درجہ سوم میں گرم دوم میں تر	درد سر پیدا کرتا ہے گرم مزاجوں کو مضر	سکنجبین وغیرہ	تخم گاجر وغیرہ	۷ ماشہ	قوّت باہ کو بڑھاتے ہیں ۔ اشتہا زیادہ پیدا کرتے ہیں ۔ پیشاب کو خوب جاری کرتے ہیں ۔ ان کا تیل اورام کو تحلیل کرتا ہے ۔ اور مُبہی بھی ہے ۔ تمام افعال اور خواص میں شلجم کی طرح ہوتے ہیں ۔
شاہ پسند	شاہ پسند	۰	زرد اور بھورا	قدرے تُرشی لئے ہوئے	ایک مشہور میوہ ہے	درجہ دوم میں گرم خُشک	کرب لاتا ہے اور درد سر پیدا کرتا ہے	آلو بخارا وغیرہ	جلابا	ایک ماشہ	ہر سہ اخلاط صفرا سودا اور بلغم کو نکالتا ہے ۔ نہایت قوی دست آور ہے ۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے ۔ خُشک کھانسی کو سودمند ہے ۔ قولنج حار کو مفید ہے اور جوڑوں کے ورم کو تحلیل کرتا ہے ۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
شورہ	شورہ	البقر	سفید شفاف	خشک اور شور ہوتا ہے	مشہور عام ہے شور زمین کے بخارات جمے ہوئے ہوتے ہیں	درجہ سوم میں گرم اور خشک	نرخرہ اور گردہ کو مضر	شہد اور کتیرا وغیرہ	نمک اندرانی	قریباً ڈیڑھ یا دو ماشہ	بلغم کو چھانٹتا ہے۔ سدہ کو کھولتا ہے۔ بدن کے مواد ردیہ کو چھانٹتا ہے اور دست لاتا ہے۔ نمک سے قوی تر ہوتا ہے۔ شکر کے ہمراہ مدر حیض اور بول ہے درد کمر اور طحال اور قولنج ریحی کو نہایت نافع ہے۔ کیلہ کے ہمراہ تین روز متواتر ایک ماشہ کھانا ورم طحال کے لئے نہایت نافع اور مجرب ہے ✦
شاہ دانہ	شاہ دانہ	شادنج	سرخ زرد سفید رنگ برنگ	پھیکا اور بے مزہ ہوتا ہے	مسور کے برابر دانے ہوتے ہیں	مغسول درجہ دوم میں سرد وخشک اور غیر مغسول درجہ دوم میں گرم اور خشک	مثانہ اور معدہ کو مضر ہوتا ہے	زرشک اور کتیرا وغیرہ	مقناطیس رسوت اور دم الاخوین	۱ در ماشہ	مواد کو پختہ کرتا ہے۔ ملطف ہے۔ زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ اور گوشت بھر لاتا ہے۔ بینائی کو بڑھاتا ہے۔ اور عقل کو تیز کرتا ہے۔ مدر بول ہے۔ خون کو بند کرتا ہے۔ شقاق مقعد کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔ خشکی کرتا ہے عورت کے دودھ کے ہمراہ آنکھوں کی سوزش اور خارش اور زخموں کا دافع ہے یہ سرمہ نہایت قوی الاثر اور مفید ہوتا ہے ✦
شریفہ سیتا پھل	۰	۰	باہر سے سبز و سفید اندر سے بالکل سفید	شیریں	ایک ہندی پہاڑی پھل ہے ✦	رطوبت فضلیہ کے ساتھ گرم تر	نفاخ و دیر ہضم پھوڑے نکالتا ہے	ترشی وغیرہ	۰	۰	بلغمی اور سوداوی لیسدار خون پیدا کرتا ہے۔ طبیعت کو نرم بناتا ہے۔ معدہ کو گرم اور فاسد بنا دیتا ہے۔ منی پیدا کرتا ہے۔ دل اور باہ کو قوت دیتا ہے۔ نافع خفقان ہے ✦

شکاعی	شکاعی	شکاعی	زرد	تلخ	ایک درخت کا پھل ہے۔ جو اودے رنگ کا مائل بہ زردی ہوتا ہے +	درجہ اول میں گرم اور درجہ دوم میں خشک	پھیپھڑے کو مضر ہے	شہد اور صمغ عربی وغیرہ	بارد آزرد	۷ ماشہ	سینہ سے خون کے بہنے کو بند کرتی ہے۔ بلغم کے قوام کو لطیف اسحال کرتی ہے۔ اور بلغمی سدوں کو کھولتی ہے۔ اور معدہ اور جگر کے امراضِ سرد (بارد) کو فائدہ دیتی ہے۔ رحم کی رطوبت کے بہنے کو بند کرتی ہے۔ فالج۔ رعشہ اور جذام کو فائدہ دیتی ہے۔ افسنطین کے ہمراہ مسمنِ بدن ہے۔ اور اس کی جرعہ مقعد کی ورم کو تحلیل کرتی ہے +
شکر سفید	شکر	سکر آبیض	سفید	نہایت شیریں	مشہور عام ہے گنے کی رس سے بنائی جاتی ہے	درجہ دوم میں گرم اور اول میں خشک	گرم مزاج والوں اور سل والوں کو	۰	۰	بقدر ضرورت	حلق سینہ اور طبیعت کو نرم کرتی ہے۔ اور رطوباتِ سینہ کو جلا دیتی ہے۔ اور رگوں میں جلد نافذ ہوتی ہے۔ خون خوب پیدا کرتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے دماغی سُدوں کو کھولتی ہے۔ روغنِ بادام کے ساتھ آواز کو گرفتگی سے آزاد کرتی ہے۔ اس کی دھونی زکام کو دُور کرتی ہے +
شکر تیغال	شکر تیغال	شکر تیغال	سفید	شیریں	مشہور ہے ایک کیڑے کا جالا ہی ریشم کیطرح جو اپنے اوپر تنتا ہے اور پھر اس میں سوراخ کرکے چلا جاتا ہے +	گرمی اور تری میں معتدل ہے +	کثرت استعمال غشی لاتی ہے	بنجبیں اور شکر وغیرہ	مصری	۵ ماشہ	سینہ کی کھرکھراہٹ کو دُور کرتی ہے۔ اور صدر کو نرم کرتی ہے۔ حدتِ اخلاط یعنی غلطوں کی تیزی کو اور سوزش کو تسکین دیتی ہے۔ معدے کی درد کو دُور کرتی ہے۔ اور گلے کی خشکی کو رفع کرتی ہے۔ آواز کی گرفتگی اور بھر بھرانے کیلئے نافع ہے۔ پیشاب کی تنگی کو دُور کرتی ہے۔ اور کھانسی کے لئے رب السوس اور گوند کے ہمراہ نہایت سودمند ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
								ردیف (ص)			
صنوبر	صنوبر	صنوبر	سبز	تلخ	سرو کیطرح ایک نہائیت خوشنما درخت ہوتا ہے ۔	درجہ سوم میں گرم خشک ہے	آنتونکی اینٹھن اور گرم مزاجونکو	روغن کنجد اور کتیرا	۔	دو تین ماشہ کے قریب	اگر اس کے پتے اور چھال کو پیا جائے ۔ تو گلے کی درد اور پھیپھڑے کے زخم کو فائدہ دیتے ہیں ۔ اور شہد کے ہمراہ جگر کی بیماریوں اور ورموں اور غلظتِ جگر کو نافع ہے ۔ اور خشک سفوف سرد پانی کے ہمراہ پھانکنا دستوں کو بند کرتا ہے ۔ مدرِ حیض ہے ۔
صندل سفید	صندل سفید	صندل ابیض	سفید قدرے زرد	قدرے تلخ	مشہور عام ہے ۔	درجہ سوم میں سرد اور خشک	باہ اور آواز کو	شہد خالص و نبات	اشنہ وغیرہ	پانچ چھ ماشہ	مفرح ہے اور دل اور معدہ کو قوت دیتا ہے ۔ اور ام گرم کو تحلیل کرتا ہے ۔ سُدّہ پیدا کرتا ہے ۔ خفقان اور بخاراتِ حارہ کو مفید ہے ۔ قوت حافظہ کو بڑھاتا ہی گلاب اور کافور کے ہمراہ پیشانی پر لیپ کرنا درد سر کو دور کرتا ہے ۔
صندل سرخ	صندل سرخ	صندل احمر	سرخ مائل بسیاہی	قدرے تلخ بدمزہ	مشہور ہے	سرد اور خشک	خارش پیدا کرتا ہے	سرکہ روغن وغیرہ	چھالیا صندل سفید	چار پانچ ماشہ	عرق گلاب کے ہمراہ اسکی کلی منہ آنے اور دانتوں کے درد کے لئے نافع ہے ۔ اسہال دموی کو دور کرتا ہے ۔ اس کے بیج تین چار عدد پیشاب میں خون آنے اور احتلام خون کو مفید ہیں ۔ ضماداً بہ نسبت سفید کے قوی الاثر ہوتا ہے ۔

صابون	صابون	صابون	زرد سفید	شور	چونہ تیل اور سجی اور چربی سے مرکب چیز ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	قاتل ہے	روغن بادام اور شوربائے تر	اشنان اور شورہ	کھایا نہیں جاتا	ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ کھانے وغیرہ میں استعمال نہیں ہوتا۔ چہرہ کی چھائیاں اور سیاہی وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ چونہ کے ساتھ ملا کر دنبلوں کو پھوڑ دیتا ہے۔ مہندی کے ہمراہ گھٹنے پر لیپ کرنا درد کو دور کرتا ہے ۔

ردیف (ع)

عشبہ	عشبہ	عشبہ	اندر سے سفید اور باہر سے سرخ ہوتا ہے	قدرے تلخ ہوتا ہے	ایک مغربی کی شاخیں ہوتی ہیں ۔	درجہ ۲ میں گرم اور درجہ ۳ میں خشک	گرم مزاجوں اور جوانوں کو	روغن بادام اور اشیائے تر	چوب چینی	۲ ماشہ کے قریب	محلل اورام و ریاح ہے طبیعت کو لطیف بناتا ہے۔ مدر بول اور پسینہ ہے۔ اکثر امراض سرد تر اور سینہ و دماغ و معدہ اور جگر کی اور امراض گردہ اور مثانہ کی دور کرتا ہے ۔ رحم کی بیماریوں کے لئے نافع ہے۔ اور تمام اخلاط کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے۔ جذام اور دیگر جلدی بیماریوں کو نافع ہے۔ امراض سوداویہ اور آتشک کے لئے مفید ہے ۔
عباسی کا پھول	گل عباسی	۔	زرد سرخ سفید	پھیکا کسی قدر تلخ	ایک گز بھر پیڑ کا پھول ہے جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں	پھول گرم اور خشک بیج سرد تر جڑ گرم	۔	۔	۔	۔	اس کے بیج قبض کرتے ہیں۔ اور گرمی کے اسہال کو بند کرتے ہیں۔ اور پھول قوت باہ لاتے ہیں۔ اور جڑ مغلظ منی ہے۔ اور محرک ہے۔ اور مصفی خون ہے اور درد کمر کو فائدہ دیتی ہے ۔

اسم مرکب	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
عناب	عناب جیلان	عناب	سرخ مائل بسیاہی اور بعض	شیریں ہوتا ہے اور پتلے موٹے قدرے کھٹے ہوتے ہیں۔	درخت اسکا مثل بیر کے ہوتا ہے میں سرد اور لمبے اور لکڑی اور چھال سُرخ رنگ ہوتی ہے	دوم اول میں سرد بالعموم حرارت اور برودت لاتا ہے معتدل	باہ کو کمزور کرتا ہے اور نفع	مویز منقی شکر بس شہد اور گلاب	اکثر افعال میں سپستان وغیرہ	۱۵ ۲۰ عدد تک	اخلاطِ مغلظہ کو معتدل القوام بناتا ہے۔ اور اخلاطِ رقیقہ کا مسہل ہے۔ سینے کو نرم کرتا ہے۔ اور خشونت کو مُبدل کرتا ہے طبیعت کو نرم بناتا ہے۔ کھانسی اور درد صدر کو مفید ہے۔ اور آواز کے بھرّانے کو فائدہ دیتا ہے۔ خون کو بڑھاتا۔ اور صاف کرتا ہے۔ سوزش اور پیاس کو کم کرتا ہے۔ خون کی تیزی کو تھیراتا ہے۔ درد کمر و جگر کا دافع ہے۔ آنکھوں کی دم بار پر اسکا لیپ کرنا مفید ہے۔ خارش کے لئے بہت سودمند ہے۔ اور خون کے صاف کرنے میں نہایت اعلےٰ ہے ✦
عنبر	عنبر اشہب	عنبر	چکنا سفید زردی مائل سیاہ ہوتا ہے	قدرے تلخ اور نہایت خوشبودار ہوتا ہے	بعض کے نزدیک ایک درخت کا موم ہے اور یہی معتبر ہے اور بعض کے نزدیک ایک آبی جانور کا گوبر ہے ✦	دوم اول میں خشک اور دوم میں گرم ہوتا ہے ✦	آنتوں اور جگر کو مضر ہے	صمغ عربی اور کشنیز تباشیر اور کافور وغیرہ	زعفران اور مشک	ایک رتی سے لیکر تین رتی تک	سردمزاجوں کے لئے نہایت مفرح ہے۔ محافظِ ارواح ہے۔ اور ہر سہ قوای کو مضبوط کرتا ہے۔ حرارتِ اصلیہ اور حواس ظاہری اور باطنی کو قوت دیتا ہے۔ امراضِ قلبی کو نہایت مفید ہے۔ خفقان۔ لقوہ۔ رعشہ۔ کزاز۔ دردِ سر اور دردِ شقیقہ کے لئے مفید ہے۔ دردِ گوش اور ریاح کا دافع ہے۔ کھانسی اور پھیپھڑہ کے زخموں کے لئے سُودمند ہے۔ دردِ معدہ اور وجع المفاصل اور طحال کو نفع دیتا ہے۔ خفقان اور طِدھر کو مفید ہے۔ قوتِ باہ کو نہایت بڑھاتا ہے بوڑھوں کیلئے زیادہ موافق ہے ✦

عصارہ مہک	عصارہ مہک	سیاہ	تلخ	لٹھی کا خشک کیا ہوا عصارہ رانگ ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	گردہ کو مفید	کثیرا وغیرہ	سوس	۲ ماشہ	حلق کے کھرکھرانے کیلئے مفید ہے۔ سینہ کی خشکی اور دمہ کے لئے نافع ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ معدہ کی سوزش خشک کھانسی اور دھانس کو فائدہ دیتا ہے اور خراش پیدا کرنے والی دوائیوں کی مضرت کو دفع کرتا ہے ✦
عقیق	عقیق	سفید سرخ نیلا زرد	پھیکا	ایک چمکدار مشہور پتھر ہے	درجہ دوم میں سرد اور خشک	حلق اور گردہ کو مضر	تخم کدو اور کثیرا	کہڑا اور لبد وغیرہ	۶ ماشہ	مقوی قلب ہے۔ خفقان کو دور کرتا ہے۔ منہ سے خون آنے اور خون بہنے کو مفید ہے۔ خون حیض کو روکتا ہے۔ بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ غم اور خفقان کو مجرد کرتا ہے۔ اگر اس کو اپنے پاس رکھیں۔ تو غضب اور غصہ کی تیزی اور حدت کو کم کرتا ہے ✦
عشق پیچہ	عاشق الشجر	لعاب	پھول سرخ پتی سبز	تلخ	ایک گھاس کی بیل ہے جو درختوں پر چڑھتی ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	شانہ اور معدہ کو مضر	املی اور قند	خلمی شاہترہ اور خباری	۳ ماشہ	اورام کو تحلیل کرتا ہے۔ مادہ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ محلل ریاح ہے۔ اور صفرار کو دستوں کی راہ سے نکالتا ہے۔ اورام کیلئے مجلل اورام ہے۔ دردوں کو تسکین دیتا ہے۔ اسکا لیپ مطولات میں سے ہے۔ شہد کے ہمراہ اسکا سرکہ نما درد سر کو فائدہ دیتا ہے ✦
عصارہ ریوند	عصارہ ریوند	زرد	تلخ	راوند کی جڑ کا خشک کیا ہوا رانگ ہے ۔	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	مقعد اور آنتوں کو	روغن گل اور روغن بادام	۰	۲ ماشہ	تمام اخلاط کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے۔ مدر بول ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو بھی نکال دیتا ہے۔ خفقان کو دور کرتا ہے۔ بلغمی کھانسی کو بھی مفید ہے۔ لقوہ اور فالج کو بھی مفید ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
عود صلیب	عود صلیب	عود صلیب	اندر سے اودہ باہر سے سُرخ	کسیلا اور تلخ	بادام کے چھلکے کی طرح کا ایک چھلکا ہے +	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	معدہ کو مضر ہے	کتیرا	افسنتین اور غاریقون	۲ ماشہ	دردِ معدہ اور نقرس کو دُور کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کو نہایت مفید ہے۔ اور دردِ رحم۔ یرقان۔ کابوس اور مرگی کو بھی نافع ہے۔ قبض کرتا ہے۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ خشکی کرتا ہے۔ مدرِ حیض اور بول ہے۔ مقوی قلب ہے۔ خون بہنے کو نافع ہے +
											ردیف (غ)
غافث	.	غافث	اودہ مائل بسیاہی پتے سبز	نہایت تلخ اور قدرے بکھٹا	ایک خاردار گھاس ہے جس کے پتے لمبے اور کھرکھرے ہوتے ہیں	درجہ اول میں گرم اور درجہ دوم میں خشک	طحال کو مضر ہے	درد اور انیسون بمقدار مناسب	افسنتین اور عصارۂ ریوند	۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک	ملطفِ اخلاط و طبع ہے۔ مجلّی ہے۔ مادہ کو چھانٹتا ہے۔ اور رطوبات کو جذب کرتا ہے۔ جگر اور طحال کے سُدّوں کو کھولتا ہے۔ اور بدن کو بخاراتِ مرکبہ سے پاک وصاف کرتا ہے اور لیسدار اخلاط کو خوب چھانٹتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ جلدھر یعنی استسقاء کو مفید ہے۔ مدرِ حیض و بول ہے۔ چربی کیساتھ اسکا لیپ زخموں کو اچھا کرتا ہے۔ اور اسکے پتوں کا عصارہ خارشِ تر و خشک کو مفید ہے +

غالیون	غالیون	غالیون	پھول زرد پتے سبز	قدرے تیز اور تلخ اور خوشبودار	ایک قسم کی گھاس ہے جو اکثر تالابوں کے کناروں پر ہوتی ہے	درجہ ۱ میں گرم درجہ ۲ میں خشک	طحال اور جگر کو مضر	زیتون	غافث	۰	اس کی جڑھ قوت باہ کو حرکت میں لاتی ہے زخموں سے خون اور پیپ کو صاف کرکے خون بہنے کو بند کرتی ہے۔ اس کے پھولوں کا لیپ آگ کے جلے ہوئے کو نافع ہے۔ روغن گل یا موم روغن کے ہمراہ شدت درد کو تسکین دیتی ہے اس کی جڑھ نہایت مقوی باہ ہے ✦
غاریقون	ماہشمان	غاریقون	سفید اور مختلف رنگ بھی ہوتا ہے اور چکنا ہوتا ہے	قدرے شیریں اور تیز تلخ	ایک شے ہے جو انجیر کے درخت سے نکلتی ہے اور دو قسم ہے ایک نر اور دوسری مادہ	درجہ اول میں گرم اور درجہ ۲ میں خشک	خناق اور کرب پیدا کرتا ہے	جندبیدستر اور دودہ اور قے کرانا	شحم حنظل اور تربد وغیرہ	ڈیڑھ ماشہ کے قریب	سودا صفرا اور بلغم کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے۔ طبیعت کو لطیف بناتا ہے۔ اخلاط مغلظہ کو بھی رقیق و لطیف کرتا ہے۔ ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہے۔ دل۔ دماغ اور پٹھوں کو طاقت دیتا ہے بلغمی بخاروں کے لئے بہت نافع ہے۔ اس میں ایک شے ناخن کی طرح ہوتی ہے۔ وہ سم قاتل ہے۔ بلا چھانے اس کا استعمال کرنا جائز نہیں ہے ✦
غار	۰	۰	سرخ اور بھورا دانہ ہے	تیز تلخ اور خوشبودار	ملک شام میں ایک قسم کا درخت ہے جس کی عمر ہزار سال ہوتی ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	جگر کو مضر ہے	نیسادچین زرشک اور کتیرا	کلونجی وغیرہ	۲ ماشہ	اس کے دانے محلل اورام و ریاح ہیں۔ اور طبیعت کو لطیف بناتے ہیں۔ اور درد رحم اور گردہ کو دور کرتے ہیں۔ اور بچھو کے کاٹے کو فائدہ دیتے ہیں حیض اور پیشاب کو جاری کرتے ہیں۔ دمہ۔ دھانس۔ اور کھانسی کو دور کرتے ہیں۔ اور جگری بیماریوں کو فائدہ دیتے ہیں ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
											ردیف (ف)
فیروزہ	فیروزہ	فیروزج	سبز آبی فیروزہ رنگ مشہور ہے	پھیکا اور پتھروں کیطرح ہوتا ہے	ایک پتھر ہے اکثر جس کے نگینے بنائے جاتے ہیں سب سے عمدہ نیشاپوری ہے ✤	درجہ ۱ میں سرد ۳ میں خشک کانوں سے ملتا ہے	گردہ کو مضر ہے	کتیرا وغیرہ اور اشیائے لعابدار اور تر	زمرد وغیرہ	۲ ماشہ	مفرح ہے۔ روح کو قوت بخشتا ہے۔ دل۔ دماغ۔ معدہ کو قوی کرتا ہے اسکا سرمہ آنکھوں کی رطوبت کو جذب کرتا ہے۔ اور پانی بہنے سے روکتا ہے اور جالہ کو دور کر کے قوت بینائی کو بڑھاتا ہے۔ آنتوں کے زخموں کو دور کرتا ہے۔ خفقان کو نافع ہے۔ آنکھوں کی تمام بیماریوں کو فائدہ دیتا ہے۔ شہد کے ہمراہ صرع اور ورم طحال کو مفید ہے۔ اگر اسکو گلے میں لٹکایا جائے۔ تو خاصکر دل کو قوت دیتا ہے۔ خوف کو دور کرتا ہے۔ اور دشمن پر فتحیابی کا سبب ہے ✤
فرفیون	فرفیون	لبن البنفشہ	بھورا مائل بزردی ہوتا ہے	تیز اور تلخ ہوتا ہے	ایک گھاس کا دودھ ہے جو اکثر بربر کے پہاڑوں میں سے لایا جاتا ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	گرم مزاج والونکو مضر	صمغ عربی اور رب السوس	مازریون اور جند بیدستر	۳ رتی کے قریب	مجلی ہے۔ ملطف ہے۔ بلغم کو دستوں کی راہ سے نکالدیتا ہے۔ پٹھوں سے بلغمی فضلات کو دور کرتا ہے۔ رعشہ۔ لقوہ۔ فالج۔ قولنج۔ استرخاء اور کابوس کو دور کرتا ہے۔ جلدھر کو بھی مفید ہے۔ مدر حیض ہے۔ وجع المفاصل درد کمر اور درد پہلو کو سودمند ہے۔ یہ افیون کا تریاق ہے ✤

فیل گوش	فیل گوش	اذن الفیل فیل جوش	مغبر	تلخ اور کسیلا	ایک قسم کی گھاس ہے جسکا رنگ پکایا ہوا اور خشک کیا ہوا ہوتا ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	خلط مغلظ پیدا کرتا ہے جگر کو مضر	صمغ عربی	افسنتین وغیرہ	۲ ماشہ	ملطف ہے۔ اخلاطِ مغلظہ کو چھانٹتا ہے۔ سُدے کو کھولتا ہے۔ اگر اس کے خوشہ کا عرق سرِ ذکر میں ٹپکایا جائے۔ تو پیشاب لاتا ہے۔ شہد کے ہمراہ اسکا لیپ محرکِ باہ ہے۔ اسکا عصارہ آنکھ کے جالے کو دُور کرتا ہے اور اسکا پینا سانس کی تنگی اور دمہ کو دُور کرتا ہے ✤
فندق	فندق	بندق	اندر سے سفید باہر سے بھورا	شیریں کسی قدر چکنا	ایک پہاڑی درخت کا پھل ہے جس کی گری بادام کی طرح کھاتے ہیں	درجہ ۱ میں گرم اور خشک	ریاح پیدا کرتی ہے معدہ کو مضر	شکر اور سکنجبین وغیرہ	اخروٹ اور حب الصنوبر	۲ تولہ	مُبہی ہے۔ آنتوں کو قوت دیتا ہے۔ دماغی جوہر کو بڑھاتا ہے۔ شہد کے ہمراہ کھانسی کو فائدہ دیتا ہے۔ سوزاک کو بھی مفید ہے۔ اسکا تیل سُرفہ کو دُور کرتا ہے۔ جگر اور سینہ کی درد کو نافع ہے۔ گُردہ کے دُبلاپن کو زائل کرتا ہے اور نزلہ سرد کو پکاتا ہے ✤

ردیف (ق)

قنطوریون صغیر	قنطوریون صغیر	قنطوریون صغیر	سبز پھول سُرخ	تیز اور تیز بُو	ایک گھاس ہے جو پانی کے کنارے پر اُگتی ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	آنتوں کو مضر ہے	صمغ عربی وغیرہ	زراوند مدحرج پرسیاوشاں	۳ ماشہ	مادۂ بلغمیہ کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے۔ اور صفراوی مادہ کو بھی نکالتا ہے سختی اور ورم کا محلل ہے۔ مدرِ حیض و بول ہے۔ جگر کا سُدہ کھولتا ہے بلغم اور لیسدار اخلاط کو چھانٹتا ہے ✤

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
قنطوریون کبیر	قنطوریون کبیر	قنطوریون کبیر	سبز	تیز اور کسی قدر تلخ	ایک دندانے دار پتوں والی گھاس ہے	درجہ ۲ میں گرم ۳ میں خشک	دماغ کو مضر ہے	کتیرا اور صمغ عربی	سورنجان سعد اور رسوت	۳ ماشہ	مدر حیض و بول ہے۔ ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مجلی ہے۔ قبض کرتا ہے۔ دماغ کو پاک کرتا ہے۔ جگر اور طحال کا سُدہ کھولتا ہے۔ اور قولنج بلغمی کو نافع ہے۔ یرقان کو سودمند ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ پٹھوں کی درد اور عرق النساء کے لئے مفید ہے ٭
قردمانا	قردمانا	قردمانا	پھول سفید و اودا بیج بھورا	تیز اور تلخ	بابونہ کی مثل ایک قسم کی گھاس ہے ٭	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	طحال کو مضر ہے	صندل اور انیسون	مشکطرامشیع اور رائی	۲ ماشہ	لطافت بخشتی ہے۔ پیشاب کو جاری کرتی ہے۔ سدوں اور مسامات کو کھولتی ہے۔ سردی کی بیماریوں کو نافع ہے۔ سینہ کو پاک کرتی ہے۔ ریاح اور قولنج کو دُور کرتی ہے کھانسی اور دھانس کو مفید ہے۔ ہچکی۔ فالج اور عرق النساء وغیرہ کو مفید ہے ٭
قدم	قدم	قدم	سفید اور زرد رنگ	ترش اور پھیکا ہوتا ہے	ایک بڑا درخت ہے جسکے پتے اخروٹ کے پتوں کے مشابہ اور پھل دھتورہ جیسا خاردار	سرد	بلغم پیدا کرتا ہے نفاخ ہوتا ہے	گرم مصالحہ اور گوشت	۰	۰	صفراء کو دُور کرتا ہے۔ اور بلغم کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ خون کو گاڑھا کرتا ہے عورتوں کے پستانوں کو دراز اور بلند کرتا ہے۔ گوشت کے ہمراہ لذیذ ہو جاتا ہے۔ اہل دیہات اِسے بکثرت کھاتے ہیں۔ حرارت کو مفید۔ اور پیاس کو دُور کرتا ہے ٭

ردیف (ک)

کباب چینی	۰	۰	اندر سے سفید اور باہر سے سیاہ	خشک اور تیز	حب بلسان کی طرح کالی مرچ سے چھوٹا سا ایک دانہ ہے +	گرم اور خشک	شانہ کو مضر ہے	صندل اور مصطگی وغیرہ	دار چینی	۴ ماشہ	لطیف رُوح ہے۔ مسامات اور سدّوں کو کھولتا ہے۔ سوڑھوں کو مضبوط بناتا ہے۔ اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ مدرِ بول ہے گردہ اور طحال کی بیماریوں کو مفید ہے۔ اسکا چبانا منہ آنے کو مفید ہے۔ اور بوئے دہن کو دُور کرتا ہے۔ اور چبا کر عضوِ خاص پر لگانا ملذّذ ہے +
کپور	کافور	سفید		تلخ اور خشک خوشبودار	ایک درخت کا گوند ہے بعض کے نزدیک معدنی ہے +	درجہ ۳ میں سرد اور خشک	باہ گردہ اور مثانہ اور مضر ہوتا ہے	ایلوا مشک اور زعفران	نسلوچین اور صندل سفید	۴ سُرخ تک	فرحت بخشتا ہے۔ دل اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ پھیپھڑے کے زخم کے لئے نافع ہے۔ ذات الجنب اور سل کو مفید ہے۔ جگر کی سوزش کو دُور کرتا ہے۔ اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ اور اسکا سُونگھنا نیند کو دفع کرتا ہے +
کالادانہ	۰	حب النیل	سیاہ رنگ	تلخ	مشہور ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	آنتوں کے لئے مضر ہے کرب پیدا کرتا ہے	روغن بادام اور ہلیلہ	شحم حنظل	۲ ماشہ	بلغمی اور سوداوی مادہ کو دستوں کی راہ سے خارج کر دیتا ہے۔ طحال اور جگر کے سدّوں کو کھولتا ہے۔ زخموں کو درست کرتا ہے۔ اور پیٹ کے کیڑوں کو نکالتا ہے۔ جوڑوں کی درد اور نقرس کو مفید ہے۔ سیاہ اور سفید داغوں کو مٹاتا ہے کھانسی اور دمہ کو مفید ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
کالی زیری	کردیا و شاہ زیرا	کمون رومی	زرد سفید اور سبز	قدرے تلخ اور تیز	زیرہ کی طرح کی ایک گھاس کا دانہ ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک	گرم مزاج گردہ اور پھیپھڑہ کو مضر	پودینہ کوہی	انیسون سونف اور زیرہ	۵ ماشہ تک	مواد بلغمیہ کو اچھی طرح چھانٹتا ہے۔ معدہ سے تمام قسم کے کیڑوں کو دور کرتا ہے۔ اسکا لیپ محلل اورام سرد ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ ہاضم ہے ریاح کو اچھی طرح صادر کرتا ہے۔ اسکا سرمہ آنکھوں کو جلا دیتا ہے۔ کوٹ کر دودھ کے ہمراہ پھانکنا بواسیر کو نفع دیتا ہے +
کاکڑا سینگی	۔	۔	سرخ مائل بسیاہی	کسیلا اور تلخ	کیلہ کے درخت کے مشابہ ایک درخت کا پھل ہے +	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	گردہ اور جگر کو مضر	کتیرا اور سکنجبین وغیرہ	۔	۔	دمہ کو دور کرتا ہے۔ اور سردی کی کھانسی کو مفید ہے۔ ہچکی اور قے کو روکتا ہے اور خونی دستوں کو بند کرتا ہے۔ پیاس کو دور کرتا ہے۔ بلغم کے فساد کو کھوتا ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ اس کا لیپ بدن کے سیاہ داغوں کے لئے نہایت نافع ہے +
کاکن	ارزن	دخن	زرد قدرے بھورا ہوتا ہے	پھیکا قدرے شیرین ہوتا ہے	ایک قسم کے غلہ کا دانہ ہے بہت مشہور ہے +	درجہ ۱ میں سرد دوم میں خشک	پھیپھڑہ کو مضر ہے گردہ میں پتھری پیدا کرتا ہے	مصطگی اور شہد وغیرہ	چاول اکثر تاثیرات میں	بقدر ضرورت	قابض ہے۔ اور قلیل الغذا ہے۔ خشکی پیدا کرتا ہے۔ پیشاب کو جاری کرتا ہے۔ اسہال صفراوی کو بند کرتا ہے۔ تازہ گھی کے ساتھ سینہ کو نرم کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ اور دردوں کی جگہوں پر گرم کر کے ٹکور کرنا مفید ہے۔ اس کا زیادہ استعمال کرنا سنگ مثانہ پیدا کرتا ہے +

کاسنی کی جڑ	بیخ کاسنی	اصل الہندبا	غباری	پھیکا مائل بتلخی	مشہور ہے	درجہ اول میں گرم دوم میں خشک	غشی پیدا کرتی ہے	سکنجبین اور شہد خالص	سونف کی جڑ ہیں وغیرہ	۷ ماشہ	اخلاط کو لطیف کرتی ہے۔ اور سدوں کو کھولتی ہے۔ غذا کی راہ کو صاف بناتی ہے۔ پیشاب کو خوب جاری کرتی ہے۔ اور خون کو صاف کرتی ہے۔ مواد کو تحلیل کرتی ہے۔ استسقاء کو سود مند ہے۔ آنتوں کی ورم کو دور کرتی ہے۔ گٹھیا کے لئے بھی فائدہ مند ہے +
کاغذ	کاغذ	قرطاس	کئی قسم کا ہوتا ہے اصلی سفید ہے	سفید پھیکا اور رنگدار تلخ ہوتا ہے	طب میں وہ کاغذ مراد ہے جو بانس سے بنا ہوا ہوتا ہے +	سوختہ سرد خشک ویسے گرم اور خشک	گردہ اور آنتوں کو مضر ہے	کہربائے شمعی وغیرہ	دم الاخوین وغیرہ	تین چار ماشہ تک	سوزش معدہ کو نافع ہے۔ اور پھیپھڑے کے زخم کو مفید ہے۔ منہ سے خون آنے کو بند کرتا ہے۔ دستوں کو روکتا ہے۔ اسکو جلا کر ناک میں نسوار کیطرح چڑھانا نکسیر کو بند کرتا ہے۔ اور دھونی اس کی مزکوم کو مفید ہے۔ جلا ہوا مکھن کے ہمراہ زخموں پر لگانا جلد مندمل کرتا ہے۔ ناسور کو بھی مفید ہے۔ آنتوں کی خراش اور زخم کو بھی نافع ہے +
کاسنی سبز	کاسنی سبز	ہندبا	پتے سبز اور پھولوں کا رنگ اودا ہوتا ہے	قدرے تلخ مزہ ہوتی ہے	ایک مشہور گھاس ہے	درجہ اول میں سرد اور تر	کھانسی والے کو قدرے مضر ہے	شربت بنفشہ اور شکر وغیرہ	شاہترہ آب برگ خطمی وخبازی	۵ تولہ	صفراء۔ گرمی اور خون کی قدرت کو کم کر دیتی ہے۔ پیاس کو تسکین دیتی ہے مسامات اور سدوں کو کھولتی ہے۔ اسکا پھاڑا ہوا رنگ جگر اور طحال کے سدوں اور کانور کو نہایت نافع ہے۔ اور گرمی کے صفراوی اور خونی بخارات کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔ اسکا عرق سرکہ اور صندل کے ہمراہ درد سر حار کو مفید ہے۔ اور شربت شاہتوت کے ساتھ غرارہ ورم حلق کو سود مند ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
کاسنی کے بیج	تخم کاسنی	بزر الہندبا	سفید مٹیارا	پھیکا	زیرہ سفید سے چھوٹے مشہور عام بیج ہیں ✤	درجہ ۲ میں سرد اور خشک	طحال کو مضر ہے	انیسون و سکنجبین	تخم کشوث اور شاہترہ	۶ ماشہ	مدر بول ہے۔ سُدّے کھولتا ہے۔ دردِ سر اور خفقان کو مفید ہے۔ کانور اور جلدھر کو سودمند ہے۔ صفراوی تپوں کو مفید ہے۔ بھوک کو بڑھاتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ ضعفِ گردہ اور طحال کے لئے بھی مفید ہے ✤
کائپھل	دار شیشعان	عود البراق	سرخ	خوشبودار اور کسیلا	تج کی مثل ایک درخت کی چھال ہے ✤	درجہ ۱ میں گرم اور دوم میں خشک	طحال اور جگر کو	مصطگی وغیرہ	اسارون زراوند	۷ ماشہ کے قریب	ریاح و اورام کا محلل ہے۔ قابض ہے۔ نافع نزول ہے۔ رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ سوداوی وساوس کو نافع ہے۔ مقوی الاعصاب ہے۔ سُدّوں کو کھولتا ہے۔ کھانسی۔ تپ اور بواسیر کو نافع ہے۔ دردِ معدہ اور جریان منی کو مفید ہے۔ اسکا غرغرہ مُنہ آنے کو فائدہ بخش ہے ✤
کانسہ	روبین	طالیقون	زرد	کسیلا ذائقہ	فلزاتِ معدنی کے ساتھ بنا ہوا ایک جسم ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	۰	۰	۰	۰	بعض اعضاء سے آماس یعنی سوج کو دُور کرتا ہے۔ ذہن کو طاقت دیتا ہے۔ قے بند کرتا ہے۔ اگر قوت شامہ باطل ہو جائے۔ تو اس کو بھی مفید ہے۔ اس میں سمیت بھی ہے ✤
کائی	ذاب	طحلب	خوب سبز	کسی قدر تلخ	ایک قسم کی سبزی ہے جو پانی میں اُگتی ہے	درجہ ۲ میں سرد تر	سرد مزاج والونکو	شاہسفرم	کلفہ	۰	اسکا لیپ خون کو روکتا ہے۔ اورام سخت کا محلل ہے۔ اگر یہ خشک پی جائے تو صفراوی دست بند ہو جاتے ہیں ✤

کاہو	کاہو	خس	بیخ سفید پتے سبز ہوتے ہیں	پھیکا اور شیریں	ایک مشہور گھاس ہے	درجہ دوم میں سرد اور تر	سل کو اور باہ کو مضر	کرفس اور چونہ وغیرہ	خرفہ وغیرہ	بقدر ضرورت	اخلاط صالح کا موجد ہے۔ اور اخلاط کو رقیق کرتا ہے۔ صفرا کی حدت اور تیزی کو دور کرتا ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے۔ ہوائے وبائی کا دافع ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے۔ اور ملین طبیعت ہے۔ مدر بول ہے۔ جنون اور یرقان کو دور کرتا ہے۔ سرکہ کے ہمراہ بھوک کو بڑھاتا ہے۔ اور درد معدہ کو دور کرتا ہے۔
کاہو کے بیج	تخم کاہو	بزر الخس	سفید	پھیکا	مشہور ہے	درجہ دوم میں سرد اور تر ہیں	نسیان پیدا کرتا ہے اور باہ کو مضر	مصطگی وغیرہ	خشخاش وغیرہ	۱ ماشہ کے قریب	خون اور صفرا کی تیزی کو ساکن کرتا ہے۔ دماغ کیطرف ابخرات چڑھنے کے لئے مانع ہے۔ معدہ کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ مدر بول ہے۔ اور پیٹ کو نرم کرتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ اور مادہ اورام کو پکاتا ہے۔ عضو کو سست کرتا ہے اور خشکی لاتا ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے۔ اور کثرت احتلام کو روکتا ہے۔ اسکا لیپ بچھو کے زہر کا دافع ہے۔
کٹکی سفید	۔	خربق ابیض	سفید مائل زردی	تلخ	ایک درخت کی بڑ ہے جس کے پتے بارتنگ کی طرح ہوتے ہیں۔	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہے	خناق پیدا کرتا ہے اور گردہ کو مضر	مصطگی وکتیرا	پھکر مول	۳ ماشہ	بلغم اور گاڑھی لیسدار اخلاط کو دستوں کی راہ سے خارج کر دیتی ہے۔ اور سدوں کو کھولتی ہے۔ معدہ کو مواد فاسدہ سے پاک و صاف کرتی ہے۔ حیض کو جاری کرتی ہے۔ اور مدر بول ہے۔ سرسام۔ فالج اور بلغمی مرگی کو مفید ہے۔ گٹھیا اور جوڑوں کی درد کیلئے مفید ہے۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو دور کرتی ہے۔ بغیر آٹے میں پکائے استعمال نہیں کرنی چاہئے۔ اور نہ ہی خالی پیٹ کھانی چاہئے۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
کھٹکی سیاہ	•	خربق اسود	سیاہ	تلخ	ایک گھاس کی جڑ ہے۔ مشہور عام ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	خناق پیدا کرتی ہے اور گرم مزاج کو مضر ہے	گائے کا گھی اور کتیرا وغیرہ	کندش اور غاریقون وغیرہ	ڈیڑھ دو ماشہ کے قریب	ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ سودائے خالص کو رفع کرتی ہے۔ اور بلغم کو دستوں کی راہ سے خارج کرتی ہے۔ ملطف روح ہے۔ پرانے نزلوں اور اکثر امراض باردہ کو نافع ہے۔ سفید اور سیاہ داغوں کو جسم سے دور کرتی ہے۔ اور امراض جلدیہ کو بھی نافع ہے۔ مٹر کے ہمراہ جوشدیکر کلی کرنا دانتوں کی درد کیلئے سودمند ہے محض پانی میں جوشدیکر گھر میں پانی کو چھڑکنا زہریلے کیڑے بھگا دیتا ہے +
کدو گول	کدو شیریں	یقطین حلو	زرد اور سبز	شیریں	ایک مشہور ترکاری ہے +	درجہ ۲ میں گرم تر	نفاخ ہے	گوشت اور ترشی	لوکی	بقدر ضرورت	دیر ہضم ہے۔ خلط غلیظ پیدا کرتا ہے۔ گوشت کے ہمراہ لذیذ ہوتا ہے۔ اس کا حلوا مقوی باہ ہے۔ اور لذیذ ہوتا ہے قلیل الغذا ہے +
کدو لانبا	کدوئے دراز	قرع و یقطین	اندر سے سفید اور باہر سے سبز	پھیکا	ایک مشہور عام ترکاری ہے یہ آدھ آدھ گز کے قریب لمبا ہوتا ہے	درجہ ۱ میں سرد اور تر	معدہ کو اور سرد مزاج والوں کو	گرم مصالحہ اور گوشت وغیرہ	خرفہ اور پالک	بقدر ضرورت	قلیل الغذا ہے۔ خلط صالح کا موجد ہے۔ پیشاب کو جاری کرتا ہے۔ اعضاء کو سردی اور تری پہنچاتا ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے۔ گرمی کے بخاروں کے لئے نافع ہے۔ مدقوق کے لئے اس سے اچھی اور کوئی غذا نہیں پھلبھلا کر اسکا پانی نچوڑ کر پینا قلب اور جگر اور معدہ کے لئے مفید ہے۔ اور بخار کی تسکین کے لئے نہایت مفید ہے +

کچلہ	کچلہ	اذراتی قاتل الکلب	زرد مائل بسیاہی	تلخ	ایک درخت کے پھل کا بیج ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	قاتل ہے نشہ لاتا ہے	روغن اور شکر اورقے کرنا	بلادر	۲ رتی	عرق النسار - استرخار - فالج اور گٹھیا کو دور کرتا ہے - دردِ کمر کو نافع ہے - تمام اعصابی بیماریوں کے لئے مفید ہے - مدر بول ہے - اور مدرِ حیض بھی ہے - اس کا لیپ چہرہ کی سیاہی کو دُور کرتا ہے - اس کا مرہم بواسیر کیلئے سودمند ہے - اصلاح کیا ہوا تقویٰ باہ ہے - اور ممسک بھی ہے - بہت مفید شے ہے - لیکن اسمیں اعتدال ضروری ہے - کیونکہ سم قاتل ہے ٭
کچنال	۰	۰	سبز	کسیلی	ایک درخت ہے جسکی کلیاں ترکاری کیطور پکائی جاتی ہیں	درجہ دوم میں سرد اور خشک	نفخ لاتا ہے	گرم مصالحہ گوشت اور ہنگ	۰	بقدر ضرورت	ردی الغذا ہے - دیر سے ہضم ہوتا ہے - اور خشکی کرتا ہے - اور قابض بھی ہے معدہ اور آنتوں کو تقویت دیتا ہے - دستوں کو روکتا ہے - فسادِ خون کی اصلاح کرتا ہے - کثرتِ حیض کے لئے سودمند ہے - اس کی چھال کا سفوف جریان کے لئے بہت مفید ہے - اس کی چھال کو پانی میں جوش دیکر غرغرہ کرنا منہ کی بیماریوں کو نافع ہے ٭
کٹائی	۰	۰	پھول سرخ	تلخ	۰	درجہ دوم میں گرم اور خشک	۰	۰	۰	۰	وبائی ہوا کے نقصان کو دُور کرتی ہے - کیڑوں کو قتل کرتی ہے - دردِ پہلو کے لئے نافع ہے - تپ یاردہ کے لئے مفید ہے - دشواری سے پیشاب آنے کو بہت سودمند ہے - دردوں کو تحلیل کرتی ہے - دل کی بیماریوں کے لئے مفید ہے ٭

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مفر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
کُھل	کتل چکی	۰	اندر سے زرد باہر سے سبز	چاشنی دار اور شیریں	ایک خار دار ہندوستانی پھل ہے جو نزبوز جتنا بڑا ہوتا ہے ۔	درجہ ۱ میں خشک ہوا اور سودا وی گرم ہوتا ہے	تفاخ اور سودا وی امراض پیدا کرتا ہے	تمک اور اسکے بیجوں کو بھونکر کھانا	۰	بقدر مناسب کھانا چاہیے	قوت باہ کو بڑھاتا اور لغوظ لاتا ہے ۔ اور قوت امساک بھی پیدا کرتا ہے ۔ خون کو خراب کرتا ہے ۔ خون غلیظ پیدا کرتا ہے ۔ دیر ہضم ثقیل اور نفاخ ہے ۔ اس کے بیج بھی مقوی باہ ہیں ۔ اور منی کو پیدا کرتے ہیں ۔ اگر کچا پکا کر کھایا جائے تو اخراط بھوک کو نفع دیتا ہے ۔ اگر اسکی نرم نرم پتیوں پر روغن لگا کر زخموں پر باندھیں ۔ تو زخم جلد خشک ہو جاتے ہیں ۔
کبابہ	کبابہ	فاغرہ	بھورا اندر سے سفید	تیز اور تند اور خوشبودار	کالی مرچ کی طرح ہوتا ہے دانے کا منہ پھٹا ہوا ہوتا ہے ۔	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہے	گرم مزاج والیکو درد سر پیدا کرتا ہے	گلاب اور نیلوفر	زنجبیل اور ابا ئچی	۵ ماشہ	اسکا پینا دماغ کے امراض باردہ کو مفید ہے ۔ غلیظ ریح کو دور کرتا ہے ۔ اور جنوں کو مفید ہے ۔ سُدوں کو کھولتا ہے ۔ سوداوی اور بلغمی اخلاط کو پاک کرتا ہے خون کو صاف کرتا ہے ۔ اسکا سونگھنا دل اور دماغ کو طاقت بخشتا ہے ۔ اور چبانا منہ کے اکثر امراض کو مفید ہے ۔ اور قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے ۔
قد سفید	۰	کاف	بھورا مائل بسرخی	کسیلا	ایک درخت کی چھال کے جوشاندہ کو جمائیکا میں ہندسیں ہوتا ہے	درجہ ۲ میں سرد اور خشک	اسکی کثرت سے شاذنہ میں پتھری ہو جاتی ہے	عنبر اور مشک	۰	۳ ماشہ	قبض کرتا ہے ۔ خشکی پیدا کرتا ہے ۔ اور اسہال کو روکتا ہے ۔ کثرت احتلام اور جریان منی کو فائدہ دیتا ہے ۔ آنتوں کی خراش کو دور کرتا ہے ۔ مروڑ کا دافع ہے ۔ اور تپ کو نافع ہے ۔

کتیرا	گون	کتیرا	زرد اور سفید	پھیکا کسی قدر ترش	ایک مشہور خاردار درخت کا گوند ہے	معتدل	اسفل کو مضر	انیسون	صمغ عربی اور تخم کدو شیریں	۴ ماشہ	اکثر رگوں کے منہ پر چپک کر سُدّہ لاتا ہے۔ اور خون کو گاڑھا کرتا ہے۔ اخلاط کی تیزی اور خواہش کو تسکین دیتا ہے۔ اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے۔ باطنی اعضاء کے خون بہنے کا مانع ہے۔ پھیپھڑے کے زخم کو مفید ہے۔ اور سینہ کی کھرکھراہٹ اور کھانسی کو نافع ہے۔ مثانہ اور مجاری بول کے زخموں کو دُور کرتا ہے۔ بادام اور نشاستہ بمعہ مصری ملا کر بدن کو فربہ کرتا ہے ۔
کچور	.	-	بھورا	تلخ تیز اور خوشبودار	یہ تین قسم کا ہوتا ہے اورک اور سونٹھ کیطرح یہ ایک درخت کی گھاس ہے ۔	درجہ دوم میں گرم اور خشک	پھیپھڑہ اور دماغ کو مضر درد سر پیدا کرتا ہے	کشنیز	انجیر اور اورک	۳ ماشہ	بھوک کو زیادہ کرتا ہے۔ کھانا اچھی طرح کھلاتا ہے۔ جذام کو مفید ہے ریاح مغلظ کو نافع ہے۔ بلغم کے فساد کو کھوتا ہے۔ دست آور ہے۔ پیٹ کے کیڑونکو مار کر نکالتا ہے۔ باؤ گولہ اور سانس چڑھنے کو مفید ہے۔ باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ اور بدن کو فربہ کرتا ہے۔ مدر بول اور حیض ہے۔ بچوں کی پیچش کو مفید ہے۔ منہ میں رکھنا دانتوں کی درد کو دُور کرتا ہے ۔
کھیرے کے بیج	تخم خیار	بزر القثا	سفید	پھیکا	مشہور بیج ہیں	درجہ دوم میں سرد اور تر	سرد مزاج والوں کو	سونف	ککڑی	۹ ماشہ	مدر بول ہے۔ پیشاب کی چنک اور جلن کو دُور کرتے ہیں۔ طحال اور جگر کی ورم کو نافع ہیں۔ اور گرمی کے بخاروں کو بھی فائدہ دیتے ہیں۔ پیشاب کی راہ سے پتوں کے جلے سڑے مواد کو خارج کرتے ہیں۔ آنتوں کی سوزش اور پیاس کو دور کرتے ہیں۔ یرقان کو نافع ہیں ۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
کیچوہ	زنازہ	خراطین	سفید اور سرخ	شور اور پھیکا	ایک بالشت بھر لمبا مٹی کا ایک کیڑا ہوتا ہے ÷	درجہ اول میں گرم تر	۰	روغن بادام	جونک	۵ ماشہ	تین درم دوشاب انگوری کے ہمراہ پینا مدر بول کا باعث ہے۔ گوشت کے ساتھ مقوی باہ ہے۔ اگر تلی کے تیل میں جوشدیکر استعمال کریں۔ تو پرانی کھانسی اور خناق کو مفید ہے۔ اسکا طلا مقوی باہ ہے۔ روغن بادام میں حل کیا ہوا فتق کو نافع ہے۔ تخم رزوالو کے ساتھ بواسیر کو دور کرتا ہے ÷
کہربا	کہربا	قرن البحر ومصباح الروم	سرخ اور زرد	خوشبودار اور پھیکا	بعض کے نزدیک ایک دریائی جسم ہے بعض کے نزدیک ایک درخت کا گوند ہے	بعض کے نزدیک سرد خشک بعض کے نزدیک معتدل	سر کو مضر ہے	بنفشہ	سندرس اور بنسلوچن	ڈیڑھ دو ماشہ	مفرح ہے دل کو طاقت دیتا ہے۔ تمام اعضائے ظاہری اور باطنی کے خون کو روکتا ہے۔ گردہ اور مثانے کے ضعف کو دور کرتا ہے۔ معدہ اور جگر کے لئے مقوی ہے۔ مروڑوں کو بالخاصہ مفید ہے۔ خونی دستوں اور پیشاب میں خون آنے کو بھی مانع ہے ÷
کھیرا	خیار بادرنگ	قثاء	زرد سبز اور سفید	پھیکا کسی قدر شیریں	ایک بیلدار درخت کا پھل ہے ÷	درجہ دوم میں سرد اور تر	بلغم پیدا کرتا ہے نفاخ ہے	نمک مرچ سیاہ	ککڑی	بقدر ضرورت	صفرا اور خون کی گرمی کو مفید ہے۔ اور پیٹ کی انتڑیوں کی سوزش کو نافع ہے پیاس کو دور کرتا ہے۔ اگر گرمی سے درد سر ہو۔ تو تراش کر اس کا سونگھنا نہایت مفید ہے۔ اسکا پانی خونی۔ بلغمی اور صفراوی تپوں کو مفید ہے۔ گرم دماغی بیماریوں کو بھی نافع ہے ÷

کھجور	خرمائے ہندی	رطب ہندی	سُرخ سیاہی مائل سیاہ سرخی مائل	شیریں	مشہور ہے	درجہ اول میں گرم تر	خون کو جلا دیتی ہے	بادام شیریں	کشمش	بقدرِ ضرورت	ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے - مقوّی باہ ہے - ہاضم ہے معدہ - جگر اور باہ کو طاقت دیتی ہے - سرد مزاجوں کے خوب موافق ہے - بدن کو خوب فربہ کرتی ہے - اور خون کو پیدا کرتی ہے - اِس کی گٹھلی دست بند کرنے کیلئے مفید ہے - اِسکا منجن دانتوں کو جلا دیتا ہے - باداموں کے ہمراہ اسکا استعمال کرنا تمام اعضاء کو قوّت بخشتا ہے +
کہربا	نگ ابصری	توتیائے کرمانی	سفید شفاف بعض قدرے بھورا	قدرے شور بدمزہ	نمک جیسی ایک مصنوعی اور معدنی چیز ہے +	غیر منسول گرم خشک منسول سرد خشک	سُدہ پیدا کرتی ہے	شہد خالص	توبال النحاس	۳ ماشہ	قوّتِ بینائی کو طاقت دیتی ہے - آنکھ کی صحت کی محافظ ہے - اور آنکھ کی جانب مواد ردیہ کے گرنے کی مانع ہے - آنکھ - ناک - ذکر کے زخموں کو مندمل کرتی ہے - اور بو کے بغل کو دُور کرتی ہے - تمام قسم کے پھوڑوں اور پھنسیوں وغیرہ کو نافع ہے +
کنیر	خرزہرہ	دفلی	پھول سفید اور سُرخ پتے سبز	تیز اور تلخ اور بدمزہ	ایک مشہور درخت ہے - دو گز بھر لمبا - پتے باریک اور لمبے ہوتے ہیں	درجہ دوم میں گرم اور خشک	پھیپھڑہ کو مضر ہے	شہد اور روغن بادام وغیرہ	-	۲ ماشہ کھانا ممنوع ہے	سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے - مجلّی ہے - خشکی کرتا ہے - مقوّی باہ ہے زانو کی درد - عرق النساء اور پرانے پیٹھ کے درد کو مفید ہے - تر و خشک خارش کو نافع ہے - اس کے خشک پتوں کو پیسکر زخموں کو مندمل کرتا ہے - اسکا حمول درد رحم کو مفید ہے - اِس کے پھولوں کو چہرے پر ملنا رنگت کو نکھارتا ہے جڑھ کو دودھ میں جوشدیکر پینا باہ اور امساک لاتا ہے +

اسم حروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ہیئت	طبیعت	سفر	تصحیح	بدل	مقدار	افعال وخواص
کوڑی	خرمہرہ	ودرح	سفید نیلا ماریل بزدی	بدمزہ اندر پھیکا	ایک دریائی کیڑے کی ہڈی کی شکل ہے ۔	سرد تر خشک ہے	پھیپھڑ لو ۔ ۔	شہد	گوگل سیسی	۲ ماشہ	خشکی کرتی ہے ۔ جلد کو صاف کرتی ہے ۔ امراض جلدیہ کو مفید ہے ۔ جلی ہوئی کوڑی اطفال کیلئے مفید ہے ۔ پیشاب کی تنگی کو دور کرتی ہے ۔ پتھری کے لئے سودمند ہے ۔ جلی ہوئی آنکھوں لگانا جالے کو دور کرتی ہے ۔ بہتے ہوئے خون کو بھی مفید ہے ۔
کنول گٹہ	۔	۔	پھول سُرخ پھل بیر یاہ اندر سے سفید	خوش مزہ اور پھیکا	ایک پانی کے درخت کا بیج ہے ہیں کا پھول نہایت خوشنما ہوتے ہے ۔	سرد اور تر ہے	دیر ہضم ۔ ۔	شہد	تخم آملہ	۴ ماشہ	اسکا پھول صفراوی بخاروں کو نفع کرتا ہے ۔ اور پیاس کی شدت کو تسکین دیتا ہے ۔ اسکی جڑ دھ مقوی باہ ہے ۔ دستوں کو بند کرتی ہے ۔ صفرا اور خون کے جوش کو ساکن کرتا ہے ۔ اسکا نیسا ندہ لڑکوں کی پیاس کو کم کرتا ہے ۔ اس کے اندر کی سبزی تلخ ہوتی ہے دستوں کو بند کرتی ہے گرمی کو دور کرتی ہے ۔ اور معدہ کو طاقت دیتی ہے ۔
کنگھنی	ورنگ	مرشط	پتے سبز پھول زرد	کری تلخ تلخ	ایک گھاس کی بوٹی کے قریب اونچی ہوتی ہے	درہا یلا گرم اور خشک ہے	نفع لا ۔ ۔	شکر	اونٹ کٹارا	۵ ماشہ	مدر بول ہے ۔ سینہ کی بیماریوں اور یرقان اور اورام کو نہایت مفید ہے ۔ پیشاب اور شانہ کی راہ کے زخموں کو صاف کرتا ہے اس کے بیج مقوی باہ ہیں ۔ اور قابض ہیں ۔ اس کے پتے اکثر اعضاء کے درد کو مفید ہیں ۔

کندر	کندر	کندر	زرد سرخ سفید خوشرنگ	کسی قدر تلخ اور خوشبودار	ایک مشہور درخت کا گوند ہے۔ جس کے پتے مثل مورد کے ہوتے ہیں	درجہ ۲ میں گرم اور درجہ اول میں خشک	گرم مزاج والوں کو مضر ہے	عناب	بہمن اور مصطگی	ایک دو ماشہ تک	مجفف۔ منضج اور جالی ہے۔ قوت باہ کو مفید ہے۔ مثانہ۔ معدہ۔ دماغ۔ روح نفسانی اور حیوانی کو قوت دیتا ہے۔ بلغم کو خشک کرتا ہے۔ خون حیض کو بند کرتا ہے۔ زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ رطوبات دماغ کو منقی کرتا ہے۔ اس کا سرمہ بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ اور پلکوں کی خارش کو دور کرتا ہے۔ دھند مفید ہے۔ نہایت قبض کرتا ہے۔ اور قوی کو خشک کر دیتا ہے ✦
کنوچہ	مرورشک	مرد	بیج سیاہ پتے سبز	پھیکا لعابدار	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	درد سر لاتا ہے	گلاب اور گلنار سرخ	بزر کتان اور اسپغول	۶ ماشہ	ملطف ہے۔ محلل ریاح و بلغم ہے۔ نفخ کو دور کرتا ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے معدہ اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے۔ دافع جلدھر ہے۔ پسینہ اور پیشاب جاری کرتا ہے۔ اس کے بھنے ہوئے بیج قابض ہیں۔ اگر روغن بادام کے ہمراہ ہو۔ تو آنتوں کی خراش اور مروڑ کو نافع ہے ✦
کلیجن	خردارو	خوشبخاں	سرخی مائل	تیز اور تیز بو	پان کے درخت کی جڑ ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور خشک	سینہ دماغ کے پردوں اور دل کو	کتیرا نیلوفر اور ابریشم	کبابہ اور دار چینی	۳ ماشہ	معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ قوت ہاضمہ کو بڑھاتی ہے۔ قوت باہ کو مفید ہے انتڑیوں کو طاقت دیتی ہے۔ ریاح کو اچھی طرح صادر کرتی ہے۔ آواز کو صاف کرتی ہے۔ پیشاب کو روکتی ہے۔ محرک باہ ہے۔ درد گردہ کے لئے مفید ہے اور درد کمر کی دافع ہے۔ قولنج کو بھی فائدہ دیتی ہے۔ منہ کی بدبو کو دور کرتی ہے۔ اور کھٹے ڈکاروں کے لئے نافع ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
کمیلہ	کمیلہ	قنبیل	سرخ	تلخ	زیت کی سی ایک سرخ چیز ہے بعض کے نزدیک کسی پھل کا بلادہ اور بعض کے نزدیک کسی ملک کی شبنم ہے +	درجہ دوم میں گرم اور خشک	آنتوں اور فم معدہ کو مضر ہے	مصطگی، کتیرا اور انیسون وغیرہ	ترشی اور بابرنگ کابلی	۳ ماشہ	مناسب ادویات کے ہمراہ اسے باریک پیس کر کھانا ہر قسم کے کیڑوں کو معدہ سے خارج کر دیتا ہے۔ اور لیسدار رطوبات کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے۔ روغن گل کے ہمراہ داد کھجلی اور زخموں کو نافع ہے۔ اس کا لیپ سر کے گنج کو فائدہ دیتا ہے۔ اکثر مرہموں میں داخل کیا جاتا ہے۔ جلدی امراض کے لئے نہایت نافع ہے مسہل بھی قوی ہے۔ گاڑھی رطوبتوں اور فاسد خلطوں کو خوب چھانٹتا ہے +
ککڑی کے بیج	تخم خیار دراز	بزر القثا	سفید اندر سے اور باہر سے	شیریں قدرے پھیکا	ایک مشہور میوہ کے بیج ہیں۔ کھیرے کے بیجوں سے ذرا چھوٹے ہوتے ہیں +	درجہ دوم میں سرد اور تر	مواد ساکن کو ابھارتے ہیں۔	سکنجبین اور شہد اور کمونی	کھیرے کے بیج	۹ ماشہ	پیشاب کو خوب جاری کرتے ہیں۔ اور سدوں کو کھولتے ہیں۔ مجلی ہوتے ہیں رگوں کو غلیظ مواد اور رطوبات سے پاک اور صاف کرتے ہیں۔ خون کی سوزش کو رفع کرتے ہیں۔ اور گرم بخاروں کی گرمی کو دور کرتے ہیں۔ پیاس کو تسکین دیتے ہیں۔ گرم مزاجوں کے لئے مفرح ہیں۔ ان کا لیپ رخساروں کے رنگ کو صاف کرتے ہیں +

کلونجی	شونیز وسیاہ دانہ	حب السودا	سیاہ تیز بو	مقدرے تلخ اور پھیکا۔ پتے سبز پھول زرد	بقدر سوئف کے ایک ٹکوہ سیاہ دانہ ہے ٭	درجہ دوم میں گرم اور خشک ہے	درد سر اور صداع کثیرا ہے	سرکہ اور کثیرا	انیسون	۵ ماشہ	خشکی لاتی ہے۔ اور اخلاط کو پکاتی ہے۔ پیشاب اور حیض کو خوب جاری کرتی ہے۔ سردی کی کھانسی اور وجع المقعد کو رفع کرتی ہے۔ متلی اور استسقاء اور یرقان کو نافع ہے۔ اسکو کئی بار استعمال کرنے سے اور لیپ کرنے سے چہرے چہرے کی رنگت نکھر آتی ہے۔ اگر اسے سرکہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے تو پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے۔ اور اسے پانی میں جوش دیکر کلی کرنا دانتوں کی درد کو نفید ہے ٭
کشنیز	کشنیز	قسنیز	بھورا مائل بسرخی	شیریں اور جاشنی دار	منقہ سے چھوٹا ایک مشہور کالی میوہ ہے ٭	گرم اور تیز کے بیچ سردار خشک ہے	تپ پیدا کرتا اور کاہو	کھیرا سکنجبین منقی	مویز	بقدر ضرورت	ملین طبیعت ہے۔ غلیظ اخلاط کی سنفیج ہے۔ سُدوں کو کھولتی ہے۔ جلا کرتی ہے۔ معدہ اور جگر کو قوت بخشتی ہے۔ سختی کو نرم کرتی ہے۔ خون کے جوش کو تسکین دیتی ہے۔ دمہ کے لئے فائدہ مند ہے۔ سقوط باہ ہے۔ مسمن بدن ہے باوجود دست آور ہونے کے اعضائے دماغیہ کو طاقت دیتی ہے ٭
ککڑی	خیار	قثاء	سفید اور سبز	پھیکا	ایک مشہور لمبا پھل ہے ٭	سرد اور تر ہے	دیر ہضم اور نفاخ	اجوائن اور نمک	کھیرا	حب ضرورت	مجلی ہے پیاس کو مدر کرتی ہے۔ گرمی اور صفراء کی تیزی اور اندرونی طلن کو دور کرتی ہے۔ خون کی تیزی اور جگر کی گرمی کو دور کرتی ہے۔ مدر بول ہے۔ پرانے بخاروں کو ابھارتی ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ کو توڑ دیتی ہے۔ کمر کی درد کو آرام دیتی ہے۔ اسکا زیادہ استعمال کرنا قولنج وریاح پیدا کرتا ہے ٭

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
کگروندا	.	کمافیطوس	پتے سبز اور پھول زرد دانہ سیاہ	تیز اور تلخ لعابدار	کاسنی کے پتوں کے مشابہ ایک گھاس ہے	درجہ دوم میں گرم اور خشک	پھیپھڑہ کے لئے مضر	انیسون بقدر ضرورت	سیالوس اور تج وغیرہ	چار ماشہ سے ۸ ماشہ تک	ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور سُدّوں کو کھولتا ہے۔ اور اعضائے باطنی کو جلا کرتا ہے۔ اور منقی ہے۔ غلیظ بلغم کو رقیق کرتا ہے۔ جگر اور طحال کے سدّوں کا دافع ہے ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مدرِ بول ہے۔ اسکے پتوں کا رانگ پیٹ کے کیڑوں کو قتل کرتا ہے۔ درد گردہ۔ جلدھر اور بواسیر کے لئے اسکا پینا فائدہ دیتا ہے ٭
کسونجی	.	.	پتے سبز اور پھول زرد	تلخ اور تیز	سنائے مکی کے مشابہ ایک قسم کی گھاس ہے ٭	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	گرم مزاجوں کو مضر	مرچ سیاہ اور شہد	..	دو تین ماشہ تک	فاسد اخلاط کو اعتدال پر لاتی ہے۔ اور زہریلی اشیاء کی زہریت کو دفع کرتی ہے ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ جلدھر اور کھانسی کو دور کرتی ہے۔ مویشیوں کی کھانسی کو بھی مفید ہے۔ اس کی جڑھ کا لیپ داد اور جھائیں کو نافع ہے اور سیاہ مرچ کے ہمراہ سانپ کے کاٹے کو مفید ہے ٭
کسیس	زاک زرد	زاج اصفر	سیاہ اور زرد رنگ	تلخ اور بدبو دار	مشہور ہے	درجہ ۴ میں گرم اور خشک	قاتل ہے	قے کرنا اور تازہ دودھ پینا	.	کھایا نہیں جاتا ہے	طحال اور اورام کی سختی کا دافع ہے۔ ایک رتی کے قریب پانی میں حل کرکے پینا معدہ کے کیڑوں کو قتل کر دیتا ہے۔ سرکہ میں حل کرکے غرارہ کرنا حلق میں چپکی ہوئی جونک کو نکال دیتا ہے۔ اسکا سرمہ مقوی چشم ہے۔ اسکا لیپ جلے ہوئے مقام پر لگانا مفید ہے ٭

گلوڑا	۰	۰	سبز	تلخ	ایک گلس ہو جسکا پھل کریلا سے قدرے چھوٹا ہوتا ہے	سرد تر بعض کے نزدیک گرم	۰	۰	۰	۰		دردوں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور پھوڑے پھنسیوں کے لئے نہایت ہی فائدہ مند اور مفید ہے۔ سیاہ سے پاک وصاف کرتا ہے۔ اور بہت جلد زخموں کو مندمل کر دیتا ہے +
کیٹ میٹھا	کوشنہ شیریں	قسط	اندر سے زرد باہر سے مائل بسیاہی	قدرے شیریں	قسط بندی کی طرح کی یہ بھی ایک جڑھ ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	پھیپھڑہ اور شانہ کو	انیسون اور گلقند	عقرقرحا	۳ ماشہ		مقوی دماغ ہے۔ باہ اور اعضائے رئیسہ جگر وغیرہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور اعصاب کو بھی قوت دیتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ امراض دماغیہ کو بھی نافع ہے حیض اور پیشاب کو جاری کرتا ہے۔ اور پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرتا ہے +
کمرک	۰	۰	زرد اور سبز	شیریں اور ترش	چھ پھانکوں والا ایک درخت کا پھل ہے +	درجہ اول میں سرد اور تر	سرد مزاج کو مضر	گرم ادویہ	۰	۰		قبض کرتا ہے۔ شدت تشنگی اور تیزی صفراء کو دور کرتا ہے۔ قے اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ زبان کے ذائقہ کو درست بناتا ہے۔ اور اپنے تمام افعال اور خواص میں ریباس کی طرح ہے +
کیتکی	نوے از کادی	۰	سفید اور سبز رنگ	پھیکا بے مزہ ہوتی ہے	کیوڑہ کی طرح کا ایک درخت ہے بلکہ اسکے پھولوں میں خوشبو زیادہ ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہے	گرم مزاج والونکو مضر	صندل سرخ	عرق کیوڑہ	۶ ماشہ		فرحت لاتی ہے۔ دل۔ دماغ اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ تمام حواس کے لئے مقوی ہے۔ خون کی حدت کو مفید ہے۔ اور سوزش وغیرہ کو دور کرتی ہے اختلاج القلب کو دور کرتی ہے۔ اور تسکین دیتی ہے۔ اور خفقان کو بھی دور کرتی ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
کوٹ کڑوا	کوشنہ تلخ	قسط المر	سفید مائل بزردی	تلخ اور خوشبودار	ایک قسم کی جڑھ ہوتی ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	۔	۔	وج	کھانا جائز نہیں ہی لیپ ۳ ماشہ	ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ نقرس اور سردی کے دردوں کو مفید ہے قاتل ہے۔ اسلئے اسکا کھانا کسی طرح بھی جائز نہیں ہے۔ اسکا ضماد اور لیپ لگایا جاتا ہے ✦
کیلہ	۔	موز و طلع	باہر سے سرخ اور زرد اور اندر سے سفید	شیریں	ایک بالشت بھر لمبا درخت کا پھل ہی مشہور خاص وعام ہے ✦	گرمی اور تری میں معتدل ہے	نفاخ ہی بلغم اور ریح پیدا کرتا ہے	شہد نمک اور سونٹھ	شکر اور قند	بقدر ضرورت	دیر ہضم ہے۔ کثیر الغذا ہے اور ہضم ہونے کے بعد خون مغلظ پیدا کرتا ہے بدن کو فربہ اور موٹا کرتا ہے۔ مفرح ہے۔ سینہ کو نرم کرتا ہے۔ گرم مزاجوں کی باہ کو محرک ہے۔ گردہ کی لاغری کو دور کرتا ہے۔ حلق کے کھرکھرانے اور خشک کھانسی کو مفید ہے ✦
کیوڑہ کا عرق	عرق کیوڑہ	ماء الکاذی	پانی کی طرح رنگت ہوتی ہے	خوشبودار پانی	ایک درخت ہی اس کے پھولوں کا عرق نکالا جاتا ہے۔ اور پھر اسپر لفظ کیوڑہ کا اطلاق کرتے ہیں ✦	بعض کے نزدیک خشک اور بعض کے نزدیک گرم اور خشک	طحال کو مضر ہوتا ہے	عناب وغیرہ	صندل سرخ	۶ تولہ	فرحت لاتا ہے۔ دل۔ دماغ اور تمام حواس اور اعضاء کو طاقت دیتا ہے۔ دل اور معدہ کی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔ تمام دردوں کا مسکن ہے۔ جذام کو مفید ہے۔ سرور بخشتا ہے۔ غشی کو نافع ہے۔ مصفی خون ہے۔ پسینہ کو خوشبودار بناتا ہے نزلہ پیدا کرتا ہے۔ اس کا شربت کھسرہ اور چیچک سے پہلے پینا نافع ہے۔ تیل اسکا مقوی حواس ہے۔ اور خفقان کو دور کرتا ہے ✦

کیسر	کرکمیاس	زعفران	زرد	خوشبودار	کشیر میں ہوتا	درجہ ۲	اعصاب	اقیون	ملوتری	۳	مقرّبِ ہے۔ آلاتِ تنفس کو مفید ہے۔ مادہ کو پکاتا ہے۔ اور معتدل القوام کرتا ہے
			مائل	کسی	ہے۔ مشہور	میں	کو مقوی	کنجبین	اور	ماشہ	ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ اخلاط کی بدبو کو دُور کرتا ہے۔ اور اخلاط
			بسرخی	قدر	عام و نافس	گرم	حواس کو	زرشک	تخ	کے	کے سڑ جانے کی اصلاح کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کو صاف کرتا ہے۔ طبیعت
				تلخ	ہے +	اوّل میں	کمذر کرتا	اور		قریب	میں فرحت اور انبساط لاتا ہے۔ مدرِ بول ہے۔ رخساروں کی رنگت کو صاف
						خشک	ہے	انیسون			کرتا ہے۔ بینائی کو روشن کرتا ہے +
کیکڑا	خرچنگ	رطبان	سُرخ	پھیکا	مشہور جانور ہے	درجہ	شانہ	گل	سیپی	سوختہ	دیر ہضم ہے۔ کثیر الغذا ہے۔ اور اس میں قوت جاذبہ اور محللہ دونوں پائی جاتی ہیں۔
		نہری	اور	اور	اور پانی میں ہوتا	دوم	کے	مختوم	کا	تریتا	سل دق اور گرمی کی کھانسی کے لئے مفید ہے۔ خشکی اعضاء اور لاغری کے لئے
			سفید	کسی	ہے +	میں	لئے	اور	کیڑا	۳	نہایت مفید ہے۔ مقوی باہ ہے۔ بواسیر کے لئے نافع ہے۔ اس کی بھنی
				قدر		سرد	مفر	گل		ماشہ	کرفس اور سونف کے ہمراہ پتھری کو توڑ ڈالتی ہے۔ پیشاب کو جاری کرتی ہے۔
				شور		اور تر	ہے	قرسی		تک	ضماد اسکا زہروں کو دُور کرتا ہے +
کسونجی	-	-	سبز	تلخ	سنائے مکی کے	درجہ	-	-	-	-	زہریلی اشیاء کی تاثیروں اور زہریت کو دفع کرتا ہے۔ اخلاط کے فاسد ہونے کو
				اور	پتوں کے مشابہ	دوم میں					اعتدال پر لاتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور اس کا لیپ جھائیں اور داد کے
				تتر	ایک گھاس ہوتی	گرم اور					لئے نہایت ہی مفید ہے۔ اس کی جڑ سیاہ مرچوں کے ہمراہ سانپ کے کاٹے
				ہے	ہے +	خشک					کو مفید ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
کسیرو	.	.	اندر سے سفید باہر سے سیاہ ہوتا ہے	پھیکا کسی قدر شیریں ہوتا ہے	ایک قسم کی گول اور بیضوی جڑ ہوتی ہے ۔	درجہ ۲ میں سرد اور تر ہے	ثقیل ہے اور بلغم پیدا کرتا ہے	اسی کا چھلکا اور دہی	کنول گٹہ	.	دل کو طاقت دیتا ہے ۔ اور خفقان کو دور کرتا ہے ۔ خونی ۔ سوداوی اور صفراوی دستوں کو بند کرتا ہے ۔ پیاس کو روکتا ہے ۔ پیٹ کی گرمی اور سوزش کو دور کرتا ہے ۔ اور اکثر اشیاء کی زہریت کو دور کرتا ہے ۔ سوزاک کے لئے بھی بہت مفید ہے ۔
کستوری	مشک	مسک	خوشبودار اور سیاہ	تلخ	مشہور ہے آہوئے ختن کے ناف میں خون جمتا ہے اور خوشبودار ہوتا ہے ۔	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	درد سر لاتی ہے گرم مزاج کو مضر	کافور نیلوفر اور گلاب	ساذج ہندی جند بیدستر	۱ ماشہ	ملطف ہے ۔ محلل اخلاط مغلظہ ہے ۔ بالخاصہ مفرح ہے ۔ دل ۔ دماغ اور تمام اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتی ہے ۔ حواس ظاہری اور باطنی کو پاک وصاف کرتی ہے قوت باہ کو حرکت دیتی ہے ۔ سرعت انزال کو روکتی ہے ۔ رعشہ ۔ نسیان ۔ فالج لقوہ وغیرہ کو مفید ہے ۔
کسم	گل معصفر گل کافشر	حریص	سرخ خوشنما	تلخ قدرے بد مزہ	ایک مشہور پھول ہے جس کا درخت ایک گز بھر ہوتا ہے	درجہ ۱ میں خشک دوم میں گرم	طحال اور معدہ کو فاسد کرتا ہے	شہد	.	۴ ماشہ	مادہ کو پکاتا ہے ۔ اور معتدل القوام بناتا ہے ۔ محلل اورام ومواد ہے ۔ مقوی جگر ہے ۔ نیند لاتا ہے ۔ بدن کے رنگ کو سرخ اور صاف کرتا ہے ۔ محرک باہ ہے ۔ شہد کے ہمراہ اسکا لیپ بواسیر اور برص کے داغوں کے لئے بہت مفید ہے ۔

کربلا	۰	قثار الحمار	سرخ اور سبز	تلخ	کھیرے کے برابر ایک بیلدار درخت کا پھل ہے ۔	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	پیچش لاتا ہے گرم مزاج والوں کو مضر	تین پیاز اور گل تمر ہندی	ماہو دانہ	بقدر ضرورت	مدر بول ہے ۔ ملطف ہے ۔ مجلی ہے ۔ دماغ کو فضول اور ردی مواد سے پاک وصاف کرتا ہے ۔ صفرا اور بلغم کو دستوں کی راہ سے نکالدیتا ہے ۔ سرد مزاج والے کے معدے کو طاقت دیتا ہے ۔ پیٹ کے کیڑے مارتا ہے ۔ باہ کو اور تمام اعصاب کو طاقت دیتا ہے ۔ جریان منی کے لئے مفید ہے ۔ خون کو صاف کرتا ہے ۔
کرمری	۰	۰	سیاہ	ترش	ایک مشہور جنگلی پھل ہے	سرد ہے	ثقیل اور قابض ہے	نمک مرچ	۰	۰	منی کو گاڑھا بناتا ہے ۔ اور قوت باہ کو حرکت میں لاتا ہے ۔ متلی اور قے کو دور کرتا ہے ۔ قابض ہے ۔ اور پیاس کو تسکین دیتا ہے ۔ گرم مزاج والوں کو بہت مفید ہے ۔
کرنجوہ	خایۂ ابلیس	اکتمکت	پھل خاردار پتے سبز مغز سفید ہوتا ہے	قدرے تیخ اور بدمزہ ہوتا ہے	انار کے درخت کی طرح ہوتا ہے مگر خاردار اور شاخیں پھیلی ہوئی ہوتی ہیں ۔	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	حلق اور سینہ کو مضر ہے	روغن اور بہک مرچ سیاہ وغیرہ	۰	ایک اشہ فریگا	درموں کو تحلیل کرتا ہے ۔ اور بہتے ہوئے خون کو روکتا ہے ۔ اور وبائی ہوا کو دور کرتا ہے ۔ اگر نیم مغز کرنجوہ میں چار پانچ سیاہ مرچیں پیسکر کھلائیں ۔ تو درد قولنج ریاحی کو مفید ہے ۔ اگر وارفلفل اور شہد کے ساتھ گولیاں بنا کر کھلائی جائیں ۔ تو پرانے بخاروں کو مفید ہے ۔ اور دور کرتا ہے ۔ اگر اسے بھویل میں بھونکر چند روز کھائیں ۔ تو آنکھوں کو طاقت دیتا ہے ۔ اور ریاح کو دور کرتا ہے ۔ اسکا تیل خشک خارش کے واسطے مفید ہے اور رحم کی بیماریوں جذام اور ریاح کو خصوصاً مفید ہے ۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
کروندہ	.	.	سرخ سبز سفید سیاہ	ترش چاشنی دار	جھربیری کے برابر ایک خاردار درخت کا پھل ہے جسکے پھول سفید مائل بسرخی ہوتے ہیں	سرد اور خشک بعض نے گرم لکھا ہے	نفاخ دیر ہضم پھیپھڑہ کو مضر	نمک سیاہ مرچ اور شیرینی		بقدر ضرورت اور طاقت	قوت اشتہاء خوب پیدا کرتا ہے دستوں کو بند کرتا ہے۔ صفراء کو دور کرتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ اور حرارت کو دور کرتا ہے۔ تپوں کے لئے مفید ہے ثقیل ہوتا ہے۔ نفخ پیدا کرتا ہے۔ اسکا اچار ہاضم اور مشتہی ہوتا ہے۔ زیادہ استعمال کرنا باہ کے لئے مضر ہے۔ اور پیٹ کو گنگ کر دیتا ہے۔ اور کچی بلغم پیدا کرتا ہے ؛
کڑ	خسک دانہ	حب قرطم حب المعصفر	سفید	قدرے تلخ	کسم کے بیج مشہور خاص وعام ہیں ؛	درجہ ۲ میں گرم اول میں خشک	معدہ کو مضر	مٹھاس اور انیسون	حبۃ الخضراء	۹ ماشہ کے قریب	ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ بلغم کو چھانٹتی ہے۔ اور دستوں کی راہ سے نکال دیتی ہے۔ سینہ اور آواز کو پاک وصاف کرتی ہے۔ نزول کو پختہ اور معتدل القوام بناتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ اور بینائی کو طاقت دیتی ہے۔ مادہ منی کو بڑھاتی ہے۔ جلدھر کو مفید ہے۔ مالیخولیا کو دور کرتی ہے۔ کھجلی۔ جذام اور قولنج کو فائدہ دیتی ہے ؛
کرفس پہاڑی	کرفس کوہی	قطر اسالیوں	سیاہ	تلخ اور تیز خوشبودار	نانخواہ کی مشابہ ایک لمبے سیاہ بیج ہوتے ہیں	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	گرم مزاج والونکو	دھنیا	شاہ بلوط تخم کرفس	۳ ماشہ	مدر بول وحیض ہے۔ سدوں اور مسامات کو کھولتا ہے۔ اور محلل نفخ ہے۔ لیسدار رطوبات کو چھانٹتا ہے۔ ریاحی مروڑ اور درد پہلو کو فائدہ مند ہے۔ مبہی ہے۔ اگر اسکا لتہ تر کیا ہوا رکھیں۔ تو بچہ کو بمعہ مشیمہ گرا دیتا ہے ؛

کاکنہ اور عرسک	کاکنہ	کاکنج	سیاہ سُرخ اور زرد	کسی قدر شیریں	مکو کی قسم سے ہے اس کے پتے چوڑے اور شاخیں بلند ہوتی ہیں۔	درجہ ۲ میں سرد اور خشک ہے	نیند لاتا ہے اور عضو کو سست کرتا ہے	گلقند اور گلسرخ وغیرہ	مکو	۹ ماشہ تک	ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور بواسیر کو مفید ہے۔ ایک مثقال کھانے سے خواب آور ہے۔ اسکا عصارہ پرانے زخموں کو مفید ہے۔ اور اسکا پینا دمہ اور سانس کی تنگی کو بہت نافع ہے۔ مدر بول ہے۔ اور صفرا کو براہ پیشاب خارج کر دیتا ہے معدہ کے کرم کو قتل کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کے امراض میں بھی فائدہ مند ہے۔ جگر اور یرقان کو مفید ہے۔ شدت پیاس کو دفع کرتا ہے ✤
کاندر	کاندر اوشہ	اشق ومذاق الذہب	زرد اور بعض مائل بسیاہی	نہایت تلخ اور بدمزہ ہوتا ہے	ایک درخت کا گوند ہے خود بھی نکلتا ہے اور کھانچہ دیکر بھی نکالا جاتا ہے	درجہ ۲ میں گرم اول میں خشک ہوتا ہے	گردہ اور معدہ کو مضر ہے	بادام اور انیسون اور ذوفا	جاوشیر اور سفید رائی	۲ ماشہ	محلل اورام و ریاح ہے طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ رطوبات کا جاذب ہے۔ اسے شہد کے ہمراہ پینا مرگی اور فالج سُن اور تشنج کو فائدہ دیتا ہے۔ اور بلغم کا مسہل ہے۔ اور آب گرم میں ملا کر غرارہ کرنا لقوہ۔ استرخاء اور خفقان کو سود مند ہے۔ عسر البول۔ وجع المفاصل اور عرق النساء کو مفید ہے۔ اسکا لیپ ورم طحال اور جوڑوں کے اورام کو بھی نافع ہے ✤
کاندل کا ساگ	ترہ شرف	بقلۃ الحرف	سبز	قدرے تلخ اور تیز	سرسوں کا ساگ مشہور خاص و عام ہے۔	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	پیشاب کو بند کرتا ہے اور معدہ کو مضر	شہد اور کاسنی وغیرہ	۰	بقدر ضرورت	ریاح کو اچھی طرح صادر کرتا ہے۔ اور خون مغلظ پیدا کرتا ہے۔ اور بلغم کے فساد کو روکتا ہے۔ اور بھوک اچھی طرح پیدا کرتا ہے۔ اس کا پانی اکثر پھنسیوں اور تر کھجلی کو نافع ہے۔ قلیل الغذا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ اور قبض کشا ہے ✤

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مقدار	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
کاندر	پیاز دشتی	بصل السفار	سفید	تلخ اور تیز	پیاز کیطرح کچھ اس سے بڑی ہر ایک جنگلی جڑھ ہے ٭	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	درجہ ۲ پیدا کرتا ہے کرب لاتا ہے	سکنجبین اور قند وغیرہ	لہسن وغیرہ	۵ ماشہ	قابض۔ لقوہ اور مرگی اور مالیخولیا کو دور کرتا ہے۔ اور سُرفہ کہنہ یعنی پرانی کھانسی کو مفید ہے۔ جلدھر۔ کانور وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ طحال کی سختی کو نافع ہے۔ بدن ظاہری میں خون کو چھڑ چھڑاتا ہے بھلبھلا کر استعمال کرنا خوف کا موجب نہیں
کٹیلہ	۔	۔	پھول اودے اور پتے زرد	تلخ اور بدمزہ ہے	ایک خاردار گھاس ہے۔ اسکا پھل بھی خاردار ہوتا ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	گرم مزاج کو مضر	کافور اور کشنیز	انجیر	۳ ماشہ	قوت ہاضمہ کو ترقی دیتا ہے۔ اور اشتہائے صادق پیدا کرتا ہے۔ ریاح کو دور کرتا ہے۔ درد پہلو اور تپ کو نافع ہے۔ مدر بول ہے۔ اور امراض قلب کو مفید ہے۔ بالخاصہ طبیعت کو نرم کرنے والا ہے۔ اور کھانسی اور دمہ کو نہایت ہی مفید ہے۔ اس کے بیج پیسکر فارش کے لئے ملنا مفید ہے ٭
کچ پیل	۔	۔	سرخ	تلخ	لال مرچ کے برابر ایک بوٹی کا پھل ہے	گرم اور خشک ہوتا ہے	۔	۔	۔	۔	قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ معدہ اور جگر کے لئے مقوی ہے۔ امساک کو بڑھاتا ہے۔ پرانی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ بواسیر کو بھی دور کرتا ہے۔ اور شکمی بیماریوں کو مفید ہے۔ امراض باہ میں ملنے اور لگانے کے کام آتا ہے دستوں کو بند کرتا ہے۔ شکم کے کیڑوں کو قتل کرتا ہے۔ اور باہر نکالتا ہے ٭

کسر گاؤزبانی	کسر گاؤزبانی	خربوب شامی	پھل بھورا پھول زرد	پھل تلخ گری شیریں	اخروٹ کے درخت کی طرح کا ایک درخت ہے ۔	درجہ ۱ گرم ۔ ۳ میں خشک	اخلاط فاسدہ پیدا کرتا ہے	شہد	شاہ بلوط	۶ ماشہ	قبض کرتا ہے ۔ اور خشکی لاتا ہے ۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے ۔ پیشاب کو جاری کرتا ہے ۔ بدن کو موٹا کرتا ہے ۔ سوزشوں کو مفید ہے ۔ اور پھوڑوں کو بہت فائدہ دیتا ہے ۔ زخموں کو خشک کرکے جلدی مندمل کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے ۔
کچوری	دستنبویہ	شمام	بھوری	خوشبودار تیز اور تلخ	مشہور عام ہے ۔	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	گرم مزاج کو دردسر پیدا کرتا ہے	کشنیز	انجیر	۴ ماشہ	بلغمی امراض کو نافع ہے ۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے ۔ بواسیر کے لئے بھی مفید ہے مقوی باہ ہے ۔ قبض کرتی ہے ۔ خارجی رطوبات کو جذب کرتی ہے ۔ لقوہ اور فالج کو بھی مفید ہے ۔ اور اعصاب کی سختیوں کو تحلیل کرتی ہے ۔ جوڑوں کی درد کو مفید ہے

ردیف (گ)

گاؤزبان	گاؤزبان	لسان الثور	سفید بنفشہ	پھیکا قدرے تلخ	ایک مشہور گھاس کے پتے ہیں	درجہ ۱ میں گرم اور تر	لعاب کو مفرح ہے	صندل	گلسفہ ابریشم فام	بقدر ضرورت	مفرح ہے ۔ حرارت اصلی اور ارواح کو تقویت دیتا ہے ۔ اعضائے رئیسہ کے لئے بھی مقوی ہے ۔ کھانسی ۔ دمہ اور سینہ کے کھرکھرانے کو بھی نافع ہے ۔ امراض سوداویہ کو بھی فائدہ دیتا ہے ۔ صفرائے خالص کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے ۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	سفر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
گاؤزبان کے پھول	گُل گاؤ زبان	زہرۃ اللسان اللثور	لاجوردی اور سیاہ	کسیلا اور پھیکا	انار کے پھول کے ہمشکل ہوتا ہے +	درجہ ۱ میں گرم اور تر ہے	طحال کو سفر ہے	صندل	گاؤزبان	۳ ماشہ	مفرح ہیں - ارواح اصلیہ اور اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتے ہیں - حواس کے لئے بھی بقوّی ہیں - خالص صفراوی اور جلے ہوئے اخلاط کو دستوں کی راہ سے خارج کرتے ہیں - خفقان اور پیاس کو بھی تسکین دیتے ہیں - اور یرقان کے لئے بھی مفید ہیں +
گندہ بہروزہ	بارزد	قنہ	سفید رنگ	بدبودار بدمزہ لیسدار	ایک درخت کا جما ہوا مادہ ہوتا ہے +	درجہ ۳ میں گرم اور دوم میں خشک	دماغ کو سفر ہے	کافور اور روغن بنفشہ	اشق اور جاؤ شیر		جاذب رطوبات ہے - ورموں کو تحلیل کرتا ہے - ملطف اخلاط وارواح ہے خشکی پیدا کرتا ہے - گرمی لاتا ہے - مجلّی ہے - اکثر امراض جلدی اور کھجلی کو نافع ہے - دھانس اور اختناق الرحم کو بھی مفید ہے - اس کا سعوط سوزاک اور پیشاب کی راہ کے زخموں کو نافع ہے +
گندھک	گوگرد	کبریت	زرد شفاف	پھیکی اور بدبو دار	آگ کو بہت جلد قبول کرتی ہے ایک معدنی چیز ہے +	درجہ ۳ میں گرم اور خشک کو	دماغ اور معدہ کو	دودھ اور کتیرا وغیرہ	ہڑتال	۳ ماشہ	محلل اور ملین ہے - جاذب رطوبات اور مسخن ہے خشکی پیدا کرتی ہے - امراض جلدی میں کھانا اور لگانا بہت مفید ہے - تیمیر شت انڈے کی زردی کے ہمراہ زکام اور نزلہ اور کھانسی کو مفید ہے سینہ سے بلغم کو چھانٹتی ہے - اور یرقان کو دور کرتی ہے زہروں کی دافع ہے - اسکا لیپ زخموں داد اور خارش کو نافع ہے +

گندنا	گندنا	کراث	سبز	بدبودار اور تیز	پیاز کے ساگ جیسا ایک ساگ ہے	درجہ ۳ گرم اور درجہ ۲ میں خشک ہوتا ہے	گرم مزاجوں کو مضر ہے	کاسنی اور دھنیا	بابونہ افسنتین اور کشنیز وغیرہ	۷ ماشہ کے قریب	ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے۔ مبہی ہے۔ بخارات ردیہ کا موجد ہے۔ قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ کمر کو طاقت دیتا ہے۔ قولنج کا دافع ہے۔ مدر حیض و پیشاب ہے۔ اسکا لیپ مقوی باہ ہے۔ بواسیر کو بھی مفید ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ شہد کے ہمراہ سینہ کی امراض باردہ کو مفید ہے۔ اور کھٹے ڈکاروں کے لئے نافع ہے ✦
گندنا کے بیج	تخم گندنا	بزر الکراث	اکل بسرخی	تلخ اور تیز بو	پیاز کی قسم کے بیج ہیں مشہور ہوتے ہیں ✦	درجہ ۲ میں گرم اور خشک ہیں	پھیپھڑہ اور گردہ کو مضر	شہد خالص	تخم جرجیر	۷ ماشہ	مسامات اور سدوں کو کھولتے ہیں۔ ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتے ہیں۔ قوت باہ کو ترقی دیتے ہیں۔ پتھری کو توڑتے ہیں۔ جلا کرتے ہیں۔ سردی کی بیماریوں کو فائدہ دیتے ہیں۔ بھوک خوب لگاتے ہیں۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتے ہیں۔ مقعد کے خون کے حابس ہیں۔ اور بخور ان کا بواسیر کے لئے سودمند ہے۔ انکا لیپ سانپ کے کاٹے اور داغوں کیلئے مفید ہے ✦
گل مختوم	گل مختوم	طین مختوم	سرخ اور چکنی بو مثل سویہ کے	پھیکی	سرخ مٹی کی ٹکیاں ہیں۔ جزائر بحر ہند سے لاتے ہیں	سرد اور خشک	طحال اور پھیپھڑہ کو مضر	شہد اور کتیرا وغیرہ	گیرو	۳ ماشہ	طبیعت میں فرحت پیدا کرتی ہے۔ قابض اور خشک ہوتی ہے۔ دل کو طاقت دیتی ہے۔ زخموں کو مندمل کرتی ہے۔ اورام گرم کو نفع دیتی ہے۔ مواد کو عضو پر گرنے سے مانع ہے۔ خون جاریہ کو بند کرتی ہے۔ رگوں کے منہ اور راستوں کو بند کر دیتی ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
گل مہندی	۔	۔	رنگ سرنگ	قدرے تلخ	باغوں کا ایک پھول ہے	گرم اور تر	مرطوب مزاجوں کو	روغن و گوشت	۔	بقدر ضرورت	اسکے بیج اور پتے گوشت میں پکاکر کھانے مقوی باہ ہیں۔ اور اسکے پتوں اور پنہیوں کا نچوڑا ہوا پانی اعضاء کی سوزش کو مفید ہے ✣
گل روغن	روغن گل	دہن الورد	مائل بسرخی	چکنا اور بدمزہ	مشہور ہے	مرکب القوی	۔	۔	۔	۲ تولہ	مواد کو پکاتا ہے۔ قابض ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور سُدّوں کو کھولتا ہے سرد اور گرم دونو طرح کے مواد کے موافق ہے۔ باوجود دست آور ہونے کے معدہ اور مقعد کی سوزش کو تسکین دیتا ہے ✣
گلقند	گلقند	جلنجبین	سرخ	شیریں	شہد یا شکر میں گلاب کے پھولوں کا قوام کرتے ہیں ✣	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	جگر کو مضر	تخم خشخاش	۔	۳ تولہ	معدہ اور دماغ کے لئے مقوی ہے اور خوب بالائی رطوبات کو خشک کرتی ہے۔ اور بخارات کے دماغ کیطرف چڑھنے سے مانع ہے۔ جسکا قوام شہد میں کیا ہوا ہو۔ وہ اوڑھوں اور تر دماغوں کے موافق ہوتی ہے۔ بسل کو بھی نفع دیتی ہے پتھری کو بھی توڑتی ہے۔ ہاضم ہے اور طبیعت کے لئے ملین ہے ✣
گلاب کا گلرخ گلپرہ	ورد	۔	مائل بسرخی	پھیکا اور کسیلا	مشہور عام ہے	گرم اور خشک بعضے کے نزدیک سرد ہے	پھیپھڑہ کو مضر	کتیرا	کزانج	۷ ماشہ تک	منہ سے خون بہنے اور مکھنے کو نافع ہے۔ جو دست بند نہ ہوں۔ اُنکو بند کرتا ہے بینائی اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ مُبہی ہے۔ مقوی رحم ہے۔ اسکا حمول کرنا ضیقِ قرح کا باعث ہے ✣

گُل داؤدی	گُل داؤدی	باسوم	خوشبودار پتی سبز۔ پھول زرد وسفید	تیز و تیز بُو بدمزہ ہوتا ہے	ایک خوشبودار پھول ہے۔ جسکا درخت آدھ گز قریبا ہوتا ہے۔	درجہ ۲ میں گرم اور اول میں خشک	درد سر پیدا کرتا ہے	مصطگی اور شکر	برنجاسف وغیرہ	۶ ماشہ	اسکا پھول ورم اور منجمد خون کو تحلیل کرتا ہے۔ گُردہ اور مثانہ کی پتھری کو خارج کرتا ہے۔ مدرِ حیض ہے۔ گُردہ اور مثانہ کی ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ قولنج ریاحی اور سوزاک کو بھی سودمند ہے۔ مفرح قلب ہے۔ سونف اور زیرہ کے ہمراہ بلغمی ورموں کو بھی تحلیل کرتا ہے ✤
گلاب کا عرق	عرقِ گلاب	مار الورد	پانی سا خوشبودار ہوتا ہی	پانی کی طرح	مشہور عام وخاص ہے	مرکب القوٰے اکثر کے نزدیک سرد بعض گرم بنا کر کہا ہے	صاحبان نزلہ کو مضر ہے اور باہ کو	مصری اور جلاب	عرق بادیان وغیرہ	۱۰ تولہ تک	فمِ معدہ کی درد کو دُور کرتا ہے۔ اور دل ودماغ کو طاقت دیتا ہے۔ خفقانِ گرم کو نافع ہے۔ طبیعت میں فرحت پیدا کرتا ہے۔ ہاضم ہے۔ دست آور ہے۔ اگر اس کے اندر سُرمہ حل کر کے آنکھ میں لگائیں تو سوزش چشم کو نافع ہے۔ عرق گلاب صفرا کو تسکین دیتا ہے۔ اور رقیق بلغم کا مسہل ہے۔ خفقان کو مفید ہے۔ اور معدہ جگر اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے ✤
گلاب کا پھول	گل سُرخ	ورد احمر	گلابی یعنی سرخی مائل سفید	قدرے کسیلا پھیکا اور شیریں	مشہور ہے	درجہ ۱ میں سرد اور درجہ دوم میں خشک	پیاس لاتا ہے اور باہ کو مضر ہے	انیسون اور مرزنجوش وغیرہ	بنفشہ	۲ تولہ	مفرح ارواح ہے۔ ملطف ہے۔ دست آور ہے۔ اورام وریاح کو تحلیل کرتا ہے بلغم اور صفرا کو تسکین دیتا ہے۔ درد سر اور درد گُردہ کو مفید ہے۔ غشی اور خفقان کو سُودمند ہے۔ اس کی بُو سے نزلہ پیدا ہوتا ہے۔ تازہ پھولوں کا لیپ کرنا دردِ سر کو دور کرتا ہے۔ اور رطوباتِ معدہ کو خشک کرتا ہے۔ اس کے جوشاندہ سے کُلی کرنا درد دندان کو دور کرتا ہے۔ اور مسوڑھوں کو قوی کرتا ہے ✤

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار	افعال وخواص
گڑ	قند سیاہ	فانید	سرخ زرد سیاہ	شیریں	گنے کے رس کو جوشاندہ کر جماتے ہیں مشہور عام ہیں ۔	درجہ ۱ میں گرم اور تر ہوتا ہے	گرم مزاج والوں کو مضر	ترشی اور نیلوفر وغیرہ	شہد	بقدر ضرورت وطاقت	طبیعت کو نرم کرتا ہے ۔ جلا کرتا ہے ۔ زخم کی سردی اور آنتوں کو مفید ہے ۔ بلغم کو چھانٹتا ہے ۔ کھانسی ۔ دمہ اور دھانس کو مفید ہے ۔ سینہ کی درد کو تسکین دیتا ہے ۔ خصوصًا جبکہ اسمیں کالی مرچ اور ادرک بمقدار مناسب ملا کر کھائیں ۔ اسکا جلایا ہوا کھار نمک کے ہمراہ کھانسی کو مفید ہے ۔
گڑھل	۔	۔	پھول گلابی اور سرخ	لعابدار اور پھیکا	ایک درخت ہے جس کے پتے توت کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں	معتدل	ٹنڈلہ کو مضر ہے	مصری وغیرہ	چاندنی کے پھول	ایک تولہ	مفرح قلب ہے نفس کو خوش کرتا ہے ۔ سردی اور گرمی کے خفقان کو نافع ہے ۔ بخارات کو دماغ کی طرف چڑھنے نہیں دیتا ۔ اور اس کے پتوں کا سفوف ممسک ہوتا ہے ۔ اور منی کو گاڑھا کر دیتا ہے ۔ پھول پتے اور جڑ تینوں جنون اور وحشت کے لئے مفید ہیں ۔ حواس اور ذہن کو قوت دیتا ہے ۔
گاؤزبان	جاؤشیر	جاؤشیر	اندر سے سفید اور باہر سے سرخ	بدمزہ اور تلخ ہوتا ہے	ایک ایسے درخت کا گوند ہے جس کے پتے انجیر کے مشابہ ہیں ۔	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	ہتھیلیں کو مضر ہے	کنوچہ	اشق	۴ ماشہ	محلل ریاح ہے ۔ مقوی اعصاب ہے ۔ سدوں کو کھولتا ہے ۔ اور امراض باردہ کو نافع ہے ۔ سلسل البول کو بھی مفید ہے ۔ زخم کی نفخ اور خارش ثنائہ کو بھی مفید ہے ۔ یلغمی اور ترکی قوی کو سودمند ہے ۔ اور رطوبت اعصاب کی اصلاح کرتا ہے ۔

گلوی و گرچ	گلوئے نیم	۰	سبز	نہایت تلخ ہوتی ہے	ایک لمبی بیلدار گھاس ہے جو درختوں اور دیواروں پر چڑھ جاتی ہے +	درجۂ اول میں گرم خشک	۰	۰	مست گلو	۹ ماشہ تک	خونی اور صفراوی بخاروں کو نافع ہے۔ دل۔ جگر اور معدہ کی سوزش کو دور کرتی ہے۔ یرقان کو مفید ہے۔ اور کھانسی کو دور کرتی ہے غشی اور صفراوی قے کو بھی مفید ہے۔ بلغم کو خوب چھانٹتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ اور منی کو پیدا کرتی ہے۔ اور گاڑھا بناتی ہے۔ اور امساک کو ترقی دیتی ہے۔ اور روغن کنجد کے ہمراہ سودا اور ریاح کو دور کرتی ہے +
گانجہ	بنگِ دشتی	قنب بری	سبز	تیز اور تیز بو ہوتا ہے	اسکو چلم میں رکھ کر حقہ کے طور پر پیتے ہیں۔ مشہور ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	غشی لاتا ہے اور دماغ کو مضر ہے	دودھ اور ترشی وغیرہ	بنگ کے بیج وغیرہ	۰	بہت نشہ لانے والی چیز ہے۔ اور تمام اعضاء کو سست کر دیتی ہے۔ خصوصاً دماغ کو نہایت ہی سست اور بیحس کر دیتی ہے۔ افیون سے بھی زیادہ اعضاء کو ڈھیلا کر دیتی ہے۔ اور نشہ لاتی ہے۔ حد سے زیادہ خشکی لاتی ہے اور افیون کی طرح اس کے اندر بھی قوت ماسکہ ہے۔ بدن کو دبلا لاغر اور کمزور کرتی ہے۔ اور خون کو خشک اور سیاہی مائل کر دیتی ہے +
گاوِ زبان کے بیج	تخم گاؤ زبان	بزر لسان الثور	سفید	لعابدار اور پھیکا	اس کے بیج کسم کے بیج کے ہمشکل ہوتے ہیں۔	درجہ دوم میں گرم تر	طحال کو مضر ہے	صندل اور کشنیز وغیرہ	گل گاوِ زبان	ایک ماشہ	طبیعت میں فرحت پیدا کرتے اور قوت دیتے ہیں۔ اور تمام افعال میں برگِ گاؤزبان کی طرح ہیں۔ اور گل گاؤزبان کے فوائد بھی رکھتے ہیں۔ بلکہ ان سے زیادہ قوی الاثر ہیں۔ انکا لیپ چہرے کی رنگت کو کھولتا ہے۔ یہ بیج سینہ کی کھرکھراہٹ اور کھانسی کو بھی سود مند ہیں۔ اور حرارتِ غریزی کو پیدا کر دیتے ہیں +

اسم مروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
گاجر	گزر	جزر	سرخ	میٹھا	ایک مشہور	درجہ ۲	دیر ہضم	گڑ	شلغم	بقدر	ملطف ہوتی ہے - اور جگر کے سدوں کو کھولتی ہے - اور معدے کو قوت دیتی ہے
	لور		زرد	خوش	عام وخاص	میں گرم	اور	شکر	وغیرہ	ضرورت	طبیعت کو نرم کرتی ہے - قوتِ باہ کو بڑھاتی ہے - اور منی کو پیدا کرتی ہے - اور
	زردک		اودی	مزہ	پھل ہے - اور	اور تر ہے	ثقیل	نمک		اور مزاج پیش	نفوظ لاتی ہے - بلغم کو چھانٹتی ہے - اور کھانسی کو دور کرتی ہے - درد سینہ - جگر
			اور سفید	شاداب	لمبائی میں مختلف	بعض نے	ہے	مرتع		اور	اور معدہ کو تسکین دیتی ہے - گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑ کر نکال دیتی ہے - اور
			پتہ سبز	پھیکا	ہے ایک انچ سے	درجہ ۱	نفخ	سیاہ		حسب	پیشاب کو جاری کرتا ہے - درد پہلو کو مفید ہے - استسقار کو سود مند ہے -
			پھول سفید	اور	لیکر بالشت بھر	میں بھی	پیدا	گوشت		قوت	اس کا پانی نچوڑ کر پینا گرمی کے خفقان کے لئے از حد مفید ہے - اسکا مربّا بہت
			ہوتے	تلخ	تک لمبا ہوتا	لکھا	کرتی	وغیرہ		ہضم	ہی مقوی باہ ہے - آنتوں اور رحم کو طاقت دیتا ہے - اور قوتِ ہاضمہ کو بڑھاتا
			ایں -		ہے +	ہے	ہے			وغیرہ	ہے - اگر اسکا اچار سرکہ میں ڈالا جائے - تو طحال ورم کو تحلیل کر دیتا ہے +
گاجر کے بیج	تخم گذر	بزر الجزر	بھورا اور سفید رنگ	پھیکا اور تیز ہے	مشہور ہیں	درجہ ۲ میں گرم اور اول میں خشک	اعصاب حلق اور معدہ کو مضر	انیسون	انیسون اور دودھ وغیرہ	۷ ماشہ کے قریب	مقوی باہ ہیں - اور مادہ منی کو ترقی دیتے ہیں - پیشاب کو جاری کرتے ہیں - رحم کو فضول مادوں سے پاک کرتے ہیں - درد سینہ کو نفع دیتے ہیں - اس کے جلے ہوئے بیجوں کو استعمال کرنا تنگی پیشاب کو دور کرتا ہے - پیٹ کے پھولنے اور زخموں کے لئے از حد مفید ہیں +

گوبھی	کلم روی	قنبیط	پھیکا	پتے سبز پھول زرد اور سفید	ایک مشہور عام ترکاری ہے	سرد اور خشک ہوتی ہے	نفخ پیدا کرتی ہے اور قابض ہوتی ہے	گرم مصالحہ اور گوشت وغیرہ	گرم کلہ وغیرہ	بقدر ضرورت	اعضاء کو قوت دیتی ہے۔ بلغم اور صفرا کو چھانٹتی ہے۔ خون کے فساد کو روکتی ہے۔ سوزاک اور جریان کو نافع ہے۔ منی کو زیادہ کرتی ہے۔ اور گاڑھا کرتی ہے۔ پیشاب کو جاری کرتی ہے۔ اور خمار کو تسکین دیتی ہے۔ نفخ پیدا کرتی ہے۔ مولد خون سوداوی ہے۔ اور دماغ کو کمزور کرتی ہے۔ تبخیر پیدا کرتی ہے۔ اور سدے لاتی ہے۔ بغیر مصالحہ کے استعمال نہیں کرنی چاہیئے
گوشت اونٹ کا	گوشتِ شتر	لحم الابل	کسی قدر نیلا مائل بسرخی	نہکین اور سخت ہوتا ہے	مشہور ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	اخلاط کو فاسد کرتا ہے	نمک رائی اور گرم ادویات وغیرہ	۔	حلال ہے بقدر ضرورت	ثقیل ہے۔ غلیظ ہے۔ اور دیر ہضم ہوتا ہے۔ صفراوی خون کا موجد ہے مقوی باہ ہے۔ عرق النسار کو بھی مفید ہے۔ اور کولے کی درد اور سیاہ یرقان اور سوزش پیشاب کو بھی فائدہ دیتا ہے۔ اس کی چربی کا لیپ بواسیر کو نافع ہے۔ اگر اسکا پیشاب پیا جائے۔ تو جلد ھرد (استسقاء) کو فائدہ دیتا ہے اسکا گوشت بغیر مصلحات کے استعمال کرنا اچھا نہیں ؛
گوشت ہرن کا	گوشتِ آہو	لحم الغزال	۔	روکھا اور پھیکا	مشہور جانور ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	غذا بخوبی پیدا کرتا ہے اور دیر ہضم ہے	میوہ ترشی اور سکنجبین	گائے کا گوشت	حلال ہے بقدر ضرورت	ہر فعل میں انسانی مزاج کے موافق ہے۔ خشکی لاتا ہے۔ کثیر الغذا ہے اور وجع المفاصل۔ فالج اور استرخاء اور دیگر سرد بیماریوں کو فائدہ مند ہے اسکی کھال پر بیٹھنا قوتِ باہ کو کم کرتا ہے۔ جہاں یہ کھال ہو۔ وہاں سے کیڑے مکوڑے اور دیگر حشرات الارض بھاگ جاتے ہیں ؛

اسم معرب	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	تقدیر حلت	افعال وخواص
گوشت کا	۔	لحم الزبیجان	گلابی رنگ کا ہوتا ہے	قدرے لسانہ	ایک آبی پرندہ ہے۔ جو سارس کی طرح کا ہوتا ہے ÷	گرم اور تر ہوتا ہے	دیر ہضم اور نفاخ ہے	گرم مصالح	۔	حلال ہے بقدر ضرورت	اسکا گوشت قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ اور بھوک کو زیادہ کرتا ہے۔ اور اعضاء کو طاقت بخشتا ہے صفرا کی تیزی کو دور کرتا ہے۔ آواز کی خشونت کو دور کر کے صاف کرتا ہے۔ چہرہ اور رخساروں کے رنگ کو چمکاتا اور چہرہ روشن بناتا ہے۔ اور سرخ باد کے لئے بھی مفید ہے ÷
گوشت مرغابی کا	۔	گوشت مرغابی وقاز	لحم الاوز وطیر المار	نمکین اور لسانہ ہوتا ہے	ایک آبی جانور ہے مشہور خاص وعام ہے ÷	گرم اور تر ہوتا ہے	دیر ہضم اور آب انار	آبکامہ اور آب	لبط	حلال ہے بقدر ضرورت	غلیظ غذا ہے مسمن بدن ہے۔ قوت باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ اس کی بچوں کو کزاز تمدد اور تشنج کے لئے مالش کرنا بہت مفید ہے۔ اور ام سرد اور سختی مقعد کو تحلیل کرتی ہے۔ شگاف مقعد کے لئے نافع ہے۔ اور جلد کے نشانات اور داغوں کے لئے بھی مفید ہے ÷
گوشت مرغ اور مرغی	گوشت ماکیاں و خروس	لحم الدجاجہ و الدیک	گلابی رنگ کا ہوتا ہے	قدرے لسانہ ہوتا ہے	مشہور عام وخاص ہے	معتدل مائل بگرمی جوان کا زیادہ گرم اور بوڑھے کا سرد ہوتا ہے	کثرت سے کھانا نقرس اور بواسیر پیدا کرتا ہے	گھی کبوتر	خانگی	حلال ہے بقدر ضرورت	کثیر الغذا ہے۔ اور عقل کو بڑھاتا ہے۔ منی کو پیدا کرتا ہے۔ دماغ۔ فہم اور ادراک کو طاقت دیتا ہے۔ مبہی ہوتا ہے۔ آواز اور رنگ کو صاف کرتا ہے۔ تمام اعضاء کو طاقت بخشتا ہے۔ قوت مردمی کو ترقی دیتا ہے۔ قولنج کو مفید ہے۔ بدن کو موٹا تازہ بناتا ہے ÷

گوشت گائے کا	گوشت گاؤ	لحم البقر	سُرخ اور گلابی	قدرے بُودار ہوتا ہے	مشہور عام ہے ✦	درجہ ۲ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	نفخ لاتا ہے	مرتع سیاہ اور دارصینی	نیل گائے	حلال ہے بقدر ضرورت	مغلظ ہوتا ہے۔ اور دیر سے ہضم ہوتا ہے۔ اور خونِ فاسد کا موجد ہے۔ اور امراضِ سوداویہ بدن میں پیدا کرتا ہے۔ عرق النسار اور گٹھیا والوں کو نقصان دیتا ہے۔ اور دماغ کیطرف ردی ابخرات کو غالب کرتا ہے۔ اور ہونٹ اور مسوڑھوں میں ورم پیدا کرتا ہے ✦
گوشت کبوتر کا	گوشتِ کبوتر	لحم الحمام	گلابی رنگ ہوتا ہے	لذیذ مزیدار	مشہور عام ہے ✦	درجہ ۲ میں خشک اور اوّل میں گرم	گرم مزاج کو مضر ہے	انگور اور کشنیز وغیرہ	تیتر	حلال ہے بقدر ضرورت	خونِ صالح پیدا کرتا ہے۔ بدن کو خوب فربہ اور موٹا کرتا ہے۔ گُردہ اور مثانہ کے لئے نہایت مقوی ہے۔ قوت باہ کو پیدا کرتا ہے۔ منی کو پیدا کرتا ہے۔ آبی اور بادی جلدھر کو نافع ہے۔ فالج اور لقوہ کے لئے نہایت مفید ہے رعشہ۔ ضد اور استرخا کو فائدہ دیتا ہے ✦
گوشت کچھوے کا	گوشتِ سنگ پشت	لحم السلحفات	سُرخ مائل بسفیدی ہوتا ہے	قدرے لسانہ	ایک مشہور عام دریائی جانور ہے	درجہ ۲ میں گرم اور درجہ اوّل میں تر ہوتا ہے	آنتوں کو اور معدہ کو مضر ہے	شہد وغیرہ	۔	مکروہ تنزیہی بعض کے نزدیک حلال ہے	مقوی باہ ہے۔ اور کمر کو طاقت بخشتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ فتق کے لئے مفید ہے۔ اسکا پیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اسکا تازہ تازہ خون مرگی کے لئے مفید ہے۔ اور تشنج کے لئے نافع ہے۔ اِس کے پتے کا لیپ خناق کے لئے سودمند ہے۔ اور خراب اور بدزخموں کو اچھا کرتا ہے۔ اگر پتے کو مرگی والے کی ناک پر ملیں۔ تو فوراً آرام آتا ہے۔ اور اس کی ہڈی کی راکھ کانچ کے نکلنے کو مفید ہے۔ اور فرجِ رحم کی رطوبت کو دُور کرتا ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	تشریح احکام	افعال وخواص
گوشت دنبہ کا	گوشتِ دُنبہ	لحم الکبش	گلابی رنگ	لذیذ مزیدار	مشہور عام ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	۰	۰	۰	حلال ہے	مقوی الاعضاء ہے۔ اور خون غلیظ پیدا کرتا ہے۔ قوتِ باہ کو ترقی دیتا ہے اس کی چربی سخت دردوں کو تحلیل کرتی ہے۔ اعصاب اور بدن کو نرم کرتا ہے۔ صالح الکیموس ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ اس کی چربی درد نقرس کو بھی مفید ہے ٭
گوشت قمری کا	گوشتِ قمری	لحم القمری	گلابی اور سفید ہوتا ہے	نمکین ہوتا ہے	فاختہ کے برابر ایک پرندہ ہوتا ہے ٭	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	جذام اور سودش پیدا کرتا ہے	بادام گھی لطیف دوائیں	بٹیر	حلال ہے	خون فاسد کا موجد ہے۔ اگر اس کے انڈے بچوں کو کھلائے جائیں۔ تو وہ جلدی باتیں کرنا سیکھ جاتے ہیں۔ سرد مزاجوں کے لئے بہت موافق ہے۔ بلغمی اور تر مزاجوں کو بھی نافع ہے۔ خون فاسد پیدا کرتا ہے۔ اور اس کا تیل بچوں کے بدن پر ملنا جلدی چلنے میں مدد دیتا ہے ٭
گوشت چڑیا کا	گوشت گنجشک	لحم العصفور	بھورا	پھیکا	مشہور ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	انتڑیوں کو اور گرم مزاجوں کو	سکنجبین اور آب انار	بٹیر	حلال ہے	محرکِ باہ ہے۔ مستمن بدن ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ صالح الغذاء ہے مقوی معدہ ہے۔ فالج اور جلدھر کو مفید ہے۔ ضعفِ جگر کے لئے نافع ہے۔ استرخائے آلۂ تناسل کے لئے بھی بہت سودمند ہے۔ اس کا مغز خصوصاً قوتِ باہ کے لئے نہایت مجرب ہے ٭

گوشت چکور کا	گوشت کبک	لحم الحمل	سرخ	پھیکا	کبوتر کے برابر ایک پرندہ ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	پیشاب بند کرتا ہے درد پیدا کرتا ہے	ترشی اور سکنجبین وغیرہ	بٹیر	حلال ہے بقدر طاقت خواہش	عام طور پر تمام اعضار کو طاقت دیتا ہے۔ اور بہت جلد ہضم کرتا ہے۔ اور خونِ صالح کو پیدا کرتا ہے۔ بدن کو خوب فربہ اور موٹا کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ امراضِ دماغیہ کو مفید ہے۔ استسقار اور سینہ کے سرد امراض کو بھی نفع دیتا ہے۔ فالج اور لقوہ کو بھی سود مند ہے۔ استرخار اعضائے کو نافع ہے۔ لیکن بغیر مصلحات کے استعمال کرنا اچھا نہیں +
گوشت بھیڑ کا	گوشت میش و گوسفند	لحم الضان	گلابی مائل بسفیدی	پھیکا	مشہور عام ہے +	درجہ دوم میں گرم اور تر	نفخ لاتا ہے	کباب چینی اور دارچینی	گوسالہ	حلال ہے بقدر ضرورت	کثیر الغذا ہے بہت جلد ہضم ہوتا ہے۔ اور خونِ مغلظ پیدا کرتا ہے۔ اور تمام اعضار کو قوت بخشتا ہے۔ اور بدن کو خوب فربہ اور موٹا بناتا ہے۔ مبہی ہے۔ اس کو اپنے مصلحات کے ساتھ استعمال کرنا بہت مقوی ہے اس کی مینگنی اور ام جلد ھریا حی کو تحلیل کرتی ہے +
گوشت تیہو کا	گوشت تیہو	لحم الدراج	مائل بسفیدی	نمکین	کبوتر کے برابر ایک جانور ہے اور بٹیر کے ہم شکل ہوتا ہے۔ خوبصورت پنکھ	درجہ دوم میں گرم اور خشک	گرم مزاج والوں کو مضر	ترشی	بٹیر	حلال ہے	دماغ کے جوہر کو زیادہ کرتا ہے۔ اور حافظہ کو بڑھاتا ہے۔ فہم اور ذہن کو تیز کرتا ہے۔ سر اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ صالح الکیموس ہے۔ تمام اعضار کو قوت دیتا ہے۔ اور طبیعت کو نرم کرتا ہے + بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ اس کی سیٹ آنکھ کی سفیدی کو جلا دیتی ہے۔ اور جلد کے نشانات کو دور کرتا ہے

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
گوشت بکرا اور کمری کا	گوشت میش و بز	لحم الماعز	سرخ اور گلابی	پھیکا قدرے نمکین ہوتا ہے	اسکی کئی قسمیں ہیں۔ مشہور چہارپایہ جانور ہے ؛	درجہ دوم میں گرم اور تر	سودای مزاج کو مضر ہے	ناریل اور ادرک وغیرہ	بٹیر	حلال ہے بقدر ضرورت	لطیف خون کو پیدا کرتا ہے۔ صالح الکیموس ہے۔ اور گرم مزاج والوں کے موافق غذا ہے۔ اور اسکا دماغ نہایت تری بخشنے والی شے ہے۔ اور دماغ کو طاقت دیتا ہے اور نرم بناتا ہے گوشت طوان یعنی چالیس روزہ بچہ کا کمزوروں اور لاغروں کو نہایت مفید اور موافق طبیعت ہوتا ہے۔ کیونکہ اس کے اندر حرارت زیادہ نہیں ہوتی۔ اور اسکے مزارہ کا سرمہ رتوندھی کیلئے مفید ہے ؛
گوشت بھینس کا	گوشت گاؤ میش	لحم الجاموش	سرخ مائل بسیاہی	نمکین	مشہور ہے	درجہ ا میں گرم خشک	نفخ اور ریاح غلیظ پیدا کرتا ہے	کباب چینی اور دارچینی		حلال ہے	دیر ہضم اور غلیظ ہوتا ہے۔ اخلاط ردیہ اور صفرا پیدا کرتا ہے۔ اور محنتی اور مزدور لوگوں کو اسکا گوشت نفع دیتا ہے۔ اور کم عمر یعنی بچہ کا گوشت فربہ میں کم ہے ؛
گوشت ٹیتر کا	گوشت بودنہ	لحم السمانی	گوشت گلابی خود بھورا	خشک اور نمکین ہوتا ہے	ایک پہاڑی پرندہ ہے برسات کے دنوں میں کثرت سے ہوتا ہے	درجہ ا گرم خشک میں کم اور بعض کے نزدیک معتدل ہے	قابض ہونا ہے	روغن مُرغ	چوزۂ مُرغ ہے	حلال ہے بقدر طاقت	تپ دق کو بھی نافع ہے۔ اور ہر سہ اخلاط خون بلغم اور صفرا وغیرہ کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ کمزور اور ناتوانوں کے لئے یہ نہایت مفید ہے۔ اور قریبًا تمام اعضاء کو طاقت دیتا ہے۔ مقوی باہ ہے ؛

گوشت بطخ کا	گوشت اروک	لحم البط	کئی رنگوں کی ہوتی ہے لیکن گوشت سفید ہوتا ہے	نمکین اور بدبودار ہوتا ہے	ایک مشہور آبی پرندہ ہے	درجہ ۱ میں خشک اور دوم میں گرم	جلدی سڑ جاتا ہے اور درد سر پیدا کرتا ہے	گرم مصالحہ	فاختہ	حلال ہے	قوتِ باہ کو ترقی بخشتا ہے۔ اور ریاحِ گرم کو دُور کرتا ہے۔ مادۂ منی کو بڑھاتا ہے۔ بدن کو خوب فربہ اور موٹا کرتا ہے۔ گُردہ کو طاقت دیکر فربہ کرتا ہے کثیر الغذا ہوتا ہے۔ اِس کی پیٹ چہرہ کی سیاہی داغوں اور جھائیں وغیرہ کو دُور کرتی ہے۔ اور رونق میں لاتی ہے۔ اور اس کے بالوں اور پروں کی راکھ کنٹھ مالا کو تحلیل کرتی ہے +
گوشت بگلہ کا	گوشت بوتیمار	•	سفید اور گلابی	پھیکا	ایک پرندہ ہے جو اکثر تالابوں اور جوہڑوں کے کنارے پر مچھلیاں پکڑ پکڑ کر کھاتا رہتا ہے	درجہ ۱ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	ریح پیدا کرتا ہے اور گرم مزاجوں کو مضر	کشنیز وغیرہ	•	حلال ہے	نہیف البدن اور کمزور لوگوں کو مفید ہے۔ جھولے والوں کو سود مند ہے حافظہ اور قوتِ ادراک کو ترقی بخشتا ہے۔ قوتِ باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ بدن کو خوب موٹا اور تازہ بناتا ہے۔ اور خونِ صالح بدن کے اندر پیدا کرتا ہے۔ حواس کو طاقت دیتا ہے۔ اور قوتِ ماسکہ بڑھاتا ہے۔ اِس کی چربی کو بواسیر کے خون کے روکنے کے واسطے مالش کرنا سُود مند ہے +
گوشت ابابیل کا	گوشت پرستوک	لحم الخطاف	قدرے سیاہی مائل ہوتا ہے	قدرے نمکین ہوتا ہے	ایک چھوٹا سا سیاہ پرندہ ہے مشہور عام و خاص ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	پھیپھڑہ کو مضر ہے	سکنجبین وغیرہ	•	حلال ہے	اسکا گوشت سنگِ گُردہ و مثانہ کو توڑ کر خارج کر دیتا ہے۔ اور یرقان کو بھی مفید ہے۔ طحال کے فساد کو دور کرتا ہے۔ اسکا تازہ تازہ خون چہرہ کی رنگت کو پُر رونق اور صاف کرتا ہے۔ بینائی کو بڑھاتا ہے۔ اور نزول چشم کو نافع ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	سفر	مصلح	بدل	حلال	افعال وخواص
گوشت خرگوش کا	گوشت خرگوش	لحم الارنب	سفید اور گلابی	لذیذ خوش ذائقہ	ایک چوپایہ جانور ہے۔ نرم اور نازک مزاج جس کے کان لمبے ہوتے ہیں	درجہ ۲ میں گرم تر بعض کے نزدیک سرد ہے	گرم مزاج، مفرد سودا اور گھی پیدا کرتا ہے وغیرہ	اناردانہ اور بقدر ضرورت	۔	حلال ہے	نقوہ۔ فالج اور اعضاء کے ڈھیلا پڑ جانے کے لئے مفید ہے۔ اس کی یخنی میں نقرس اور گٹھیا والے کو بٹھانا نہایت مفید ہے۔ اس کا تازہ تازہ خون کھانسی اور دمہ کو سود مند ہے۔ اسکا گوشت لذیذ اور مزیدار ہوتا ہے۔ اس کا پنیر بچہ لڑکوں کی مرگی کے لئے نافع ہے +
گوشت طوطہ کا	گوشت طوطی	لحم الببغا	سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے	کسیلا سا ہوتا ہے	ایک بردار جانور عام سبز رنگ ہوتا ہے مختلف رنگوں کا بھی پایا جاتا ہے	درجہ ۲ میں گرم اور درجہ ۱ میں خشک ہے	ثقیل اور دیر سے ہضم ہوتا ہے	گرم مصالحہ	۔	حلال ہے اور تمتلف فیہ	پیٹ کو گنگ کرتا ہے۔ چوٹ کے لئے مفید ہے۔ اور جھائیں کو کھوتا ہے اور دور کرتا ہے۔ کھانسی کو نافع ہے۔ دیر سے ہضم ہوتا ہے۔ طبیعت میں فرحت لاتا ہے اس کی زبان خوش کلامی اور بولنے کے واسطے مفید ہے اور لکنت زبان کو سود مند ہے۔ اس کی بیٹ سیاہ داغوں اور جھائیں کو دور کرتی ہے +
گوشت گورخر کا	گوشت گورخر	لحم حمار الوحش	گلابی رنگ ہوتا ہے	قدرے کسیلا اور نمکین	ایک چوپایہ جانور ہے جو خرگوش یا گدھے کیطرح ہوتا ہے	درجہ ۲ میں گرم ہے اور خشک ہوتا ہے	غلیظ ہوتا ہے اور سودا پیدا کرتا ہے	زنجبیل خشک اور دارچینی	۔	حلال ہے بقدر ضرورت	اسکا گوشت اپنی تمام تاثیروں کے لحاظ سے خانگی گدھے کی طرح ہوتا ہے اور اسکی چربی کا لیپ چہرہ کے سیاہ داغوں اور داد کے لئے مفید ہے۔ اور چربی اور دایہ کے دودھ کا لیپ بچہ کو کیا جائے۔ تو گریہ سے باز رکھتا ہے۔ اور اس کے بیضہ کا لیپ پنڈلیوں کی رگوں کے پھول جانے کے لئے سود مند ہے۔

گوشت کلنگ کا	گوشت کلنگ	لحم الکرکی	سرخ رنگ ہوتا ہے	ردکھا اور خشک ہوتا ہے	ایک مشہور پرندہ ہے۔ جو پانیوں کے کناروں پر رہتا ہے اور سارس کے مشابہ ہوتا ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	ثقیل پر ہضم ہے خلط غلیظ پیدا کرتا ہے	سرکہ اور نمک وغیرہ	سارس	حلال ہے	سنڈوں کو کھولتا ہے۔ اور جسم کی طاقت کو بڑھاتا ہے۔ قولنج کے لئے مفید ہے۔ اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور اس کے دماغ کا سرمہ طیار کر کے آنکھوں میں لگانا تو ندھی کو سود مند ہے۔ اور بھیجے کا لیپ خارش اور سفید داغوں کو نافع ہے۔ اور اسکا پتہ روغن چنبیلی میں حل کر کے دو چاول بھر کھانا نسیان کو مفید ہے۔ اور جلدی بال سفید نہیں ہوتے۔ اگر اس کی چربی کو سرکہ اور جنگلی پیاز کے ہمراہ کھایا جائے۔ تو طحال کی درشتی کے واسطے مفید ہے ✦
گوشت کوئل کا	۰	۰	سیاہ رنگ	بسانده اور خشک	ایک سیاہ رنگ کا پرندہ کوے کے قد کے برابر	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	سودا ولی مادہ کو پیدا کرتا ہے	۰	۰	حلال ہے	اسکا گوشت قابض ہے۔ اور شکم کو گنگ کرتا ہے۔ بدن کو طاقت دیتا ہے اور بلغم اور ریح کے فساد کو دور کرتا ہے۔ اور اس کے پروں کی راکھ زخموں کو خشک کرتی ہے۔ اور گوشت بھر لاتی ہے ✦
گوشت لک لک کا	گوشت لک لک	لحم اللق لق	سیاہی مائل بدبودار گوشت ہوتا ہے	قدرے بدبودار اور بسانده	ایک بڑے قد کا پانی کا پرنده ہے۔ مشہور جانور ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک ہے	گرم مزاجوں کو مضر ہے	کشنیز اور روغن زرد وغیرہ	۰	حلال ہے	لقوہ۔ فالج اور فدر کے لئے سود مند ہے۔ اور غلیظ ریاح کا محلل ہے۔ اگر کسی عضو میں سردی بیٹھ گئی ہو۔ تو اسکو دور کر دیتا ہے۔ باہ کی کمزوری کو دفع کرتا ہے۔ اس کے انڈے اس کے گوشت کی نسبت زیادہ قوی الاثر ہوتے ہیں۔ اس کے خون کو چہرے اور بدن پر ملنا سیاہ داغوں کو دور کرتا ہے۔ اور اس کی پیخال جھائیں اور جلد کے نشانوں کو سود مند ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	تحقیق	افعال وخواص
گوشت لوے کا	۔	لحم السلوی	گلابی رنگ ہوتا ہے	نمکین اور خشک ہے	ایک مشہور پرندہ ہی فاختہ کی شکل اور قد کا +	در دہ ۳ میں گرم اور خشک ہے	قابض اور دیر ہضم	روغن زرد اور سرکہ	۔	حلال ہے	جگر اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ اشتہا پیدا کرتا ہے۔ ضعیف اور کمزور لوگوں کے لئے غذا کے موافق ہے۔ سُدّوں کو کھولتا ہے۔ جلد ھر کا رافع ہے اور غلیظ ریح کو سود مند ہے۔ فالج کو دُور کرتا ہے اور آنتوں کی سردی کا دافع ہے۔ اور پٹھوں کی بہ دورت کو بھی نافع ہے۔ اور قوتِ باہ کو حرکت میں لاتا ہے +
گوشت حمولا	۔	لحم القنعوہ	گلابی رنگ	نمکین ہوتا ہی	مشہور عام وخاص ہے	در دہ ۳ میں گرم خشک	گرم مزاج کو	۔	۔	حلال ہے	اِسکو بھُون کر مسل خالص کے ہمراہ کھانا گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑ کر نکالدیتا ہے اور مدرِ بول ہے۔ اور عسر البول کو بھی نافع ہے
گوشت مور کا	گوشتِ طاؤس	لحم الطاؤس	سُرخ سیاہی مائل	بسانده	ایک نہایت خوبصورت نقش ونگار والا پرنده ہے مشہور عام ہے +	در دہ دوم میں گرم اور خشک ہوتا ہی	غلیظ اور ثقیل ہوتا ہے	گرم مصالحہ	۔	حلال ہے	معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور اسکا شوربا درد پہلو کے لئے بہت مفید ہے اسکی چربی کا طلا محرکِ باہ ہے۔ اور اسکی استخوان کی راکھ ہے دانتوں کو خوب صاف کرتی ہے۔ اور مسوڑھوں اور دانتوں کو مضبوط بناتی اور خون بہنے کو روکتی ہے۔ اور اسکے پتہ کو اگر سکنجبین کے ساتھ ملا کر پیا جائے۔ تو اسہالِ کہنہ بند ہو جاتے ہیں۔ اور اسکا خون بطور لیپ زخموں کو بھر لاتا ہے۔ اور اسکی بیٹ کی مالش جھائیں کو دُور کرتی ہے +

گوشت ہدہد کا	گوشت مرغِ سلیمان	لحم الہدہد	گلابی	قدرے بسانده	ایک پرندہ ہے تاجدار سُرخی مائل اور سیاہ و زرد نقطہ دار	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	.	.	.	حلال ہے	سُدّوں کو کھولتا ہے۔ اور قولنج اور پیچش کے لئے سودمند ہے۔ گُردہ اور مثانہ میں جمے ہُوئے خون کو تحلیل کرتا ہے۔ تازہ تازہ روغن میں اسکا دِل بُھنا ہوا شہد کے ہمراہ ذہن اور حافظہ کو طاقتور بناتا ہے۔ اور خُشک دِل اور باہ کے لئے مقوّی ہے اور اسکے پتّہ میں سُرمہ بنایا ہوا آنکھ کے جالے کو دُور کرتا ہے ✤
گیہوں	گندم	حنطۃ	سرخ سفید زرد	قدرے شیریں	مشہور غلّہ ہے ہر خاص و عام جانتے ہیں	درجہ ۱ میں گرم اور معتدل ہوتی ہے	احشاء کے امراض والونکو اور سدّوں کو	کلونجی اور سرکہ وغیرہ	جو	بقدر ضرورت	تندرست لوگوں کے لئے اسکی روٹی نہایت عمدہ غذا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ مسمن بدن ہے۔ اس کی خمیری روٹی نفخ لاتی ہے۔ اِس کو چبا کر گِلٹیوں وغیرہ پر لیپ کرنا تحلیل اورام کا باعث ہے۔ خام کھانا معدہ میں کیڑے پیدا کرتا ہے۔ اسکا تیل برص کے داغوں کو دُور کرتا ہے۔ گیہوں کے میدے کی روٹی دیر ہضم اور قابض ہوتی ہے۔ اور سُدّے لاتی ہے۔ اِسکا حریرہ وجع الصدر اور دردِ گُردہ اور کھانسی کو دور کرتا ہے ✤
گیہوں جنگلی	گندم دشتی	دوسر	دانہ سیاہ اور سبز	پھیکا کسی قدر تلخ	گیہوں کے مشابہ ایک گھاس ہے اس سے قدرے بڑا ہوتا ہے	درجہ ۱ میں گرم دوم میں تر	انثیین کو	کتیرا اور گوگل	کالا دانہ	۳ ماشہ	مادہ کو پکاتا ہے۔ اور قوام کو اعتدال پر لاتا ہے۔ محلّلِ اورام و ریاح ہے۔ خُشکی پیدا کرتا ہے۔ سخت ورموں کو نرم کرتا ہے معدہ کے کیڑوں کو قتل کرتا ہے۔ اسکا لیپ سخت ورموں کو ابتدا میں نہایت مفید ہے۔ اور اسے چبا کر ناسور پر لگانا نافع ہے ✤

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
گیرو	گلسرخ	طین الاحمر	سرخ	پھیکا	ایک مشہور اور عام مٹی ہے	درجہ ۲ میں سرد اور خشک ہوتی ہے	طحال اور آنتوں کو مضر اور سدہ پیدا کرتی ہے	مصطگی وغیرہ	کتیرا و گل قبرسی	۷ ماشہ قریباً	خشکی پیدا کرتی ہے۔ مواد پختہ بناتی ہے۔ خون کو بند کر دیتی ہے۔ جگر کی درد کو مفید ہے۔ معدہ کے کیڑوں کو مار ڈالتی ہے۔ اعضاء کی حرارت کو دور کرتی ہے۔ حیض کو بند کرتی ہے۔ شکر کے ہمراہ اسے استعمال کرنا بدن کو موٹا کرتی ہے آنتوں کے زخم اور خراش کو دور کرتی ہے۔ جریان اور بواسیر کے لئے نافع ہے۔ روغن کنجد میں حل کر کے چہرہ پر ملنا چہرے کو نرم کرتا ہے +
گیندے کا پھول	گل صدبرگ	۰	پھول سرخ پتے سبز	پھیکا تیز اور تیز بو	ایک پھول ہے جو عموماً برسات میں ہوتا ہے	گرم اور خشک	۰	۰	دوا مروا	۰	پستانوں کی ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ بول کو جاری کرتا ہے۔ اس کے پتوں کا رانگ اگر کان میں ڈالیں۔ تو درد کو نفع دیتا ہے۔ اور اگر اس میں سیاہ مرچ ملا کر پیا جائے۔ تو بواسیر کو فائدہ دیتا ہے۔ اگر اس کی پتیوں کا ضماد داد اور بہق پر کیا جائے۔ تو بہت سودمند ہے +
گھنگچی	چشم خروس	عین الدیک	بیخ سرخ پتے سبز	پھیکا اور تلخ	ایک مشہور بیلدار گھاس ہے +	درجہ ۳ میں گرم اور ۲ میں خشک	گرم مزاجوں کو درد سر پیدا کرتی ہے	کشنیز خشک اور تازہ دودھ	۰	ایک ماشہ	طبیعت میں فرحت پیدا کرتی ہے۔ اور پٹھوں کو قوت دیتی ہے۔ قوتوں کی محافظ ہے۔ مانع بڑھاپا ہے۔ باہ اور منی کے زیادہ کرنے میں نہایت ہی مجرب ہے۔ اور بہتر وہ ہے جو سفید ہو +

گھی	روغن زرد	سمن زبد	زرد سفید چکنا	پھیکا	دودھ سے نبتاہی مشہور خاص و عام ہے سب عمدہ گائے کا گھی ہوتا ہے	گرم تر	ٹھنڈک کو کم کرتا ہے اور معدہ کو پشت کرتا ہے	شہد اور نمک	تازہ دودھ	۵ تولہ یا کچھ کم و بیش	مسمن بدن ہوتا ہے۔ مادہ کے قولنج کو اعتدال پر لاتا ہے۔ منقوی الاعضاء ہے خشک کھانسی اور حلق کی کھانسی کو مفید ہے۔ طبیعت میں فرحت پیدا کرتا ہے دماغ کو قوت دیتا ہے۔ اگر بچوں کے سوڑھوں پر ملا جائے۔ تو اُن کے دانت آسانی سے نکل آتے ہیں۔ اگر پرانے گھی میں سورنجاں کو ملا کر مقعد پر لگایا جائے۔ تو بواسیر کو نہایت مفید ہے +
گوند بطم	صمغ بطم	علک البطم	مائل بسیاہی	تلخ اور بدمزہ ہے	بطم کے درخت کا گوند ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	منہ آنے کو	آب برگ مورد	تعلق	۰	مادہ کو پکاتا ہے۔ اور معتدل القوام بناتی ہے۔ ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے بلغمی کھانسی اور یرقان کے لئے نہایت مفید ہے۔ خشک اور تر خارش کو بھی فائدہ دیتا ہے۔ اور طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ مدر بول بھی ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور ہاضم ہے +
گوندنی	۰	۰	کچھ پھل سبز اور پکا ہوا سرخ	شیریں	ایک درخت ہے جسکا پھل فلفل کے برابر گول اور لیسدار ہوتا ہے +	سرد اور تر	معدہ اور جگر کو کمزور کرتی ہے	گلاب قند اور عناب وغیرہ	پستان وغیرہ	بقدر ضرورت	مادہ کو پکاتی ہے۔ اور اعتدال پر لاتی ہے۔ کھانسی کو نفع دیتی ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے۔ اور آواز کو صاف کرتی ہے۔ مُنہی ہے۔ اور مغلظ منی بھی ہے۔ اسکی جڑ اس کے پتے اور ٹہنی کی چھال منہ کے دانوں کو نفع دیتی ہے۔ صفراء کی تیزی اور پیاس کو دور کرتی ہے۔ پیشاب کی سوزش کے لئے سودمند ہے اور بلغم شور کی دافع ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
گوگل	بوئے جھوداں	مُقل ازرق	سرخ اور سیاہ	تلخ اور جبقدر اسکا تلخی زیادہ ہوتی ہے	ایک درخت کا صمغ گوند ہے۔ مشہور عام وخاص ہے۔	درجہ دوم میں گرم اور خشک اور سوم میں سرد	جگر کو مضر اور اسکی امراض کو مفید	زعفران اور کتیرا بقدر مناسب	سرکی اور ایلوا	۳ ماشہ کے قریب حسب ضرورت	مجلی ہے طبیعت کو نرم بناتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ بواسیر کو فائدہ دیتا ہے۔ اور لیسدار خلطوں کو نکالتا ہے۔ گلے کی درد کو رفع کرتا ہے۔ اور تر کھانسی اور دمہ دسر کو نافع ہے۔ دردِ کمر کو دور کرتا ہے پیشاب حیض اور دودھ کو جاری کرتا ہے۔ سنگِ گردہ کو نکالدیتا ہے۔ مثانہ کو نکالدیتا ہے۔ اسکا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور اگر ایک درم کے قریب دودھ کے ہمراہ کھایا جائے تو قوتِ باہ کو ترقی دیتا ہے۔ اسرنج کے ہمراہ اسکا لیپ بواسیر کے مسّوں کو گرادیتا ہے۔ اور اسکی دھونی بھی بواسیر کو مفید ہے اور دھونی سے کیڑے مکوڑے بھی بھاگ جاتے ہیں۔
گولر	ثمر پشہ و انجیر آدم	جمیز	سبز خام پختہ سُرخ	خام پھیکا اور پختہ میٹھا	انجیر کے برابر ایک نہایت ہی مشہور پھل ہے۔	درجہ ۲ میں گرم اور تر درجہ معتدل کے نزدیک سرد	بخار کو مضر	سنگجبین اور انیسون وغیرہ	۰	۰	اسکا پھل نفخ پیدا کرتا ہے۔ اور ردی الغذا ہے۔ خشک کھانسی۔ ضیق النفس۔ لحمال اور مدِ دگردہ کے لئے مفید ہے۔ اور اسکے پتوں۔ ٹہنیوں۔ اور پھل کو جوشاندہ کیر چٹنی بنائی ہوئی دمہ اور پرانی کھانسی اور آواز کی گرفتگی کے لئے نہایت سودمند ہے۔ اور اسکے خشک پتوں کا سفوف دستوں کے روکنے کے لئے نہایت مجرب ہے۔ اور اسکے پتوں کا لیپ پھوڑے پھنسیوں کے لئے مفید ہے۔

۲۳۸

ردیف (ل)

لال	لعل بدخشاں	لعل بدخشاں	روشن سرخ چمکدار	پھیکا	ایک نہایت صاف روشن پتھر ہے جو تمام پتھروں میں سے عمدہ ہے	معتدل مائل بہ حرارت ۱	۰	۰	۰	حو تک	مفرح روح ہے۔ دل دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ اور طبیعی اور نفسانی قوائے کو پٹھوں کو اور بینائی کو قوت دیتا ہے۔ اور یاقوت احمر سے زیادہ قوی الاثر ہے۔ اور بہتے ہوئے خون اور بواسیر کے خون کو بند کرتا ہے۔ اور تمام امراض سوداویہ کو فائدہ بخشتا ہے +
لاکھ	لاک	لاک	زرد مائل بسرخی	پھیکی	مختلف النوع درختوں میں ایک قسم کا گوند پیدا ہوتا ہے	درجہ ۲ میں گرم اور ۳ میں خشک	سینہ اور طحال کو مضر	مصطگی	طباشیر اور ریوند	۴ ماشہ	دردوں کو تحلیل کرتی ہے۔ مجلی ہے۔ اخلاط کو پاک و صاف کرتی ہے۔ ضعف گردہ۔ فالج۔ لقوہ۔ اور خفقان کو نفع دیتی ہے۔ کھانسی کو مفید ہے اعضاء کو طاقت بخشتی ہے۔ جگر اور طحال کے سدوں کو کھولتی ہے۔ معطل ریاح ہے مہزل جسم ہے۔ ممسک ہے۔ مقوی باہ ہے
لیموں کاغذی	لیموں کاغذی	لیموں خاص	زرد اور خام سبز	ترش	ایک مشہور ترش پھل ہے +	درجہ ۲ میں سرد اور بعض کے نزدیک ۲ میں خشک	سینہ اور اعصاب کو	شکر اور عناب	نارنج	بقدر ضرورت	مقوی جگر ہے پیاس اور سوزش کو دور کرتا ہے۔ صفراوی قے اور متلی کو روکتا ہے نمک اور سیاہ مرچ کے ہمراہ ہیضہ کو مفید ہے۔ اسکا شربت کھانسی نزلہ کو بند کرتا ہے اور یہ صفراوی بخارات کا بھی دافع ہے۔ اور دیرینہ امراض کے فساد کو دور کرتا ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
لیمون شیرین	لیموں شیریں	لیمون حلو	زرد رنگ	شیریں	لیموں کے پھل کے برابر ہے۔	گرم تر ہے	پتوں کو اُبھارتا ہے	ترش لیموں	ترنج	بقدر ضرورت	گرمی کو دُور کرتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔ دل اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ طبیعت میں فرحت لاتا ہے۔ خون کی تیزی اور حدت کو دور کرتا ہے۔ دل کے دھڑکنے اور خفقان کو مفید ہے +
لیموں کے بیج	تخم لیموں	بزر اللیموں	سفید رنگ	تلخ	مشہور ہے سب جانتے ہیں +	درجہ ۲ میں سرد اور خشک	سینہ کو مضر	سونف	بارتنگ	۳ ماشہ کے قریب	اسہال کو روکتے ہیں۔ قبض کرتے ہیں۔ تخمہ یعنی بدہضمی کو بھی مفید ہیں۔ بریاں کئے ہوئے سیاہ مرچ اور نمک کے ہمراہ قے کو روکتے ہیں۔ پیاس کو دُور کرتے ہیں۔ بچوں کی قے اور دستوں کے روکنے کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ مفرح ہیں۔ تاثیر تریاقیہ رکھتے ہیں +
لہسن	سیر	ثوم	پتے سبز اور پوتھی سفید اور بیج سیاہ	تلخ اور تیز بو زبان کے اندر نفوذ کرتا ہے	پیاز کی طرح ایک گھاس کی جڑ ہے۔ اکثر مصالحہ میں برتی جاتی ہے تیز اور تلخ ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	درد سر پیدا کرتا ہے آنکھ اور پھیپھڑہ کو مضر	دھنیا کتیرا بادام روغن انار وغیرہ	پیاز	حسب حاجت اور طاقت	محلل اورام و ریاح ہے۔ مجلی ہے۔ رطوبات مفاصل اور معدہ کو خشک کرتا ہے۔ پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہے۔ تریاقیہ تاثیر رکھتا ہے۔ حلق اور آواز کو صاف کرتا ہے۔ درد پہلو۔ نقرس۔ عرق النساء۔ امراض مفاصل۔ رعشہ۔ لقوہ۔ فالج۔ نسیان اور دمہ کو مفید ہے۔ معدہ کے کرم کو خارج کرتا ہے۔ صحت کا محافظ ہے۔ اسکی معجون مقوی باہ ہے۔ اور منی کو پیدا کرتی ہے +

لہسوڑہ	سپستان	سفستان	پختہ گلابی اور خام سبز	خام پھیکا پختہ شیریں	ایک درخت کا گول سا چھوٹا پھل ہے +	معتدل ہے	جگر اور معدہ کو مضر	گلسرخ اور عناب	خطمی	۲۰ دانہ	حلق کی ورم کو مفید ہے۔ صفراوی مادوں کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے۔ خونی اور بلغمی مواد کو چھانٹتا ہے۔ خون اور صفرا کی حدت اور تیزی کو فائدہ دیتا ہے درد سینہ کو مفید ہے۔ خشک کھانسی کو دور کرتا ہے۔ اس کی کونپلیں سلسل بول اور سوزاک کو مفید ہیں +
لوہے کا میل	ریم آہن وچرک آہن	خبث الحدید	سیاہ رنگ ہوتا ہے	نہایت کسیلا	مشہور ہے	درجہ دوم میں گرم اور سوم میں خشک ہے	پھیپھڑہ کے لئے مضر ہے	شہد اور کتیرا	انڈے کا چھلکا	۳ ماشہ	نہایت خشکی لاتا ہے۔ معدہ۔ دل اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ منہ سے خون بہنے کو روکتا ہے۔ بواسیر اور طحال کو مفید ہے۔ اور اندرونی رطوبات کو خشک کرتا ہے۔ مثانہ اور آنتوں کے زخموں کو دور کرتا ہے۔ استرخاء کو سودمند ہے۔ اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ شہد کے ساتھ ملا کر چاٹنا آواز اور گلے کو صاف کرتا ہے۔ زردی بیضہ کے ہمراہ قوت باہ کو مفید ہے۔ بلا برشتہ کئے اسکا استعمال ناجائز ہے +
لہسن جنگلی	سیر دشتی	اسقوردیون	پتے سبز پھول سفید اور سرخ	نہایت تیز اور تلخ	لہسن کیطرح کا ایک جنگلی گھاس ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	آنتوں کو اور گرم مزاجوں کو	انار ترش اور دھنیا	پیاز دشتی	۲ ماشہ	ورموں اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ مجلی ہے۔ مدر بول اور حیض ہے۔ تریاقیہ تاثیر رکھتا ہے۔ ضیق النفس اور طحال کے امراض کے لئے مفید ہے۔ استسقاء کے لئے نافع ہے۔ اس کے بیج سرد مزاجوں کے لئے مفید ہیں۔ اور مقوی باہ ہیں +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
لوہا	آہن	حدید	سیاہ اور براق	کسیلا	ایک معدنی دھات ہے مشہور ہے	درجہ ۲ میں سرد اور خشک ہوتا ہے	درد سر پیدا کرتا ہے	مسکہ	جستہ اور رانگہ	۰	ممسک ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ مبہی ہے۔ اسکا خضاب بالوں کو نہائیت سیاہ کرتا ہے۔ فولادی لوہے کا بجھا ہوا پانی پینا مقوی الاعضاء ہے۔ اور خون اور صفراء کی حدت کو کم کرتا ہے۔ بواسیری ریاح کو بھی نافع ہے۔ خشکی پیدا کرتا ہے۔ اور چہرے کی زردی کو دور کرتا ہے۔ آنتوں کے زخم اور اسہال کہنہ کو سود مند ہے۔ اور طحال کی ورم کو بھی مفید ہے ۔
لوہ چون	تفال آہن	توبال الحدید	سیاہ	کسیلا	ریت کی طرح لوہے کا باریک برادہ ہے ۔	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	درد شکم و سر پیدا کرتا ہے	دودھ اور روغن	۰	۰	قبض کرتا ہے۔ خون اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ اور ان اسہال کو بھی نافع ہے۔ جو معدہ کی کمزوری کی وجہ سے ہوں۔ مقوی باہ ہے۔ اسکا خضاب نہائیت عمدہ ہوتا ہے۔ مناسب ادویات کے ہمراہ بواسیر کے لئے نہائیت مفید ہے۔ خفقان اور ضعف معدہ کے واسطے پُر اثر ہے ۔
لودھ پٹھانی	۰	۰	سفید	قدرے تلخ ہے	ایک ہندی درخت کی چھال ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	قابض ہے	۰	۰	۴ ماشہ قریباً	مقوی چشم ہے۔ بلغم کے فساد کو دفع کرتا ہے۔ خون حیض کو بند کرتا ہے۔ مغلظ منی ہے۔ قوت باہ کو طاقت دیتا ہے۔ اور بعض بعض معجونوں میں شریک کیا جاتا ہے ۔

لونگ	مینھک	قرنفل	سیاہ زنگ	تیز اور تیز بو ہوتا ہے	ایک پھول ہے جو جنگل میں ہوتا ہے +	درجہ ۲ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	آنتوں اور گردہ کو مفر ہوتا ہے	صمغ عربی	جلیتری اور دار چینی وغیرہ	۴ ماشہ تک	فرحت لاتا ہے۔ مقوی الاریاح ہے۔ اور اعضائے رئیسہ باطنی کو قوت دیتا ہے۔ مقوی دماغ اور جگر ہے۔ مقوی باہ ہے۔ سردی کے دمہ سرکو نافع ہے۔ قہوہ قابض۔ نزلوں اور سکتہ وغیرہ کو مفید ہے۔ تمام امراضِ دماغیہ کو دفع کرتا ہے۔ اسکا سُرمہ مقوی چشم ہے۔ اور از دیاد بینائی کا باعث ہے۔ اور سُبلِ چشم کو دُور کرتا ہے +
لوبان	دخنگ	فسرو	بھورا اور زرد خوشبودار	تلخ اور درخت کے مشابہ ایک درخت کا گوند ہے +	مصطگی کے درجہ ۲ میں گرم اور خشک ہوتا ہے	گرم مزاجوں کو مضر ہوتا ہے	شیرہ کاہو	مصطگی اور حب البطم	۶ ماشہ	مقوی معدہ ہے۔ باہ کو بڑھاتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ اور محلل ریاح ہے بلغم کو چھانٹتا ہے۔ سردی کی کھانسی کو نافع ہے۔ اسکا منجن اور کلی درد دندان کو سود مند ہے۔ اسکی لکڑی کا برادہ خون بہنے کو مفید ہے۔ اسکا تیل مقوی الاعصاب ہے داد کے لئے بھی نافع ہے۔ اسکی دھونی وجع المفاصل اور دردِ پشت کے لئے بھی از حد مفید ہے +
لوبیا	اوبیا	فریقا	مائل بزردی	پھلیکا	ایک قسم کا غلہ ہے۔ جو مشہور عام ہے +	درجہ اوّل میں گرم اور دوم میں تر	دیر ہضم اور نفاخ ہے	لیرہ نمک اور سونٹھ	باقلا	بقدر ضرورت	محلل اورام ہے۔ جلا کرتا ہے۔ مدرِ بول ہے۔ پھیپھڑے اور سینہ کو نرم کرتا ہے اور دودھ اور منی کا موجد ہے۔ مسمن بدن ہے۔ خوب قے کرتا ہے۔ معاونِ اخراجِ جنین ہے۔ اور گردے کے درد کے لئے سود مند ہے۔ خون نفاس سے پاک وصاف کرتا ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
لائی	کنجدہ	انزروت	سُرخ اور سفید مائل بزردی	تلخ	ایک کانٹے دار درخت کا گوند ہے جسکو عرب سائلہ کہتے ہیں	درجہ ۲ میں گرم اوّل میں خُشک	آنتوں کو مضر ہے	روغن بادام و صمغ عربی	ایلوا اور نشاستہ	۴ ماشہ کے قریب	محلل اورام ہے۔ سُدّوں کو کھولتا ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ مادۂ بلغمیہ کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے۔ زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ حمل کو گرا دیتا ہے۔ مسمّن بدن ہے۔ معدہ کے کیڑوں کا قاتل ہے۔ جلد کے نشانوں کو مٹاتا ہے۔ گٹھیا اور زخموں سے خون بہنے کو نافع ہے +
لجالو	۰	۰	سبز	قدرے تلخ اور کسیلا	یہ دو قسم کی گھاس ہوتی ہے ایک جنگلی اور ایک دریائی	درجہ ۲ میں سرد اور تر ہے	طحال کو مضر ہے	شہد	برگ دفلی	کھایا نہیں کرتے	اورام کو تحلیل کرتا ہے۔ مجلّی ہے۔ سودائے خالص اور بلغم کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے۔ مدرِ حیض ہے۔ اگر بہ سبب گرمی کے رُک گیا ہو + معادنِ اخراجِ جنین ہے۔ جذام اور آتشک کے لئے بھی مفید ہے۔ اس کے رانگ کے قطرے پرانے زخموں پر ٹپکانے سودمند ہیں +
لاجورد	۰	۰	سنہری اور زنگاری نقطہ دار	پھیکا	ایک مشہور معدنی جسم ہے +	مغسول درجہ اول میں خشک غیر مغسول درجہ ۲ میں گرم خُشک	معدہ کو غشی پیدا کرتا ہے اور کرب لاتا ہے	۰	حجر ارمنی	۳ ماشہ	مجلّی ہے۔ اخلاط کا مصفّی ہے۔ سوداوی مادہ کو دستوں کی راہ سے خارج کرتا ہے۔ اخلاطِ غلیظ کو بھی نکالتا ہے۔ دردِ گردہ۔ مالیخولیا۔ غم اور وحشت اور امراضِ سوداویہ کو بھی نافع ہے۔ مفرّح ہے۔ قابض ہے۔ مقوی قلب ہے۔ رمد اور آشوب چشم اور آنسوؤں کے افراط سے بہنے کو نافع ہے +

لالہ	لالہ	شقائق نعمان	زرد سرخ اندر سے سیاہ	کسی قدر تلخ	ایک مشہور عام پھول ہی	درجہ ۲ میں گرم اول میں خشک	گردہ اور مثانہ کو مفر	۰	۰	۳ ماشہ	ملطف ہے مسامات اور سدوں کو کھولتا ہے۔ اسکا خشک کیا ہوا پھول باریک پیسکر بطور سفوف اعضائے شکمی کی درد کو نہایت مفید ہے۔ اور اسے ہمراہ دودھ کے استعمال کرنا مدر بول وحیض ہے۔ اور دودھ کو بھی جاری کرتا ہے۔ مُنہی اور مُسہل ہے۔ اور کسی قدر اعضائے ظاہر یہ کو سُدت کرتا ہے ٭

ردیف (م)

ممیرا	امیران چینی	۰	زرد رنگ	تلخ	ایک ہلدی کی قسم کی جڑھ ہے چھوٹی سی باریک اور گرہ دار ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	گردہ کو	شہد	زرد چوبہ	۰۲ ماشہ	مجلی ہے۔ محلل اورام ہے۔ سدد نکو کھولتا ہے۔ مدر بول ہے۔ دماغ کو پاک وصاف کرتا ہے۔ امراض چشم کو بھی مفید ہے۔ اور اگر سرکہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔ تو چہرہ کی سیاہی اور سفید داغوں اور جھائیں کو نافع ہے۔ اسکی جڑھ کا پینا محلل ریاح ہے۔ اور فاصکر کی نور کے لئے مفید ہے ٭
مہندی	حنا	حنا	سبز اور کسیلی	تلخ	دو ڈیڑھ گز کے قریب ایک لمبا درخت ہے	قابض مائل سردی	پھیپھڑہ اور حلق	لعاب اسپغول اور کتیرا	منڈی	۴ ماشہ	مصفی خون ہے۔ جذام اور دیگر امراض جلدی کے لئے نافع ہے۔ جگر۔ معدہ اور طحال کو بھی مفید ہے۔ دشواری سے بول آنے کو مفید ہے۔ اسکا لیپ اورام اور آبلہ کی سوزش کا دافع ہے۔ اس کے پھول کپڑوں کو کیڑا لگنے سے بچاتے ہیں ٭

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	سفر	مصلح	بدل	مقدار	افعال وخواص
مالکنگنی	۔	۔	بھورا مائل بسرخی ہوتا ہے	کسی قدر تلخ ہے	چینا کے برابر ایک گھاس کے بیج ہیں۔	درجہ ۳ میں گرم اور ۲ میں خشک	گرم مزاجوں کو اور جوان کو	۔	شہد اور سیاہ تل	۔	قوتِ حافظہ دماغ معدہ اور ذہن کو طاقت دیتی ہے۔ عرق النساء اور گٹھیا کے لئے بھی نافع ہے۔ اور علاوہ ازیں اکثر امراض دماغیہ اور امراضِ اعصابی کے لئے نافع ہے۔ بلغم اور ریاح کے فساد کو دور کرتی ہے اگر اسکا روغن ہتھیلی پر ملا جائے۔ تو بینائی زیادہ ہوتی ہے۔ اور درد کمر کو بھی بہت فائدہ دیتا ہے ٭
میتھی کا ساگ	تره شنبلیت	بقلۃ الحلبہ	سبز	کسی قدر تلخ اور خوشبودار	ایک مشہور اور کثیر الاستعمال ساگ ہے ٭	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	گرم مزاجوں کو	روغن ترشی	شلغم کا ساگ	بقدر ضرورت	اسکے پتے مادہ کو پکاتے ہیں۔ اور معتدل الاقوام بناتے ہیں۔ اور ام اور ریاح کو تحلیل کرتے ہیں۔ مدرِ بول ہیں۔ سرد بیماریوں کو سود مند ہیں۔ اسکا لیپ سر کہ کے ہمراہ ظاہری اور باطنی اورام کو نافع دیتا ہے ٭
مونگ	مونگ ماش	ماش	سبز	پھیکا	ایک مشہور غلہ ہے خاص و عام جانتے ہیں	درجہ ۲ میں سرد اور خشک	سرد مزاج والوں کو سفر	ترشی	باقلا	بقدر ضرورت	دورانِ امراض میں نہایت نافع اور مفید غذا ہے۔ اخلاطِ صالح کی موجد ہے۔ کثیر الغذا ہے۔ خون اور صفراء کی تیزی اور حدت کو مفید ہے نفخ پیدا کرتی ہے۔ مقوی الاعصاب ہے۔ اسکا لیپ سینہ کی درد کو بہت سود مند ہے ٭

مونگا	مرجان	مرجان	سرخ اور سفید	پھیکا	ایک بحری درخت ہے اسکی لکڑی کے دانے تراش کر لاتے ہیں	درجہ ۲ میں سرد اور خشک ہوتا ہے	گردہ اور مثانہ کو	انیسون اور کتیرا وغیرہ	دم الاخوین	۴ ماشہ	ہمراہ شہد کے فالج۔ لقوہ اور رعشہ کو مفید ہے۔ معدہ کے لئے مقوی ہے طحال اور جگر کو پاک کرتا ہے۔ مدرِ بول ہے۔ اسہالِ خونی کو بند کرتا ہے سُدّوں کو کھولتا ہے۔ اسکا پلانا قابض ہے۔ اطفال کے خواب میں ڈرنے اور چوکنے کے لئے مفید ہے ✦
موم	موم	شمع	سفید اور زرد	پھیکا چکنا اور بدمزہ ہے	شہد کے چھتہ کے اندر سے نکلتا ہے مشہور خاص و عام ہے ✦	گرم اور تر ہوتا ہے	معدہ کو مضر سُدے پیدا کرتا ہے	شہد روٹی اور اشیائے مناسب وغیرہ	باقلہ کا آٹا	۲ ماشہ	محللِ اورام و ریاح ہے۔ مادہ کو پکاتی ہے۔ اور معتدل القوام بناتی ہے۔ اعصاب کو نرم کرتی ہے۔ درد سینہ اور سل کو فائدہ بخشتی ہے۔ اس کی دھونی اعضاء کے درد کو فائدہ دیتی ہے۔ اگر چند روز تک چنے کے برابر اس کی گولی بنا کر کھائیں۔ تو محرک باہ ہے۔ اس کی مالش کرنا چوٹ کے صدمہ کا دافع ہے اور مرہم کی دواؤں کا مصلح ہے ✦
مومیائی	مومیائی	عرق الجبال	سیاہ رنگ ہوتا ہے	پھیکا اور قدرے بدمزہ	ایک پہاڑی رطوبت ہے جو پہاڑوں کی درزوں سے نکلا کرتی ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہے	طحال کو اور گرم مزاجوں کو	سکنجبین اور ماء الاصول	حجر الیہود	یک جو سے دو جو تک	اعضائے باطنی کو طاقت دیتی ہے۔ مقوی قلب و ارواح ہے۔ موادِ سرد کی محلل ہے۔ رطوبات کو جذب کرتی ہے۔ قوتِ باہ کو بڑھاتی ہے۔ بلغمی ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ سریع النفوذ ہے۔ رعشہ۔ فالج اور ہچکی کو سودمند ہے۔ دل اور معدے کی درد کی دافع ہے۔ اگر دودھ اور گھی میں حل کر کے شکستہ عضو پر لگائیں۔ تو فائدہ دیتی ہے ✦

اسم موصوف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
موصلی سفید	موصلی سپید	۰	سیاہ اور بھورا	پھیکا قدرے تلخ اور لیسدار	شقاقل کے مشابہ ایک درخت کی جڑھ ہے	گرم اور خشک	۰	۰	موصلی سیاہ	۶ ماشہ	دافع صفرا و گرمی ہے۔ مقوی و مسمن بدن ہے۔ محرک باہ ہے۔ منقطع حیض ہے۔ یعنی ہیضہ کو نافع ہے۔ یرقان کو بھی فائدہ دیتی ہے۔ ریاح کے تحلیل کرنے میں نہایت عجیب الاثر ہے۔ پیاز کے ہمراہ ریحی قولنج کو بھی سود مند ہے۔
موصلی سیاہ	موصلی سیاہ	۰	بھورا اور سیاہ	قدرے پھیکا ملخ اور لیسدار	مشہور ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	۰	۰	موصلی سفید	۶ ماشہ	منی کو پیدا کرتی ہے۔ اور بدن کو طاقت بخشتی ہے۔ اور مسمن بدن ہے سلسل بول کو بھی مفید ہے۔ دمہ اور کھانسی کے لئے سود مند ہے۔ جریان منی کو دفع کرتی ہے۔ اور معلطِ منی بھی ہے۔ پشت اور گردوں کو مضبوط کرتی اور قوت دیتی ہے۔
موچرس	۰	۰	سرخ رنگ اور بیضا ہے	پھیکا اور لیسدار	سینبھل کے درخت کا گوند ہے مشہور ہے۔	درجہ ۲ میں سرد سوم میں خشک ہے	بدن میں خشکی پیدا کرتا ہے	ریوند بادام اور شکر	انار کی چھال اور کمرکس	۵ ماشہ	قوتِ امساک پیدا کرتا ہے۔ منی کو خوب پیدا کرتا ہے۔ خونِ حیض اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ فسادِ خون کو دور کرتا ہے۔ صفرا اور سوزشِ اعضاء کو دور کرتا ہے۔ اسکا منجن دانتوں اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اسکا فرزجہ رحم کی رطوبت کو ضبط کرتا ہے۔

موتی	مروارید	لولو	سفید اور براق	پھیکا	مشہور عام ہے	درجہ ۲ میں سرد اور خشک	مثانہ کو مضر ہوتا ہے	مونگا	صدف سپید	۳ ماشہ	مفرح ہے۔ ملطف ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ مقوی الارواح ہے۔ منہ سے خون آنے کو نافع ہے۔ حیض کو بند کرتا ہے۔ بواسیر کا دافع ہے۔ درد جگر۔ درد معدہ اور دل کے لئے از حد مفید ہے۔ اسکا استعمال بلا حل کئے کے جائز نہیں۔ اسکا سرمہ آشوب چشم وغیرہ کے لئے نہایت نافع ہے۔ خونی اور صفراوی دستوں کو نہایت مفید ہے۔ اسکا منجن دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اور اسکا فرزجہ مانع حمل ہے۔
منقی	مویز	زبیب	سیاہ	شیریں	مشہور خاص و عام ہے	درجہ ۱ میں گرم اور تر ہوتا ہے	گردہ اور گرم مزاجونکو خون کو جلاتا ہے	سکنجبین اور عناب	۰	۱۰ ماشہ	اخلاط کو پختہ اور معتدل القوام بناتا ہے۔ صفرا کی حدت اور حرارت کو بجھاتا ہے۔ محلل ریاح ہے۔ مسمن بدن ہے۔ سرد مزاجوں کی باہ کو تقویت پہنچاتا ہے۔ اسکا لیپ حیوانات کی چربی کے ہمراہ محلل اورام ہے۔ طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ اور بلغم کو چھانٹتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کا جالی ہے۔ کھانسی کے لئے مفید ہے۔
موٹھ	ماش ہندی	۰	مائل بسرخی ہوتا ہے	پھیکا	ایک قسم کا مشہور غلہ ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	ریاح پیدا کرتا ہے	گائے کا دودھ	۰	۰	قابض ہے۔ جلدی ہضم ہو جاتا ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ قراقر پیدا کرتا ہے۔ قلیل الغذا ہے۔ اسکی جڑھ منشی ہوتی ہے۔ اور ورم کو تحلیل کرتی ہے۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	سفر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
ملٹھی	بیخ مہک	اصل السوس	بھورا اور زرد	کسی قدر شیریں	ایک مشہور درخت کی جڑھ ہے	درجہ ۲ میں گرم اور اول میں خشک	طحال اور گردہ کو مفر	عناب گلرخ اور کتیرا	۰	۹ ماشہ	اخلاطِ مغلظہ کو رقیق کرتی ہے۔ اور قوام کو اعتدال پر لاتی ہے۔ معدہ کی سوزش اور پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ رطوبات کو دستوں کی راہ سے نکال دیتی ہے۔ کھانسی اور سینہ کی بیماریوں کو مفید ہے۔ حلق اور سینہ کو نرم کرتی ہے ٭
منڈی	۰	۰	پھول سرخ زرد تیز سبز	قدرے تلخ گھاس ہی	ایک چھتے دار	درجہ ۲ میں گرم اور تر	مثانہ کو مفر ہے	بہی	سرپھوکہ	تولہ	دل۔ دماغ اور اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے۔ اورام و ریاح کی محلل ہے ملطف ہے۔ مدرِ بول ہے۔ اکثر امراضِ سوداویہ کو مفید ہے۔ جذام اور تر و خشک کھجلی کو فائدہ دیتی ہے۔ تین روز اسکو مسلم نگلنا آنکھ کو فائدہ دینے کے لئے مجربات میں سے ہے ٭
ملائی	سر شیر	مشیمہ دوابہ	سفید	چکنی لوزخوش ذائقہ	مشہور خاص و عام ہے	سرد اور تر ہوتی ہے	دیر ہضم ہوتی ہے	شکر اور قند وغیرہ	مسکہ	۰	بدن کو طاقت دیتی ہے۔ مسمن بدن ہے۔ اگر اسے شکر کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔ تو مقوی باہ ہے۔ منی پیدا کرتی ہے۔ مادہ سوداویہ کو نرم کرتی ہے پٹھوں کی خشکی کو دور کرتی ہے۔ قوام کو اعتدال پر لاتی ہے۔ زہریلے بھڑے پھنسیوں پر اسے باندھنا مفید ہے ٭

مکھن	مسکہ	زبد	سفید مائل ہزردی	چکنا اور خوش مزہ ہوتا ہے	دودھ سے بنتا ہے سب جانتے ہیں	درجہ ۱ میں گرم اور ۲ میں تر	ٹھنڈک کم کرتا کم نم معدہ کو مُفر	شہد اور شکر	تازہ دودھ	۵ تولہ حسب ضرورت وطاقت	مادہ کو پختہ اور معتدل الاقوام بناتا ہے۔ مسمن بدن ہے۔ اور سدوں کو کھولتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ ظاہری اور باطنی کھانسی کے لئے نافع ہے اطراف پھیپھڑہ کو بھی مفید ہے۔ اور فضلات کو پیشاب کی راہ سے نکالدیتا ہے۔ ہمراہ شہد کے ذات الجنب اور ذات الریہ کو بھی مفید ہے۔ اس کو بدن پر مالش کرنا بہت مفید ہے ✦
مکو	روباہ نزدیک الشعلب سبز	عنب الشعلب سبز سُرخ	سبز اور تلخ	قدرے تلخ ہے۔	مشہور عام ہے۔	درجہ ۲ میں سرد خشک بعض کے نزدیک خشک	شانہ کو مقر ہے	شہد اور قند	کاکنج	۹ ماشہ تک	مادہ کو پکاتی ہے۔ اور اس کے قوام کو اعتدال پر لاتی ہے۔ لطیف ہے قبض کرتی ہے۔ پیاس اور حرارت کو تسکین دینے والی ہے۔ محلل اورام ہے اور معلل ریاح ہے مدر بول ہے۔ دست آور بھی ہے۔ آنتوں کو صاف کرتی ہے۔ اسکا ضماد درد کو رفع کرتا ہے۔ اور اسکا کجور ترلات کا مانع ہے اور اس کے پتوں کا رانگ آنکھوں کے ناسور کو فائدہ دیتا ہے۔ اور مقوی بصر بھی ہے۔ اور آنکھ کی درد کو دور کرتی ہے ✦
مکھانہ	۰	۰	سیاہ	پھیکا	ایک گول اور باریک سے بیج ہوتے ہیں۔	درجہ ۱ میں گرم تر	ثقیل ہے	شکر	۰	تولہ	بدن اور اعضا کے بدن کو طاقت دیتا ہے۔ مادہ منی کو بڑھاتا ہے۔ اور پیدا کرتا ہے۔ خون کے جوش کو دور کرتا ہے۔ جریان کو دور کرتا ہے۔ اور رقت منی کو بھی بند کرتا ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
مصری	قندالقند نبات سفید	فانیذ نبات الجلاب	سفید مائل بزردی	شیریں	مشہور ہے	معتدل ہے	.	.	شکر طبرزد	بقدر ضرورت	گرم پانی کے ہمراہ آواز کے بھر بھرانے اور کھانسی کو مفید ہے۔ اس کی سلائی بنا کر اگر آنکھ میں لگائی جائے۔ تو ناخونہ اور جالے کو نافع ہے۔ مجلّی ہے اور طبیعت کو نرم کرتی ہے ۔
مصطگی	کندر رومی مصطگی	مصطگی علک رومی	سفید اور زرد	بدبودار پھیکا اور تلخ	شام کے ملک میں ہوتا ہے ایک قسم کا گوند ہے ۔	درجہ ۲ میں گرم اور خشک ہے	مثانہ کو مضر ہے	کتیرا	کندر و علک البطم	۳ ماشہ	محلل ریاح و اورام ہے۔ مجلّی ہے۔ قبض لاتی ہے۔ معدہ اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کے لئے طاقت دہ ہے۔ دماغی رطوبات اور بلغم کو جذب کرتی ہے۔ محرک باہ ہے۔ تمام اعصابی بیماریوں کو نافع ہے اسکا منجن دانتوں اور مسوڑھوں کو مضبوط بناتا ہے۔ یہ قے اور متلی اور پیچش کو فائدہ دیتی ہے ۔
مسور	مرجونک	عدس	اندر سے سرخ باہر سے سیاہ	پھیکا	غلہ کی قسم سے ہے۔ جسکا دانہ گول اور چوڑا ہوتا ہے ۔	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	باہ کو اور بینائی کو جذام اور بواسیر کا مورث	گھی اور سرکہ وغیرہ	باقلہ اور ماش	بقدر ضرورت	موجد سودا ہے۔ نفخ لاتا ہے۔ خون کو غلیظ کرتا ہے۔ دیر ہضم ہے۔ مدر حیض ہے۔ اسکا غرغرہ گلے کی درد اور خناق کو نہایت مفید ہے۔ قابض ہے۔ امراض سینہ اور کھانسی کے لئے مفید ہے۔ بری بری خوابیں دکھلاتا ہے۔ سرکہ میں پکا ہوا مقوی معدہ ہے ۔

مشکطرامشیع		مشکطرامشیع	سبز	تیز اور تیز بو	ایک قسم کا پہاڑی پودینہ ہے۔ اور سب سے زیادہ قوی الاثر ہوتا ہے ۔	درجہ ۳ میں گرم اور دوم میں خشک	معدہ کو مضر ہوتا ہے	سرکہ اور سپاری	پودینہ	۳ ماشہ	اشتہاء کو بڑھاتا ہے۔ اور قولنج کو دور کرتا ہے۔ غشی اور کرب کے لئے نہایت مفید ہے۔ مدر حیض و بول ہے۔ پتھری کو توڑ بہاتا ہے۔ حمل کو گرا دیتا ہے۔ اسکا فرزجہ روغن بلسان کے ہمراہ درد رحم کا دافع ہے۔ اسے اگر باریک پیس کر تخم خربوزہ اور مسکہ اور شہد خالص کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔ تو ازدیاد شہوت کا باعث ہے ۔
مرچ لال	۔	فلفل احمر	زرد اور سرخ	نہایت تیز	ایک چھوٹے سے درخت کا لمبا گول سا پھل ہے ۔	گرم اور خشک ہے	مثانہ پھیپھڑہ اور معدہ کو	شہد اور روغن زرد	کالی مرچ	۲ ماشہ	خون کو جلاتی ہے۔ نہایت تیزی کرتی ہے۔ صفراء کی موجد ہے۔ مسامات اور سدوں کو کھولتی ہے۔ دماغ کو صاف کرتی ہے۔ محلل اورام ہے۔ جلد کو سرخ کر دیتی ہے۔ درد بلغمی اور پٹھوں کے اینٹھنے کو نافع ہے۔ باہ کو نقصان پہنچاتی ہے ۔
مرچ سیاہ	پلپل سیاہ	فلفل اسود	سیاہ	تیز اور تلخ نفوذ کرتی ہے	ایک مشہور عام و خاص جنگلی اور پہاڑی پھل ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	سینہ حلق اور گرم مزاجوں کو	شہد اور روغن زرد وغیرہ	دار فلفل	۴ ماشہ کے قریب	محلل اورام و ریاح ہے۔ رطوبات کو کھینچ لاتی ہے۔ بلغم کو چھانٹتی ہے۔ گرمی پیدا کرتی ہے۔ مجلی ہے۔ قوت حافظہ کو بڑھاتی ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتی ہے۔ معدہ اور جگر کے لئے مقوی ہے۔ قوت ہاضمہ کو بڑھاتی ہے۔ ملطف غذا ہے۔ جذام کو نافع ہے۔ دافع ریاح ہے۔ تمام امراض باردہ کو سودمند ہے۔ زہروں کو قے کے ذریعہ خارج کر دیتی ہے ۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
مروڑ پھلی	گشت برگشت وبنچک	التوا التوا	بھورا	کسی قدر تلخ	رسی کیطرح ایک گھاس کا بلدار غلاف ہے ✤	درجہ ۱ میں گرم خشک	دودھ کو اور باہ کو مضر	حب القنوبر	ایلوا	۳ ماشہ	لطافت بخشنے والی ہے۔ ریاح اور اورام کی محلل ہے۔ غلیظ بلغم کو دستوں کی راہ سے خارج کردیتا ہے۔ مجلی بھی ہے۔ قوت باہ کو گھٹاتی ہے۔ اسکا ضماد اورام باردہ اور خارش کو نافع ہے ہندی میں اسکے درخت کو بجار کہتے ہیں ✤
مُردار سنگ	مُردار سنگ	مُردار سنج	سنہرا اور زرد	پھیکا	قلعی۔ چاندی اور سونے سے ایک مرکب وزنی جسم ہے ✤	درجہ ۲ میں گرم اور خشک بعض کے نزدیک سرد ہوتا ہے	۷ ماشہ کیمقدار میں قاتل ہے	قے روغن بادام اور گھی وغیرہ	اقلیمیا	ایک ماشہ یا نیم ماشہ	یہ ایک قسم کا زہر ہے کھانا نہیں چاہیے محلل اورام ہے۔ گوشت کو کھا جاتا ہے قابض اور خشک ہے۔ دستوں کو نفع دیتا ہے۔ جو اسہال آنتوں کی خراش اور زخم کے سبب سے ہوں۔ انکو مفید ہے۔ اسکا لیپ اکثر ادویات کی تیزی کو ساکن کرتا ہے۔ خارش اور اکثر جلدی امراض میں مستعمل ہے۔ اور اگر چونہ ملاکر بالونکو لگایا جائے۔ تو خضاب کا کام دیتا ہے۔ اگر اسے مرہموں میں شامل کیا جائے۔ تو گوشت صالح پیدا کرتا ہے۔ اور جلد مندمل کردیتا ہے ✤
مچھلی روہو	۰	شیوط	سفید سفتہ دار	قدرے خشک اور بساندہ	مشہور عام ہے ✤	درجہ ۲ میں سرد خشک	معدہ کو	شہد	بنگالی مچھلی ہلسہ	۰	مقوی باہ ہے۔ اور دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ خون مغلظ کی موجد ہے۔ دانت کا برادہ مقوی باہ ہے۔ بشرطیکہ اسے دودھ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔ یہ مچھلی ردی الکیموس ہے ✤

مچھلی ریگ	ریگ ماہی	سمک الرمل	زرد	پھیکا اور بُودار	یہ مچھلی ریت میں پائی جاتی ہے۔ اسکے متعلق بہت سے قصے مشہور ہیں جو قابلِ اعتنائی نہیں +	درجہ دوم میں گرم اور خُشک	گرم مزاجونکو مضر ہوتی ہے	اسے نمک لگاکر خُشک کرلینا چاہئے	ثعلب مصری وغیرہ	.	اس کے کف کو انڈے کی زردی کے ہمراہ قوتِ باہ کے امر میں بیتاب کردینے والی کہا گیا ہے۔ اطباء کے نزدیک یہ نہایت ہی محرکِ باہ ہے۔ اور مبہی ہے۔ اور اسکا نر زیادہ قوی الاثر ہوتا ہے۔ اس کے استعمال کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے۔ کہ شرابِ آب آمیز پر پسی ہوئی کو چھڑک کر پیا جائے۔ لیکن عام طور پر معجونات میں استعمال کی جاتی ہے۔ سب سے عمدہ چشمۂ ثول کی مچھلی ہے +
مچھلی بام	مارماہی	مارماہیج	سیاہ مائل بسفیدی	لعابدار اور بُودار	سانپ کے مشابہ ایک قسم کی لعابدار مچھلی ہے +	گرم اور خُشک ہے	.	.	.	.	مقوی باہ ہے۔ محلل ریاح ہے۔ اگر اس کو ہاتھ میں لیا جائے۔ تو سیلانِ خون کو بند کرتی ہے۔ بوڑھوں کے لئے بہت عمدہ غذا ہے۔ دردِ پُشت کو آرام دیتی ہے۔ اور عمدہ طریقہ اس کے برتنے کا یہ ہے۔ کہ دارچینی اور مصطگی ڈالکر اسکی یخنی نکالکر پی جائے +
مچھلی جھینگا	ماہی روبیاں	روبیان	سفید رنگ کی ہوتی ہے	قدرے شیریں اور بساندہ	ایک لمبی اور مونچھوں والی مچھلی ہوتی ہے +	درجہ ۲ میں گرم تر اوّل میں خُشک	سودا پیدا کرتی ہے	شکر اور روغن بادام	ریگ ماہی	.	مُبہی ہے۔ خونِ صالح کی موجد ہے۔ منی پیدا کرتی ہے۔ رحم اور گُردہ کو گرماتی ہے۔ انڈے کی زردی کے ہمراہ باہ کو بڑھاتی ہے۔ اور محرک باہ بھی ہے۔ اور خُشک کا سرمہ کالی مرچ کے ہمراہ رتوندھی کے لئے نافع ہے اور شہد کے ہمراہ دُھند کو فائدہ دیتی ہے +

اسم مرکب	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	تقدیر شربت	افعال وخواص
مٹی دخستانی	گل دخستانی	طین دخستانی	غبارئ	پھیکا	مٹی کی خوشبودار ٹکیاں ہوتی ہیں۔	درجہ ۲ میں سرد خشک	سُدّہ پیدا کرتی اور رنگ کو فاسد کر دیتی ہے	پانی سے دھو ڈالنا	۔	۔	فرحت لاتی ہے۔ پانی ڈالنے سے اسکی خوشبو بڑھ جاتی ہے۔ اگر خشک استعمال کی جائے۔ تو خون بہنے کو بند کرتی ہے۔ اسے بھگو کر نتھارہ پینے سے زائد گرمی جاتی رہتی ہے۔ اگر مٹی کھائی جائے۔ تو سُدّے پیدا کرتی ہے۔ اور رنگ کو فاسد کر دیتی ہے ✣
مٹی ملتانی	گل ملتانی	طین ملتانی	مائل بزردی	مٹیالا	چکنی اور سخت ولائقی مٹی ہے	درجہ ۲ میں سرد اور خشک ہے	سُدّے پیدا کرتی ہے	کرفس	۔	۔	ہیضہ کو نفع دیتی ہے۔ قے کو تسکین دیتی ہے معدہ کو قوت دیتی ہے نزلوں کو بھی نافع ہے۔ خوشبودار ہوتی ہے۔ مسامات کو بند کرتی ہے اور اگر گرم دانوں پر اسکا لیپ کیا جائے۔ تو بہت نفع دیتی ہے۔ اور ورموں کو تحلیل کرتی ہے ✣
مٹی کھڑیا	گل سفید	طین الابیض	سفید	پھیکا	خشک سفید مٹی ہوتی ہے خوشبودار	سرد اور خشک ہے	۔	۔	گل ملتانی	۔	اگر اس سے سر کے بالوں کو دھویا جائے۔ تو میل دور ہو جاتی ہے پرانے زخموں اور پھوڑوں کو مندمل کرتی ہے۔ گرم ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ اکثر مرہموں میں ملائی جاتی ہے۔ اور ام پرخواہ اسکا لیپ کیا جائے۔ یا اسے سوکھا چھڑکا جائے تحلیل کرتی ہے ✣

ماجو	مازو	عفص	بھورا سیاہی مائل	تلخ	بیر کے برابر ایک درخت کا پھل ہے	درجہ ۱ میں سرد اور دوم میں خشک	حلق اور سینہ کو	۰	انار کا چھلکا اور زرد ہڑ	۴ ماشہ	رحم کی رطوبات کو خشک کرتا ہے۔ حابس ہوتا ہے۔ اسکا سفوف ناک میں چڑھانا تکسیر کو بند کرتا ہے۔ اور بطور سُرمہ کے آنکھوں میں لگانا آنکھوں کو صاف کرتا ہے۔ اور آنسو بہنے کو مفید ہے۔ اسکا لیپ مواد کو پکاتا ہے۔ گُردہ اور پسلی کی درد کو بھی نافع ہے۔ پرانے دستوں کو بند کر دیتا ہے ۱۲ اسکا سناد مقعد کی ورم کا دافع ہے کہ اس کے جوشاندہ سے بالوں کو دھونا سیاہ کرتا ہے +
مٹر کابلی	حلیلاں	۰	سفید	پھیکا	ایک قسم کا غلّہ ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	خونی دست لاتا ہے	۰	گلاب گیرو اور شہد	۹ ماشہ	اکثر اعضاء کے آماس کا دافع ہے۔ بلغم کے فساد کو دور کرتا ہے۔ پھیپھڑے اور سینہ کو صاف کرتا ہے۔ ریاح پیدا کرتا ہے۔ مدرِ بول ہے رنجشوں کو تحلیل کرتا ہے۔ خون کو زیادہ کرتا ہے۔ طبیعت کو نرم بناتا ہے۔ اگر مویشیوں کو کھلایا جائے۔ تو خوب فربہ ہو جاتے ہیں +
مائیں کلاں	کرماج	ثمرۃ الطرفاء	بھورا مائل بسرخی	تلخ	چھوٹی قسم جھاؤ کا ایک پھل ہے مائیں خورد سے قدرے بڑا ہوتا ہے +	درجہ دوم میں سرد اور خشک	۰	دوقو	مازو	۲ ماشہ	مواد کو پکاتی ہے۔ دوم طحال کی محلل ہے۔ دستوں کو بند کرتی ہے۔ قبض لاتی ہے رحم کی رطوبات کو چھانٹتی ہے۔ پھیپھڑے کے زخموں کو مندمل کرتی ہے اسکا غرغرہ سینہ اور حلق کی بیماریوں کو فائدہ دیتی ہے۔ دھوئے ہوئے گھی اور مُردار سنگ کے ہمراہ سر کے گنج کو فائدہ دیتی ہے۔ اِسے سوڑھوں پر ملنے سے مضبوطی کا باعث ہے +

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مقر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
ہائیں چھوٹی	بارگز گزبار	غدیہ ثمرالاثل	بھورا مائل بسرخی	تلخ	چنے کے برابر درخت جھاؤ کا پھل ہے	درجہ ۲ میں سرد اور ۳ میں خشک	سینہ اور سر کو مفر	دوتو اور تخم کدو	مازو تخم انار	۷ ماشہ	رطوبت کو چھانٹتی ہے۔ قبض کرتی ہے۔ شکر کے ہمراہ کھانسی اور ہانپنے کو مفید ہے۔ ضعفِ اعضائے شکمی کو سودمند ہے۔ اور دستوں کو بھی مفید ہے اسکا منجن دانتوں اور مسوڑھوں کے لئے قوت دہ ہے۔ اسکا غرغرہ دانتوں کی درد کو دور کرنے والا ہے۔ سرکہ کے ہمراہ اسکا لیپ ورم طحال کو سودمند ہے۔
مولی	تربہ	فجل	سبز اور سفید	تیز اور شیریں	مشہور ہے	درجہ ۲ میں گرم اول میں تر	نفاخ ہے	زیرہ اور نمک	قلیجم	بقدر ضرورت	خود باوجود ثقیل اور دیر ہضم ہونے کے غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بواسیر کو سودمند ہے۔ پکا کر کھانا مدرِ بول وحیض ہے۔ پرانی کھانسی کے لئے نافع ہے ریح پیدا کرتی ہے۔ بلغم کو چھانٹتی ہے۔ معدہ کو گندہ کرتی ہے۔ اور اس کے کھانے سے جوئیں بکثرت پیدا ہوتی ہیں۔
مولی کے بیج	تخم تربہ	بزر الفجل	سرخ	تلخ اور تیز	مشہور ہیں ہر شخص جانتا ہے	درجہ ۲ میں گرم خشک	۰	کتیرا سپستان شکر	حب الرشاد	۳ ماشہ	اورام وریاح کے محلل ہیں سبھی ہیں۔ قے لاتے ہیں۔ سردی سے جو درد جگر ہو اسکو نافع ہیں۔ سر کے بالوں کو گراتے ہیں۔ چہرہ کی رنگت کو صاف کرتے ہیں ورم طحال کو نافع ہیں۔

ردیف (ن)

ناسپاتی	ناشپاتی	۰	بھورا زرد	چاشنی دار اور شیریں	امرود کے برابر ایک میوہ ہے	میٹھا متعدل ترش سرد خشک	قوتِ پیدا کرتی ہے	ماء العسل	بھی	بقدر خواہش و طاقت	قابض ہے۔ اور دیر سے ہضم ہوتی ہے۔ خون مغلظ کی موجد ہے۔ قوی الاعضاء ہے۔ مسکنِ بدن ہے۔ مفرح ہے۔ جلا کرتی ہے۔ صفراء کی تیزی کو کم کرتی ہے۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ جگر کی گرمی کو دور کر کے دیتی ہے۔ اس کا پانی نکال کر اور شکر ڈال کر پلانا گرمی سے درد سر کو مفید ہے ۔
نارنگی	نارنج خورد	۰	باہر سے سُرخ اور اندر سے زرد	ترش اور شیریں	ایک مشہور ہندی پھل ہے ۔	درجہ ۳ میں سرد اور تر ہے	سینہ اور اعصاب کو مفید	تلند اور نمک	۰	۰	خون اور صفراء کی تیزی کو دُور کرتی ہے۔ مفرح ہے۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے قے وغیرہ کو دفع کرتی ہے۔ چرب غذا کی اصلاح کرتی ہے۔ اِس کے خشک چھلکوں کا اُبٹن چہرے کی سیاہی کو دُور کرتا ہے۔ اور مہاسہ وغیرہ کو بھی دُور کرتا ہے ۔
ناگیسر	۰	۰	زرد	پھیکا اور خوشبودار	ایک بڑے خوشبودار درخت کا پھل ہے مشہور ہے	درجہ ۱ میں گرم اور خشک	شانہ اور جگر کو	طباشیر اور تخم کاسنی	نارجیل اور بالچھڑ	۲ ماشہ	مصفی خون ہے۔ صفراء کو دستوں کی راہ سے خارج کر دیتا ہے۔ لطیف ہے سرد مزاج والوں کے دل کو قوت دیتا ہے۔ معدہ کے بخارات کو دماغ کی طرف چڑھنے نہیں دیتا۔ گرمیِ معدہ۔ اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے۔ پسینہ کی بُو کو دُور کرتا ہے۔ اِسکا پھول بلغم اور صفراء کو دفع کرتا ہے ۔

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مُضر	مُصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
نرگسی	زرد وار	صدوار	سیاہ	تلخ	صنوبری شکل کی ایک مشہور عام بوٹی ہے	درجہ ۳ میں گرم اور خشک ہے	آنتوں میں زخم ڈالتی ہے	دھنیا دودھ کتیرا	زرنباد	۲ ماشہ کے قریب	مفرح طبیعت ہے۔ مقوی الاعضاء ہے۔ ستاروں کو کھولتی ہے۔ بینائی کو طاقت دیتی ہے۔ مسمن بدن ہے۔ بھوک زیادہ کرتی ہے۔ باہ کو ترقی دیتی ہے۔ محرک باہ ہے۔ مدر بول ہے۔ گردہ کے لئے عجیب الاثر ہے۔ مرگی کو سود مند ہے۔ درد شقیقہ کو رفع کرتی ہے۔ تریاق کا حکم رکھتی ہے ✣
نشاستہ	نشا	سفید	پھیکا	گیہوں کا نفیس ست مشہور ہے۔	سرد اور خشک	سُدہ پیدا کرتا ہے اور بنی کو کم کرتا ہے	لونگ اور شیرینی وغیرہ	کھگینے اور دھوئے ہوئے چاول	ایک تولہ حسب طاقت		مواد کو پکاتا ہے۔ قبض کرتا ہے۔ رطوبات کو خشک کر دیتا ہے۔ آنتوں میں سُدہ پیدا کرتا ہے۔ حلق اور سینہ کی کھرکھراہٹ کا دافع ہے۔ سل اور درد سینہ اور کھانسی کو مفید ہے۔ اسکا حریرہ مقوی دماغ ہے۔ اور بلغم کو پکاتا ہے۔ زخم کو مندمل کرتا ہے۔ اور خون بہنے کو بند کر دیتا ہے ✣
کچھکنی	بیخ گاؤ زبان	کندش	سبز	تیز بو اور تلخ	برنجاسف کے مشابہ ایک گھاس ہے	درجہ ۲ میں گرم اور خشک	عقل لاتی ہے اور پھیپھڑہ کو مضر ہے	دودھ اور کتیرا	کالی مرچ اور بیج پھل	۳ رتی	ہیجکی کو فائدہ دیتی ہے۔ چھینکیں خوب لاتی ہے۔ نزلہ اور امراض دماغیہ کو مفید ہے۔ جوڑوں کو نافع ہے۔ اگر اسکا تیل دماغ میں ڈالیں۔ تو بلغم کو چھانٹتا ہے محلل ریاح ہے۔ برص کے داغوں کو مٹاتا ہے۔ خواہ سفید ہوں یا سیاہ۔ اور مجیب اور جھائیں وغیرہ سب کو دور کرتا ہے ✣

نرگس	نرگس	نرجس	مختلف رنگ اور پھیکا	خوشبودار	ایک مشہور عام پھول ہے جس کے پتے شاخیں پیاز کیطرح ہوتی ہیں	درجہ ۳ میں گرم اور خشک	گرم مزاجوں کو	کافور اور نیلوفر	گلخیری اور گل بیدمشک	۲ ماشہ	مجلی ہے - رطوبت کو بدن کے اندر سے کھینچ لیتا ہے - اس کے پھول کی خوشبو سونگھنا نزلہ اور زکام کو نہایت مفید ہے - اور دماغی سُستیوں کو کھولتا ہے - چونکہ یہ نہایت قوی الاثر محلل ہے - جو اسے اپنا معمول بنائے - وہ ہمیشہ زکام سے محفوظ رہتا ہے - اور اسکی بڑھ معدہ اور رطوبات فاضلہ سے خشک اور صاف کرتی ہے - اور پیٹ کے کیڑوں کو مار ڈالتی ہے - اور دردوں کو تسکین دیتی ہے ٭
نسوت	نرجد	نرجد	زرد اور سفید ہوتا ہے	خوب تلخ	ایک ایسے درخت کی جڑ ہے جس کے پتے لوبیا کے مشابہ ہوتے ہیں -	گرم اور خشک	اعضاء اور آنتوں کو خشک کرتی ہے	روغن بادام میں چوب غاریقون وغیرہ کر لینا	کالادانہ اور	۵ ماشہ	رقیق رطوبات اور بلغم کو دستوں کی راہ سے نکالدیتی ہے - اور اخلاط سوختہ کو بھی خارج کرتی ہے - جگر - معدہ - دماغ - اور رحم کو بلغم سے پاک وصاف کرتی ہے - اور دستوں کو کھولتی ہے - فالج - لقوہ - اور اکثر اعصابی بیماریوں کو مفید ہے - سینہ کی درد کو بھی سود مند ہے - اور تر کھانسی کو دور کرتی ہے - سیاہ رنگ سے پرہیز چاہئے - کیونکہ زہر قاتل ہے ٭
ناریل دریائی	نارگیل دریائی	ناریل بحری	سفید پرانے کا رنگ زرد	سخت اور پھیکا	ایک دریائی پھل کی گری ہے جو کدو کے برابر ہوتا ہے	گرم خشک مرکب القوی	.	.	.	ایک ماشہ تک	ہیضہ دستے وغیرہ کے لئے گلاب کے عرق میں گھس کر پلانا نہایت مفید ہے حرارت اصلیہ کو سکون و راحت بخشتا ہے - اکثر زہروں کا مارگ ہے - اذ. ۔ غ فاسدہ کے لئے بہت نافع ہے - پیاس کو تسکین دیتا ہے - ہوائی وبا کے ضرر کو نافع ہے ٭

اسم حروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
ناگر موتھ	مشک زمین	سعد کوفی	سیاہ	خوشبودار اور تلخ و تیز	ایک مشہور لمبی گول جڑ ہے	درجہ ۲ میں گرم خشک	آواز حلق اور پھیپھڑے کو	انیسون اور شکر وغیرہ	بالچھڑ دارچینی اور مرکی	۶ ماشہ	مدر بول ہے خشکی لاتا ہے۔ بدن اور منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔ عقل اور فہم کو بڑھاتا ہے۔ محرک باہ ہے۔ اعصاب اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ دافع ریاح ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے۔ اور خفقان کو سودمند ہے۔ اسکا منجن دانتوں کو مضبوط کرتا ہے +
نانونہ	گیاہ قیصر	اکلیل الملک	بھورا	کسی قدر تلخ	ناخن کے مشابہ ایک درخت کا پھل ہے +	گرم اور خشک	انثیین کو مضر	شہد مقشر انجیر	میتھی اور بابونہ	۳ ماشہ	محلل اورام سرد ہے۔ اور مواد کو پکاتا ہے۔ خشکی لاتا ہے۔ لطافت بخشتا ہے اورام سخت کو نرم کرنے والا ہے۔ مقوی الاعضاء ہے۔ اسکا جوشاندہ معدہ کی درد اور امراض مقعد کیلئے از حد نافع ہے +
ناریل	نارگیل	نارجیل	اندر سے سفید اور باہر سے سرخ اور سیاہ	شیریں اور خوش مزہ ہے	چھوٹے خربزہ کے برابر ایک درخت کا پھل ہے جسکا درخت سیدھا ہوتا ہے	درجہ ۱ میں گرم اور خشک	دیر ہضم اور سدہ پیدا کرتا ہے	مصری شکر ترش میوہ وغیرہ	چلغوزہ پستہ بادام وغیرہ	ایک تولہ کے قریب	مبہی ہے۔ منی پیدا کرتا ہے۔ خون صالح کا موجد ہے۔ مسمن بدن ہے۔ کثیر الغذا ہے۔ حرارت اصلیہ کو طاقت دیتا ہے۔ فالج اور جنون کو مفید ہے۔ تشنج اعضاء کو سودمند ہے۔ جگر کے ضعف کو دور کرتا ہے۔ مصری کے ہمراہ تولہ بھر سبز روز کھانا بینائی کو قوت دیتا ہے۔ آشوب چشم کے لئے خصوصیت سے نافع ہے۔ اسکا روغن بدن کو نرم کرتا اور بالوں کو بڑھاتا ہے +

نیلوفر	نیلوفر	کرنب انار	اندر سے زرد اور باہر سے سفید	پھیکا	ایک مشہور پانی کی گھاس کا پھول ہے تالابوں اور جوہڑوں میں ہوتا ہے	درجہ ۳ میں سرد اور تر	ماہ کو مفر	شہد اور مصری	خطمی	۱۰ ماشہ کے قریب	مقوی دل اور دماغ ہے۔ مسکن حرارت ہے۔ پیاس کو دور کرتا ہے۔ اور درد سر کو دور کرتا ہے خشکی کو سود مند ہے۔ کھانسی۔ نزلہ اور خشونت سینہ اور طاہری اور اندرونی زخموں کو دور کرتا ہے۔ اگر اسکا پھول سونگھیں۔ تو گرم مزاجوں کے دل اور دماغ کو فائدہ دیتا ہے۔ زعفران اور دار چینی کے ہمراہ خفقان کو مفید ہے۔ اسکی جڑھ گرم اور خشک ہوتی ہے ✦
نیلوفر کے بیج	تخم نیلوفر	۰	اندر سے سفید باہر سے سرخی مائل سیاہ	پھیکا	چھوٹے چھوٹے کالے بیج پھل کے اندر سے نکلتے ہیں	سرد اور خشک	ماہ کو مفر	شہد اور مصری	برم ڈنڈی	۷ ماشہ	قوت باہ کو کم کرتے ہیں۔ اور مادہ منی کو منجمد کرتے ہیں۔ احتلام اور جریان کو سود مند ہیں۔ چند بار گھوٹ کر پلانا رحم کی رطوبات کو بند کر دیتا ہے خون کو صاف کرتے ہیں۔ ملین بول ہیں۔ جلدی امراض کو نافع ہیں۔ آتشک اور فساد خون کو مفید ہیں بالخصوص زخم باد کو بہت مفید ہیں۔ ان کا ضماد مثانہ کی درد کو دور کرتا ہے۔ اور شربت انکا دافع درد سر و تپ ہے ✦
نیم	نیب	۰	سبز	تلخ	ایک ہندی مشہور عام درخت ہے سب جگہ ہوتا ہے	درجہ ۱ میں گرم بعض کے نزدیک درجہ ۱ میں سرد تر	۰	۰	۰	تولہ	محلل اورام و ریاح ہے۔ مادہ کے قوام کو پکاتی ہے۔ اور اعتدال پر لاتی ہے۔ اسکا پینا محلل ریاح ہے۔ اور مصفی خون ہے۔ برص کے داغوں کو دور کرتی ہے اور جذام کو سود مند ہے اور پھوڑے پھنسیوں کو دور کرتی ہے۔ اسکی لکڑی کی مسواک دانتوں کو صاف اور مضبوط بناتی ہے ✦

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
نیلا تھوتھ	توتیائے سبز	توتیائے خضر	سبز	کسیلا	مصنوعی اور معدنی شے ہے	درجہ ۳ گرم خشک	قاتل ہے	قے کرتا اور روغن گاؤ	سہاگہ	ایک رتی سے ماشہ تک	پیٹ کے کیڑوں کو مار کر خارج کر دیتا ہے۔ اور دموں کو نرم کرتا ہے۔ اور بلغم کو چھانٹتا ہے۔ کھجلی یعنی خارش کو مفید ہے۔ ایک ماشہ سے زیادہ کھانا زہر قاتل ہے +
نوسادر	لونسادر	نوشادر	سفید	قدرے شور اور گھنڈا	ایک معدنی شے ہے	درجہ ۲ میں گرم خشک	تولہ بھر قاتل	روغن بادام شیر گھی اور قند کرنا	ابورہ ارمنی	۲ رتی	بدن کے اندر سے جاذب رطوبات ہے۔ دستوں اور مسامات کو کھولتا ہے ریاح کو دور کرتا ہے۔ اسکا پیتا ورم طحال کے لئے نہایت مفید ہے۔ خون بہنے کو بند کرتا ہے۔ اور بلغم کو چھانٹتا ہے +
نیلم	یاقوت	۔	نیلا	پھیکا	ایک قیمتی اور سخت پتھر ہے	درجہ ۲ میں سرد خشک	طحال کو نیلا کرتا ہے	رب السوس	سرخ صندل گوگل	۲ ماشہ	اعضاء کو قوت بخشتا ہے۔ خشکی لاتا ہے۔ پھوڑے اور پھنسی کے فساد کو روکتا ہے۔ خاصکر آنکھوں کی طاقت بڑھانے میں عجیب الاثر ہے طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ سردی کرتا ہے +
نمک سانبھر	نمک سانبھر	ملح الابقر	قدرے غباری	قدرے شور	بنایا ہوا نمک طعام ہوتا ہے	گرم اور خشک	۔	۔	۔	تولہ بھر	ریاح کو تحلیل کرنے والا ہے۔ اور بلغمی مادوں کو دستوں کی راہ سے خارج کر دیتا ہے۔ دافع ریاح ہے کھانے کو تحلیل کرتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ پیاس لاتا ہے پیٹ کی نفخ کو دور کرتا ہے +

نمک لاہوری	نمک لاہوری	ملح اندرانی	سفید	شور	ایک معدنی مشہور نمک ہے +	درجہ ۳ میں گرم خشک	۔	۔	۔	۹ ماشہ	لیسدار بلغم کو دستوں کی راہ سے نکالتا ہے۔ اور بُرے ڈکاروں کو دُور کرتا ہی ذہن اور فہم کو ترقی دیتا ہے۔ پیٹ کی نفخ کے لئے بھی مفید ہے۔ آنکھوں کی دواؤں میں ڈالا جاتا ہے۔ ہاضم ہے +
نمک کھاری	نمک شور	ملح العجین	غباری	کھارا	ایک مصنوعی نمک ہی	درجہ ۳ میں گرم خشک	۔	۔	۔	۹ ماشہ	خون کو زیادہ کرتا ہے۔ دافع ریاح ہے۔ اور طعام کو اچھی طرح ہضم کرتا ہے۔ اور بھوک پیدا کرتا ہے۔ ورموں کو تحلیل کر دیتا ہے۔ اور مسامات کو کھولتا ہے +
نمک شیشہ	نمک شیشہ	ملح الزجاج	سفید سُرخی مائل	شور	مشہور عام ہے	درجہ ۳ میں گرم خشک	۔	۔	۔	۷ ماشہ	خوب تیز ہوتا ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے۔ اور مجلّی ہوتا ہے۔ اسکا سُرمہ آنکھ کے جالے کو دُور کرتا ہے۔ اور تاریکی چشم کے لئے سُود مند ہے اور ناخونہ کو بھی فائدہ دیتا ہے +
نمک سندھ	نمک سندھ	ملح ہندی	سفید شفاف	شور بودار	مشہور عام ہے	گرم خشک	۔	۔	۔	۷ ماشہ	بلغم کو چھانٹتا ہے۔ دافع ریاح ہے۔ سوداوی مادوں کو دستوں کی راہ سے نکال دیتا ہے۔ ہاضم ہے۔ نفخ کو دور کرتا ہے۔ بھوک لاتا ہے۔ درد شکم کا دافع ہے +
نیل	نیل	نیلج	نیلگوں	قدرے تلخ	مشہور عام و خاص ہے	درجہ ۲ میں گرم خشک	پھیپھڑہ کو نسیان پیدا کرتا ہی	رب السوس	گوگل صندل سُرخ	۳ ماشہ قریباً	خشک اور قابض ہوتا ہے۔ دردِ طحال کو مفید ہے۔ جلدھر اور سُرخ باد کو بھی آرام دیتا ہے۔ بالوں کو طاقتور اور سیاہ کر دیتا ہے۔ زخموں کو خشک کر کے جلد مندمل کر دیتا ہے۔ اسکا لیپ برص کو سود مند ہے

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	نیابت	افعال وخواص

ہینگ	انگذرہ	کیفیت	عیاری اور مفید	بودار اور تلخ ہے	انجیران کے درجہ ۴ میں گرم خشک	بنفشہ کیتیرا سوہیرا انڑین	جانیشر	۰	۰	قریبا ۳ گھنٹہ	اعضاب دماغیہ کے مزاق کو فائدہ دیتی ہے۔ مقل اور ام ہے رکھنے کا ہضم کرتی ہے۔ بھوک کو زیادہ کرتی ہے۔ معدہ۔ جگر اور طحال کی بیماریوں کا مفید ہے۔ گرمی پیدا کرتی ہے۔ آواز کو مصفا کرتی ہے۔ اسکا گھر میں رکھنا اکثر ہوا کے امراض کو روکتا ہے۔ رعشہ کو بھی مفید ہے +
ہلہل	۰	۰	پتے سبز اور بیج سیاہ	گول قدر بھر بھی ہے جس کے پتے اور چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں	ایک قسم کی گز بھر گھاس اور تر	کسی قسم سرد اور گرم مزاج کو مفید	اشیائے رنگین	۰	۰		اس کے پتوں کو پانی میں جوشاندہ کر پینا صلبہ اور تولنج اور ریح کو مفید ہے۔ اور اس کے پتوں کا رنگ اگر دو تین قطرے کان میں ٹپکائے جائیں۔ تو کانوں کی درد کو دور کرتا ہے۔ اسکے بیج بواسیر کے لئے نہایت مفید ہیں۔ بریان منی کو دور کرتے ہیں۔ ممسک ہوتے ہیں۔ اسکے پتوں کے جوشاندہ سے آبدست کرنا بواسیر کے خون کو بند کرتا ہے۔ اس کے رنگ میں ۴ روز تک دیہے کا بارہ گشتہ ہو جاتا ہے۔ اگر اس کے ایکدرم بیج کے ہموزن اجوائن ملا کر کھائی جائے۔ تو استسقاء کو بہت مفید ہے +
ہیرا	الماس	الماس	سفید اور براق ہے	چھیکا ایک نہایت ہی قیمتی اور اعلےٰ درجہ کا پتھر ہے +	درجہ ۴ میں سرد اور خشک	قاتل ہوتا ہے	تازہ روغن اور نئے گز	سانپ کی زہر	اسے کھانا نہیں چاہیے		اسکو اپنے پاس رکھنا یا گلے میں لٹکانا مقوی قلب ہے۔ اور خوف اور ہراس کو دور کرتا ہے۔ اور دیر ولادت کا موجب ہے جس کے پاس یہ پتھر ہو۔ وہ اکثر دشمنوں پر غالب رہتا ہے۔ اسکا شش پہلو نگینہ دافع مرگی ہے۔ اس کا سفید دانتوں کو شفاف کرتا ہے۔ مگر پوری احتیاط چاہئے ذرہ بھر بھی نگلا نہ جائے +

اسم مرکب	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	سفر	مصلح	بدل	مقدار	افعال وخواص
ہڑ کابلی	ہلیلہ کابلی	اہلیلج کابلی	بھورا اور زرد	کسیلا	مشہور عام ہے	معتدل ہے	دماغ کو	شہد اور بادام روغن	ہلیلہ زرد یا ہلیلہ سیاہ	قریباً ایک تولہ	سودا وی اور صفراوی مادہ کو دستوں کی راہ سے نکال دیتی ہے۔ مدر بول بھی ہے۔ حواس کو طاقت دیتی ہے۔ سرگی۔ نقوہ۔ خفقان اور مالیخولیا کو بھی فائدہ دیتی ہے۔ دست پخوڑ کر لاتی ہے۔ ایک سال تک روزانہ بلا ناغہ ایک ہڑ کھائی جائے۔ تو بال سفید نہیں ہوتے۔ معدہ ہمیشہ سدوں سے پاک وصاف رہتا ہے
ہلدی	زرد چوب	عروق الصفر	زرد	تیز اور تلخ	مشہور عام ہے	درجہ ۳ میں گرم خشک	دل کو کمزور کرتی ہے	تریخ اور آب ہیموں	ہلیلہ زرد	۵ ماشہ	جگر کا سُدہ کھولتی ہے۔ کافور اور جلدھر کو مفید ہے۔ اگر اسے چبایا جائے تو دانت کے درد کو فائدہ دیتی ہے۔ مُحلل اورام ہے۔ آنکھوں کی بیماریوں کو مفید ہے۔ اور آنکھوں کو طاقت پہنچاتی ہے۔ اگر اسے باریک پیس کر زخموں پر ڈالا جائے۔ تو جلد خشک کر دیتی ہے ✦
ہڑ زرد	ہلیلہ زرد	اہلیلج الاصفر	زرد	کسیلا	مشہور عام ہے	درجہ ۱ میں سرد دوم میں خشک	قوتِ بینائی کرتی ہے آنتوں میں خراش ڈالتی ہے	سپستان عناب سوسن بادام	ہلیلہ کابلی ہڑ زرد مازو	۱۰ ماشہ	مقوی معدہ و دماغ ہے۔ ذہن اور حواس کو طاقت دیتی ہے۔ دست لاتی ہے۔ سُدوں کو کھولتی ہے۔ وسواس۔ مالیخولیا۔ اور جنون کو مفید ہے۔ بواسیری ریاح کو بھی نافع ہے۔ رطوبات اور بلغم کو خشک کرتی ہے۔ جذام اور خفقان کو بھی مفید ہے ✦

ہڑ سیاہ	ہلیلہ سیاہ	اہلیلج	سیاہ اندسے سُرخی مائل	کسیلا اور بدمزہ	مشہور ہے۔ ہر شخص جانتا ہے سب ہڑوں سے یہ چھوٹی ہوتی ہے	درجہ اوّل میں سرد اور دوم میں خشک	جگر کے واسطے مفرح ہے	روغن بادام اور شہد خالص	ہڑ کابلی اور قدرے مازو	قریباً ۹ ماشہ	مقوی اعضائے شکمی وحواس و ذہن ہے۔ دماغ کی حفاظت کرتی ہے۔ سوداوی مادہ سے خون کو صاف کرتی ہے۔ مقوّیِ باہ ہے۔ سوداوی مادہ کو دستوں کی راہ سے خارج کردیتی ہے۔ مالیخولیا کو سود مند ہے۔ بواسیر۔ جذام اور درد طحال کو نافع ہے۔ اس کا میدہ دستوں کو بند کردیتا ہے ٭
ہار سنگار	۰	۰	پھول سفید پتے سبز ڈنڈی کچ اور زرد	بدمزہ اور پھیکا ہوتا ہے	ایک درخت ہے جس کے پھول نہایت خوشنما اور خوشبودار ہوتے ہیں	گرم خشک بعض کے نزدیک سرد اور خشک	کھانسی والے کو قابض ہوتا ہے	کتیرا شہد اور کالی مرچ	کٹکی	۳ ماشہ	مقوّیِ باہ ہے۔ اگر اسکی کونپلیں نیم تولہ اور کچھ زنجبیل کا آٹا نکال کر اور گھوٹ کر پلایا جائے تو پرانے بخاروں کو مفید ہے۔ اور قوّتِ باہ کی ترقی کا بھی سبب ہوتا ہے۔ اس کے پتے مرکب بخاروں کے لئے بھی فائدہ مند ہیں۔ اس کے پھول سرد مزاجوں کے دل کیلئے باعثِ قوّت ہیں اور دافع حرارت ہیں۔ اور محرکِ باہ ہیں۔ اس کا گوند اور جڑ بھی باہ کو طاقت دیتی ہے۔ اور بیج بواسیر کیلئے اکسیر ہیں ٭
ہڑتال	۰	زرنیخ اصفر	زرد رنگ ہوتی ہے چمکدار	پھیکا بدمزہ بدبودار	زردمٹی کی طرح ایک معدنی شے ہے۔ جو گندھک کیطرح کان میں بنتی ہے اعلیٰ ترین طبقی ہوتی ہے	درجہ سوم میں گرم اور خشک	مروڑ لاتی ہے اور اخلاط کو فاسد کرتی ہے	زرد ہڑ اور روغن زرد	مینسل اور گندھک وغیرہ	ایک ماشہ	زائد اور بدگوشت کو کاٹتی ہے۔ خارش کے لئے سود مند ہے۔ اگر پھٹکڑی اور روغن چنبیلی کے ہمراہ لگائی جائے۔ ورنہ کھجلی کو ظاہر کرتی ہے۔ اگر اسے روغن زیتون کے ہمراہ بدن پر ملا جائے تو جوڑوں کو دور کرتی ہے۔ پیاس بہت لاتی ہے۔ جلد اور اخلاط کو جلا دیتی ہے۔ آنتوں میں خراش پیدا کرتی ہے۔ اور کرم ہائے شکم کو مار کر باہر نکال دیتی ہے ٭

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مُصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
ہندسراج	پرسیاوشاں	شعر الجن	بھورا اور سبز ہوتا ہے	کسی قدر تلخ	ایک گھاس مشابہ دھنیہ کے ہے جو مرطوب زمین میں پیدا ہوتی ہے	معتدل ہے بعض کے نزدیک درجہ اوّل میں گرم خشک	طحال کو مضر ہوتا ہے	کتیرا بنفشہ اور مصطگی	گل بنفشہ اور ملٹھی وغیرہ	ایک تولہ	لطیف اخلاط ہے۔ اور سدّوں کو کھولتا ہے۔ مادہ کو پکاتا ہے اور اس کے قوام کو اعتدال پر لاتا ہے۔ محلّل اورام و ریاح ہے۔ خشکی پیدا کرتا ہے۔ سوداوی اور بلغمی مادوں کو دستوں کی راہ سے خارج کر دیتا ہے۔ اور صفراء کو بھی زکالتا ہے۔ درد سینہ۔ دمہ۔ اور کھانسی کے لئے بھی مفید ہے۔ حیض اور نفاس کے بند ہو جانے کو نافع ہے۔ مدرّ بول بھی ہے *
ہفت برگ	ہفت ماذریون	ماءُ الورد	بدمزہ اور تلخ ہوتا ہے	یہ کئی قسم کا درخت ہوتا ہے جس کے پتے سماق کے مشابہ ہوتے ہیں۔	درجہ سوم میں گرم اور خشک	کرب پیدا کرتا ہے جگر کو مضر	اسے مدبر کرنا چاہئے	ایرسا اور گوگل	۲ ماشہ یا قدرے کم	مواد کو پاک و صاف کرتا ہے۔ محلّل ہوتا ہے۔ مادہ صفراوی کو دستوں کی راہ سے نکالدیتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مار کر خارج کرتا ہے۔ ضعف گردہ اور مثانہ اور ورم طحال کو بھی مفید ہے۔ اس کے درخت کا دودھ زہر قاتل ہے۔ بیشمار قے لاتا ہے۔ جس کی اصلاح ناممکن ہے۔ اس کے پتوں کا ضماد ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور زخموں کو صاف کرتا ہے۔ اور تر کھجلی کو بھی نافع ہے *

ردیف (ی)

اسم معروف	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	تخمیناً وزن	افعال وخواص
یاقوت	یاقوت	یاقوت	خوب سُرخ چمکیلا اور شفاف	پھیکا سا ہوتا ہے	ایک نہایت ہی چمکدار اور قیمتی پتھر ہوتا ہے۔ جو معدن میں مختلف اجزا سے ملا ہوا	معتدل ہوتا ہے اور قدرے درجہ دوم میں خشک	.	زمرد سبز یشب اور سونا	تاڑہ	تین رتی سے زیادہ نہیں چاہیئے	خشکی پیدا کرتا ہے۔ اعضائے رئیسہ دل۔ دماغ کے لئے مقوی ہے۔ وسواس اور خفقان کو دور کرتا ہے۔ اور خون بہنے کو روکتا ہے۔ مصفی خون ہے۔ وبائی ہوا اور مرگی کا دافع ہے۔ قوتِ بینائی اور حرارتِ عزیزی کی محافظ ہے جسم سے زہریلے اثر کو دُور کرتا ہے۔ اس کی انگشتری پہننا امراضِ وبائیہ مثلاً طاعون وغیرہ سے محفوظ رکھتی ہے۔ اور اگر اسے منہ میں رکھا جائے۔ تو پیاس سے تسکین ہو جاتی ہے +
یشب	رنگ لیشم	حجر الشیقہ	مختلف رنگ کا ہوتا ہے	پھیکا	ایک قیمتی اور سخت پتھر ہوتا ہے قدرے چمکدار ہوتا ہے۔	درجہ دوم میں سرد اور خشک ہے	شانہ کو ضرر دینا ہے	شہد خالص زرد وغیرہ	یاقوت زرد ماشہ	ایک	مقوی قلب و معدہ ہے۔ وسواس اور خفقان کو دُور کرنے والا ہے۔ مقوی دماغ ہے۔ اکثر امراضِ دماغیہ کو فائدہ دیتا ہے۔ اس کو اپنے پاس رکھنا وسواس اور خفقان کے لئے نہایت مفید ہے۔ اور عجیب الاثر ہوتا ہے۔ اس کا پلانا پیشاب کے جلکر آنے کو بیچش اور اندرونی زخموں کو بہت مفید ہے + تمت

ضمیمہ

یاد رہنا چاہئے۔ کہ جب تک بعض ادویہ کی تدبیر و صلاح نہ کی جائے سود مند نہیں ہوتیں اور بجائے پورے فائدہ کے فساد اور نقصان پیدا کرتی ہیں۔ پس نہایت مختصر طور پر ضروری ضروری دواؤں کی اصلاح کا طریق درج ذیل ہے ٭

(۱) ابرک کو پرزے پرزے کر کے سبوس والے دھانوں میں ملا کر ایک پوٹلی میں ڈال کر پانی کے اندر خوب ملنا چاہئے حتّٰی کہ تمام ابرک چھنکر پانی میں آجائے۔ تھوڑی دیر بعد جب پانی کی تہ میں ابرک بیٹھ جائے تو آہستہ سے اُسے نتھار لینا چاہئے۔ پھر شہد اور نوشادر مساوی الوزن ڈال کر کوزہ گلی میں ڈال کر گلکحکت کر کے آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد نکال لیں۔ شورہ ڈال کر دوبارہ آنچ دینی چاہئے۔ یہ مکلس ابرک پرانے بخاروں۔ بواسیر اور فالج وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے ٭

(۲) اجوائن کو تین روز تک تیز سرکہ کے اندر بھگو کر سایہ میں خشک کر لینی چاہئے۔ نہایت پُر اثر ہو جائے گی ٭

(۳) افیون کو عرق گلاب میں ۱۲ گھنٹہ تک تر کر کے آتش نرم پر رکھیں حتّٰی کہ خوب حل ہو جائے۔ پھر اُسے نتھار لینا چاہئے۔ اور جو صفل رہ جائے۔ پھینک دینا چاہئے۔ پھر پانی کو آگ پر رکھکر پکانا چاہئے۔ یہاں تک کہ گولیاں بنائی جائیں۔ یہ افیون عمدہ ہوتی ہے ٭

(۴) کلس بیضہ انڈوں کے چھلکوں کو تین چار روز تک سجی اور سوڈے کے پانی میں بھگو کر جھلی اور الائش سے بالکل پاک و صاف کر لینے چاہئیں اور پھر کئی بار پانی سے دھو کر صاف کرنا چاہئے۔ حتّٰی کہ بدبو تک بھی جاتی رہے۔ پھر باریک کوٹ کر کوزہ گلی میں ڈال کر خوب گل حکمت کر کے چند بار تیز آگ دی جائے۔ جتنی دفعہ زیادہ آگ دیجائیگی اتنا ہی زیادہ پُر اثر اور مفید ہو جائیگا ٭

(۵) ایلوا کو شلغم یا سیب کے اندر بھر کر کپڑا لپیٹ کر آٹا لگا دینا چاہئے۔ پھر آگ میں رکھکر کہ شلغم یا سیب نرم ہو جائے پکانا چاہئے۔ پھر نکال کر خشک کر لینا چاہئے۔ اور کام میں لائیں ٭

(۶) سیماب کو سب سے پہلے کئی کسی موٹے کپڑے سے چھان لینا چاہئے۔ حتّٰی کہ سیاہی بالکل دُور ہو جائے۔ اور نہایت چمکدار ہو جائے۔ پھر ارنڈ کے شیرہ میں ڈال کر پیسنا چاہئے۔ حتّٰی کہ چکناہٹ اور باقیماندہ سیاہی کٹ جائے۔ پھر آب لیموں میں کھرل کرنا چاہئے۔ پھر آب ہلیلہ زرد میں۔ اس کے بعد صاف

کرکے پانی میں دو تین دفعہ پکائیں حتیٰ کہ چالیس گنا جل جائے۔ اِس کے بعد پارہ کو استعمال میں لانا چاہئے

(۷) زاک سفید یعنی پھٹکڑی کو کسی کڑچھے میں رکھکر تیز آگ پر چڑھانا چاہئے۔ حتیٰ کہ خشک ہو کر پھول ہو جائے۔ پھر استعمال میں لائیں ٭

(۸) تربد اس کے اوپر سے باریک چھال اور اندر کے گودے کو دور کر دینا چاہئے کیونکہ۔ ان دونوں میں زہریلا اثر ہوتا ہے۔ باقی ریشوں کو کوٹ کر آٹا بنا لینا چاہئے ٭

(۹) جست تازہ شاہترہ کو کھوٹ کر جست کے اوپر لیپ کر دینا چاہئے۔ اور لیپ کم از کم ایک انگل کی موٹائی کے برابر ہو۔ بعدہٗ اس پر کپڑا لپیٹ کر گِل حکمت کر کے نہایت تیز آگ میں رکھدیں پورے ایکدن کے بعد نکال کر پیس لیں۔ پھر استعمال میں لانا چاہئے ٭

(۱۰) تخم ریحان کو مٹی کے کورے برتن میں ڈال کر نیم بریاں کر لینا چاہئے۔ احتیاط رہے کہ جلنے نہ پائیں۔ اور یہی تدبیر تخم کنوچکی ہے ٭

(۱۱) چاکسو کو ایک پارچہ میں ڈال کر پوٹلی باندھکر مونگ کی دال میں رکھکر پکائیں۔ جب دال پک جائے تو پوٹلی کو نکالکر الگ کر لینا چاہئے۔ ٹھنڈا ہونے پر سفوف کر لیں پھر استعمال میں لائیں ٭

(۱۲) چونہ کو کسی برتن میں ڈال کر پانی میں حل کر لینا چاہئے۔ پھر اوپر سے پانی نتھار دینا چاہئے۔ اسی طرح چھ سات دفعہ تہ نشین کر کے استعمال کرنا چاہئے ٭

(۱۳) جمالگوٹہ کو ایک پارچہ میں پوٹلی بنا کر گوبر کے اندر پانی ڈال کر چولھے پر خوب جوش دیں پھر گوبر سے علیحدہ کر کے پوٹلی سے نکال کر دھولیں دوبارہ پھر پوٹلی میں باندھکر جزات میں بطور مذکورہ جوش دیں۔ بعدہٗ اوپر کا چھلکا اتار کر دو دو ٹکڑے کر کے درمیان سے زیرہ نکال کر پھینک دیں اور استعمال میں لائیں۔ بعض کورے کٹورے میں بھی زیرہ نکال کر رگڑ رگڑ کر درست کر لیتے ہیں۔

(۱۴) سقمونیا کو سیب یا بہی کو اندر سے خالی کر کے اور قدرے مقشر کنجد اس میں رکھکر بھر دیں۔ پھر منہ بند کر کے اس پر کپڑا لپیٹ کر آٹا اوپر لگائیں۔ اور بھوبل یا تنور میں رکھکر پکائیں۔ پکنے کے بعد سقمونیا کو نکال کر خشک کر کے کام میں لائیں ٭

(۱۵) بیشب کو پیسکر کسی مٹی کے کوزہ میں ڈال کر اوپر سے گِل حکمت کر کے آنچ دیں یہاں تک کہ جلکر سفید ہو جائے۔ اگر ایک آگ میں سفید نہ ہو تو دوسری تیسری آگ میں درست ہو جائیگا ٭

(۱۶) ہڑکو روغن گاؤ یا روغن بادام میں خوب تلیں یا خمیرے آٹے میں بند کرکے آگ میں رکھکر پکائیں پھر نکال کر پیس لیں اور کام میں لائیں ٭

(۱۷) **مافدیون** کو تیز سرکہ میں تین روز تک بھگو رکھیں - اور روزانہ سرکہ بدل دینا چاہئے - تیسرے دن کے بعد سرکہ سے نکال کر خشک کرلیں - بعدہ جوکوب کرکے روغن بادام میں مل لیں - پھر اسے استعمال میں لائیں ٭

(۱۸) **ہڑتال عمدہ** بیکر جوکوب کریں اور کوزہ گلی میں نصف یا نصف سے کم بھر کر اس کے اوپر ایک سوخدار ڈھکنا رکھکر گل حکمت کرکے سکھالیں - پھر دہکتے ہوئے کوئلوں یا انگاروں پر کوزہ مذکور کو رکھدیں - حتیٰ کہ سوراخ سے دھواں نکلنا رہے - جب سفید رنگ کا دھواں نکلیگا ہڑتال درست ہوجائے گی - نکال کر استعمال میں لائیں - یاد رہے کہ ہڑتال کے دھوئیں سے اجتناب ضروری ہے - کیونکہ یہ سخت خشک اور مضر ہے - آنکھوں اور دماغ کو نقصان پہنچاتا ہے

(۱۹) **مازو** - کو روغن کنجد میں اسقدر تلیں کہ پھٹ جائے - پھر اسے کوٹ چھان کر استعمال میں لائیں ٭

(۲۰) **یاقوت** کو کم از کم دس بارہ دفعہ آگ میں گرم کرکے پانی میں بجھاؤ دیں - نرم ہوجائیگا

(۲۱) **موتی** اَن بدھ بیکر کسی کورے مٹی کے برتن میں ڈال کر اوپر سے دودھ گائے کا ڈلدیں اسقدر کہ تر ہوجائیں - پھر ڈھکنے سے منہ بند کرکے گل حکمت کریں - اور نرم نرم آگ پر پکائیں دو گھنٹہ کے بعد اتار لیں پینے کے قابل نرم ہوجائیں گے ٭

(۲۲) **مُردارسنگ** کے مساوی الوزن لاہوری نمک ڈال کر باریک پیس لیں اور چینی کے برتن میں ڈال کر پانی سے اتنا تر کریں کہ بخوبی ڈوب جائے بلکہ پانی قریباً ایک گرہ اوپر آجائے - اور خوب ہلا دیں - اور چالیس بیالیس روز تک بھگوئے رکھیں - یاد رہے کہ ہر ہفتہ میں ایک دفعہ پہلا پانی اتار دوسرا تازہ پانی ڈال دیا کریں - اور پھر اسے ہلا کر رکھدیا کریں - بعدہ تہ نشین کو خشک کرکے باریک پیسکر استعمال میں لائیں ٭

(۲۳) **لوہچون** کا برادہ بیکر کسی کورے مٹی کے کوزے میں ڈال کر سُرخ کرکے روغن کنجد میں بجھاؤ دیں - پھر نکال کر دوبارہ آگ میں سُرخ کرکے تیز سرکہ میں بجھاؤ دیں - پھر تیسری دفعہ شاشہ

مادہ گاو میں بجھاؤ دیں۔ پھر چوتھی بطور مذکور آگ پر لال کرکے جغرات کے آبِ ترش میں بجھاؤ دیں۔ پھر اس سے نکال کر دو ہفتہ تک آبِ جامن میں تر کریں۔ جب خشک ہو جائے تو اسی میں آب لیموں ڈالدیں۔ پھر خشک ہونے پر باریک پیس لیں۔ نہایت عمدہ چیز ہے ٭

(۲۴) غاریقون کو کسی موٹے اونی کپڑے مثلاً کمل وغیرہ میں سے چھان لینا چاہئے تاکہ اس کے زہریلے ریشے علیحدہ ہو جائیں ٭

(۲۵) کچلہ کو قریباً ۴ پہر پانی میں تر کرکے اوپر کا چھلکا علیحدہ کر دیں۔ پھر اسے باریک کرکے ایک دن رات سرکہ میں تر کرکے سکھا لیں۔ اور کام میں لائیں یا اس کا برادہ کرکے پوٹلی میں باندھکر دودھ میں لٹکا دیں دودھ کے کڑہتے تک یہ بھی درست ہو جائیگا۔ الّا دودھ بیکار اور ضائع ہو جائیگا۔

(۲۶) گوکھرو کو تین دن تک گائے کے دودھ میں تر کریں۔ پھر نکال کر سایہ میں سوکھا لیں اسی طرح سے تین دفعہ تر اور خشک کرنے سے ایک نہایت عجیب الاثر دوا ہو جائیگی۔ قوتِ مردمی کے واسطے ایک عمدہ چیز ہے ٭

(۲۷) گندھک کو کسی مٹی کے دودھ سے بھرے ہوئے برتن کے اوپر کوئی باریک عمدہ کپڑا منہ پر باندھکر ریزہ ریزہ کرکے کپڑے پر ڈال دینی چاہئے۔ پھر اس کے منہ پر اُلٹا توا رکھکر اوپر دُھکتے ہوئے کوئلے رکھکر دھونکنا چاہئے تاکہ گندھک سب پگھل کر دودھ میں گر جائے۔ یاد رہے کہ برتن جس کے منہ پر پارچہ باندھا گیا ہے۔ اس کے کناروں سخت سی مٹی لگا لینی چاہئے تاکہ تو اگندھک اور کپڑے سے اُنگل دو اُنگل اوپر رہے۔ ایسا نہ ہو کہ استنزال سے پہلے کپڑا جل جائے۔ اور گندھک ویسے ہی دودھ میں گر جائے ٭

(۲۸) توتیا کو خوب باریک کوٹ کر چینی کے برتن میں ڈال کر آبِ انگور سے تر کر دیں۔ ایک ہفتہ کے بعد پانی مذکور میں آہستہ آہستہ گھوٹ کر خشک کر لیں۔ یا بہت سے پانی میں اسے باریک پیسکر اسے تہ نشین کریں۔ اور خشک کرکے دوبارہ سہ بارہ اسی طرح تہ نشین کر لیا جائے۔ حتیٰ کہ کم از کم سات دفعہ اسی طرح کیا جائے۔ پھر عمل میں لایا جائے ٭

(۲۹) سفیدا کو خوب باریک پیسکر پانی میں گھول دیں۔ جب پانی کھڑ جائے تو کنکری اور میل کو پھر پیسکر گھول دیں۔ اسی طرح سہ بار گھولیں۔ پھر ایک دن اور رات پانی میں بھگو کر تہ نشین کر لیں

استعمال میں لائیں ۔

(۳۰) سُرمہ کو تین دن تک سبز سونف کے عرق میں بھگوئے رکھیں ۔ پھر سایہ میں سوکھا لیں پھر اسے پنبہ میں لپیٹ کر آگ میں جلائیں ۔ جب دھواں جاتا رہے ۔ تو نکال کر صاف کر کے استعمال میں لائیں ۔ یا اسے باریک کر کے بہت سے پانی میں کھرل کر کے گھولدیں اور تہ نشین کرلیں ۔ پھر سایہ میں خشک کرلیں اور گرد اور غبار سے محفوظ رکھیں ۔

(۳۱) سونا کو غبار کی طرح برادہ کر کے ایک لوہے کے برتن میں ڈالکر اس کے اوپر پسا ہوا سیسہ ڈال دیں ۔ پھر اس کے اندر آبِ نمک ڈالدیں کہ دو تین اُنگل اوپر رہے ۔ پھر مذکورہ بالا برتن کو آگ پر چڑھائیں ۔ جب پانی بالکل جل جاوے تو سونے کو نکال کر کھرل کر کے پانی میں شُستہ کر کے تہ نشین کرلیں اور استعمال میں لائیں ۔

(۳۲) چاندی کو برادہ کر کے لوہے کے برتن میں ڈالدیں ۔ اور اس پر کچھ نمک اور گندھک ڈال دیں پھر تیز آگ پر جلا دیں ۔ پھر پانی سے صاف کر کے عمل میں لائیں ۔

(۳۳) عقیق کو آتش تیز پر گرم کر کے لال کریں ۔ اور سرد پانی میں بجھاؤ دیں ۔ اسی طرح اکیس بار بجھاؤ دیں یہانتک کہ نرم اور خستہ ہو جائے ۔ پھر اسے استعمال میں لائیں ۔

تتمّہ

کتاب ہذا کا قلمی مسودہ میں نے ملک غلام محمد صاحب تاجر کتب لاہور بازار کشمیری کے پاس فروخت کر دیا ہے ۔ اب آئندہ مجھے کتاب ہذا سے کوئی واسطہ نہیں رہا ۔ میں نے اس کا معاوضہ وصول پا لیا ہے ۔

تقلم خود ملک محمد عنایت اللہ ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

اعلان :- اس کتاب کا قلمی مسودہ میں نے ملک عنایت اللہ منشی فاضل سے کافی معاوضہ دیکر خرید لیا ہے ۔ اب انہیں اس سے کوئی واسطہ نہیں رہا ۔ اور حسب ضابطہ رجسٹری شدہ ہے ۔ اسلئے کوئی صاحب بلا اجازت قصد طبع نہ فرمائے ۔ ملک غلام محمد تاجر کتب لاہور بازار کشمیری ۔

مقابلۃً ارزاں اور عمدہ ہر قسم کی کتب اور حمائلیں اور قرآن شریف ملنے کا پتہ

ملک غلام محمد اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور

ضمیمہ

مجلوق اور ناکارہ کا مجرّب علاج

یاد رہنا چاہئے۔ کہ جب تک مرد دنیا میں زندہ ہے اگر اُس کے اعضائے رئیسہ درست اور طاقتور ہیں تو اس سے بڑھکر دُنیا کے اندر کوئی نعمت نہیں ہے۔ مردمی اور صحت دراصل اس حرارتِ غریزی پر منحصر ہے جس کے موجود اور قائم رہنے سے انسان زندہ رہتا ہے۔ جب تک یہ قائم اور اعتدال پر رہتی ہے۔ کوئی مرض بھی جسم پر غالب نہیں آتا۔ اور جو مختلف امراض جسم کے اندر پیدا ہو سکتے ہیں۔ وہ صرف اس خداداد طاقت کے کم ہونے اور اعتدال مزاج کے قائم نہ رہنے سے لاحق حال ہوتے ہیں۔ اگر اس جوہر کو باقاعدہ استعمال کیا جائے تو انسان ہمیشہ طاقتور اور باصحت رہتا ہے ٭

فی زمانہ اکثر نوجوانوں کی حالت محتاج بیان نہیں۔ رنگ زرد جسم دُبلا اور نحیف دل دماغ اور جگر کمزور۔ پُشت میں درد۔ اعضا شکنی وغیرہ۔ غرض وہ کونسا مرض ہے جس کے اس زمانہ کے شکار نہیں ہیں۔ اس کا کیا سبب ہے؟ صرف یہی کہ ابتدائی عمر میں اپنے مادۂ زندگی کو نہایت بُری طرح سے خارج کرنے لگ جاتے ہیں۔ یا والدین نوعمری میں شادی کر دیتے ہیں۔ اور درخت ثمردار سے کچا ہی پھل ٹوٹنے لگ جاتا ہے۔ اور انہی وجوہات سے اوّل تو اولاد سے بے بہرہ رہنا پڑتا ہے۔ اگر ہو بھی تو نہایت کمزور پیدا ہوتی ہے ٭

اب اس کتاب کے خاتمہ پر نوجوانوں کو جو اپنی غلط کاریوں یا نوعمری میں شادی کرنے یا کسی دیگر امر سے عضو مخصوص میں کجی۔ لاغری اور سُستی اور بدن میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے اس کے لئے چند طریق اور نسخے ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ اگر اس تحریر کے مطابق عمل کریں گے تو وہ ضرور حق تعالےٰ کے فضل و کرم سے شفا حاصل کریں گے۔ یہ تجربات پوشیدہ اور کنوز مخفیہ سے ظاہر کئے جاتے ہیں ٭

سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ جس سبب سے یہ مرض لاحق حال ہوا ہے اُس کو فوراً ترک کر دیا جائے۔ اور دورانِ علاج میں ہر طرح سے پرہیز کی جائے۔ ورنہ علاج مفید اور مؤثر نہ ہوگا۔ اور تندرستی اور صحت حاصل کرنے کے بعد بھی اپنے آپ کو باضبط رکھنا چاہیئے اور اعتدال اور میانہ روی کو اختیار کرنا چاہیئے +

اس بیماری اور کمزوری کا علاج دو طریق پر ہے خارجی اور داخلی۔ خارجی سے مراد یہ ہے کہ عضوِ مخصوص کی کجی اور لاغری اور سستی وغیرہ کے دُور کرنے کے واسطے اس کا علاج باہر سے کیا جائے۔ اور داخلی سے مراد نسخہ جات خوردنی کا استعمال کرنا ہے۔ تاکہ جسم کے اندر مادۂ حیات پیدا ہو۔

خارجی علاج کے طریق اور تجربات مفصلہ ذیل ہیں :۔

تجربہ ۱۔ تین۔ پانچ یا نو عدد جونک لیکر اپنے عضوِ مخصوص کی دونوں طرف اور جڑ کے اوپر لگا دیں۔ جب یہ دیکھا جائے کہ اُن کا پیٹ آدھا بھر گیا ہے۔ تو اُس وقت اُن کو علیحدہ کر کے اپنے عضوِ مخصوص کو خوب صاف کریں۔ تاکہ اور جو خون ناقص ہے وہ بھی نکل جائے۔ جب اور خون بالکل نہ نکلے۔ اُس وقت شہد خالص اور جوان مرغ کا خون جو اُسی وقت ذبح کیا جائے لیکر دونوں کو آپس میں ملا کر تازہ تازہ لیپ کر دیں۔ اور چلنے پھرنے سے بالکل پرہیز کریں۔ پیشاب اور پاخانہ کی حاجت بھی رفع کر لیں۔ سات روز تک بلاناغہ اسی طرح ایک وقت یہ لیپ کریں۔ انشاء اللہ اس میعاد میں تمام لاغری کجی اور سستی وغیرہ کی شکایت دُور ہو جائے گی۔ اور جس شخص کی حالت جلق سے نہایت ہی خراب ہو اور اُسے بالکل خیزش نہ ہوتی ہو۔ تو یہی علاج کریں اکثر اشخاص جو شکستِ بکر سے عاجز تھے اس علاج کی برکت سے کامیاب ہو گئے ہیں +

تجربہ ۲ :۔ نو عدد جونک لیکر حشفہ اور سیون چھوڑ کر جڑ میں چاروں طرف لگا دیں۔ جب وہ تمام ناقص خون پی لیں۔ اور گندا اور غلیظ خون نکلنے سے بند ہو جائے تو صاف کر کے ۳ ماشہ ہلدی خوب باریک پسی ہوئی ۶ ماشہ شہد خالص میں ملا کر لیپ کریں اور پھر اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ دے کر مضبوط لپیٹ کر پٹی سے باندھ دیں۔ اور

کچھ دیر تک بیٹھیں رہیں۔ تاکہ صاف خون رگوں میں آجانے اور نو دن تک متواتر اسی طرح لیپ لگاتے رہیں۔ اور غذا دونوں وقت چکنی اور چھوہارے یا کچی پھلی کیکر کا سفوف شکر سفید میں ملا کر اور روغن زرد گاؤ میں خوب چرب کر کے گائے کے دودھ کے ہمراہ کھا لیا کریں۔ اس سے جریان منی کی شکایت بھی جاتی رہے گی۔ نمک اور مرچ سے نیز ترش اور بادی اشیاء کے استعمال سے پرہیز کریں +

اور جو شخص اس سے بھی زیادہ گری ہوئی اور بد حالت میں ہو۔ اور بالکل جماع پر قدرت نہ رکھتا ہو۔ اور اُس کی حالت عنّی یعنی نامردی تک پہنچ گئی ہو۔ وہ یہ علاج کرے۔

مذکورہ بالا لکھے ہوئے طریق کے مطابق بارہ عدد جونک لگائے۔ جب وہ اپنا آدھا پیٹ خون سے بھر لیں۔ تو اُن کو اُتار لیں۔ اور مفصلہ ذیل لیپ فوراً تیار کر کے اوپر لگا دیں۔

لیپ :۔ تخم گندنا ایک ماشہ۔ لونگ عمدہ ایک ماشہ۔ عقرقرحا ایک ماشہ۔ سب مذکورہ بالا ادویہ کو خوب باریک پیس کر میدہ کی طرح کر کے ایک تولہ روغن مالکنگنی اور ایک تولہ خون مرغ جوان سفید رنگ اور جوان گدھے کا پیشاب ۳ تولہ۔ یا شراب کی تلچھٹ ایک تولہ ملا کر آلۂ تناسل پر لگائیں۔ اور اوپر سے ارنڈ کے پتے باندھ دیں۔ اور تمام دن گھر میں آرام سے بیٹھے رہیں۔ دس روز تک برابر اسی طرح لیپ کریں۔ کیسا ہی نامرد کیوں نہ ہو شفائے کلّی حاصل ہو گی +

اس مقام پر چند ایک طلاء کا ذکر کرنا بھی غیر موزون نہ ہو گا۔ جو نہایت مجرّب اور سریع التاثیر ہیں۔ اگر کسی کی طبیعت علاج بالعلق سے خائف ہو۔ یا دل میں نفرت ہو۔ تو مفصلہ ذیل طلاء کا استعمال کرنا بھی کچھ کم مفید نہیں۔

طلاء نمبر ۱۔ ہنایت سہل الحصول۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ افیم صاف شدہ ۶ ماشہ۔ ہلتیت یعنی ہینگ نہایت عمدہ ۶ ماشہ۔ روغن کنجد ڈیڑھ تولہ۔ سب سے پہلے روغن کنجد میں افیم مصفّا کو ملا لیں۔ پھر ہلتیت کو بعد ازاں دارچینی کو نہایت باریک کر کے ملا لیں۔ رات کے وقت ذرا پانی گرم کر کے عضو مخصوص کو دھوئیں۔ پھر کسی

سوتے کپڑے سے پانی کو خشک کر کے حشفہ اور سیون کو چھوڑ کر طلائے مذکور کا لیپ کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ اگر کسی کو کجی ہو تو دونوں پہلوؤں کے ساتھ دو لکڑی کے ٹکڑے بھی باندھ دیں۔ علے الصباح کھول کر گرم پانی سے دھو کر بطریق مذکور پھر باندھ دیں۔ چند روز اسی طرح کرنے سے فائدہ کلی حاصل ہوگا ✤

طلاء نمبر ۲۔ مجرب و آزمودہ برائے مجلوق و لاغری و سستی و کمزوری۔ ہلتیت۔ تخم جوز ماش۔ گھونگچی سفید۔ افیون۔ مالکنگنی۔ بیخ کنیر سفید۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ رسکپور ۲ ماشہ۔ ان سب کو پیسکر روغن کنجد میں تر کریں۔ اور ۴ ۲ گھنٹہ تک بھگوئے رہنے دیں۔ پھر اسے خوب کھرل کر کے حبوب بمقدار دانہ نخود باندھکر ذرا سایہ میں خشک کریں پھر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ اور بطریق مذکور استعمال میں لائیں۔ دو تین ہفتہ متواتر مالش کرنے سے فائدہ تام حاصل ہوگا ✤

طلاء نمبر ۳۔ اکسیر اعظم سب طلاؤں سے بڑھکر ہے۔ اور ہر ایک قسم کی شکایت کو رفع کرتا ہے۔ اور سست رگوں کو طاقتور بنا کر مادہ کو خارج کر کے نامرد کو مرد بناتا ہے۔

دارچینی۔ لونگ۔ جلوتری۔ جائفل۔ عقرقرحا۔ خراطین۔ پیلاسول۔ بیربہوٹی۔ ہر ایک تولہ بھر۔ شنگرف رومی۔ کچلہ۔ سم الفار سفید۔ ہڑتال ورقی۔ میٹھا تیلیا۔ گھونگچی سفید۔ ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ خوب باریک کر کے ۹ عدد بیضۂ مرغی میں ایک ایک ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر اس کی گولیاں چنے کے دانہ کے برابر باندھکر سایہ میں خشک کریں۔ پھر بذریعہ آتشی شیشی روغن کشید کریں۔ اور بطریق مذکور صرف ایک قطرہ لیکر مالش کریں۔ اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھیں۔ جب آبلہ نمودار ہو جائے تو پھر روغن گاؤ چند روز لگاتے رہیں صحت کامل ہوگی۔ یہ طلاء نہایت اعلیٰ ہے۔ اگر اسی طلاء کا ایک ایک قطرہ حلوا میں ڈال کر چند روز کھایا جائے تو ہر طرح سے شکایات کو دور کرتا ہے ✤

داخلی علاج کے واسطے سب سے پہلے ضروری ہے کہ بمشورہ کسی لائق اور تجربہ کار طبیب کے موافق منضج کرا کے مسہل لیا جائے تاکہ اخلاط غلیظہ بدن سے خارج ہو جائیں۔

اور معدہ پاکیزہ ہو کر خون صاف ہو جائے۔ پھر مزاج کے موافق مقویات کا باعتدال و پرہیز استعمال کیا جائے۔ نسخہ جات خوردنی مفصلہ ذیل ہیں:۔

نسخہ نمبر ۱۔ خولنجان۔ سونٹھ۔ لونگ۔ عقرقرحا۔ دارچینی۔ ہر ایک دو تولہ۔ عسل خالص ایک پاؤ۔ زردی بیضۂ مرغ ۴ عدد۔ سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر شہد اور انڈوں میں ڈال کر پختہ کریں۔ پھر اس میں سے دو تولہ صبح اور دو تولہ شام کو ہمراہ ایک پاؤ شیر گاؤ استعمال کریں۔ اور غذا مرغن کھائیں۔ نہایت مجرب ہے۔

نسخہ نمبر ۲۔ کشمش۔ خشخاش۔ مغز تخم خیارین۔ مغز پستہ۔ مغز بادام۔ ہر ایک تین تین تولہ۔ برگ سائیدہ کشنیز خشک ایک چھٹانک۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ۔ زنگ سرخ ہر ایک تولہ تولہ۔ بہمن سفید و سرخ ہر ایک تولہ تولہ۔ بوزیدان ۱۰ ماشہ۔ افیم مصفا نیم تولہ زعفران ۶ ماشہ۔ ان سب ادویات سے سہ چند شہد خالص ملا کر معجون تیار کریں اور ایک تولہ رات کے وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ نہایت عجیب اور سریع التاثیر ہے۔

نسخہ ۳۔ علاوہ تقویت باہ کے درد پشت اور ضعف گردہ و مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ اور بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔ نہایت مفید ہے۔ زرد کی یعنی گاجر سرخ رنگ شیریں مصفا ایک سیر۔ خرما مصفا بدون استخوان نیم سیر۔ ہر دو کو ڈیڑھ سیر گائے کے دودھ میں پکائیں کہ تمام دودھ خشک ہو جائے۔ پھر مٹی کے دورہ پختہ میں ڈال کر چوبین دستہ سے اسقدر گھوٹیں کہ مرہم کی طرح ہو جائے۔ پھر آرد نخود بریاں دو چھٹانک۔ نشاستہ دو چھٹانک ایک پاؤ روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ قند سفید ایک سیر اور شہد خالص نیم سیر میں ایک سیر پانی ڈالکر دیگچی میں ڈال کر چولھے پر چڑھائیں۔ جب خوب جوش آویں حتیٰ کہ قریباً آدھا پانی جلجائے تو تمام مذکورہ بالا ادویات کو ڈالدیں اور ساتھ ہی ابلے ہوئے بیس انڈوں کی زردی بھی شامل کریں۔ اور چند منٹ خوب ہلائیں۔ پھر اتار کر سرد کر کے محفوظ رکھیں۔ پھر مفصلہ ذیل ادویات کو داخل کریں۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز پستہ ۳ تولہ۔ مغز اخروٹ ۵ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۳ تولہ۔ مغز ناریل ایک چھٹانک۔ دارچینی۔ زنجبیل۔ خولنجان تولہ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ مشک ۳ ماشہ سب کو باریک کر کے مذکورہ بالا حلوا میں ملائیں اور ہر روز صبح کو ایک تولہ سے دو تولہ تک بلا ناغہ

استعمال کریں۔ نہایت پُر اثر ہے ۔

ماءالجبن کے بنانے اور استعمال کرنے کی ترکیب

حق تعالیٰ نے دودھ میں تین اشیاء رکھی ہیں۔ ایک تو مائیت ہے۔ دوسرے دُہنیت۔ تیسرے ثفلیت۔ دودھ کی مائیت میں صرف قوت دوائی۔ اور ثفلیت میں قوت غذائی۔ اور دہنیت میں قوت غذائی و دوائی دونوں ہیں۔ چنانچہ جب دودھ سے یہ تینوں اشیاء علیحدہ کرکے استعمال کریں۔ تو بربناء تجربہ علیحدہ علیحدہ فوائد حاصل ہوتے ہیں ۔

پنیر جو دودھ کا ثقل ہے۔ وہ غذا کے طریق پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اور معتاد اغذیہ میں شمار کیا گیا ہے۔ مکھن۔ بالائی۔ گھی۔ وغیرہ جو دودھ کی دہنیت ہیں۔ یہ بیشتر خارجی و داخلی اغذیہ و ادویہ دونوں میں مستعمل ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ ان کو سودا کے رفع کرنے یا ازلاقِ معدہ و امعاء کے لئے یا رفع لاغری اور حصولِ فربہی کے واسطے داخلاً استعمال کرتے ہیں۔ اور مالشوں اور مرہموں وغیرہ میں خارجاً ۔

اہالیانِ ہند نے اگرچہ ان ہر سہ کو کثرتاً اغذیہ لطیفہ میں شامل کیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ فربہی تو ان سے پیدا ہوتی ہے۔ مگر کثرتِ بلغم اور ضعفِ معدہ۔ ثقل سر۔ اور نزول الماء اور بلادت ذہنی کے لئے بھی یہی سبب ہیں ۔

بربناء تجربہ یہ معلوم ہو چکا ہے کہ مکھن۔ گھی۔ اور بالائی کو بکثرت استعمال کرنیوالے عام طور پر بے وقت اور آرام طلب ہوتے ہیں۔ اور بالعموم یہی لوگ منشیات کا بھی استعمال کرتے ہیں ۔

پنیر سے نچوڑا ہوا پانی۔ دہی کا توڑ۔ یا ماءالجبن جو کہ دودھ کی مائیت ہے عموماً ادویات میں مستعمل ہے۔ اور خصوصاً امراضِ سوداوی و صفراوی میں نہایت نافع ہے۔ اگرچہ

پنیر کا نچوڑا ہوا پانی۔ یا دہی کا توڑ بھی ماء الجبن کہلاتے ہیں۔ اور اپنے اثرات اور افعال میں ماء الجبن کے قریب قریب ہیں۔ لیکن جو ماء الجبن خاص طبی طریق سے بنایا جاتا ہے وہ ان دونوں کی نسبت نہایت قوی الاثر ہوتا ہے۔ اور عام طور پر اطبا کے معمولات میں سے ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے۔ کہ مفردات کی ذیل میں اس کا بھی ذکر کیا جائے اور اس کے بنانے وغیرہ کی ترکیب بیان کی جائے ؛

ماء الجبن بنانیکا طریق

ایک سیاہ رنگ کی بکری جو تھوڑے دنوں کی حاملہ ہو۔ وہ لیں۔ اگر سیاہ رنگ کی حاصل نہ ہو سکے۔ تو کسی دوسرے رنگ ہی کی سہی۔ اس کو باہر چرنے کے لئے نہ جانے دیں۔ اور گھر میں ہی دانہ چارہ ڈال دیا کریں۔ تاکہ وہ خراب اور گندے گھانس وغیرہ کھانے سے محفوظ رہے۔ اور اس کو چارہ کے طور پر خرفہ کے پتے۔ ماپک کے پتے یا سوئے وغیرہ کا ساگ دیں۔ اور گرمی وغیرہ سے بھی بچائیں۔ اور کسی وقت بھی پیاسا نہ رکھیں۔ جب وہ بکری بچہ جنے۔ تو چالیس روز کے بعد جو اُس کا دودھ دوہا جائے۔ اُسے تانبہ کی نہایت مصفّا قلعی دار دیگچی میں ڈال کر تیز آنچ پر رکھیں۔ اور انجیر کی لکڑی سے اس دودھ کو ہلاتے رہا کریں۔ جب دودھ کو دو تین جوش آجائیں اس وقت اُس کو سکنجبین۔ یا مائہ شنز اعرابی یا پنیر مایہ کا چھینٹا دیں۔ اور حسبِ دستور انجیر کی لکڑی سے ہلاتے جائیں۔ جب دُودھ پھٹ جائے یعنی اُس کا فضلہ علیحدہ اور پانی الگ ہو جائے۔ تو اُس وقت دیگچی کو اُتار لیں۔ اور تین گھنٹہ کے بعد جب خوب اچھی طرح سرد ہو جائے۔ تو تین بار اُس کو کسی گاڑھے کھدر یعنی دیسی کپڑے سے منفطر کر لیں۔ اور فضلہ کو پھینک دیں ؛

طریقِ استعمال

ادویات مناسبہ منضجہ یا غیر منضجہ کے ہمراہ پانچ تولہ سے شروع کریں۔ اور تین روز

کے بعد ایک تولہ بڑھادیں۔ پھر ایک دن کے بعد ایک تولہ اور زیادہ کردیں۔ پھر ہر روز ایک ایک تولہ زیادہ کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ اس مقدار تک پہنچ جائیں۔ کہ تمام ادویات اس میں بھگوئی جاسکیں۔ اور اس اثنا میں طبیب کامل کی رائے کے مطابق تنقیۂ مسہل بھی کیا جائے۔ اور طبیب کی رائے کے مطابق تنقیہ بھی اسی میں ہی تر کیا جائے۔ اور ماء الجبن کی کمی بیشی بھی طبیب کی رائے کے مطابق ہونی چاہیئے۔ یعنی جس طرح وہ مناسب خیال کرے استعمال کرائے۔

اور دورانِ استعمال میں ادویاتِ شدید الحرارت اور اغذیۂ کثیفہ و مرغن سے اور میوہ جات سے اور غم و فکر سے پرہیز کیا جائے۔ اور ترشی و گھی وغیرہ سے بھی پرہیز رکھیں۔ ورنہ سخت نقصان کا خوف ہے۔

تمت بالخیر

کتاب ہذا کا حق کاپی رائٹ میں نے ملک غلام محمد صاحب تاجر کتب لاہور کے پاس ہمیشہ کے لئے فروخت کردیا ہے۔ آئندہ میرا اس تالیف سے کوئی تعلق نہیں رہا فقط

تالکھانہ - اسگند ناگوری - نیر بالا
دانہ الائچی خورد - نشاستہ - بھوپھلی
تج - ہر ایک دوا مساوی الوزن
سفوف بنالیں اور سفوف کے ہموزن چینی ملالیں
۵ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں یا صبح ہی

نفع خود ملک محمد عنایت اللہ لاہور
۱۹ جنوری ۲۵ء

ہر قسم کی کتب فارسی۔ اردو۔ طب۔ قرآن شریف اور حمائلیں مقابلتہً عمدہ اور ارزاں نرخ پر ملک غلام محمد اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور سے طلب فرمائیں

23
11

مکمل تذکرۃ الواعظین ترجمہ اردو

اصلی کتاب عربی نصف ضخیم ہے اور نصف سطر میں اس کا بامحاورہ ترجمہ سلیس عام فہم اردو زبان میں ہے یہ کتاب فی صد واعظوں اور مولویوں کے لیے نہایت ہی مفید شائقین تحفہ دانی فرمائیں لکھائی چھپائی نہایت اعلیٰ قیمت ۸ روپے

تشہیر اسلام

یعنی سوانح عمری حضرت خالد رضی اللہ عنہ جس آپ کی پیدائش سے لے کر وفات تک کے حالات مفصل بچوں کا نام درج ہیں قیمت ۸

مکمل قرۃ العینین اردو

علی اردو دو جلد ضخیم ہیں اصل کتاب عربی نصف ضخیم ہے اور نصف سطر میں اس کا بامحاورہ ترجمہ سلیس عام فہم اردو واعظ و پند کے سلسلہ میں اکثر کتب لکھی گئی ہیں مگر یہ کتاب اپنی طرز میں نئی ہے آیات کی تفسیر احادیث نبوی اور صحابہ کرام کے اقوال کثرت سے درج ہیں قیمت

سوانح عمری حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سیرۃ الصدیق

سیرۃ الفاروق

سوانح عمری حضرت خدیجۃ الکبریٰ

سوانح عمری حضرت عائشہ صدیقہ

سوانح عمری ذوالنورین

سوانح عمری حضرت علی

تاریخ خلفائے اسلام

مکمل خطبات حسینی اردو

ان خطبات میں تمام قسم کے خطبے اور خاص کر وہ خطبے جس میں پہلے وعظ کا خطبہ نصیحت آمیز مضامین درج ہیں غرضیکہ آخر تک حنفی مذہب کے مطابق خطبے نہیں چھپے تھے البتہ ضرور یہ بھی شائقین کی ضرورت پوری ہو گئی حجم ۴۰۰ صفحہ تقطیع ۲۰×۳۰ کاغذ اعلیٰ قیمت صرف ۴ روپے

سوانح عمری حضرت غوث اعظم

اس کتاب میں آپ کے حالات زندگی مع کلمات طیبات وعظ نصائح اور اشعار بھی درج ہیں قیمت ۴

سوانح عمری حضرت عثمان غنی

سوانح عمری حضرت امیر معاویہ

سوانح عمری حضرت عمر فاروق

سوانح عمری حضرت امام حسن

سوانح عمری حضرت امام حسین

سوانح عمری حضرت امام زین العابدین

سوانح عمری حضرت امام محمد باقر

سوانح عمری حضرت امام جعفر صادق

سوانح عمری حضرت امام موسیٰ کاظم

سوانح عمری حضرت امام علی رضا

سوانح عمری حضرت امام محمد تقی

سوانح عمری حضرت امام علی نقی

سوانح عمری حضرت امام حسن عسکری

سوانح عمری حضرت امام مہدی

سوانح عمری حضرت امام محمد مہدی

سوانح عمری حضرت امام حسن مجتبیٰ

سوانح عمری حضرت امام حسین شہید کربلا